اضافہ جدیدہ

دارالافتاؤں میں رائج الوقت نسخوں کے مطابق تخریج کے ساتھ جدید کمپیوٹرایڈیشن

# فتاویٰ دارالعلوم دیوبند

مُدلّل و مکمّل

## جلد دوازدہم

### کتابُ الایمان


افادات: مفتی اعظم عارف باللہ حضرت مولانا مفتی عزیز الرحمٰن صاحب عثمانیؒ
(مفتی اوّل دارالعلوم دیوبند)

حسب ہدایت: حکیم الاسلام حضرت مولانا محمد طیّب صاحب مہتمم دارالعلوم دیوبند

مرتب: مولانا محمد ظفیر الدّین صاحب شعبۂ ترتیب فتاویٰ دارالعلوم دیوبند

اضافہ تخریج جدید
مولانا مفتی محمد صالح کاروڑی رفیق دارالافتاء جامع علوم اسلامیہ بنوری ٹاؤن کراچی



دارُالاشاعت
اُردو بازار ایم اے جناح روڈ
کراچی پاکستان 2213768

تخریج جدید اور کمپیوٹر کمپوزنگ کے جملہ حقوق ملکیت محفوظ ہیں

باہتمام : خلیل اشرف عثمانی دارالاشاعت کراچی
طباعت : ستمبر ۲۰۰۲ء شکیل پریس کراچی۔
ضخامت : ۲۷۲ صفحات

## ملنے کے پتے

بیت القرآن اردو بازار کراچی
بیت العلوم 20 نابھ روڈ لاہور
کشمیر بکڈ پو۔ چنیوٹ بازار فیصل آباد
کتب خانہ رشیدیہ۔ مدینہ مارکیٹ راجہ بازار راولپنڈی
یونیورسٹی بک ایجنسی خیبر بازار پشاور
بیت الکتب بالمقابل اشرف المدارس گلشن اقبال کراچی

ادارۃ المعارف جامعہ دارالعلوم کراچی
ادارہ اسلامیات ۱۹۰۔ انارکلی لاہور
مکتبہ سید احمد شہیدؒ اردو بازار لاہور
مکتبہ امدادیہ ٹی بی ہسپتال روڈ ملتان
مکتبہ رحمانیہ ۱۸۔ اردو بازار لاہور
ادارۂ اسلامیات موہن چوک اردو بازار کراچی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# فتاویٰ دار العلوم دیوبند مدلل ومکمل جلد دوازدہم

الحمدللہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی سید المرسلین وعلی آلہ وصحبہ اجمعین.

خاکسار مرتب کا دل حمد وشکر خداوندی سے لبریز اور اس کی پیشانی رب العالمین کے آگے سجدہ ریز ہے کہ اس نے اپنے خاص فضل وکرم سے کسی لائق بنایا، اور مجھ جیسے ظلوم وجہول کو فتاوی دار العلوم دیوبند کی ترتیب وتزئین اور تحشیہ کی عظیم خدمت پر لگایا۔ فالحمد للّٰہ حمداً کثیرا۔

فتاویٰ دار العلوم کی بارہویں جلد آج قارئین اور اہل علم کی خدمت میں پیش کرتے ہوئے دل اطمینان ومسرت محسوس کر رہا ہے اور بے ساختہ زبان قلم پر یہ مصرع آرہا ہے۔

شادم از زندگی خویش کہ کارے کردم

زیر نظر جلد میں کتاب الایمان والنذور، کتاب القصاص، کتاب الحدود، کتاب السیر اور کتاب اللقطہ سے متعلق وہ تمام احکام ومسائل آگئے ہیں جو رجسٹر نقل فتاویٰ میں درج تھے۔

مرتب نے حسب سابق اس جلد کی ترتیب وتزئین اور تحشیہ پر بھی اپنی بساط کے مطابق محنت کرنے میں کوتاہی نہیں کی ہے، یوں خطاونسیان انسانی خمیر میں ودیعت ہے، اگر کہیں بھول چوک ہوگئی ہو تو اللہ تعالیٰ معاف فرمائے۔

اللہ تعالیٰ کا احسان وشکر ہے کہ فتاویٰ دار العلوم دیوبند کا یہ سلسلہ اہل علم میں مقبول ہے اور دنیائے اسلام اس سے برابر مستفید ہو رہی ہے، اور ایسا کیوں نہ ہو تا جب کہ اس کو جامعہ اسلامیہ دار العلوم دیوبند جیسے علمی اور تعلیمی ادارہ اور اس کے مفتی اعظم، عارف باللہ حضرت مولانا مفتی عزیز الرحمٰن عثمانی قدس سرہ سے نسبت حاصل ہے۔

فتاویٰ کا جو حصہ رہ گیا ہے، اللہ تعالیٰ سے دعا فرمائیں کہ اس کی ترتیب وتزئین اور تحشیہ واشاعت کی بھی توفیق عطا کرے اور ہم جلد سے جلد اسے آپ حضرات اہل علم کی خدمت میں پیش کر سکیں۔

یہاں اپنے اساتذہ کرام، سرپرست شعبہ اور اراکین مجلس شوریٰ کی خدمت بابرکت میں ہدیہ امتنان وتشکر پیش کرنا اپنا فرض سمجھتا ہوں، جن کی تعلیم وتربیت حوصلہ افزائی اور اعتماد سے یہ کام انجام پایا۔ اور آئندہ بھی انشاء اللہ انجام پائے گا۔

استفادہ کرنے والوں سے درخواست ہے دارالعلوم کے تحفظ وبقااور خاکسار کے لئے صلاح و فلاح کی دعا فرمائیں، اخیر میں رب العزت سے التجا ہے کہ اس حقیر خدمت کو قبول فرمالے اور اسے ہمارے لئے زاد آخرت بنائے۔ ربنا تقبل منا انك انت السميع العليم آمین یا رب العالمین۔

طالب دعاء: محمد ظفیر الدین غفرلہ
مرتب فتاویٰ دارالعلوم دیوبند ۱۰ ذی قعدہ سن ۱۴۰۲ھ

# فہرست مضامین فتاویٰ دار العلوم دیوبند مدلل و مکمل جلد دوازدہم


| | |
|---|---|
| کتاب الایمان | ۳۵ |
| قسم کھانے اور اس کے کفارہ سے متعلق احکام و مسائل | ۳۵ |
| حلف بالقرآن جائز ہے یا نہیں۔ | ۳۵ |
| قسم کھائی کہ اگر زید پر ظلم کروں تو کافر ہو جاؤں شرعاً اس کا کیا حکم ہے؟ | ۳۵ |
| قرآن مجید کی قسم کھانے سے انکار پر کیا حکم ہے؟ | ۳۵ |
| ایمان کی قسم کھانا کیسا ہے۔ | ۳۶ |
| قسم کھائی اور نکاح میں دھوکا ہو گیا، کیا حکم ہے؟ | ۳۶ |
| بیوی سے کسی وجہ سے ہمبستر نہ ہونے کی قسم کھانا۔ | ۳۶ |
| انشاء اللہ کے ساتھ قسم کھانے کا حکم۔ | ۳۶ |
| نابالغ قرآن شریف اٹھائے تو اس کا کیا حکم ہے؟ | ۳۷ |
| شریعت کے کسی کام پر اہل برادری سے عہد لینا۔ | ۳۷ |
| غیر اللہ کی قسم کیسی ہے؟ | ۳۷ |
| مورثوں کے حلف کا اثر وارثوں پر پڑتا ہے یا نہیں؟ | ۳۷ |
| قسم کھائی جائیداد سے کچھ نہیں لوں گا، وارث ہونے کے بعد کیا کرے؟ | ۳۸ |
| دوسرے نے قسم دی کہ یہ کام کرنا ہے، اس نے نہیں کیا، تو کیا حکم ہے؟ | ۳۸ |
| کلمہ پڑھ کر قسم کھانے سے قسم ہو گی یا نہیں؟ | ۳۹ |
| فلاں کام کروں تو دیدار خدا سے محروم رہوں، پھر کر لیا کیا حکم ہے؟ | ۳۹ |
| خنزیر کھانے کی قسم کھائی پھر توڑ دی کیا حکم ہے؟ | ۳۹ |
| ہزار روزہ کی قسم کھائی کیا کرے۔؟ | ۳۹ |
| یہ کہنا کہ ایسا کروں تو اپنے باپ کا نہیں، قسم نہیں ہے۔ | ۳۹ |
| ایسا کروں تو خدا اور رسول سے بیزار رہوں کہنا قسم ہے۔ | ۴۰ |
| ناجائز بات پر حلف لینا درست نہیں مگر قسم توڑنے سے کفارہ ہو گا۔ | ۴۰ |
| جانور کا دودھ نہ کھانے کا جب حلف لیا تو گھی وغیرہ کھانے سے حانث نہ ہو گا۔ | ۴۰ |

| عنوان | صفحہ |
| --- | --- |
| کسی مزار پر جانے سے انکار حلف سے انکار نہیں۔ | ۴۰ |
| حلف کے بعد دعویٰ میں زیادتی جائز نہیں۔ | ۴۱ |
| ہاتھ پر قرآن دے کر حلف دینے سے حلف ہو جاتا ہے۔ | ۴۱ |
| جب قسم کے خلاف کسی وجہ سے بھی کیا تو کفارہ ہوگا۔ | ۴۲ |
| خلاف قسم کرنے سے کفارہ لازم ہے۔ | ۴۲ |
| قرآن سے حلف دلانا درست ہے۔ | ۴۲ |
| جب قسم کے مطابق ادا نہیں کیا تو کفارہ ہوگا۔ | ۴۲ |
| کفارہ ادا کرنے کے بعد قسم باقی نہیں رہتی۔ | ۴۳ |
| کہا شفاعت سے محروم رہوں اگر ایسا کروں یمین نہیں۔ | ۴۳ |
| قسم باپ نے کھائی تو بیٹے کی خلاف ورزی سے قسم نہیں ٹوٹے گی۔ | ۴۳ |
| جس کے ساتھ عدم شرکت کی قسم کھائی تھی اس کے بیٹے کے ساتھ شرکت سے حانث نہیں ہوگا۔ | ۴۳ |
| قسم کا کفارہ دے کر اس کے خلاف کام میں شرکت۔ | ۴۴ |
| یہ کہنا کہ ایسا کروں تو اپنی ماں کو دفن کروں قسم نہیں۔ | ۴۴ |
| ایسا کروں تو کلام اللہ کی مار پڑے۔ | ۴۵ |
| ایسا کروں تو اللہ اور رسول سے دور رہوں کہنا قسم ہے۔ | ۴۵ |
| اللہ کی دہائی دینے سے قسم نہیں ہوتی۔ | ۴۵ |
| ملازم کو حلف دلا کر ملازم رکھنا کیسا ہے۔ | ۴۵ |
| تھوڑا تھوڑا کر کے بھی دینے سے کفارہ ادا ہو جاتا ہے۔ | ۴۶ |
| مالدار کا کفارہ میں روزہ رکھنا کافی نہیں۔ | ۴۶ |
| والدہ کے کہنے سے کام کرنا چاہئے۔ | ۴۶ |
| کہا اس باغ کا آم کھاؤں تو سور کھاؤں قسم ہے۔ | ۴۶ |
| ناجائز و غلط بات حلف لینے کے بعد توڑ دینا درست ہے۔ | ۴۷ |
| قسم توڑنے پر کفارہ۔ | ۴۷ |
| قسم جب توڑے گا کفارہ دینا ہوگا۔ | ۴۷ |

| عنوان | صفحہ |
| --- | --- |
| قسم توڑنے سے نہ منافق ہوتا ہے اور نہ اس کی بیوی مطلقہ ہوتی ہے۔ | ۴۸ |
| قسم کھائی اور اس کے خلاف کیا تو کفارہ لازم ہوگا کافر نہ ہوگا۔ | ۴۸ |
| قسم کھانا کہ فلاں آئے گا تو مسجد میں نہیں آؤں گا گناہ ہے۔ | ۴۸ |
| نہ ملنے کی قسم کھائی پھر ملا تو کفارہ دینا ہوگا۔ | ۴۹ |
| نہ کھانے کی قسم کھائی تھی اور کھایا تو کفارہ دینا ہوگا۔ | ۴۹ |
| قسم کھائی کہ دوسری شادی نہیں کروں گا، کرے گا تو کفارہ ہوگا۔ | ۴۹ |
| نہ کہنے کی قسم کھائی تھی اور کہہ دیا تو حانث ہوگا۔ | ۵۰ |
| قسم کے خلاف کرنے سے کفارہ دینا ہوگا۔ | ۵۰ |
| ایسا کیا تو دین وایمان سے خارج ہو جاؤں قسم ہے۔ | ۵۰ |
| غصہ میں قسم کھانے سے بھی قسم ہو جاتی ہے۔ | ۵۰ |
| قرآن شریف کی قسم کھانا۔ | ۵۰ |
| قرآن غیر اللہ میں ہے یا نہیں اور اس کی قسم کیسی ہے۔ | ۵۱ |
| کہنا کہ تمہارے ہاتھ سے روٹی کھاؤں تو والدین سے کھاؤں قسم نہیں۔ | ۵۱ |
| کلمہ طیبہ پڑھ کر یا آنحضرت ﷺ کو ضامن کر کے کہنا قسم نہیں۔ | ۵۱ |
| اس کو کھاؤں تو سور کھاؤں کہنے سے قسم نہیں ہوگی۔ | ۵۲ |
| قسم کھائی کہ بیس دن بعد بیوی سے ہمبستری نہیں کروں گا اور کر لیا تو کفارہ دینا ہوگا۔ | ۵۲ |
| مسلمان سے قطع کی قسم | ۵۲ |
| یہ کام کروں تو مری ماں پر طلاق کہنے سے قسم نہیں ہوتی۔ | ۵۳ |
| ناجائز قسم توڑنے سے بھی کفارہ آتا ہے۔ | ۵۳ |
| کفارہ ظہار طلبہ کو دینے سے ادا ہو جاتا ہے۔ | ۵۳ |
| خلاف قسم کرنے سے کفارہ دینا ہوگا۔ | ۵۴ |
| یمین طلاق سے بچنے کی صورت۔ | ۵۴ |
| فلاں عورت سے نکاح کرنے کی قسم کھائی تو دوسری سے نکاح کر سکتا ہے یا نہیں۔ | ۵۴ |
| قسم کے بعد جب خلاف قسم کیا تو کفارہ آئے گا۔ | ۵۵ |
| جس قصاب کا گوشت نہ کھانے کی قسم کھائی اگر اس کا گوشت دوسرے کے گھر کھالے تو | |

| عنوان | صفحہ |
| --- | --- |
| کیا حکم ہے؟ | ۵۵ |
| پکا ہوا گوشت کھانے سے بھی کفارہ ہوگا۔ | ۵۵ |
| غریب کے لئے کفارہ ہے یا نہیں؟ | ۵۵ |
| جنہوں نے قسم نہ کھائی ان پر کفارہ نہیں۔ | ۵۶ |
| کہا ایسا کروں تو امت محمدیہ سے باہر ہو جاؤں قسم ہو گئی۔ | ۵۶ |
| قسم کھائی کہ فلاں دن قرض ادا کردوں گا۔ اگر پہلے ادا کر دیا تو حانث نہیں۔ | ۵۶ |
| دل میں قسم کھائی تو اس کے خلاف کرنے سے حانث نہیں ہوگا۔ | ۵۷ |
| قرآن کی قسم کھانا۔ | ۵۷ |
| کار خیر کے لئے قسم لینا کیسا ہے؟ | ۵۷ |
| پیغمبر بھی آئے تو یہ کام نہ کروں قسم نہیں | ۵۷ |
| نہ بولنے کا حلف لیا، کیا کرے۔ | ۵۸ |
| قسم کھائی کہ شادی نہیں کروں گا، اب کرنا چاہتا ہے کیا کرے؟ | ۵۸ |
| ایسا ہوا تو اسلام سے خارج ہو جاؤں، یہ حلف ہے۔ | ۵۸ |
| قسم توڑنے سے کفارہ آئے گا۔ | ۵۹ |
| قسم کھائی کہ فلاں کام نہیں کروں گا، اب کرنا چاہتا ہے کیا کرے؟ | ۵۹ |
| کہا بکر کی چیز کھاؤں تو سور کا گوشت کھاؤں۔ | ۵۹ |
| عورت نے قسم کھائی کہ گھر ویران کردوں گی تو اس کا کفارہ دے۔ | ۶۰ |
| شرط کی وجہ سے قسم کھائی تو شرط ختم ہونے سے قسم ختم نہیں ہوگی۔ | ۶۰ |
| نہ بولنے کی قسم کھائی تو جب بولے گا حانث ہوگا۔ | ۶۰ |
| قسم کھائی فلاں چیز نہیں دوں گا، پھر خوشی سے دیا، کیا حکم ہے؟ | ۶۰ |
| قسم کھائی کہ زندگی بھر نکاح نہیں کروں گی اب کرنا چاہتی ہے۔ | ۶۱ |
| قسم کھائی رات بیوی سے نہیں ملوں گا، پھر ملا۔ | ۶۱ |
| امام کے ساتھ گالم گلوچ۔ | ۶۱ |
| عورت نے قسم کھائی عمر بھر نکاح نہیں کرونگی۔ اب کرنا چاہتی ہے کیا کرے؟ | ۶۲ |
| قرآن کی قسم کھانا کیسا ہے؟ | ۶۲ |

| عنوان | صفحہ |
| --- | --- |
| فلاں چیز نہیں رکھی تو ماروں گا، اس سے قسم نہیں ہوگی۔ | ۶۲ |
| مدعا علیہ سے مدعی کی موجودگی میں قسم لینا چاہئے۔ | ۶۳ |
| قسم کھانے کے بعد گو قرض خواہ مہلت دے لیکن خلاف ورزی پر کفارہ ہوگا۔ | ۶۳ |
| کفارہ دینے کے بعد وہ دوبارہ عائد نہ ہوگی۔ | ۶۳ |
| ایمان کی قسم۔ | ۶۳ |
| مسلمان سے ترک موالات۔ | ۶۳ |
| قسم کھا کر توڑنا۔ | ۶۳ |
| انشاء اللہ کے ساتھ قسم کھانے سے قسم نہیں ہوتی۔ | ۶۴ |
| کھانا نہ کھانے کی قسم کھائی اور دودھ پی لیا کیا حکم ہے۔ | ۶۴ |
| شرکت کی قسم کھائی تھی مگر ناجائز امور ہو تو کفارہ دے کر قسم توڑ دے۔ | ۶۴ |
| ولایتی کپڑے کے عدم استعمال کی قسم سے پہلے کے کپڑے ناجائز نہیں ہوئے۔ | ۶۵ |
| جھوٹی قسم کھانے والے کا حکم۔ | ۶۵ |
| ایسا ہو تو کلام پاک کی مار ہو قسم ہے یا نہیں ؟ | ۶۷ |
| کسی کو نکلوانے کی قسم کھائی اور کامیاب نہ ہوا تو ؟ | ۶۷ |
| **جان کے خوف سے غلط قسم لینا کیسا ہے ؟** | |
| قسم کے بعد خلاف ورزی کرنے سے حانث ہوگا۔ | ۶۷ |
| جب تک قرض ادا نہ ہوگا روزہ رکھوں گی، یہ نذر نہیں۔ | ۶۸ |
| خلاف قسم گورنمنٹ کالج میں پڑھنے سے کفارہ دینا ہوگا۔ | ۶۸ |
| معصیت والی قسم توڑنا واجب ہے۔ | ۶۸ |
| قسم کھانا کیسا ہے ؟ | ۶۹ |
| غیر اللہ کی قسم کیسی ہے ؟ | ۶۹ |
| غیر اللہ کی قسم جائز نہیں۔ | ۶۹ |
| شطرنج کے سلسلہ میں قسم | ۷۰ |
| قرآن ہاتھ میں لے کر حلف کرنا۔ | ۷۰ |
| فلاں سے جبراً نہ لوں تو میری بیوی کو طلاق، اس کے بعد اس نے خود دے دیا۔ | ۷۰ |
| قسم کھائی کہ فلاں منکوحہ سے نکاح کروں گا کیا حکم ہے ؟ | ۷۱ |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| فلاں کے سوا دوسری سے نکاح کروں تو اس کو طلاق۔ طلاق کے بعد اس سے دوبارہ نکاح جائز ہے۔ | ۷۱ |
| **باب النذور** | ۷۲ |
| **نذر و منت ماننا اور اس سے متعلق احکام و مسائل** | ۷۲ |
| جس جانور کی منت مانی تھی جب وہ مر جائے تو کیا کرے۔ | ۷۲ |
| بزرگ کے لئے نذر اور اس کے گوشت کا حکم۔ | ۷۲ |
| نذر کی گائے کے بچہ کا حکم۔ | ۷۲ |
| متعین مقدار کھانے کی نذر اور اس کا حکم۔ | ۷۲ |
| نذر کی قربانی سے واجب قربانی ادا نہیں ہوگی۔ | ۷۳ |
| سوال کی مزید تفصیل۔ | ۷۳ |
| گائے نذر مانی اور اس کی قیمت دے دی تو نذر ادا ہو گئی۔ | ۷۳ |
| ہم کفو لڑکا ملنے پر ایک نذر | ۷۴ |
| سماع موتی اور نذر اولیاء کرام۔ | ۷۴ |
| نذر پوری نہ ہوئی تو نذر کے روپے کا حکم کیا ہے؟ | ۷۴ |
| نذر کی قربانی کا گوشت فقراء کا حصہ ہے۔ | ۷۴ |
| منت کا گوشت خود کھانا جائز نہیں۔ | ۷۵ |
| نذر مطلق کی گائے میں قربانی کے شرائط ہیں یا نہیں؟ | ۷۵ |
| نذر کی قربانی میں شرائط قربانی کا لحاظ۔ | ۷۵ |
| نذر کا جانور کیسا ہو؟ | ۷۵ |
| شیرینی تقسیم کرنے کی نذر اور اس کا حکم۔ | ۷۶ |
| نذر کے جانور میں عمر کا لحاظ۔ | ۷۶ |
| گائے کے صدقہ کرنے کی نذر مانی تو عمر کا لحاظ ہوگا۔ | ۷۶ |
| نذر کے جانور میں عمر کی قید۔ | ۷۶ |
| ماں نے بیٹے کے بیل کی قربانی کی نذر مانی، بیٹا راضی نہیں، کیا کرے؟ | ۷۷ |
| ہر نماز کے بعد دو رکعت نفل کی نذر مانی کیا کرے۔ | ۷۷ |

| عنوان | صفحہ |
| --- | --- |
| زیورات کے صدقہ کی نذر کی صورت میں قیمت دینا کیسا ہے؟ | ۷۸ |
| مٹھائی کی نذر کی تو اس کی قیمت سے کپڑا لیکر دینا جائز ہے۔ | ۷۸ |
| نذر کا کھانا محتاجوں کا حق ہے۔ | ۷۸ |
| تاریخ متعین سے پہلے نذر پوری کردے تو کیا حکم ہے؟ | ۷۸ |
| باپ کی بیوہ کو نذر کے روپے دینا جائز ہے۔ | ۷۹ |
| نذر کی قربانی کرنے سے پہلی واجب قربانی ادا نہ ہوگی۔ | ۷۹ |
| نذر معین میں گوشت کے بجائے زندہ جانور دینا۔ | ۷۹ |
| مسجد میں سونے کا چراغ جلانے کی منت۔ | ۷۹ |
| بغیر قبضہ قرضدار کو معاف کردینے سے نذر ادا نہ ہوگی۔ | ۷۹ |
| گائے کے ذبح کرنے میں نیت کا اعتبار۔ | ۸۰ |
| جس متعین جانور کی نذر مانی اس کا دے دینا کافی ہے۔ | ۸۰ |
| مسجد میں بتاشہ تقسیم کرنے کی نذر۔ | ۸۱ |
| لڑکے کی سلامتی پر نذر۔ | ۸۱ |
| مسجد میں جو زمین دی اس میں مدرسہ بنانے کا حکم۔ | ۸۱ |
| اونٹ کی نذر مانی، اونٹ نہ ملے تو کیا کرے؟ | ۸۱ |
| نذر کے جانور سے نفع حاصل کرنا | ۸۲ |
| چرس کی نذر صحیح نہیں۔ | ۸۲ |
| بیمار نذر بعد صحت پوری کرے اور صحت نہ ہونے کی صورت میں فدیہ دے۔ | ۸۲ |
| صحت کے لئے فدیہ دینا جائز ہے۔ | ۸۳ |
| گائے ذبح کرنے کی نذر میں عمر کا لحاظ ہوگا۔ | ۸۳ |
| صرف نذر کی نیت سے نذر واجب نہیں ہوتی۔ | ۸۳ |
| نذر مانی کہ ایسا ہو جائے تو قرآن ختم کروں گا۔ | ۸۴ |
| نیاز بنام حضرت حسینؓ کا حکم۔ | ۸۴ |
| قربانی کی نذر میں قربانی ضروری ہے یا قیمت بھی دے سکتا ہے؟ | ۸۴ |
| نذر معین میں عمر کی قید۔ | ۸۵ |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| مٹھائی کی نذر میں کوئی بھی مٹھائی تقسیم کرنا درست ہے۔ | ۸۵ |
| نذر میں اس کی قیمت غیر مستحق کو لینا جائز نہیں۔ | ۸۵ |
| نذر کی مٹھائی غیر مستحق کے لئے درست نہیں۔ | ۸۵ |
| منت کا روپیہ محتاج کو دینا چاہئے مجلس حسینؓ پر خرچ نہ کرے۔ | ۸۵ |
| چادر چڑھانے کی نذر درست نہیں۔ | ۸۵ |
| نذر میں جب شرط نہ پائی جائے تو کیا کرے؟ | ۸۶ |
| مسجد بنانے کی نذر کا حکم۔ | ۸۶ |
| نذر کی متعدد صورتیں۔ | ۸۷ |
| اتنے روپے سے اللہ کی نیاز کی وصیت کی، کیا حکم ہے؟ | ۸۷ |
| نذر کا مصرف کیا ہے؟ | ۸۷ |
| زبان سے کہنا انعقاد نذر کے لئے ضروری ہے۔ | ۸۸ |
| نذر شرعی کی تحقیق۔ | ۸۸ |
| مسجد میں رقم خرچ کرنے کی نذر۔ | ۸۸ |
| نذر کا صحیح طریقہ۔ | ۸۹ |
| جانور چھوڑنے کی نذر صحیح نہیں۔ | ۸۹ |
| نذر کی مدت ختم ہونے پر کام ہوا تو اس کا ایفا لازم نہیں۔ | ۸۹ |
| کہا اگر یہ بچ گیا تو ذبح کر کے نمازیوں کو کھلاؤں گا۔ | ۹۰ |
| اللہ ایسا کرے تو مسجد میں مٹھائی دوں گا یہ نذر ہے۔ | ۹۰ |
| زمین کے پورے پلاٹ ملنے پر نذر مانی مگر ملا تہائی، کیا حکم ہے؟ | ۹۰ |
| نذر کے واجب ہونے کی شرط | ۹۰ |
| مسجد میں کھانے کی چیز آتی ہے۔ اس کا حکم۔ | ۹۱ |
| مرغ، کیلا وغیرہ کی نذر برائے فقراء صحیح ہے۔ | ۹۱ |
| نذر پیر کے نام پر جائز نہیں۔ | ۹۱ |
| پیر کا بکرا دینا یا نذر ماننا جائز نہیں۔ | ۹۲ |
| مسجد کے نام پر نذر اور اس کا حکم۔ | ۹۲ |

| عنوان | صفحہ |
| --- | --- |
| نذر بھیک مانگ کر پورا کرنا غریب کے لئے جائز نہیں۔ | ۹۲ |
| غیر اللہ کی نذر کرنا جائز نہیں۔ | ۹۳ |
| اگر یہ بچہ اچھا ہوا تو ذبح کر کے لوگوں کو کھلاؤں گا۔ | ۹۳ |
| غیر اللہ کی منت یا نذر و نیاز کا کیا حکم ہے؟ | ۹۳ |
| اللہ کے نام کی نیاز کے مستحق فقراء ہیں۔ | ۹۴ |
| اماموں اور ولیوں کے نام کا جھنڈا و پنجہ حرام ہے۔ | ۹۴ |
| یہ نذر ماننا کہ فلاں نوکر ہو گیا تو اس کی تنخواہ کا ایک حصہ مسافروں پر خرچ کروں گا۔ | ۹۵ |
| مسجد میں شیرینی بھیجنے کی نذر درست ہے۔ | ۹۵ |
| فلاں پیر کی روح کے لئے خیرات کروں گا، یہ نذر درست نہیں۔ | ۹۵ |
| جو کچھ نفع ہو گا اس میں اتنا خیرات کروں گا، یہ نذر نہیں۔ | ۹۶ |
| اولاد ہوئی تو اتنے دنوں کا روزہ رکھوں گی، یہ نذر ہے۔ | ۹۶ |
| میرا بچہ صحت یاب ہو گیا تو مسجد میں مٹھائی تقسیم کروں گا، یہ نذر صحیح ہے۔ | ۹۶ |
| فلاں کام ہو گیا تو اتنے لاکھ درود پڑھوں گا نذر ہے یا نہیں؟ | ۹۷ |
| میرا کام ہو گیا تو نمازیوں کو کھلاؤں گا نذر ہے۔ | ۹۷ |
| صدقہ نفل کا کھانا غنی کو کھانا کیسا ہے؟ | ۹۸ |
| گائے کی نذر کی تو اس میں قربانی کی شرط ضروری ہو گی۔ | ۹۸ |
| صرف نذر کی نیت کی زبان سے کچھ نہیں کہا تو نذر نہیں ہوئی۔ | ۹۸ |
| امام حسینؓ کی نذر جائز نہیں۔ | ۹۹ |
| نذر جب قربانی کی، کی ہے تو قربانی کرنے سے نذر پوری ہو گی۔ | ۹۹ |
| لڑکا اچھا ہو گیا تو قرآن ختم کراؤں گا، نذر لازم نہیں ہے۔ | ۹۹ |
| نذر کی چیز کا خود کھانا جائز نہیں۔ | ۱۰۰ |
| غریبوں کو کھلانے کی نذر مانی اس کا روپیہ انگورہ فنڈ میں دینا۔ | ۱۰۰ |
| نذر مانی اور پورا کرنے سے پہلے فوت ہو گیا، کیا حکم ہے؟ | ۱۰۱ |
| گیارہویں کی نذر جائز نہیں۔ | ۱۰۱ |
| مفلس روضہ کی حاضری کی منت مانے تو کیا کرے؟ | ۱۰۱ |

| عنوان | صفحہ |
| --- | --- |
| نذر کے کھانے میں عقیقہ کا گوشت دینا جائز ہے۔ | ۱۰۲ |
| نذر کا عہد اور اس کا حکم۔ | ۱۰۲ |
| کامیاب ہو گیا تو ہر جمعہ کو روزہ رکھوں گا نذر ہے۔ | ۱۰۲ |
| معمولاً جو روزے رکھتا ہے اس میں نذر کی نیت کرے تو ادا ہوں گے یا نہیں؟ | ۱۰۳ |
| اگر بلا سے نجات پائی تو ہر جمعہ کو روزہ رکھوں گا، نذر ہے۔ | ۱۰۳ |
| مقصد پورا ہو گیا تو فلاں مسجد میں وعظ کہوں گا نذر نہیں۔ | ۱۰۳ |
| کام ہو گیا تو ایک اونٹ ذبح کر کے غریبوں کو کھلاؤں گا نذر ہے۔ | ۱۰۴ |
| مسجد میں مٹھائی کی نذر اور امام و مؤذن کے لئے اس کا حکم | ۱۰۴ |
| نذر اور قربانی کے جانور کی شرطیں | ۱۰۴ |
| دوسرے کے مال میں نذر | ۱۰۴ |
| دیوی کے نام والے جانور کی قربانی | ۱۰۵ |
| نذر بارواح پیران | ۱۰۵ |
| بچوں کے لئے مٹھائی کی منت مانی اس کی قیمت غریبوں کو دینا کیسا ہے؟ | ۱۰۵ |
| ناجائز منت کا روپیہ کار خیر میں | ۱۰۵ |
| روزے کی منت کا ایفاء | ۱۰۶ |
| بیمار کے لئے جانور کا فدیہ | ۱۰۶ |
| پل و مسجد بنانے کی نذر صحیح نہیں | ۱۰۶ |
| نذر کے جانور میں قربانی کی شرائط ضروری | ۱۰۷ |
| نذر پوری کرنے سے پہلے مر جائے تو ورثہ کیا کریں؟ | ۱۰۷ |
| کس جانور کی نذر جائز ہے؟ | ۱۰۷ |
| نذر مانی کہ لڑکا پیدا ہوا تو اسماء نبی میں سے نام رکھوں گا۔ | ۱۰۷ |
| بتاشہ کی نذر کیسی ہے؟ | ۱۰۸ |
| نذر مانی مگر کام پورا نہ ہوا تو کیا کرے؟ | ۱۰۸ |
| نذر کا مصرف کیا ہے؟ | ۱۰۸ |
| نذر کا مسنون طریقہ کیا ہے؟ | ۱۰۸ |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| بکری کی نذر میں پوری بکری صدقہ کرنا واجب ہے۔ | ۱۰۸ |
| نذر بن حجر کو بھول گیا اور نذر کا روزہ مسلسل رکھے یا تدریج۔ | ۱۰۹ |
| منت کی قربانی کا وقت | ۱۰۹ |
| کتاب القصاص والحدود | ۱۱۰ |
| باب اول : قصاص قتل اور ز ن کرنے سے متعلق احکام و مسائل | ۱۱۰ |
| مارنے والے کو قتل کرنا کیسا ہے ؟ اور اس پر حد ہے یا نہیں ؟ | ۱۱۰ |
| قاتل کی سزا | ۱۱۰ |
| مسلمان کا کسی کافر کو زخمی کرنا | ۱۱۱ |
| سونے والے کے کروٹ سے بچہ دب کر مر جائے تو کیا حکم ہے ؟ | ۱۱۱ |
| قصاص کو روکنا جب کہ مقتول کے ورثاء نابالغ ہوں۔ | ۱۱۱ |
| قتل کرنے کی سزا۔ | ۱۱۲ |
| قاتل کے ساتھ کیا معاملہ کیا جائے ؟ | ۱۱۲ |
| باب دوم : احکام زنا | ۱۱۳ |
| زنا وغیرہ سے متعلق احکام و مسائل | ۱۱۳ |
| الزام زنا بغیر ثبوت ثابت نہیں ہوتا۔ | ۱۱۳ |
| صرف زانی کے اقرار سے زنا ثابت ہو جاتا ہے۔ | ۱۱۳ |
| منکوحہ سے زنا حق اللہ اور حق العباد دونوں ہے۔ | ۱۱۴ |
| زانیہ کی سزا | ۱۱۴ |
| ہندوستان میں حد کا اجراء | ۱۱۴ |
| زانی سے زانیہ کا نکاح | ۱۱۴ |
| زنا زیادہ قبیح ہے یا سود | ۱۱۴ |
| دارالحرب میں زانی پر کیا حد ہوگی ؟ | ۱۱۴ |
| زنا پر کیا سزا دی جائے ؟ | ۱۱۵ |
| دختر کے ساتھ زنا۔ | ۱۱۵ |
| بلا نکاح عورت کو رکھنا۔ | ۱۱۵ |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| دار الحرب میں زانی کی سزا۔ | ۱۱۵ |
| محارم سے نکاح کو حلال جاننے کی سزا۔ | ۱۱۶ |
| زانی سے تعلق رکھنا کیسا ہے۔ | ۱۱۶ |
| ہمشیرہ کے ساتھ زنا کے مرتکب کی سزا۔ | ۱۱۶ |
| منکوحہ کو دوسرے کے سپرد کرنا اور اس کی سزا | ۱۱۷ |
| زانی سے تعلق | ۱۱۷ |
| زنا کسی کے ساتھ جائز نہیں۔ | ۱۱۸ |
| زنا میں چار گواہوں کی وجہ | ۱۱۸ |
| مرد وعورت کا ایک بستر پر سونا زنا کے ثبوت کے لئے کافی نہیں۔ | ۱۱۸ |
| اس صورت میں زنا ثابت نہیں۔ | ۱۱۸ |
| دو شخصوں کی گواہی سے زنا ثابت نہیں ہوتا۔ | ۱۱۸ |
| زنا کا ثبوت | ۱۱۹ |
| نابالغہ سے زبردستی زنا اور اس کی سزا | ۱۱۹ |
| حاملہ من الزنا سے نکاح اور اس سے وطی۔ | ۱۲۰ |
| تین شخصوں کی گواہی سے زنا ثابت نہیں ہوتا | ۱۲۰ |
| خوشدامن کے ساتھ زنا۔ | ۱۲۰ |
| زانی سے برتاؤ | ۱۲۱ |
| سماعی گواہوں سے زنا ثابت نہیں ہوتا۔ | ۱۲۱ |
| بیوی کے مرنے کے بعد ساس سے زنا اور اس کا حکم۔ | ۱۲۱ |
| دو کے دیکھنے سے زنا ثابت نہیں ہوتا۔ | ۱۲۲ |
| زنا کرکے توبہ کرلیا کیا حکم ہے؟ | ۱۲۲ |
| زنا بالجبر اور اس کا حکم۔ | ۱۲۲ |
| زنا کا ثبوت شرعی۔ | ۱۲۳ |
| دخول نہ ہونے کی صورت میں زنا ثابت نہ ہوگا۔ | ۱۲۳ |
| زنا کرنے والے کی سزا۔ | ۱۲۳ |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| ثبوت زنااور حکم رجم کی شرط | ۱۲۴ |
| زانیہ کو جان سے مارڈالنے میں اخروی سزا۔ | ۱۲۴ |
| زانیہ بہن کا قاتل اوراس کی سزا۔ | ۱۲۴ |
| زانیہ بیوی کو مارڈالنا کیسا ہے؟ | ۱۲۴ |
| کسی کی بیوی کے ساتھ زنا کرنا۔ | ۱۲۵ |
| زانی باپ کا قتل اوراس کا حکم۔ | ۱۲۵ |
| زانیہ کے بچہ کے ساتھ معاملہ۔ | ۱۲۵ |
| زنا کا کفارہ ہے یا نہیں؟ | ۱۲۶ |
| زنا کرنے کے بعد توبہ کرنا۔ | ۱۲۶ |
| زانی کی حد۔ | ۱۲۶ |
| زنا کا شک درست نہیں۔ | ۱۲۶ |
| **باب سوم : حد سرقہ** | ۱۲۷ |
| **چوری وغیرہ سے متعلق احکام ومسائل** | ۱۲۷ |
| ایک شخص نے دوسرے کی چیز چرا کر تیسرے کو دی جس سے وہ ہلاک ہو گئی، ضمان کس پر ہے؟ | ۱۲۷ |
| خودرو جنگل سے لکڑی چرانا۔ | ۱۲۷ |
| نگران باغ بغیر اجازت مالک جو چیز دے وہ جائز نہیں۔ | ۱۲۷ |
| صرف شبہ کی بنیاد پر ضمان لینادرست نہیں۔ | ۱۲۷ |
| چور سے ضمان لینا۔ | ۱۲۸ |
| قبر کی چادروں کا چوری کرنااوراس کی ملکیت۔ | ۱۲۸ |
| قبر کے غلاف کو جائز سمجھ کر استعمال کرنااوراس کی تاویل کرنا۔ | ۱۲۸ |
| چوری کا اقراراوردوسرے کے لئے اس کی گواہی۔ | ۱۲۹ |
| چوری کارو پیہ خفیہ مالک کو پہنچادینے سے چوربری ہو جائے گا۔ | ۱۲۹ |
| چوری کے روپے سے تجارت کی تھی نقصان ہوا،اب بقیہ روپیہ واپس کرے یا پورے۔ | ۱۲۹ |
| چوری کے روپیہ سے نفع ہوا،اس کامالک کون ہوگا؟ | ۱۲۹ |

| عنوان | صفحہ |
| --- | --- |
| چور کا مالک سے اجمالی معاف کرانا کافی ہے یا نہیں؟ | ۱۳۰ |
| نصاب سے کم مال مسروقہ کی ہلاکت پر ضمان لازم ہے۔ | ۱۳۰ |
| عورت کی چوری کے شبہ میں اس کا مال لینادرست نہیں۔ | ۱۳۱ |
| اقرار کے بعد چور کا پھر رجوع کرنا۔ | ۱۳۱ |
| قیمت کفن میں چوری کرنا۔ | ۱۳۱ |
| **باب چہارم : حد شراب** | ۱۳۲ |
| **شراب وغیرہ پینے کی سزا اور اس سے متعلق احکام ومسائل** | ۱۳۲ |
| شرابی کی سزا کا ثبوت۔ | ۱۳۲ |
| شرابی کو کیا سزا دی جائے۔ | ۱۳۲ |
| غیبت، سود، لواطت اور شراب نوشی کی سزا۔ | ۱۳۲ |
| شرابی سے تعلقات | ۱۳۲ |
| شرابی اور اس کے حامیوں کی سزا | ۱۳۲ |
| شراب اور بھنگ کے استعمال میں فرق ہے یا نہیں؟ | ۱۳۲ |
| **باب پنجم : حد قذف** | ۱۳۴ |
| **کسی پاکدامن کو زنا کی تہمت لگانا اور اسکی سزا سے متعلق احکام ومسائل** | ۱۳۴ |
| کیا زنا کے ثبوت کے لئے چار گواہ ضروری ہیں۔ | ۱۳۴ |
| چار سے کم گواہوں سے زنا ثابت نہیں ہوتا۔ | ۱۳۴ |
| صرف والدین کے کہنے سے زنا ثابت نہیں ہوتا۔ | ۱۳۴ |
| جب قاذف چار گواہ نہ پیش کر سکے۔ | ۱۳۴ |
| تہمت زنا لگانے والے کی سزا۔ | ۱۳۴ |
| تہمت زنا اور اس کی سزا۔ | ۱۳۵ |
| بلا ثبوت تہمت زنا کا حکم۔ | ۱۳۵ |
| تہمت لگانے والے کے ساتھ کیا کیا جائے؟ | ۱۳۵ |
| تہمت لگانے کے بعد کہنا میں نے غلط کہا تھا۔ | ۱۳۶ |

| عنوان | صفحہ |
| --- | --- |
| باب ششم : تعزیر | ۱۳۷ |
| حدود کے علاوہ دوسرے مختلف جرائم اور انکی سزا سے متعلق احکام ومسائل | ۱۳۷ |
| جس جانور کے ساتھ آدمی نے جماع کیا اس جانور اور آدمی کا حکم۔ | ۱۳۷ |
| جن ماکول اللحم کے ساتھ وطی کی گئی اس کا اور وطی کرنے والے کا حکم۔ | ۱۳۷ |
| حاملہ بکری سے وطی کی تو وہ حرام نہیں ہوئی۔ | ۱۳۷ |
| نابالغ بچہ یا بکری کے ساتھ وطی کرنے والے کی سزا۔ | ۱۳۸ |
| چور سے مالی جرمانہ لینا جائز ہے یا نہیں ؟ | ۱۳۸ |
| اکابر اہل سنت کی شان میں بدزبانی کی سزا۔ | ۱۳۹ |
| قاضی شرعی کے سوا دوسرا آدمی حد شرعی قائم نہیں کر سکتا۔ | ۱۳۹ |
| بھانجی کے ساتھ زنا کی سزا | ۱۳۹ |
| استاذ کو گالیاں دینے کی سزا۔ | ۱۳۹ |
| رمضان کے دنوں میں علی الاعلان کھانا کھانے والا۔ | ۱۴۰ |
| اکابر ائمہ کی توہین کرنے والا مستحق تعزیر | ۱۴۰ |
| زانی سے مالی جرمانہ لینا درست نہیں۔ | ۱۴۰ |
| ہنود کا کھانا کھانے پر تعزیر نہیں۔ | ۱۴۱ |
| متبع شریعت کو حرام زادہ وغیرہ کہنے والا۔ | ۱۴۱ |
| رعایا سے جرمانہ لینا شرعاً درست نہیں۔ | ۱۴۱ |
| جانور سے وطی کرنے کی سزا۔ | ۱۴۱ |
| نماز کی پابندی نہ کرنے پر مالی جرمانہ۔ | ۱۴۲ |
| جس عورت نے رات میں چھپ کر لچّے سے ملاقات کی۔ | ۱۴۲ |
| جانور سے وطی کرنے پر تعزیر۔ | ۱۴۲ |
| جانور سے وطی کا ارادہ کیا مگر دخول نہیں ہوا۔ | ۱۴۳ |
| مسلمانوں کو گالی دینے والا مستحق تعزیر ہے۔ | ۱۴۳ |
| سور کا دودھ استعمال کرنے والے کی سزا۔ | ۱۴۴ |
| جرمانہ کی رقم مجرم کی رضا سے کسی بھی مد میں خرچ کر سکتے ہیں۔ | ۱۴۴ |

| عنوان | صفحہ |
| --- | --- |
| تارک نماز تعزیر کا مستحق ہے۔ | ۱۴۴ |
| بیوی سے زنا کرانے والے کی سزا۔ | ۱۴۴ |
| مالی جرمانہ کا شرعی حکم۔ | ۱۴۵ |
| نماز جنازہ میں پابندی نہ کرنے پر مالی جرمانہ۔ | ۱۴۵ |
| اغلام کی سزا۔ | ۱۴۶ |
| علاتی بہن کا بوسہ لینے کی سزا۔ | ۱۴۶ |
| جانور سے وطی کر کے فروخت کر دیا، رقم کیا کرے۔ | ۱۴۶ |
| میلاد مروجہ نہ کرنے کی کوئی سزا نہیں۔ | ۱۴۷ |
| صحیح العقیدہ مسلمان کو بلا تحقیق قادیانی کہنا۔ | ۱۴۷ |
| ہندوستان میں شرعی سزا کا اجراء نہیں ہو سکتا۔ | ۱۴۸ |
| میاں بیوی کے جھگڑے میں مالی جرمانہ درست نہیں۔ | ۱۴۹ |
| مسلمان کو حرام زادہ کہنا حرام ہے۔ | ۱۴۹ |
| عورت اگر شوہر کا حکم نہ مانے تو کیا سزا دی جائے۔ | ۱۴۹ |
| مسلمان پر جھوٹا الزام لگانا حرام ہے۔ | ۱۵۰ |
| بلا حجت شرعیہ تہمت زنا لگانا فسق ہے۔ | ۱۵۰ |
| سیاستاً و تہدیداً جرمانہ کرنا کیسا ہے؟ | ۱۵۰ |
| مسلمان کو گالی دینا اور طعن و تشنیع کرنا۔ | ۱۵۱ |
| گھوڑی کے ساتھ جماع اور اس کی سزا۔ | ۱۵۱ |
| چچی کے ساتھ نکاح کرا دینے پر مالی جرمانہ جائز نہیں۔ | ۱۵۲ |
| بیوی کو زدو کوب کرنے والے کی سزا۔ | ۱۵۲ |
| ہندوستان میں حدود جاری نہیں ہو سکتی، تعزیر ہو سکتی ہے۔ | ۱۵۲ |
| غیر چور کو چور کہنے والا مستحق تعزیر ہے۔ | ۱۵۲ |
| غیر کی عورت کو بھگا کر لے جانے کی سزا۔ | ۱۵۳ |
| والدہ کے ساتھ نکاح کرنے والے کی سزا۔ | ۱۵۳ |
| عند الحنفیہ مالی جرمانہ جائز نہ ہونے کی دلیل۔ | ۱۵۳ |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| جرمانہ کی رقم واپس کی جائے۔ | ۱۵۴ |
| امام اعظم کے نزدیک مالی جرمانہ۔ | ۱۵۴ |
| توبہ سے گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔ | ۱۵۵ |
| تعزیر کی مختلف صورتیں۔ | ۱۵۵ |
| گالی دینے کی سزا۔ | ۱۵۵ |
| تعزیر عام مسلمانوں کا حق ہے یا نہیں؟ | ۱۵۵ |
| علماء حق کو سور کہنے والا فاسق ہے۔ | ۱۵۶ |
| چماری کے ساتھ خلاملا رکھنے والا۔ | ۱۵۶ |
| کسی مسلمان پر غلط مقدمہ کرنے والے۔ | ۱۵۶ |
| سحر کرنے والے کا حکم اور اس کا ثبوت۔ | ۱۵۷ |
| خنزیر اور کتا کا بچہ کہنا قابل تعزیر ہے۔ | ۱۵۷ |
| شادی میں خلاف شرع امور کرنے والے کا حکم | ۱۵۷ |
| پردہ پر عمل نہ کرنے والا دیوث ہے۔ | ۱۵۷ |
| ایسا آدمی مستحق تعزیر ہے۔ | ۱۵۸ |
| کسی منکوحہ کا بلا طلاق دوسرے شخص کے ساتھ نکاح کرانے والے کی سزا۔ | ۱۵۸ |
| جھوٹا دعویٰ کرنے والا مستحق تعزیر ہے۔ | ۱۵۸ |
| شہادت شرعیہ کے بغیر وطی ثابت نہیں۔ | ۱۵۹ |
| طلاق کے چھ ماہ بعد دوسرا نکاح کرنے پر کوئی سزا نہیں۔ | ۱۶۰ |
| افعال شنیعہ کا اقرار دلیل فسق ہے۔ | ۱۶۰ |
| بلا قصور مارنے اور گالی دینے والے کی سزا۔ | ۱۶۰ |
| دنیاوی خواہشات دین پر ترجیح دینا معصیت ہے | ۱۶۱ |
| باہم مار پیٹ کرنا اور اس کی سزا۔ | ۱۶۱ |
| بار بار ہدایت کے باوجود جو نماز کا پابند نہ ہو۔ | ۱۶۱ |

| عنوان | صفحہ |
| --- | --- |
| **کتاب السیر : جہاد سے متعلق احکام و مسائل** | ۱۶۲ |
| **باب اول : دار الحرب و دار الاسلام اور اس سے متعلق احکام و مسائل** | ۱۶۲ |
| خلفائے راشدین نے غزوات میں شرکت فرمائی ہے۔ | ۱۶۲ |
| دار الحرب میں جمعہ و عیدین اور نماز پنجگانہ درست ہیں۔ | ۱۶۲ |
| ہندوستان کے کافر کیا ہیں؟ | ۱۶۲ |
| ہندوستان کیا ہے؟ | ۱۶۲ |
| جہاد میں شرکت کے لئے والدین کی اجازت | ۱۶۳ |
| دار الحرب کی تعریف میں امام اعظم اور صاحبین کا اختلاف۔ | ۱۶۳ |
| اوقاف پر قبضہ کرنے سے حکومت مالک نہیں ہوگی۔ | ۱۶۳ |
| ہندوستان کا حکم مختلف دور میں۔ | ۱۶۴ |
| اگر کفار مسلمانوں کے اموال پر قابض ہو جائیں تو وہ اس کے مالک ہو جاتے ہیں۔ | ۱۶۴ |
| ہندوستان میں ہندو ذمی ہیں یا حربی؟ | ۱۶۵ |
| دار الحرب میں دینی امور کے لئے امیر مقرر کرنا۔ | ۱۶۵ |
| **باب دوم : عشر و خراج** | ۱۶۶ |
| **عشر و خراج اور ان سے متعلق احکام و مسائل** | ۱۶۶ |
| خراجی زمین کی تعریف اور شرائط | ۱۶۶ |
| جس قدر بھی غلہ ہو اس میں عشر واجب ہے۔ | ۱۶۶ |
| جملہ اجناس اور ترکاریوں میں عشر کا حکم۔ | ۱۶۶ |
| غلہ وصول ہونے پر عشر ادا کرے۔ | ۱۶۶ |
| مصارف عشر کیا ہیں۔ | ۱۶۷ |
| ارض مملوکہ مسلمین میں جہاں راجاؤں کو ٹیکس دیا جاتا ہے۔ | ۱۶۷ |
| عشری زمین جو اجارہ پر دی جاتی ہے اس کا عشر۔ | ۱۶۷ |
| بادشاہ عشر نہ لے تو اس سے عشر ساقط نہیں ہوتا۔ | ۱۶۷ |
| عشری زمین میں دسواں حصہ ادا کرے۔ | ۱۶۸ |

| صفحہ | عنوان |
|---|---|
| ۱۶۹ | عشری زمین میں دسواں حصہ نکالنا چاہئے۔ |
| ۱۶۹ | غلہ کی پیداوار میں عشر کی مقدار |
| ۱۶۹ | بارانی ومالگذاری والی زمین میں عشر اوراس کی مقدار۔ |
| ۱۷۰ | عشر نکالنے میں اخراجات زراعت ولگان وضع ہوگا یانہیں۔ |
| ۱۷۰ | غلہ کی پیداوار کا عشر۔ |
| ۱۷۰ | عشری زمین کی تعریف اور عشر کس کے ذمے ہے۔ |
| ۱۷۱ | بٹیداری والی زمین کا عشر کیا ہے اور کس کے ذمہ ہے۔ |
| ۱۷۱ | عشر نکالتے وقت سرکاری خراج منہانہ ہوگا۔ |
| ۱۷۱ | خراجی زمین کے عشر کا مسئلہ۔ |
| ۱۷۲ | سرکاری محصول سے عشر ساقط نہیں ہوتا۔ |
| ۱۷۲ | سرکاری جنگل حکومت کی عطیہ زمین اور کافر سے خریدی ہوئی زمین۔ |
| ۱۷۳ | عشری اور خراجی زمین کی تعریف۔ |
| ۱۷۳ | مسلمان جو عشر نہ نکالے۔ |
| ۱۷۳ | زمین کی قسمیں اوران کے عشر کا حکم۔ |
| ۱۷۴ | ہندوستان میں عشری وخراجی زمین اوراس کا حکم۔ |
| ۱۷۴ | سرکاری لگان دینے سے عشر ادا ہوتا ہے یا نہیں؟ |
| ۱۷۴ | کفار سے خریدی ہوئی زمین میں عشر نہیں۔ |
| ۱۷۵ | عشر کے لئے صاحب نصاب ہونا ضروری نہیں۔ |
| ۱۷۵ | پیداوار میں اخراجات وضع کرکے عشر نکالا جائے یا بغیر وضع کے؟ |
| ۱۷۵ | زمینداروں کو مال گذاری ادا کرنے والے کی زمین میں عشر۔ |
| ۱۷۵ | اگر زمین عشری ہو تو تمباکو میں بھی عشر ہے۔ |
| ۱۷۶ | جس کے پاس بقدر کفاف زمین ہو اس پر بھی عشر ہے |
| ۱۷۶ | جس غلہ کا عشر نہ نکالا جائے۔ |
| ۱۷۶ | خراجی زمین میں عشر نہیں۔ |
| ۱۷۶ | عشر کے متعلق قرآن میں حکم۔ |

| صفحہ | عنوان |
|---|---|
| ۱۷۶ | اراضی ہندوستان میں عشر۔ |
| ۱۷۷ | سالانہ لگان والی زمین میں عشر۔ |
| ۱۷۷ | زمیندار و کاشت کار دونوں پر بقدر حصہ عشر۔ |
| ۱۷۷ | ہندوستان کی زمین عشری ہے یا خراجی ؟ |
| ۱۷۷ | بٹائی والی زمین میں عشر۔ |
| ۱۷۸ | باغ میں عشر ہے یا نہیں۔ |
| ۱۷۸ | زمین کی زکوۃ کس طرح ادا کی جائے۔ |
| ۱۷۸ | ہندوستان کی زمین نہ عشری ہے اور نہ خراجی۔ |
| ۱۷۹ | بٹائی کرنے والے پر عشر۔ |
| ۱۷۹ | جو زمین نہر سے سینچی جائے۔ |
| ۱۸۰ | ایک اشکال اور اس کا جواب۔ |
| ۱۸۱ | جو زمین مشقت سے سینچی جائے۔ |
| ۱۸۱ | کن اشیاء میں زکوۃ نہیں۔ |
| ۱۸۱ | ہندوستان کی زمین پر عشر واجب نہیں۔ |
| ۱۸۲ | پنجاب وکشمیر کی زمین عشری ہے یا خراجی۔ |
| ۱۸۲ | بنگال وسندھ کی زمین میں عشر کا حکم۔ |
| ۱۸۲ | ریاست کی زمین عشری ہے یا نہیں۔ |
| ۱۸۲ | ہندوستان کی زمین نہ عشری ہے نہ خراجی مگر احتیاطاً عشر نکالا جائے |
| ۱۸۳ | مالک زمین زمیندار ہے اور کاشتکار مستاجر ہے۔ |
| ۱۸۳ | جو خراج سرکار لیتی ہے اس سے عشر ساقط ہوتا ہے یا نہیں۔ |
| ۱۸۳ | عشر کا مصرف اور عشری زمین۔ |
| ۱۸۴ | ہندوستانی زمین میں عشر کا حکم۔ |
| ۱۸۴ | غلہ کی زکوۃ۔ |
| ۱۸۵ | مزارع پر عشر ہے یا نہیں۔ |
| ۱۸۶ | نقد لگان والی زمین میں عشر ہے یا نہیں۔ |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| بیع شدہ اور موہوبہ اراضی میں عشر | ۱۸۶ |
| گندم، تل، سرسوں اور پٹ سن میں زکوۃ کا طریقہ۔ | ۱۸۶ |
| عشر چالیسواں حصہ نہیں دسواں حصہ ہے۔ | ۱۸۶ |
| معافی والی زمین کی پیداوار میں عشر ہے یا نہیں؟ | ۱۸۶ |
| عشر واجب ہے یا فرض؟ | ۱۸۷ |
| سرکاری لگان سے عشر معاف ہوتا ہے یا نہیں؟ | ۱۸۷ |
| دس پانچ بیگہ والے پر عشر۔ | ۱۸۷ |
| سرکاری لگان دینے کے باوجود عشر۔ | ۱۸۸ |
| جس زمین کا خراج ہندو زمیندار لیتا ہے اس میں عشر۔ | ۱۸۸ |
| عشر مزارع پر یا مالک پر؟ | ۱۸۸ |
| ہندوستانی زمین عشری ہے یا خراجی؟ | ۱۸۸ |
| نہری زمین کا عشر کیا ہوگا؟ | ۱۸۹ |
| نہری زمین میں عشر۔ | ۱۸۹ |
| کنواں والی زمین کا عشر۔ | ۱۸۹ |
| بارانی زمین میں عشر۔ | ۱۸۹ |
| تالاب سے سینچنے والی زمین میں عشر۔ | ۱۸۹ |
| مسئلہ عشر۔ | ۱۹۰ |
| کیا عشر میں عامل کا طلب کرنا شرط ہے؟ | ۱۹۰ |
| حکومت کی زمین میں عشر۔ | ۱۹۰ |
| ہندوستان میں گزشتہ سالوں کا عشر۔ | ۱۹۱ |
| عشر وخراج جمع نہ ہونے کا مطلب۔ | ۱۹۳ |
| خراجی وعشری زمین۔ | ۱۹۳ |
| عرب کی زمین عشری ہے یا کیا؟ | ۱۹۳ |
| عشر وخراج دونوں جمع نہیں ہوتے ہیں۔ | ۱۹۴ |
| کیا عشر کیلئے خلیفۃ المسلمین کا ہونا ضروری ہے؟ | ۱۹۴ |

| صفحہ | عنوان |
|---|---|
| ۱۹۴ | عجم کی زمین کا حکم۔ |
| ۱۹۴ | حکومت کے ٹیکس کے ساتھ عشر۔ |
| ۱۹۴ | ہندوراجا کی رعایا پر عشر وخراج۔ |
| ۱۹۴ | مسلمان ریاستوں کی زمین کا حکم۔ |
| ۱۹۴ | دار الحرب کی تعریف اور ہندوستان۔ |
| ۱۹۵ | مسئلہ عشر کی مختلف صورتیں۔ |
| ۱۹۷ | باب سوم : جزیہ |
| ۱۹۷ | اسلامی حکومت میں بسنے والے غیر مسلم اور ان کے متعلق احکام ومسائل |
| ۱۹۷ | لفظ جزیہ کی تحقیق بیان فرمائیں۔ |
| ۱۹۷ | عہد نبوی ﷺ میں ذمیوں سے جزیہ اور اس کی مقدار۔ |
| ۲۰۰ | باب چہارم : احکام مرتد |
| ۲۰۰ | کلمات کفریہ اور ارتداد سے متعلق احکام ومسائل |
| ۲۰۰ | مرزا غلام احمد کے ارتداد کا فتویٰ اور اس کی تعریف کرنے والا فاسق۔ |
| ۲۰۰ | یہ دعویٰ کہ مجھ میں رسول اللہ ﷺ کی روح حلول کر گئی ہے کفر ہے۔ |
| ۲۰۰ | خدا اور رسول کا منکر مرتد ہے۔ |
| ۲۰۰ | عورت مرتد ہوگئی پھر اسلام لا کر دوسرا نکاح کر لیا کیا حکم ہے؟ |
| ۲۰۱ | ارتداد سے نکاح فسخ ہو جاتا ہے۔ |
| ۲۰۲ | اگر عقیدہ اسلام کا اور افعال کفر کے تو کیا حکم ہے؟ |
| ۲۰۲ | حضور ﷺ کی توہین ارتداد ہے۔ |
| ۲۰۲ | قرآن وحدیث کو نہیں مانتا، یہ جملہ ارتداد ہے۔ |
| ۲۰۳ | حضرت عیسیٰؑ کو ابن اللہ کہا، پھر انکار کیا، کیا حکم ہے؟ |
| ۲۰۳ | احد الزوجین کے ارتداد سے نکاح فسخ ہو جاتا ہے۔ |
| ۲۰۴ | اگر گناہ ہے تو میں اکیلا جواب دہ ہوں کلمہ کفر نہیں۔ |
| ۲۰۴ | مرشد کو رسول وخدا کہنے والا مرتد کافر ہے۔ |

| صفحہ | عنوان |
|---|---|
| ۲۰۵ | قرآن شریف کو گالی دینا کفر ہے۔ |
| ۲۰۵ | مرتد سے تعلقات اور میل جول حرام ہے۔ |
| ۲۰۵ | حالت غصہ میں کلمہ کفر نکالنا۔ |
| ۲۰۵ | قرآن پاک کی تحقیر کفر ہے۔ |
| ۲۰۶ | زوجین میں سے کسی کے کلمہ کفر کہنے سے نکاح فسخ ہو جاتا ہے۔ |
| ۲۰۶ | شریعت کا منکر کافر ہے۔ |
| ۲۰۷ | جو شخص مسجد کی توہین کرے اور امام کو گالی دے۔ |
| ۲۰۷ | شریعت کی جگہ اگر رواج کو مانے تو کیا حکم ہے؟ |
| ۲۰۷ | بالاتفاق علماء قادیانی کافر ہیں۔ |
| ۲۰۸ | ارتداد سے نکاح ٹوٹ جاتا ہے۔ |
| ۲۰۸ | مرزائیوں کے ارتداد پر علماء کا اتفاق۔ |
| ۲۰۸ | آنحضرت ﷺ کے بعد دعویٰ نبوت کفر وارتداد ہے۔ |
| ۲۰۹ | مسلمان عورت آریہ ہو گئی تو نکاح فسخ ہو گیا۔ |
| ۲۰۹ | کلمہ کفر کے بعد بھی توبہ قبول ہوتی ہے۔ |
| ۲۱۰ | قرآن کو ازراہ تمسخر پھینکنا کفر ہے۔ |
| ۲۱۰ | کہنا کہ خدا اور قرآن سے فیض نہ ہوا کفر ہے۔ |
| ۲۱۰ | قرآن وحدیث اور فقہ کو شیطانی کتابیں کہنا کفر ہے۔ |
| ۲۱۱ | مشرکین کی اولاد بلوغ سے پہلے |
| ۲۱۱ | قرآن عزیز کو گالی دینا کفر ہے۔ |
| ۲۱۱ | اذان کو سانپ کی آواز سے تشبیہ دینا کفر ہے۔ |
| ۲۱۲ | مجھے اسلام کی ضرورت نہیں یہ کلمہ کفر ہے۔ |
| ۲۱۲ | مجھے خدا اور رسول سے کچھ واسطہ نہیں، یہ کلمہ کفر ہے۔ |
| ۲۱۲ | حرام کو حلال سمجھنے والا۔ |
| ۲۱۲ | حضرت حق جل مجدہ کو بڈھا کہنا کفر ہے۔ |
| ۲۱۳ | شریعت کو گالی دینے والا کافر ہے۔ |

| صفحہ | عنوان |
| --- | --- |
| ۲۱۳ | یہ کہنا کہ جب رسول اللہ وفات پاگئے تو ایمان بھی مر گیا۔ |
| ۲۱۴ | یہ کہنا کہ اگر نمازی ہی سے مسلمان ہوتا ہے تو میں کافر ہی سہی۔ |
| ۲۱۴ | شوہر کے مرتد ہونے سے نکاح فسخ ہوجاتا ہے۔ |
| ۲۱۴ | جو اسلام کو برا کہے اور گالی دے وہ اسلام سے خارج ہے۔ |
| ۲۱۴ | اللہ ورسول کو گالی دینے سے کافر ہوگیا۔ |
| ۲۱۵ | تناسخ کا قائل اور جنت ودوزخ کا منکر کافر ہے۔ |
| ۲۱۵ | پیغمبر کو خدا کہنا اور سمجھنا کفر ہے۔ |
| ۲۱۵ | دین اسلام کے بارے میں بے ہودہ گوئی صریح کفر ہے۔ |
| ۲۱۶ | قرآن شریف کو تحقیراً پھینکنا کفر ہے۔ |
| ۲۱۶ | خدا کی شان میں گستاخی کرنے والا کافر ہے۔ |
| ۲۱۶ | میں مسائل شرعیہ سے منحرف ہوں کہنا کفر ہے۔ |
| ۲۱۶ | کلمات کفر کے بعد تجدید نکاح ضروری ہے۔ |
| ۲۱۶ | انبیاء علیہم السلام کی شان میں سب وشتم کرنے والا کافر ہے۔ |
| ۲۱۷ | قرآن مجید کی توہین کرنا کفر ہے۔ |
| ۲۱۷ | کلمہ کفر کے بعد تجدید نکاح ضروری ہے۔ |
| ۲۱۷ | یہ کہنا کہ خدا مر گیا نماز کس کی پڑھیں کفر ہے |
| ۲۱۸ | چند وہ کلمات جن سے کفر لازم آتا ہے۔ |
| ۲۱۸ | کہنا کہ جب تک میرے جسم میں طاقت ہے خدا اور رسول ﷺ کو کچھ نہیں سمجھتا۔ |
| ۲۱۸ | خدا کو مرغ اور آدمی کہنے والا کافر ہے |
| ۲۱۸ | والدین اور حق تعالیٰ کی شان میں گستاخی کا حکم۔ |
| ۲۱۹ | واقعہ معراج قیامت وغیرہ کا منکر کافر ہے۔ |
| ۲۱۹ | مرزا غلام احمد قادیانی اور اس کے متبعین کے کفر میں شبہ نہیں۔ |
| ۲۲۰ | اللہ ورسول اور دین اسلام کا منکر کافر ہے۔ |
| ۲۲۰ | چیچک کو دیوی تصور کرنا اور چڑھاوا چڑھانا۔ |
| ۲۲۱ | وید و قرآن میں جو فرق کا قائل نہ ہو۔ |

| عنوان | صفحہ |
| --- | --- |
| آنحضور ﷺ کو الوہیت کا درجہ دینا کفر ہے۔ | ۲۲۱ |
| نماز وروزہ کا منکر اور علماء کو گالیاں دینے والا۔ | ۲۲۱ |
| قادیانی اوراس کے پیرو کار کافر ہیں۔ | ۲۲۲ |
| یہ کہنا کہ ایمان رہے یا جائے تعزیہ بنائیں گے۔ | ۲۲۲ |
| خلفائے راشدین اور حضرت صدیقہؓ پر تہمت لگانے والا کافر ہے | ۲۲۲ |
| جمعہ کی نماز کو شر وفساد کی نماز کہنا کفر ہے۔ | ۲۲۳ |
| یہ کہنا کہ ہم کافر ہے کیا حکم ہے؟ | ۲۲۳ |
| اللہ تعالیٰ کی شان میں گالی بکنے والا کافر ہے۔ | ۲۲۳ |
| گواہوں نے گواہی دی کہ فلاں مرتد ہے اور وہ انکار کرتا ہے۔ | ۲۲۳ |
| نماز کی تحقیر کفر ہے۔ | ۲۲۴ |
| احد الزوجین کے ارتداد سے نکاح فسخ ہو جاتا ہے۔ | ۲۲۴ |
| کلمہ کفر سے آدمی کافر ہو جاتا ہے۔ | ۲۲۴ |
| مرتد کسے کہتے ہیں۔ | ۲۲۴ |
| خنزیر دیوی پر چڑھانے کا کفارہ کیا ہے؟ | ۲۲۵ |
| اصحاب ثلثہ کو کافر کہنے والا کافر ومرتد ہے۔ | ۲۲۵ |
| کل گناہ خدا کے سر یہ کلمہ کفر ہے۔ | ۲۲۵ |
| نماز پڑھنے والے کو کافر سمجھنا۔ | ۲۲۶ |
| خدائی کا دعویٰ کفر ہے۔ | ۲۲۶ |
| ہندوؤں کے ذریعہ چڑھاوا چڑھانا معصیت ہے۔ | ۲۲۶ |
| کہنا کہ معصیت میں دنیا وعاقبت کچھ نہیں سوجھتی | ۲۲۶ |
| میں عیسائی ہوں یہ کلمہ کفر ہے۔ | ۲۲۷ |
| کلمہ کا اس طرح پڑھنا، لا الہ الا اللہ ابوبکر وعمر، عثمان وعلی محمد رسول اللہ۔ | ۲۲۷ |
| مسجد میں پیشاب کردوں کلمہ کفر ہے۔ | ۲۲۷ |
| قرآن پر پیشاب کردوں گا کہنا کفر ہے۔ | ۲۲۸ |
| نماز کی توہین کرنا کفر ہے۔ | ۲۲۸ |

| صفحہ | عنوان |
|---|---|
| ۲۲۸ | توہین کلام اللہ کفر ہے۔ |
| ۲۲۸ | شریعت کی کچھ پرواہ نہیں کرتے یہ کلمہ کفر ہے۔ |
| ۲۲۹ | میرا مذہب اسلام نہیں اس کا قائل مرتد ہے۔ |
| ۲۲۹ | غیر اللہ کو تعظیماً وعبادۃً سجدہ کرنا شرک ہے۔ |
| ۲۳۰ | احادیث نبویہ کی توہین کرنا کفر ہے۔ |
| ۲۳۰ | حق تعالیٰ کی شان میں گالی کفر ہے۔ |
| ۲۳۰ | آنحضرت ﷺ کی شان میں فحش کلمات کہنے والا مرتد ہے۔ |
| ۲۳۱ | کہاں کی حدیث وقرآن یہ کلمہ کفر ہے۔ |
| ۲۳۱ | احد الزوجین کے ارتداد سے نکاح فسخ ہو جاتا ہے۔ |
| ۲۳۱ | اپنے کو خدا، قیامت، جنت ودوزخ کا منکر کہنا۔ |
| ۲۳۱ | غصہ میں کہا پیغمبر زادہ بھی آجائے تو بھی کام نہ کروں گا۔ |
| ۲۳۲ | اس وقت کافر بن کر بحث کرتا ہوں کلمہ ارتداد ہے۔ |
| ۲۳۲ | بیوی جب عیسائی بن گئی تو نکاح باقی نہیں رہا۔ |
| ۲۳۲ | دوبارہ جب اسلام لے آئی تو شوہر اول کو ملے گی۔ |
| ۲۳۲ | اولاد کو کافر کہنے سے نکاح نہیں ٹوٹتا۔ |
| ۲۳۳ | خدا کو نہیں مانتا کہنا کلمہ کفر ہے۔ |
| ۲۳۴ | مجھے خدا کی ضرورت نہیں کلمہ ارتداد ہے۔ |
| ۲۳۴ | میں کافر ہو گیا کلمہ کفر ہے۔ |
| ۲۳۴ | کلام اللہ کو کلام انسانی اور دوسرے کلمات کفریہ سے مرتد ہو گیا۔ |
| ۲۳۵ | مرتد ہونے کے بعد اسلام لانا۔ |
| ۲۳۵ | میرا ایمان میری جوتی کے نیچے یہ کلمہ کفر ہے۔ |
| ۲۳۶ | قادیانی کافر ہیں روافض میں تفصیل |
| ۲۳۷ | کلمہ کفر کا اعلان ہو چکا تو تجدید کا بھی اعلان کرے۔ |
| ۲۳۷ | حق تعالیٰ کی شان میں گالی دینے والا۔ |
| ۲۳۸ | زید نے بدھ مذہب پر ہونے کا اعلان کر دیا تو کافر ہو گیا۔ |
| ۲۳۸ | تماشہ کرنے والا کہے کہ میں خدا ہوں تو وہ مرتد ہو گیا۔ |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| قرآن مجید کی توہین کفر ہے۔ | ۲۳۹ |
| اللہ ورسول کی شان میں گستاخی کفر ہے۔ | ۲۳۹ |
| شریعت کے حکم کو نہیں مانتا۔ یہ کلمہ کفر ہے۔ | ۲۳۹ |
| احد الزوجین کے ارتداد سے نکاح ٹوٹ جاتا ہے۔ | ۲۴۰ |
| احمدی میاں بیوی ایک ساتھ مسلمان ہوئے تو نکاح باقی رہے گا۔ | ۲۴۰ |
| زوجین میں سے ایک کے ارتداد سے نکاح فسخ ہو جاتا ہے۔ | ۲۴۱ |
| قرآن کی نسبت کلمات توہین کفر ہے۔ | ۲۴۱ |
| میں شریعت کو نہیں مانتا، یہ کلمہ کفر ہے۔ | ۲۴۱ |
| اپنے کو خدا اور رسول کہنے والا کافر ہے۔ | ۲۴۱ |
| قرآن کی کسی آیت کی تحقیر سے خوف کفر ہے۔ | ۲۴۲ |
| غالی شیعہ اسلام سے خارج ہیں۔ | ۲۴۲ |
| شریعت کے مقابلے میں رواج کو ماننا کفر ہے۔ | ۲۴۳ |
| شریعت کو نہیں مانتا کلمہ کفر ہے۔ | ۲۴۳ |
| مرتد کا انکار رجوع الی الاسلام سمجھا جائے گا۔ | ۲۴۴ |
| مجھے شریعت محمدی کا فیصلہ منظور نہیں۔ | ۲۴۴ |
| جو عیسائی بنانے کی کوشش کرے وہ بھی کافر ہے۔ | ۲۴۵ |
| دین وشریعت کو سب وشتم کرنا کفر ہے۔ | ۲۴۵ |
| مجھ کو نمازی کی قبر میں نہیں جانا کلمہ کفر ہے۔ | ۲۴۵ |
| شرعی فیصلہ کا منکر کافر ہے یا نہیں؟ | ۲۴۶ |
| ترے مذہب کی ماں کو ایسا کروں۔ | ۲۴۶ |
| ہم اللہ میاں کے بھتیجے ہیں کہنا کفر ہے۔ | ۲۴۶ |
| ہمارا خدا انگریز ہے اس کا قائل۔ | ۲۴۶ |
| قرآن ونبی کیا چیز ہے؟ یہ کلمات کفریہ ہیں۔ | ۲۴۷ |
| حالت جنابت میں نماز پڑھ لی تو خارج از اسلام نہیں ہوگا | ۲۴۷ |
| خدا تعالیٰ ونبی پاک ﷺ کی شان میں گستاخی۔ | ۲۴۷ |
| نماز کا منکر کافر و مرتد ہے۔ | ۲۴۸ |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| میں کافرہ تجھ مومن سے اچھی ہوں، کہنا کفر ہے۔ | ۲۴۸ |
| کافرہ کو تجدید ایمان کے بعد نکاح ضروری ہے۔ | ۲۴۸ |
| بت کی پوجا صریح شرک ہے۔ | ۲۴۹ |
| نماز نہ پڑھوں گا کافر ہی ہو کر رہوں گا یہ کہنا کفر ہے۔ | ۲۴۹ |
| حق تعالیٰ کی شان میں گستاخی۔ | ۲۴۹ |
| صحبت صدیقؓ کا منکر رافضی کافر ہے۔ | ۲۴۹ |
| مسجد کو زناخانہ کہنا معصیت ہے۔ | ۲۵۰ |
| توہین عالم فسق ہے۔ | ۲۵۰ |
| توہین و تحقیر عالم کفر ہے۔ | ۲۵۰ |
| یہ شرع کس سسرے نے بنائی کہنا کفر ہے۔ | ۲۵۰ |
| تاویل جب تک ممکن ہو کافر نہ کہیں گے۔ | ۲۵۰ |
| رمضان میں اعلانیہ کھانا وغیرہ فسق ہے۔ | ۲۵۱ |
| علماء کو گالی دینے والا فاسق ہے۔ | ۲۵۱ |
| نبی کو خدا کہنے والا کفر ہے۔ | ۲۵۲ |
| نماز کی توہین سے خوف کفر ہے۔ | ۲۵۲ |
| شریعت سے استہزاء کفر ہے۔ | ۲۵۲ |
| مسخری سنانے والا فاسق ہے۔ | ۲۵۳ |
| قرآن وحدیث کی توہین کفر ہے۔ | ۲۵۳ |
| بسم اللہ پڑھنے پر استہزاء کفر ہے۔ | ۲۵۳ |
| تقدیر پر شک کرنا خوف کفر ہے۔ | ۲۵۴ |
| اللہ تعالیٰ کی شان میں گستاخی کفر ہے۔ | ۲۵۴ |
| بزرگوں سے گستاخی حرام و فسق ہے۔ | ۲۵۴ |
| مرزا غلام احمد کو مجدد اور فیض نبوت سے مستفیض سمجھنے والے کافر ہیں۔ | ۲۵۵ |
| حدیث نبوی ﷺ کی توہین کفر ہے۔ | ۲۵۵ |
| تم انبیاء کو سر پر اٹھائے پھرو، یہ کہنا کفر ہے۔ | ۲۵۵ |
| کسی حدیث کا منکر کافر ہوا یا نہیں؟ | ۲۵۶ |
| نکاح کو برا سمجھنے والا گنہگار ہے۔ | ۲۵۶ |

| عنوان | صفحہ |
| --- | --- |
| یہ کہنا کہ خدا اور رسول ﷺ کو نہیں جانتا کلمات کفریہ ہیں۔ | ۲۵۶ |
| احکام شریعت کے متعلق نازیبا کلمات کہنا کفر ہے۔ | ۲۵۶ |
| بحر تمہارا خدا ہے یہ کلمہ کفر ہے۔ | ۲۵۷ |
| کہنا کہ پیر کے کام کے سامنے نماز کچھ نہیں کفر ہے | ۲۵۷ |
| میں اسلام کو نہیں مانتا کلمہ کفر ہے۔ | ۲۵۸ |
| ہندو کی نذر مسلمان نے پوری کی تو وہ کافر نہ ہوگا۔ | ۲۵۸ |
| میرا حشر ہنود کے ساتھ ہو کلمہ کفر ہے۔ | ۲۵۸ |
| کلمہ کی ترتیب بدلنے سے کفر لازم نہیں آتا۔ | ۲۵۹ |
| محتلم نماز میں شریک ہو گیا تو کافر نہیں ہوا۔ | ۲۵۹ |
| خنزیر کھاؤں گا کلمہ نہ پڑھوں گا۔ اس کہنے کی وجہ سے مرتد ہو گیا۔ | ۲۵۹ |
| شیطان کا علم وسیع ہے یا رسول اللہ ﷺ کا۔ | ۲۵۹ |
| ہم جہنم میں رہیں گے تم جنت میں رہنا، یہ کلمہ کفر ہے۔ | ۲۶۰ |
| کہنا کہ حلال و حرام سے کچھ غرض نہیں۔ | ۲۶۰ |
| احد الزوجین کے ارتداد سے نکاح فسخ ہو جاتا ہے۔ | ۲۶۰ |
| مرتد کو کیوں قتل کیا جائے۔ | ۲۶۱ |
| تکفیر مسلم میں احتیاط ضروری ہے۔ | ۲۶۱ |
| خدا بھی آکر کہے تو نہ کھاؤں گی کلمہ کفر ہے۔ | ۲۶۱ |
| یہود و نصاریٰ جو آنحضرت ﷺ پر ایمان نہیں لائے۔ | ۲۶۲ |
| مسلمان کی تکفیر میں احتیاط۔ | ۲۶۲ |
| سبقت لسانی سے غلط بات نکل جائے تو کفر نہ ہوگا۔ | ۲۶۲ |
| استاذ اور والدین کا عاق کافر نہیں ہوتا۔ | ۲۶۳ |
| حضرت حق کو ماں باپ کہنا کیسا ہے؟ | ۲۶۳ |
| رسول اللہ ﷺ معبود ہیں یہ عقیدہ شرک ہے | ۲۶۳ |
| یہ کہنا کہ اللہ تعالیٰ انسانوں پر قادر نہیں کفر ہے۔ | ۲۶۴ |
| شاتم کی توبہ قبول ہو سکتی ہے۔ | ۲۶۴ |
| اہل سنت کا عقیدہ حضرت معاویہؓ صحابی جلیل ہیں۔ | ۲۶۴ |
| رمضان المبارک میں بھی مشرک کو قبر میں عذاب ہوتا ہے۔ | ۲۶۵ |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| جو کچھ ہوتا ہے منجانب اللہ ہوتا ہے۔ | ۲۶۵ |
| خدا اور سول سے بے زاری کا اظہار کفر ہے۔ | ۲۶۵ |
| بدعتی فاسق ہے مشرک کی بخشش نہ ہوگی۔ | ۲۶۵ |
| سحر برحق ہے۔ | ۲۶۶ |
| کتاب اللقطہ | ۲۶۶ |
| گری پڑی چیزیں اور اس سے متعلق احکام و مسائل | ۲۶۶ |
| لقطہ میں مالک یا ورثاء کا پتہ نہ چلے تو اس کی طرف سے صدقہ کردے۔ | ۲۶۶ |
| پڑی ہوئی چیز لقطہ ہے مسجد میں لگانا درست نہیں۔ | ۲۶۷ |
| کوئی چیز پڑی ہوئی ملی وہ لقطہ ہے۔ | ۲۶۷ |
| اعلان کے بعد مالک نہ ملے تو لقطہ کا کیا حکم ہے؟ | ۲۶۷ |
| لقطہ کا اعلان، اس کا افطاری میں صرف کرنا درست نہیں۔ | ۲۶۷ |
| مالک سے جب ناامیدی ہو جائے تو لقطہ کو صدقہ کرنا چاہئے۔ | ۲۶۸ |
| مالک کے نہ ملنے پر لقطہ کا صدقہ | ۲۶۸ |
| لقطہ کا شرعی حکم | ۲۶۸ |
| مالکِ لقطہ کے نہ ملنے پر صدقہ | ۲۶۸ |
| اعلان کے بعد جب مالک سے مایوسی ہو جائے۔ | ۲۶۸ |
| مالک کے نہ ملنے پر لقطہ کو کیا کرے؟ | ۲۶۹ |
| لقطہ کا مال مسجد پر صرف نہ کیا جائے۔ | ۲۶۹ |
| تلاش کے بعد جب مالک نہ ملے تو کیا کرے؟ | ۲۶۹ |
| مسلمان میت کی جیب سے رقم ملی کیا کرے؟ | ۲۷۰ |
| عرصہ تک جب مالک کا پتہ نہ چلے تو لقطہ کی بیع جائز ہے۔ | ۲۷۰ |
| بزرگوں کی مزار سے کوئی چیز ملے تو کیا کرے؟ | ۲۷۱ |
| سرقہ کی رقم ملی اس کا مصرف کیا ہے؟ | ۲۷۱ |
| غیر آباد جگہ مین رقم ملی تو وہ بھی لقطہ کے حکم میں ہے۔ | ۲۷۱ |
| لقطہ کو غنی استعمال نہیں کر سکتا۔ | ۲۷۲ |
| اگر خود محتاج ہو تو لقطہ استعمال کر سکتا ہے۔ | ۲۷۲ |
| پڑے ہوئے روپے پر لقطہ کا حکم جاری ہوگا۔ | ۲۷۲ |

# بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# کتاب الایمان

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی سید المرسلین و علی آلہ وصحبہ اجمعین

## قسم کھانے اور اس کے کفارہ سے متعلق احکام و مسائل

### حلف بالقرآن جائز ہے یا نہیں؟

(سوال ۱) قرآن مجید پر ہاتھ رکھ کر یا اس کو ہاتھ میں لے کر کسی امر یا نہی کے فعل یا ترک مثلاً صوم و صلوٰۃ کی پابندی کرنے نشہ خواری و جوابازی سے باز آنے پر قسم و عہد کرنا یا کرانا شرعاً درست ہے یا نہیں؟ زید کہتا ہے کہ نفس کلام اللہ مخلوق نہیں مگر قرآن اس حروف و صوت کے ساتھ مخلوق ہے اس لئے یہ غیر اللہ ہے اور غیر اللہ کی قسم کھانا شرک ہے اگرچہ قسم ہو جاتی ہے۔ بکر کہتا ہے کہ نہ شرک ہے نہ بدعت اور نہ حکم ہے نہ منع بلکہ ترغیب الی الامر و نہی عن المنکر ہے اس لئے اچھا ہے آپ مدلل بیان فرمائیں۔

(الجواب) اقول قال فی ردالمحتار ونقل فی الهندية عن المضمرات وقد قيل هذا فی زمانهم اما فی زماننا فيمين وبه نأخذو نامرو نعتقد وقال محمد بن مقاتل الرازی انه يمين وبه اخذ جمهور مشائخنا اه فهذا مويد لكونه صفة تعورف الحلف بها كعزة الله وجلاله الخ(۱) پس معلوم ہوا کہ حلف بالقرآن متعارف ہے اور یہ ایسا ہے جیسا کہ حلف بعزۃ و جلالہ پس شرک و بدعت کہنا اس کو صحیح نہیں ہے اور ترک معاصی پر عہد و پیمان کرنا اور کرانا عمدہ کام ہے اور نماز جنازہ ہر ایک مسلمان نیک و بد کی پڑھنی چاہئے۔ الا ما استثناه الفقهاء لقوله عليه الصلوٰة والسلام صلوا علی كل برو فاجر الحديث۔

### قسم کھائی کہ زید پر اگر ظلم کروں تو کافر ہو جاؤں شرعاً اس کا کیا حکم ہے؟

(سوال ۲) شخصے حلف کرد کہ بر زید ظلم و حق تلفی او نخواہم کرد اگر کنم پس من کافر واز شفاعت شفیع المذنبین بریم۔ پس اگر بر زید ظلم و حق تلفی او کند بموجب یمین خود کافر گردد واز شفاعت شفیع المذنبین بر وخواہد شد یا نہ؟

(الجواب) ایں قسم ست کہ بصورت حنث کفارہ بر و لازم شود(۲) در کفر او بصورت حنث اختلاف است و اضح انست کہ کافر نہ شود فی الدر المختار والا صح ان الحالف لم يكفر سواء علقه بما ض او آت ان كان عنده فی اعتقاده انه يمين الخ(۳)

### قرآن مجید کی قسم کھانے سے انکار کی صورت میں کیا حکم ہے؟

(سوال ۳) خلافت کمیٹی سے چند ممبر اس لئے اخذ کئے گئے کہ نماز پڑھنے کی تاکید کریں لیکن شرط یہ تھی کہ جملہ

---

(۱) ردالمحتار كتاب الايمان مطلب فی القرآن ج۳ ص ۷۰ ط.س. ج۳ص۷۱۳ ظفير۔

(۲) وتعليق الكفر بالشرط يمين وسيجی انه ان اعتقد الكفربه يكفر والا يكفر (در مختار) بالتشديد ای تلزمه الكفارة ( ردالمحتار كتاب الايمان مطلب فی القرآن ج۲ ص ۷۱ ط.س. ج۳ص۷۱٤ ظفير۔

(۳) دیکھئے الدر المختار علی هامش ردالمحتار كتاب الايمان ج۳ ص ۷۵ ط.س. ج۳ص۷۱۸ ظفير۔

ممبر تقرری سے قبل اپنے دست مبارک کو مصحف مجید سے مزین فرما کر قسم کھائیں کہ اس امر میں کسی خویش، رعایت نہ کریں گے ایک شخص اس پر معترض ہے اور مخالف ہے اس کی نسبت شرعاً کیا حکم ہے؟

(الجواب) معترض اور مخالف اس کار خیر میں صریح خطا پر اور سخت گنہگار ہے اس سے توبہ کرائی جاوے۔

## ایمان کی قسم کھانا کیسا ہے؟

(سوال ٤) مسلمان کو ایمان کی قسم کھانا جائز ہے یا نہیں؟

(الجواب) قسم اللہ کی کھانی چاہئے اللہ کے سواء ایمان یا قرآن وغیرہ کی قسم نہ کھانی چاہئے۔(۱)

## قسم کھائی اور نکاح میں دھوکہ ہو گیا تو کیا حکم ہے؟

(سوال ۵) عرصہ دس ماہ کا ہوا میں نے ایک عورت سے نکاح کیا عورت کے بھائی نے قبل از نکاح سوائے تعریف کے اور کچھ ظاہر نہ کیا رخصت کے بعد معلوم ہوا کہ عورت بالکل اپاہج و مجبور دونوں ہاتھ پاؤں بے کار اندا نہانی میں بوجہ بڈی کے گنجائش نہیں ۵۰۰ روپیہ مہر مقرر ہوا تھا اور بوقت نکاح میں نے قسم کھائی تھی کہ طلاق دوں گا ایسی حالت میں اگر طلاق دی جائے تو کیا حکم ہے جب کہ مجھے دھوکہ دیا تو نکاح ہوا یا نہ؟

(الجواب) اس صورت میں نکاح ہو گیا اور بلا وطی طلاق دینے کی صورت میں نصف مہر بذمہ شوہر لازم ہے او طلاق نہ دینے کی جو قسم کھائی تھی بوجہ ضرورت مذکورہ بحالت مذکورہ اس قسم کا توڑنا جائز ہے مگر کفارہ قسم کا ادا ہوگا۔(۲)

## بیوی سے کسی وجہ سے ہمبستر نہ ہونے کی قسم کھانا

(سوال ٦) اگر کوئی شخص اپنے دل میں قسم کھائے کہ کل ہم اپنی بی بی کے ساتھ کسی وجہ سے غصہ ہو کر قسم کھا کر ہمبستر نہ ہوں گے لیکن اپنی بی بی کی خواہش سے ہمبستر ہو گیا تو شرعاً کیا حکم ہے؟

(الجواب) جب تک زبان سے الفاظ قسم کہہ کر نہ توڑے کفارہ قسم اس پر نہیں آتا(۳)

## انشاء اللہ کے ساتھ قسم کھانے کا حکم

(سوال ۷) میرے والد نے مجھ سے مرغ نہ کھانے کا عہد کر لیا میں نے ان الفاظ سے عہد کیا کہ انشاء اللہ میں مرغ نہیں کھاؤں گا۔ مجھے مرغ کھانا جائز ہے یا نہیں۔

(الجواب) جائز ہے کیونکہ انشاء اللہ کہنے سے قسم نہیں رہتی یہ بہت اچھا کیا کہ انشاء اللہ کہہ لیا۔(٤)

## قسم کھائی کہ فلاں کام نہ کروں گا پھر کر لے تو کیا حکم ہے؟

(سوال ۸) اگر کوئی شخص اس طرح قسم کھائے اور عہد کرے کہ اے خدا میں تیری ذات بابرکات کی قسم کھا کر کہتا

---

(۱) لا یقسم بغیر اللہ تعالی کالنبی والقرآن والکعبۃ (در مختار) ای لا ینعقد القسم بغیر اللہ تعالی غیر اسمائہ وصفاتہ بل یحرم (ردالمحتار کتاب الایمان ج۳ ص ۷۰. ط.س ج۳ص ۷۱۲) ظفیر. (۲) فانہ یحب فیما اذا حلف علی طاعۃ ویحر فیما اذا حلف علی معصیۃ ویندب فیمااذا کان المحلوف علیہ جائزا (ردالمحتار کتاب الایمان ج ۳ ص ٦۳. ط.س ج۳ص ٧٠٤) وفیہ الکفارۃ ان حنث (ردالمحتار ج ۳ ص ٦٦. ط.س ج۳ص ۷۰۸) ظفیر (۳) ورکنھا اللفظ المستعمل فیھا (الدر المختار علی ھامش ردالمحتار کتاب الایمان ج ۳ ص ٦۳) ظفیر.

(٤) وصل بحلف انشاء اللہ بطل یمینہ کذا یبطل بہ ای الاستثناء المتصل کل ما تعلق بالقول عبادۃ او معاملۃ (الدر المختار علی ھامش ردالمحتار کتاب الایمان ج ۳ ص ۹۸. ط.س ج۳ص ٧٤٢) ظفیر.

ل کہ اگر میں فلاں کام میں اپنا عہد توڑوں تو مجھے دوزخ میں ڈالئے اور دین و دنیا میں ہمیشہ ذلیل و خوار کیجئے اور اپنی دیجئے اور مردود کیجئے اور میری دعا کبھی قبول نہ کیجئے اور میں آسمان اور زمین اور فرشتوں کو گواہ کر کے کہتا ہوں کہ اپنا عہد کبھی نہ توڑوں گا اور پھر وہ توڑ دے تو اس کا کیا حشر ہوگا اور اس کا کفارہ کیا ہوگا؟

لجواب) اس صورت میں اگر وہ شخص اس عہد کو توڑ دے تو کفارہ قسم کا اس کے اوپر واجب ہے۔(۱) یعنی دس لینوں کو دو وقت کھانا کھلاوے یا دس مسکینوں کو کپڑا پہناوے اور اگر یہ نہ ہو سکے تو تین روزہ متواتر رکھے۔(۲)

لغ لڑکا قرآن شریف اٹھائے تو اس کا کیا حکم ہے؟

سوال ۹) ایک نابالغ لڑکا ریل سے بغیر ٹکٹ سفر کرتا ہے اگر اس کا کوئی عزیز اس سے قرآن شریف اٹھوائے اور وائے تو وہ گنہگار ہوگا یا نہیں؟

جواب) وہ گناہ گار نہ ہوگا۔

یعت کے کسی کام پر اہل برادری سے عہد لینا

سوال ۱۰) اور اہل برادری نے پنچایت سے یہ کہا کہ کلمہ پڑھو اس کے بعد کہا گیا کہ اگر اس ہمارے حکم کو کوئی ے تو وہ خدا اور رسول سے پھرے۔ اس قسم کی قسم کھانا شرعاً جائز ہے یا نہیں؟

جواب) اگر شریعت کے کام پر ایسا عہد لیا جاوے کہ جو کوئی اس حکم شریعت کو توڑے وہ گویا خدا تعالیٰ اور رسول کا ف ہے تو یہ جائز ہے لیکن برادری کے حکم پر مطلقاً ایسا عہد لینا درست نہیں ہے چاہے وہ حکم موافق شریعت ہو یا نہ ہو اس کی تعمیل کریں اور جو کوئی اس حکم کو توڑے وہ خدا اور رسول کا مخالف ہے۔ تو ایسا عہد لینا درست ل ہے۔

ر اللہ کی قسم کیسی ہے؟

سوال ۱۱) خدائے تعالیٰ کے سوا کسی اور چیز کی قسم کھانا مثلاً لڑکے یا قرآن شریف وغیرہ کی قسم کھانا درست ہے یں ایسی قسم کھانے والا مشرک ہوگا یا نہیں؟

جواب) غیر اللہ کی قسم کھانا حرام ہے جیسے بیٹے یا باپ وغیرہ کی قسم کھانا۔(۳) البتہ قرآن شریف کا قسم کھانا ارف ہو گیا ہے لہٰذا وہ معتبر ہے اور قسم ہو جاتی ہے فی الدر المختار قال الکمال ولا یخفی ان الحلف و آن الآن متعارف فیکون یمینا الخ فقط۔(۴)

رثوں کے حلف کا وارثوں پر اثر پڑتا ہے یا نہیں؟

سوال ۱۲) ایک محلہ جس میں اقوام شیخ رہتے ہیں اور ان میں دو فریق ہو رہے تھے ہر دو فریق نے یہ تجویز کی کہ فریق ایک ہو جائیں اور کوئی نزاع آپس میں نہ رہے ہر حالت میں ہر شخص شادی غمی میں سب شریک رہیں اور عہد کی پابندی کے لئے سب کے ہاتھ میں قرآن شریف دے کر یہ حلف لیا گیا کہ مراسم برادرانہ ترک کئے

..........................................

وفیہ الکفارۃ ان حنث (الدر المختار علی ہامش ردالمحتار کتاب الایمان ج۳ ص ۶۶ ط س ج۳ ص ۷۰۸) ظفیر و کفارتہ تحریر رقبۃ او اطعام عشرۃ مساکین کما مر فی الظہار او کسوتہم بما یصلح للاوساط وینتفع بہ فوق ثلاثۃ اشہر تر عامۃ البدن (ایضاً ج۳ ص ۸۲ ط س ج۳ ص ۷۲۵ - ۷۲۶) ظفیر (۳) لا یقسم بغیر اللہ تعالیٰ (در مختار) ای لا القسم بغیرہ تعالیٰ الخ بل یحرم ردالمحتار کتاب الایمان ج۳ ص ۷۰ ط س ج۳ ص ۷۱۲) (۴) الدر المختار علی ی ردالمحتار کتاب الایمان ج۳ ص ۷۰ ط س ج۳ ص ۷۱۲) ظفیر۔

جاویں گے جس شخص نے حلف کیا تھا اب ان میں سے چند اشخاص ہیں باقی فوت ہو گئے ایک شخص نے یہ مخالفت کی کہ وہ خلاف اپنی گروہ کے دوسرے گروہ کی جانب سے مقدمات میں پیروی کرنے لگا ان اشخاص کے وارثوں نے جنہوں نے قرآن شریف اٹھایا تھا اور حلف کیا تھا یہ کہا کہ گو اب تک ہم اپنے مورثوں کے حلف کے پابند رہے مگر اس عہد و حلف کی پابندی ہم پر عائد نہیں ہوتی کیا یہ صحیح ہے اور جو لوگ حلف کرنے والوں میں سے بقید حیات ہیں ان پر پابندی حلف لازم ہے یا نہیں؟

(الجواب) مورثوں کی حلف کا وارثوں پر کچھ اثر عائد نہیں ہوتا البتہ جو لوگ ان حلف کرنے والوں میں کے بقید حیات ہیں وہ اپنے حلف اور قسم کو توڑیں تو ان پر کفارہ لازم آئے گا۔(۱)

لیکن یہ ضروری نہیں ہے کہ کفارہ لازم ہونے کی وجہ سے وہ لوگ گناہگار بھی ہوں اور مواخذہ دار اخروی ہوں بلکہ بسا اوقات حلف کا توڑنا ضروری ہو جاتا ہے۔(۲) جیسا کہ خود رسول اللہ ﷺ نے بعض دفعہ کسی فعل کے کرنے پر قسم کھائی اور پھر اس کی خلاف میں آپ کو بہتری معلوم ہوئی تو آپ نے اس قسم کو توڑ دیا اور کفارہ دے دیا اور اسی طرح آپ نے دوسروں کو بھی حکم فرمایا کہ تم میں سے اگر کوئی کسی امر پر حلف کرے اور پھر اس کے خلاف میں خیر معلوم ہو اور وہ خلاف کام ثواب کا ہو تو قسم کو توڑ دو اور جو امر بہتر اور شریعت میں موجب ثواب ہے اس کو کرے پس اگر اس شخص سے کوئی امر خلاف شریعت ہوا ہے تو اس وجہ سے اس سے متارکت کی ہے تو یہ اچھا ہے اس میں گناہ نہیں ہوا اور حلف کرنے والے کفارہ قسم کا دے دیویں(۳) فقط۔

## قسم کھائی جائداد سے کہ نہیں لوں گا وارث ہو جانے کے بعد کیا کرے؟

(سوال ۱۳) ایک شخص نے اپنے والد کے ساتھ جھگڑا فساد کر کے یہ حلف کیا اگر میں تمہاری جائداد کی کچھ کھاؤں تو میں نبی کے دین سے خارج ہوں گا اب اس کے والد کا انتقال ہو گیا تو حلف سے بری ہونے کی کیا صورت ہے اور جائداد کی میراث ہونے کی کیا صورت؟

(الجواب) ان الفاظ سے قسم ہو جاتی ہے۔(۴) لہذا اگر اس جائداد میں سے کچھ لیوے اور کھاوے تو کفارہ قسم کا دیوے اور بصورت حنث اس کے کفر میں اختلاف ہے لہذا احوط یہ ہے کہ وہ تجدید اسلام کرے در مختار میں ہے والقسم ایضا بقوله ان فعل كذا فهو يهودى او نصرانى الخ او كافر فيكفر بحنثه۔(۵) فقط۔

## دوسرے نے یہ قسم دی کہ یہ کام کرنا ہے اس نے نہیں کیا تو کیا حکم ہے؟

(سوال ۱۴) رشید نے حمید کو کہا اللہ کی قسم تم کو یہ کام کرنا ہوگا اب اگر حمید وہ کام نہ کرے تو رشید حانث ہو گا یا نہیں؟

(الجواب) رشید حانث ہو گا۔(۶) فقط۔

---

(۱) وهذاالقسم فيه الكفارة ان حنث (الدر المختار على هامش ردالمحتار كتاب الايمان ج۳ ص ٦٦ ط.س، ج۳ ص ۷۰۸) ظفير. (۲) ومن حلف على معصية كعدم الكلام مع ابويه اوقتل فلان الخ وجب الحنث والتكفير لانه اهون الامرين الخ (ايضاً ج۳ ص ۸۵ ط.س ج۳ ص ۷۲۸) ظفير. (۳) وهذا لا قسم فيه الكفارة ان حنث (ايضاً ج۳ ص ٦٦ ط.س ج۳ ص ۷۰۸) ظفير. (٤) وبرى من الله وبرى من رسوله يمينان الخ و برى من الا سلام اوالقبلة او صوم رمضان او الصلوة الخ يمين لانه كفر و تعليق الكفر بالشرط يمين (الدر المختار على هامش ردالمحتار كتاب الايمان ج۳ ص ۷۱ ط.س ج۳ ص ۷۱۳) ظفير. (۵) الدر المختار على هامش ردالمحتار كتاب الايمان ج ۳ ص ۷٤ ط.س ج۳ ص ۷۱٦ قوله فيكفر بحنثه اى تلازمه الكفارة اذا حنث اى قاله بتحريم الحلال لا نه لما جعل الشرط علما على الكفر و قد اعتقده واجب الا متناع وامكن القول بوجوبه بغيره جعلنا يمينا نهر (ردالمحتار ج۳ ص ۷۵ ط.س ج۳ ص ۷۱۸) ظفير. (٦) وفيه الكفارة ان حنث (الدر المختار على هامش ردالمحتار كتاب الايمان ج ۳ ص ٦٦ ط.س ج۳ ص ۷۰۸ ظفير.

## کلمہ پڑھ کر قسم کھانے سے قسم ہوگی یا نہیں؟

(سوال ۱۵) ایک شخص نے اس طور سے قسم کھائی لا اله الاالله محمد رسول الله خدا گواہ ہے اگر میں یہ کام کروں تو رسول اللہ کی شفاعت سے ناامید ہوں۔ پھر اس کام کا مرتکب ہوا ہو۔ اس صورت میں اس شخص کے لئے شرعاً کیا حکم ہے؟

(الجواب) در مختار میں ہے کہ ان الفاظ سے قسم نہیں ہوتی اور صحیح یہ ہے کہ وہ شخص کافر نہیں ہوتا مگر اس میں گناہ ہے لہٰذا توبہ و استغفار کرے وفیہ اشهد الله لا افعل یستغفر ولا کفارة وکذا اشهدك واشهد ملائکتك لعدم العرف الخ وفی انا بری من الشفاعة لیس بیمین لان منکر من مبتدع لا کافرا لخ۔(۱) فقط۔

## فلاں کام کروں تو خدا کے دیدار سے محروم رہوں پھر کرلیا تو کیا حکم ہے؟

(سوال ۱۶) اس شخص نے یہ عہد کیا کہ اگر اب سے میں ہر ے کام کو کروں تو خدا کا دیدار اور محمد رسول اللہ ﷺ کی شفاعت مجھ کو نصیب نہ ہو والعیاذ باللہ تعالیٰ اور دونوں جہاں میں میرا روسیاہ ہو کچھ عرصہ بعد وہ ہی کام اس نے کیا تو کیا حکم ہے؟

(الجواب) در مختار کتاب الایمان میں ہے وفی انا بری من الشفاعة لیس بیمین الخ۔(۲) اس روایت سے معلوم ہوا کہ الفاظ مذکورہ فی السوال سے قسم منعقد نہیں ہوتی لہٰذا اس کام کے کرنے کی وجہ سے کفارہ واجب نہ ہوگا آئندہ اس قسم کے الفاظ کہنے سے احتراز واجتناب کرنا چاہئے اور صدق دل سے اس فعل قبیح سے توبہ نصوحہ کرنی چاہئے اور آئندہ اس فعل بد سے بچنا چاہئے۔ فقط۔

## خنزیر کھانے کی قسم کھائی پھر توڑ دی کیا حکم ہے؟

(سوال ۱۷) ایک شخص اپنے چچا سے ناراض ہے چچا نے منانا چاہا تو اس نے قسم کھائی کہ اگر میں جاؤں تو خنزیر کھاؤں اب اگر وہ چچا کا کہنا مان لے تو قسم کے بارے میں کیا کرے؟

(الجواب) یہ قسم نہیں ہوئی مگر اس بات کے کہنے کا گناہ ہوگا۔ و کذالك ان قال ان فعلت کذا فانازان او شارب خمر او اکل میتة فلیس بحالف۔(۳) فقط۔

## زید نے ہزار روزہ کی قسم کھائی تو کیا کرے؟

(سوال ۱۸) کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ زید نے کچھ مال بکر کا چرالیا بکر اس کو قسم کھلاتا ہے اور زید قسم کھاتا ہے کہ اگر میں نے چرایا تو مجھ پر ہزار روزہ فرض ہوں یا واجب ہوں آیا عند الشرع اس پر ہزار روزہ واجب ہوں گے یا نہیں؟ ایسا ہی اگر آئندہ کی بابت قسم کھالے کہ اگر میں تیرا مال چراؤں تو مجھ پر ہزار واجب ہوں؟

(الجواب) دونوں صورتوں میں روزہ فرض ہوں گے کذا یفهم من الدر المختار لامواخذة فیها الافی ثلث طلاق وعتاق ونذر اشباه وان علقه بما لم یرده کان زنیت لفلانة مثلا فحنث در مختار (۴) ج ۳ ص ۹۴۔

## یہ کہنا کہ ایسا کروں تو اپنے باپ کا نہیں قسم نہیں ہے؟

(سوال ۱۹) اگر یہ کہہ دے کہ اگر میں آپ کے گھر جاؤں تو اپنے باپ سے نہیں بلکہ کسی خاکروب سے ہوں۔ اگر چلا جاوے تو کفارہ لازم ہے یا نہیں۔

(۱) الدر المختار علی هامش ردالمحتار کتاب الایمان ج۳ ص ۷۶ ط.س ج۳ ص۷۱۸ ظفیر. (۲) الدر المختار علی هامش ردالمحتار کتاب الایمان ج ۳ ص ۷۶ ط س ج۳ ص ۷۱۹ ظفیر. (۳) ایضاً ج ۳ ص ۷۸ ظفیر هو یستحل الدم او لحم الخنزیر ان فعل کذا لا یکون یمینا لان استحلال ذلك لایکون کفرا ردالمحتار ج ۳ ص ۷۸ ط س ج ۳ ص ۷۲۱ ظفیر. (٤) الدر المختار علی هامش ردالمحتار کتاب الایمان ج ۳ ص ٦٤ ط.س ج۳ ص۷۰٦ ظفیر.

(الجواب) اس میں کچھ کفارہ نہیں ہے۔ جانا درست ہے۔

## گھر نہ آنے کی قسم کھائی اور سامان بھیجا تو حانث نہیں ہوا

(سوال ۲۰) زید اور اس کی ساس میں کچھ نزاع ہوا زید نے غصہ سے اپنی ساس کو کہا کہ اگر میں تمہارے گھر آؤں یا کام کروں تو میری عورت مجھ پر حرام، حرام، حرام تین دفعہ کہا پھر زید اپنے گھر چلا گیا جب زید کی عورت اپنی ماں کے گھر بیمار ہوئی تو زید کسی شخص سے تعویذ لائے اور کسی اور شخص کو دے دیا کہ میری ساس کو دے دو اور ایک تربوز کسی شخص نے زید کو دیا کہ تم اپنی ساس کو دے دینا، زید نے وہ تربوز کسی اور شخص کو دے دیا کہ میری ساس کو دے دینا۔ دریافت طلب یہ امر ہے کہ زید ان دو کام کے کرنے سے حانث ہوا یا نہ ؟ اور اس کی عورت پر تین طلاق واقع ہوئی یا نہیں ؟

(الجواب) اس صورت میں زید حانث نہیں ہوا کیونکہ زید اپنی ساس کے گھر نہیں آیا اور نہ ان کے کہنے سے اس کا کوئی کام کیا ہے۔(۱)

## ایسا کروں تو خدا اور رسول سے بیزار ہوں کہنا قسم ہے

(سوال ۲۱) ایک شخص نے نذر کی کہ فلاں چیز لوں گا تو خدا اور رسول سے بیزار رہوں گا اور وہ شخص اس چیز پر قائم ہو گیا اس کے واسطے کیا حکم شریعت میں ہے۔

(الجواب) اگر اس شخص نے اس کام کو کر لیا جس کے چھوڑنے کی قسم کھائی تھی تو اس پر کفارہ قسم کا واجب ہے۔ (۲) اور قسم کا کفارہ غلام آزاد کرنا یا دس مسکینوں کا کھانا یا کپڑا ہے اگر یہ نہ ہو سکے تو تین دن کے روزے پے در پے رکھنا چاہئے۔(۳) اور آئندہ ایسی قسم نہ کھاوے۔

## ناجائز بات پر حلف لینا درست نہیں مگر قسم توڑنے سے کفارہ ہوگا

(سوال ۲۲) چالیس پچاس آدمیوں نے اس بات پر قسم کھائی کہ ہفتہ ہفتہ کو اناج نکال کر فروخت کر کے روپیہ جمع کیا کریں اور جب کوئی اس جماعت میں مر جائے یا کسی کا عزیز مر جاوے تو اس روپیہ میں سے ایک مقدار معین پر اس کی تجہیز و تکفین میں خرچ کیا جائے اور سال بھر میں جس قدر روپیہ جمع ہو تو گیارہویں کے موسم میں بڑے پیر صاحب کی گیارہویں کی جائے اس بات پر قسم کھانا اور اصرار کرنا کیسا ہے اور کفارہ لازم ہے یا نہ ؟

(الجواب) اس بات پر قسم دینا اور قسم کھانا حرام ہے اور ایسی قسم کھانا بھی حرام ہے اور اس قسم کو توڑ دینا چاہئے اصرار کرنا ایسی قسم پر ناجائز ہے۔(۴) اور کفارہ قسم کا دینا لازم ہے۔(۵) **والتفصیل فی کتب الفقہ۔**

---

(۱) جب زید نے خلاف قسم کیا ہی نہیں تو معلق طلاق واقع ہونے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا (ظفیر)

(۲) ویری من اللہ وبری من رسولہ یمینان (الدر المختار علی ہامش ردالمحتار کتاب الایمان ج۳ ص ۷۱ ط س ج۳ ص ۷۱۳) ظفیر (۳) وکفارتہ الخ اطعام عشرۃ مساکین او کسوتہم الخ وان عجز عنہا کلہا الخ صام ثلثہ ایام ولاء (ایضاً ج۳ ص ۸۲ ط س ج۳ ص ۷۲۵) ظفیر (۴) من حلف علی معصیۃ الخ وجب الحنث والتکفیر لانہ اہون الامرین (ایضاً ج۳ ص ۸۵ ط س ج۳ ص ۷۲۸) ظفیر (۵) وفیہ الکفارۃ الخ ان حنث (ایضاً ج۳ ص ۶۶ ط س ج۳ ص ۷۰۸) ظفیر

## جانور کا دودھ نہ کھانے کا جب حلف لیا ہے تو گھی وغیرہ کھانے سے حانث نہ ہوگا۔

(سوال ۲۳) زید نے کہا میں اس بھینس کا دودھ نہ پیوں گا اور کوئی شرط نہیں کی۔ آیا زید کو اس بھینس کا گھی کھانا جائز ہے یا نہیں۔ یا کب تک دودھ پینا جائز نہیں ہے؟ یعنی صرف اس بیانت کا یا ہمیشہ کے لئے۔ نیز بھینس مذکور کی کٹڑی کا دودھ بشرط زندگی جائز ہے یا نہیں؟

(الجواب) گھی کھانا درست ہے اور اس کی کٹڑی کا دودھ بھی جائز ہے صرف اس کا دودھ پینے سے کفارہ لازم آوے گا۔ یعنی ایک دفعہ کفارہ آوے گا پھر جائز ہو جائے گا۔(۱) فقط (جب کوئی شرط نہیں کی تو یمین نہیں ہوا، اور اس کی وجہ سے کھانے سے حانث نہ ہوگا۔ ظفیر)

## کسی مزار پر جانے سے انکار حلف سے انکار نہیں

(سوال ۲۴) ہندہ نے اپنے داماد پر دعویٰ زنا کا کیا مگر گواہ معتبر نہ دے سکا۔ قاضی نے حلف مدعا علیہ پر یہ فیصلہ کیا کہ فلاں فقیر کے مزار پر حلف کرے کہ میں نے اپنی ساس سے زنا نہیں کیا مدعا علیہ نے انکار کیا کہ میں فقیر کے مزار پر نہیں جاؤں گا۔ یہ انکار حلف سے ہو لیا نہیں؟

(الجواب) یہ انکار حلف سے نہیں ہے کیونکہ خدا تعالیٰ کی قسم کھانے کو وہ تیار ہے اور مزار فقیر پر لے جانا لغو ہے اس سے انکار کرنا حلف سے انکار نہیں ہے۔

## حلف کے بعد دعویٰ میں زیادتی جائز نہیں

(سوال ۲۵) عدالت میں حلف بھی ہوتا ہے۔ عدالت کہتی ہے کہ حلف سے کہو کہ تمہارا دعویٰ ٹھیک ہے تو اگر روپیہ دو روپیہ بڑھا کر دعویٰ کیا گیا تو یہ حلف سچ ہو گیا جھوٹ؟

(الجواب) وہ حلف جھوٹ ہوگا زیادہ کا دعویٰ نہ کرنا چاہئے۔(۲) البتہ بصورت سرکشی و تمرد مدیون جو خرچہ عدالت سے ملے وہ لینا درست ہے کہ سبب اس خرچہ کا مدیون سرکش ہوا ہے اور اس کی سرکشی وعدم ادائے قرضہ کی وجہ سے نالش دائر کی گئی ہے۔ فقط۔

## ہاتھ پر قرآن دے کر حلف دینے سے حلف ہو جاتا ہے

(سوال ۲۶) اگر کوئی شخص مسلمان کسی معاملہ میں مسلمان کو حلف قرآن شریف کا دے اس طریق سے کہ وقت اظہار اس کے ہاتھوں پر قرآن شریف رکھے، آیا اس طور سے حلف ہو جاتے ہیں یا نہیں؟

(الجواب) در مختار میں ہے وقال العینی وعندی ان المصحف یمین لا سیما فی زماننا قوله وقال العینی عبارته وعندی لو حلف بالمصحف او وضع یده علیه وقال وحق هذا فهو یمین ولاسیما فی هذا الزمان الذی کثرت فیه الا یمان الفاجرة ورغبة العوام فی الحلف بالمصحف الخ۔(۳) اس کا حاصل یہ ہے کہ اس زمانہ میں قرآن ہاتھوں پر رکھ کر حلف دینا قسم ہے یعنی اس سے قسم ہو جاتی ہے اور احکام یمین اس سے

---

(۱) ولا یحنث فی حلفه لا یاکل من هذا البسر او الرطب او اللبن باکل رطبه وتمره وشیرازه لان هذا صفات داعیة الی الیمین (در مختار) لان هذه صفات الخ (رد المحتار باب الیمین فی الاول ج ۳ ص ۱۳۳) ظفیر۔

(۲) غموس تغمسه فی الاثم ثم النار وهی کبیرة ان حلف علی کاذب عمداً الخ کو الله مافعلت کذا عالما بفعله الخ یاثم بها فتلزمه التوبة (الدر المختار علی هامش رد المحتار کتاب الایمان ج ۳ ص ٦٤ ط.س. ج۳ ص ۷۰۵) ظفیر۔

(۳) رد المحتار کتاب الایمان ج ۳ ص ۷۰ ط.س. ج۳ ص ۷۱۲) ظفیر

متعلق ہو جاتے ہیں الخ فقط۔

## جب قسم کے خلاف کسی بھی وجہ سے کیا تو کفارہ ہوگا

(سوال ۲۷) عمر نے قسم کھائی تھی کہ میں فلاں گھر میں نہ جاؤں گا نہ وہاں کھانا کھاؤں گا لیکن والدہ عمر اس کو مجبور کر کے اس گھر میں لے گئی اور وہاں کھانا بھی کھلایا اب آئندہ عمر وہاں جا سکتا ہے یا نہیں اور عمر کو کچھ گناہ تو نہیں ہوا۔ اور کفارہ کیا ہوگا؟

(الجواب) قسم ٹوٹ گئی ہے اور کفارہ قسم کا لازم ہے اب آئندہ وہاں جانا درست ہے قسم پوری ہو گئی ہے اور گناہ کچھ نہیں ہوا صرف کفارہ لازم ہے اور کفارہ قسم کا یہ ہے کہ ایک غلام آزاد کرے یا دس مسکینوں کو دونوں وقت کھانا کھلاوے یا دس مسکینوں کو کپڑا ہر ایک کو ایک ایک جوڑا دے وے اور اگر یہ نہ ہو سکے تو تین دن کے روزے متواتر رکھے۔

## خلاف قسم کرنے سے کفارہ لازم ہے

(سوال ۲۸) زید نے قسم کھائی اس امر کی کہ میں بکر سے کبھی نہیں بولوں گا پھر بسبب ضرورت کے زید بکر سے بولا تو زید کے قسم کو صحیح سمجھنا چاہئے قسم کا کفارہ تو اس پر ضرور واجب ہے۔

(الجواب) کفارہ قسم کا زید کے ذمہ لازم ہے اور آئندہ کو بولنا چاہئے۔(۱)

## قرآن سے حلف دلانا درست ہے

(سوال ۲۹) قرآن شریف سے حلف دلانا جائز ہے یا نہ بہ تقدیر اول کسی جاہل بے نمازی کو جو وضو اور غسل سے محض ناواقف ہے قرآن شریف دے کر حلف کرانا جائز ہے یا نہیں؟

(الجواب) قال فی الدر المختار قال العینی وعندی ان المصحف یمین لا سیما فی زماننا وعند الثلثة المصحف والقرآن وکلام اللّٰہ یمین وفی الشامی نقلاً عن الھندیه عن المضمرات وقد قیل ھذا فی زمانھم اما فی زماننا فیمین و به ناخذو نا مرو نعتقد وقال محمد بن مقاتل الرازی انه یمین وبه اخذ الجمھور مشائخنا اه فھو مؤید لکونه صفة تعورف الحلف بھا کعزة اللّٰہ وجلاله الخ اس سے معلوم ہوا کہ حلف دینا ساتھ قرآن شریف کے جائز ہے۔ فقط۔

## جب قسم کے مطابق ادا نہیں کیا تو کفارہ ہوگا

(سوال ۳۰) زید نے عمر پر ڈگری کا اجراء کرایا عمر نے کچھ روپیہ زید کو دے کر ما بقی کے واسطہ مزید مہلت چاہتا تھا۔ زید نے خدا کی قسم کھا کر یہ کہہ دیا کہ میں کل مطالبہ کو بے باق کروں گا مگر بعض اصرار و مجبوری کی وجہ سے اپنی قسم کے خلاف عمر کو مہلت دینا منظور کیا اس صورت میں زید پر کفارہ قسم کیا ہوگا؟

---

(۱)ومن حلف علی معصیة کعدم الکلام مع ابو یه الخ وجب الحنث والتکفیر وحاصله ان المحلوف علیه اما فعل او ترك وکل منھما اما معصیة وھی مسئلة المتن او واجب الخ وھواولی من غیره او غیره اولی منه کحلفه علی ترکه وطی زوجته شھرا ونحوه حنثه اولی الخ (الدر المختار علی ھامش ردالمحتار کتاب الایمان ج ۳ ص ۸۵. ط.س. ج۳ص۷۲۸ وفیه الکفارة ان حنث (ایضا ج۳ ص ٦٦ ط.س ج۳ص۷۰۸)ظفیر.(۲)دیکھئے ردالمحتار کتاب الایمان ج۳ ص ۷۰.ط.س.ج۳ص۷۱۳ ظفیر.

(الجواب) اس صورت میں کفارہ قسم کا زید کے ذمہ لازم ہے۔(۱) فقط۔

## کفارہ ادا کرنے کے بعد قسم باقی نہیں رہتی

(سوال ۳۱) میں نے ایک چیز کے استعمال سے عمر بھر کی قسم کھائی تھی کہ میرے لئے اس کا استعمال کرنا عمر بھر کے واسطے حرام ہے پھر نہ رہ سکا، استعمال کر کے حانث ہو گیا، یہ قسم میرے سے منتہی ہو گئی یا نہیں یعنی بعد کفارہ دینے کی بھی قسم مذکور کے جہت سے استعمال کرنا حرام ہو گا یا نہ؟

(الجواب) قسم منتہی ہو گئی کفارہ کے بعد پھر اس کے استعمال سے حنث نہ ہو گا۔(۲)

## شفاعت سے محروم ہونا یمین نہیں ہے

(سوال ۳۲) زید و عمر نے قسم کھا کر یہ معاہدہ کیا کہ ہم کبھی تعلق قطع نہ کریں گے اگر ہم باہمی انقطاع تعلق کریں تو ہم کو بروز قیامت رسول اللہ ﷺ کی شفاعت نصیب نہ ہو، اگر وہ دونوں اب انقطاع تعلق کرنا چاہیں تو ان دونوں پر کفارہ لازم ہے یا نہیں؟

(الجواب) قال فی الدر المختار وفی انا بری من الشفاعة لیس بیمین لان منکرها مبتدع لا کافر الخ۔(۳) پس معلوم ہوا کہ صورت مذکورہ فی السوال یمین نہیں ہے اور اس میں کفارہ لازم نہیں ہے فقط۔

## قسم باپ نے کھائی تو بیٹے کی خلاف ورزی سے قسم نہیں ٹوٹے گی

(سوال ۳۳) زید نے قسم کھائی کہ میں اپنے حقیقی بھائی بکر سے زمین کے کاروبار میں شرکت کروں تو میری بیوی پر تین طلاق اب کسی عرصہ کے وہ خود تو نہیں لیکن اس کا لڑکا جو کہ جوان ہے بدون کہے والد کے اپنے چچا کے ساتھ زمین کے کاروبار میں شریک ہو گیا اور والد نے اسے لاو نعم کچھ بھی نہیں کہا اس لڑکے کی شرکت سے باپ حانث ہو گیا یا نہیں۔

(الجواب) بیٹے کی شرکت سے باپ کی قسم نہ ٹوٹے گی اور وہ حانث نہ ہو گا۔(۴) کذا فی کتب الفقہ۔

## جس کے ساتھ عدم شرکت کی قسم کھائی تھی اس کے بیٹے کے ساتھ شرکت سے حانث نہیں ہو گا

(سوال ۳۴) زید و عمر دونوں بھائی عقد مزارعت میں شریک تھے، زید نے کسی بات پر ناراض ہو کر کہا اگر میں تیری زندگی میں تیرے ساتھ شراکت کروں تو میری عورت کو تین طلاق ہیں۔ بعد دو سال کے عمر نے اپنے برادر زادہ بکر کو اپنا شریک بنا لیا اور زید کا بیٹا بکر جوان ہے مگر تابع باپ کے رہتا ہے۔

(الجواب) زید اس صورت میں حانث نہ ہو گا کما فی ردالمحتار فی الکبیرین لا یحنث الاب بالمباشرة لعدم ولایة علیهما فهو کالا جنبی عنهما فیتعلق بحقیقة الفعل الخ۔(۵) ص ۱۸ باب الیمین فی البیع والشراء پس معلوم ہوا کہ بالغ بیٹا مثل اجنبی کے ہے تو بیٹے کو شریک بنانا باپ کو شریک بنانا نہیں ہے لہذا بیٹے کو شریک کرنے

---

(۱) وفیه الکفارة ان حنث (الدر المختار علی هامش ردالمحتار کتاب الایمان ج۳ ص ٦٦. ط.س. ج۳ ص ۷۰۸ ظفیر.
(۲) وتنحل الیمین اذا وجد الشرط مرة (الدر المختار علی هامش رد المحتار باب التعلیق ج۲ ص ٦٨٨. ط.س. ج۳ ص ۳۵۵) ظفیر. (۳) الدر المختار علی هامش ردالمحتار کتاب الایمان ج ۳ ص ٧٦. ط.س. ج۳ ص ۷۱۳. ظفیر
(٤) ولا تزر وازرة وزر اخری (سورة النجم)
(۵) دیکھئے ردالمحتار باب الیمین فی البیع والشراء مطلب لا یتزوج ج۳ ص ۱٦۲. ط.س. ج۳ ص ۸۱۵ ظفیر.

سے حانث نہ ہوگا۔

## قسم کا کفارہ دے کر اس کے خلاف کام میں شرکت

(سوال ۳۵) زید، عمر برادر حقیقی ہیں ان کا باپ فوت ہو چکا ہے صرف والدہ زندہ ہے۔ عمر کی شادی کی تاریخ مقرر ہو چکی ہے۔ زید کا جھگڑا دو مرتبہ والدہ کے ساتھ خرید سامان شادی پر ہوا۔ زید نے دونوں مرتبہ حالت غصہ قسم کھا کر کہا کہ میں ہرگز عمر برادر خورد کی شادی میں شریک نہ ہوں گا اس پر والدہ نے بھی کہا کہ میں بھی شریک نہ ہوں گی، تو زید کس صورت سے شریک شادی ہو سکتا ہے؟ (۲) اگر قسم کا کوئی کفارہ ہے تو کیا ہے؟ (۳) شادی سے پہلے یا بعد بھی ادائیگی کفارہ کیا ہو سکتی ہے؟

(الجواب) نمبر ا تا نمبر ۳ زید کفارہ قسم کا دے دیوے اور شریک شادی ہو جاوے۔(۱) اور کفارہ قسم کا یہ ہے کہ دس مسکینوں کو کھانا کھلاوے یا ان کو کپڑا پہنا دیوے اور غلام کے آزاد کرنے کو اس وجہ سے ذکر کرنے کی ضرورت نہیں ہے کہ یہاں غلام نہیں ہے۔ پھر اگر کھانا یا کپڑا دس مسکینوں کو دینے کی طاقت نہیں ہے تو تین روزہ متواتر رکھے یہ کفارہ قسم کا ہے اور کفارہ بعد قسم توڑنے کے واجب ہوتا ہے۔(۲) شادی میں شریک ہونے سے پہلے کفارہ ادا نہ ہوگا۔(۳)

## یہ کہنا کہ ایسا کروں تو اپنی ماں کو دفن کروں، قسم نہیں

(سوال ۳۶) کسی کام کے لئے اگر کوئی شخص خود سزا مقرر کرے مثلاً یہ کہے کہ اگر میں فلاں کام کروں تو ایسا ہو جیسا میں نے اپنی ماں کو زندہ دفن کر دیا۔ پھر اگر اس نے وہ کام کر لیا تو کیا کرنا چاہئے کچھ کفارہ اس کا ہے یا نہیں۔

## ایسا کروں تو کلام اللہ کی مار پڑے کہنا

(سوال ۲) اب اس نے مسجد میں ان باتوں پر قرآن شریف اٹھایا کہ اگر ہم نماز ترک کریں اور جھوٹ بولیں اور غیبت کریں اور اپنی منکوحہ بیوی کے علاوہ کوئی اور ناجائز طریقہ اختیار کریں تو ہم کو کلام اللہ کی مار پڑے اور ہم دین و دنیا کہیں کے نہ رہیں اور ہم عہد کرتے ہیں اور قرآن شریف اٹھاتے ہیں کہ یہ امور آئندہ سے نہ کریں گے اور کسی سے کوئی کام خلاف عہد ہو گیا تو اس کا کوئی کفارہ ہو سکتا ہے یا نہیں؟ اب اس کو کیا کرنا چاہئے؟

(الجواب) پہلی صورت میں کچھ کفارہ وغیرہ لازم نہیں ہے مگر دوسری صورت میں اگر وہ ان افعال میں سے کسی کو کرلیوے تو کفارہ قسم کا دیوے۔(۴) یعنی دس محتاجوں کو کھانا کھلاوے دونوں وقت پیٹ بھر کر کھلاوے یا ان کو کپڑا دیوے اور اگر یہ نہ ہو سکے تو تین روزہ متواتر رکھے۔

---

(۱) من حلف على معصية الخ وجب الحنث والتكفير وحاصله ان المحلوف عليه اما فعل او ترك وكل منهما اما معصية او واجب وبره فرض او هو اولى من غيره او غيره اولى منه الخ وحنثه اولى (الدر المختار على هامش ردالمحتار كتاب الايمان ج ۳ ص ۸۵ ط.س. ج۳ص۷۲۸ ظفير. (۲) وكفارته الخ اطعام عشرة مساكين او كسوتهم الخ وان عجز عنها كلها الخ صام ثلثة ايام ولاء (الدر المختار على هامش ردالمحتار كتاب الايمان ج ٤ ص ۸۲ وج۳ ص ۸٤ ط.س. ج۳ص۷۲۵ وفيه الكفارة الخ ان حنث (ايضاً ج۳ ص ٦٦ ط.س. ج۳ص۷۰۸) ظفير. (۳) ولم يجز التكفير ولو بالمال قبل حنث (در مختار) لان الحنث هو السبب كما مر فلا يجوز الا بعد و جوده (ردالمحتار كتاب الايمان ج۳ص ۸٤ ط.س. ج۳ص۷۲۷) ظفير. (٤) وفيه الكفارة الخ ان حنث (در مختار ط.س. ج۳ص۷۰۸)

## ایسا کروں تو خدا اور رسول سے دور رہوں کہنا قسم ہے

(سوال ۳۷) زید نے اپنا مکان بکر کے ہاتھ فروخت کیا۔ زید کسی کا قرض دار تھا، وہ بکر نے سب اپنے ذمہ لکھوالیا اور وعدہ کیا کہ جس دن ہمارے نام رجسٹری کردو گے اسی وقت باقی روپیہ ادا کردوں گا، زید نے سب منظور کیا دو تین دن کے بعد زید نے بکر کو مکان دینے سے انکار کردیا تب بکر نے جملہ مسلمانوں کو جمع کر کے عذر کیا کہ مجھے میرا مکان دلوادیں۔ مسلمانوں نے زید کو غیرت اور شرم دلائی کہ مسلمان ہو کر ایسا کام نہ کرو، زید نے کہا کہ اگر بکر ہم کو سولہ روپیہ اور دیوے تو اگر میں اپنا مکان بکر کے سوا کسی دوسرے کے ہاتھ فروخت کردوں تو میں خدا اور رسول سے دور ہوں اور قیامت کے دن میرا منہ سور کا ہو۔ تب بکر نے زید کو سولہ روپیہ اور دینا منظور کیا۔ دو تین دن کے بعد زید اپنے وعدہ سے پھر پلٹ گیا اور مکان کسی دوسرے کے ہاتھ فروخت کردیا اور اس کے نام رجسٹری کرادی۔ اب زید پر کفارہ قسم واجب ہے تو کیا ہے، اور زید گناہگار ہوا یا نہ اگر ہوا تو کیا کرنا چاہئے؟

(الجواب) بے شک زید گناہگار ہوا توبہ کرے اور کفارہ قسم کا ادا کرے۔(۱) قسم کا کفارہ یہ ہے کہ دس مسکینوں کو کھانا یا کپڑا دیوے یا غلام آزاد کرے، مگر یہ صورت تو یہاں نہیں ہو سکتی، صرف کھانے اور کپڑے کی صورت ہو سکتی ہے۔ اور اگر کھانے اور کپڑے کی طاقت نہ ہو تو تین دن کے روزے متواتر رکھے۔(۲)

## اللہ کی دہائی دینے سے قسم نہیں ہوتی

(سوال ۳۸) اکثر مستورات ذرا ذرا سی بات میں کہہ دیا کرتی ہیں، اللہ کی دہائی ہم تم سے نہ بولیں گے اگر ایسا کریں تو دس روزہ پاویں یہ جملہ قسم میں داخل ہے یا نہ اور اس کا کفارہ کیا ہے اور اگر کئی بار یہ جملہ کہے گئے ہوں تو ایک کفارہ دینا ہوگا یا متعدد۔ اور اگر یہ جملہ قسم میں داخل نہیں تو کفارہ ادا کر کے قسم توڑ دینا چاہئے یا قسم کی پابندی کرنا لازمی ہے اور کفارہ دے کر قسم کے توڑنے میں گناہ ہے یا نہیں؟ توڑنے میں درانحالیکہ کسی مسلمان سے تین روز سے زیادہ رنج نہ رکھنا چاہئے؟

(الجواب) یہ کلمات قسم میں داخل نہیں ہیں کفارہ وغیرہ کچھ نہیں آتا۔(۳) اور اگر بالفرض ایسی قسم کھائی جاوے تو اس کو توڑ دینا چاہئے۔(۴) اور کفارہ میں تداخل بھی ہو جاتا ہے۔

## ملازم کو حلف دلا کر ملازم رکھنا کیسا ہے؟

(سوال ۳۹) ملازم کو حلف اور عہد کر کے کسی قسم کی نافرمانی و قصور نہ کروں گا اور سستی وغیرہ نہ کروں گا اور

---

(۱) وفی البحر مایباح للضرورة لا یکفر مستحله کدم وخنزیر (در مختار) هو یستحل الدم و لحم الخنزیر ان فعل کذا لا یکون یمینا لان استحلال ذلك لا یکون کفرا الخ (ردالمحتار کتاب الایمان ج۲ ص ۷۸. ط.س. ج۳ص ۷۲۱.

(۲) وکفارته تحریر رقبة او اطعام عشرة مساکین او کسوتهم بما یصلح للاوساط وینتفع به فوق ثلثة اشهر و یستر عامة البدن الخ وان عجز عنها کلها وقت الاداء الخ صام ثلثة ایام ولاء (الدر المختار علی هامش ردالمحتار کتاب الایمان ج۳ ص ۸۲. ط.س. ج۳ص ۷۲۵ ظفیر.

(۳) وقوله حقا وحق الله وحرمته الخ لایکون قسما لعدم التعارف (الدر المختار علی هامش ردالمحتار کتاب الایمان ج ۳ ص ۷۷. ط.س. ج۳ص ۷۲۰) ظفیر.

(٤) ومن حلف علی معصیة الخ وجب الحنث والتکفیر وحاصله ان المحلوف علیه اما فعل او ترك و کل منهما اما معصیة او واجب وبره فرض او هوا ولی من غیرہ او غیرہ اولی منه کحلفه علی ترك وطی زوجته شهرا و نحوه حنثه اولی الخ (ایضاً ج۳ ص ۸۵. ط.س. ج۳ص ۷۲۸) ظفیر

تازیست آپ کی اطاعت وملازمت کروں گا وغیرہ اس قسم کا حلف کر کے ملازمت کرنا کیسا ہے؟

(الجواب) اگر خادم اور ملازم کو اس عہد پر جس کی بابت حلف لی جارہی ہے پابندی کا ارادہ اور نیت ہے اور اس کا آقا اور مخدوم بلا حلف ادا کرائے اس کو نہیں رکھ سکتا تب تو ایسی صورت میں حلف کرنے اور حلفیہ عہد نامہ تحریر کرنے میں کوئی حرج نہیں، لیکن ایسے عہد و پیمان میں انشاء اللہ کہہ دینا ضروری ہے تاکہ بصورت وقوع خلاف گنہگار نہ ہو۔

## جائز تھوڑا تھوڑا کر کے بھی دینے سے کفارہ ادا ہو جاتا ہے

(سوال ۴۰) اگر کوئی شخص کفارہ یمین بالتراخی اس طرح ادا کرے کہ آج کچھ دیا کچھ ہفتہ دو ہفتہ بعد مساکین کو دیا کیا کفارہ ادا ہو جائے گا۔

(الجواب) متفرق دینا درست ہے بشرطیکہ دس مسکینوں کو پہنچ جاوے یا ایک مسکین کو دس دن تک کھانا دونوں وقت کھلا دیوے یا نقد وغیرہ دے دیوے۔(۱)

## مالدار کا کفارہ میں روزے رکھنا کافی نہیں

(سوال ۴۱) قسم کے کفارہ میں مالدار آدمی روزے رکھ دے تو کفارہ ادا ہو گیا یا نہیں؟

(الجواب) کفارہ ادا نہ ہو گا۔(۲)

## والدہ کے کہنے سے کام کرنا چاہئے

(سوال ۴۲) ایک شخص نے غصہ میں یہ کہا کہ میں کپڑے کی اچکن نہیں پہنوں گا اگر وہ اب نہ پہنے تو والدہ کو رنج ہو آیا زید کو پہننا جائز ہے یا نہیں؟

(الجواب) اس شخص کو وہ اچکن پہن لینا چاہئے والدہ کو ناراض نہ کرنا چاہئے۔

## کہا اس باغ کا آم کھاؤں تو سور کھاؤں یہ قسم ہے

(سوال ۴۳) زید اپنے عزیز کو بطور تحفہ کچھ آم وغیرہ بھیج دیا کرتا ہے ایک روز کسی بات پر اس کے عزیز نے غصہ میں آکر کہہ دیا کہ اگر میں کھاؤں تو سور کھاؤں اس باغ کا آم۔ اب اگر وہ شخص اس باغ کا آم یا زید کے ہاتھ کا تحفہ لیوے اور کھاوے تو کیا اس کا کچھ کفارہ دینا پڑے گا۔

(الجواب) اگر وہ شخص اس باغ کے آم کھاوے تو کفارہ قسم کا اس کے اوپر لازم ہے۔(۳) یعنی دس مسکینوں کا کھانا یا کپڑا اور یہ نہ ہو سکے تو تین روزہ متواتر رکھے۔

---

(۱) وکفارته الخ تحریر رقبة اواطعام عشرة مساکین کما مرفی الظہارا و کسوتہم (در مختار) قوله عشرة مساکین ای تحقیقا او تقدیراً حتی لواعطی مسکینا واحداً فی عشرة ایام کل یوم نصف صاع یجوز الخ ولو عشاهم فی رمضان عشرین لیلة اجزاه ا ه ( ردالمحتار کتاب الایمان ج ۳ ص ۸۲ و ج ۳ ص ۸۳. ط.س. ج۳ص۷۲۵) ظفیر. (۲) وان عجز عنها کلها وقت الاداء الخ صام ثلثة ایام ولاء (د رمختار) قوله ان عجز قال فی البحر اشار الی انه لو کان عنده واحد من الثلاثة لا یجوز له الصوم ( ردالمحتار کتاب الایمان ج۳ ص ۸٤. ط.س. ج۳ص۷۲۷) ظفیر. (۳) وفی البحر مایباح للضرورة لا یکفر مستحله کدم و خنزیر (در مختار) لایکون یمینا للشك لا نه قد یکون استحلاله کفرا کما فی غیر حالة الضرورة فیکون یمینا وقد لا یکون کفرا کما فی حالة الضرورة فلا یکون یمیناً فقد حصل الشك فی کونه یمینا اولاً کتاب الایمان ج۳ ص ۷۸. ط.س. ج۳ص ۷۲۱. اس سے معلوم ہوا کہ اس قول سے قسم نہیں ہو گی۔ مفتی علامؒ نے خود بھی پہلے یہی فتویٰ دے دیا ہے، جو کسی جگہ درج ہے۔ ظفیر۔

غلط و ناجائز بات پر حلف لینے کے بعد توڑ دینا درست ہے مگر کفارہ دینا ہوگا۔

(سوال ٤٤) ایک شخص مجھ سے محبت کرنے لگا تھا اور مدرسہ میں مجھ کو بھکایا اور مجھ سے کلام مجید مسجد میں لے جا کر حلف کرایا اور اس وقت نیک بخت معلوم ہوتا تھا اور اب مجھ کو تمام گاؤں میں بدنام کر دیا اور مجھ سے چال سے پیش آتا ہے اگر میں اس سے ملوں تو سخت گناہگار ہوں گا اگر نہ ملوں تو کلام مجید اٹھانے کی وجہ سے گناہگار تو نہ ہوں گا۔ اس سے بری ہونے کا فتویٰ فرمادیں۔

(الجواب) اس بدمعاش سے ملنا ہرگز نہ چاہئے اور حلف کا خیال کرنا نہ چاہئے ایسی قسم کا توڑنا ضروری ہے۔(۱) اور کفارہ قسم کا دے دینا چاہئے۔ یعنی دس مسکینوں کا کھانا دونوں وقت یا کپڑا دیا جاوے اگر یہ نہ ہو سکے اور طاقت کھانا کھلانے کی اور کپڑا دینے کی نہ ہو تو تین دن کے روزہ متواتر رکھنے چاہئے۔(۲)

قسم توڑنے پر کفارہ ہے

(سوال ٤٥) زید نے کسی بات پر قسم کھا کر پھر اس کا خلاف کیا۔ بعض لوگوں نے اس کو یہ چارہ بتایا ہے کہ ایک ختم قرآن شریف کرایا جائے اور دس آدمیوں کو کھانا کھلایا جاوے کیا اس ختم اور مسکینوں کے کھانا کھلانے سے کفارہ ہو سکتا ہے یا نہیں؟

(الجواب) یہ صحیح ہے کہ قسم اگر توڑی جاوے تو کفارہ اس کا دس مسکینوں کو دونوں وقت پیٹ بھر کھانا کھلانے سے ادا ہو جاتا ہے۔(۳) اور جو گناہ قسم کے توڑنے سے ہوا وہ کفارہ سے معاف ہو جاتا ہے۔(۴)

قسم توڑ دے گا تو کفارہ دینا ہوگا

(سوال ٤٦) بعض آدمی لڑکوں کا نام رجسٹر سے نکالنے کے لئے قسم دیتے ہیں اگر قسم پوری ہو جاوے تو اپنا نقصان ہے اگر نہ کیا جاوے تو آخرت کا خیال ہے پھر کیا کرنا چاہئے؟

(الجواب) جب کہ وعدہ کر لیا ہے کہ رجسٹر میں نام نہ کروں گا اور قسم کھالی ہے تو اس کے خلاف نہ کرے اور

---

(۱) ومن حلف على معصية الخ وجب الحنث والتكفير الخ (الدر المختار على هامش ردالمحتار كتاب الايمان ج۳ ص ۸۵۰) ظفير. ط.س. ج۳ص۷۲۸.

(۲) وكفارته الخ تحرير رقبة او اطعام عشر مساكين او كسوتهم الخ وان عجز عنهما كلها وقت الاداء اوصام ثلثة ايام ولاء (الدر المختار على هامش ردالمحتار كتاب الايمان ج۳ ص ۸۲ و ج ۳ ص ۸٤. ط.س. ج۱ ص) ظفير

(۳) وكفارته اطعام عشرة مساكين (در مختار) اي تحقيقاً او تقديراً حتى لواعطى مسكيناً واحداً في عشرة ايام كل يوم نصف صاع يجوز الخ قوله كمامر في الظهار يعشيهم ويغديهم (ردالمحتار كتاب الايمان ج۲ ص ۸٤ وج۲ ص ۸۳. ط.س. ج۳ص۷۲۵) ظفير.

(٤) وفيه الكفارة الخ ان حنث وهي اى الكفارة ترفع الاثم وان لم تو جد منه التوبه عنها معها (الدر المختار على هامش ردالمحتار ج۳ ص ٦٦. ط.س. ج۳ص۷۰۸) ظفير.

نقصان دنیاوی کا خیال نہ کرے اور اگر خلاف کر لیا تو کفارہ قسم کا دینا ہوگا۔(۱)

## قسم توڑنے سے نہ منافق ہوتا ہے اور نہ اس کی بیوی مطلقہ ہوتی ہے

(سوال ۴۷) ایک شاگرد نے کسی معاملہ دنیاوی میں اپنے استاذ سے قسم کھائی پھر کسی وجہ سے قسم توڑ دی خلاف حکم استاذ کے کیا۔ اب استاذ صاحب شاگرد پر حکم منافق ہونے اور عدم جواز نماز کا پیچھے ان کی اور بی بی کے مطلقہ ہونے کا لگاتے ہیں آیا یہ تینوں امر ان پر عائد ہوتے ہیں یا نہیں؟

(الجواب) ان تینوں امور میں سے کوئی امر بھی قسم توڑنے والے پر عائد نہیں ہوتا یہ استاذ صاحب کا افتراء اور جہالت ہے کہ حکم کفر و نفاق کا لگاتے ہیں قسم توڑنے سے کفارہ قسم کا دینا ہوتا ہے اور تفصیل اس کی کتب فقہ میں ہے۔(۲)

## قسم کھائی اور اس کے خلاف کام کیا تو کفارہ دینا ہوگا کافر نہیں ہوگا

(سوال ۴۸) ایک شخص ملازم ہوا اور اطمینان کی وجہ سے یہ قسم کھائی قرآن شریف ہاتھ میں لے کر کہ اگر میں تمہارے کہنے کے موافق کام نہ کروں تو مجھ کو نہ خدا کا دیدار ہو اور نہ محمد ﷺ کی شفاعت ہو اور میں خدا اور رسول سے پھر جاؤں گا۔ اب اس نے اپنے عہد کے خلاف کام کیا تو وہ شخص مسلمان رہا یا نہیں؟

(الجواب) صحیح مذہب کے موافق یہ شخص کافر نہیں ہوا لیکن قسم کا کفارہ دیوے اور توبہ استغفار کرے اور احتیاطاً تجدید اسلام کرے۔(۳)

## یہ قسم کھانا کہ فلاں آئے گا تو مسجد نہیں آؤں گا گناہ ہے

(سوال ۴۹) چند اشخاص نے بطور حلف کے یہ کہا کہ اگر یہی نشہ نوش مسجد میں آوے گا تو ہم نماز پڑھنے مسجد میں ہرگز نہ آویں گے ان کے لئے کیا حکم ہے؟

(الجواب) ایسا حلف کرنا گناہ ہے اس حلف کو توڑ کر کفارہ قسم کا دینا چاہئے اور مسجد میں آنا چاہئے۔(۴)

---

(۱) وفيه الكفارة الخ ان حنث (ايضاً. ط.س. ج۳ص۷۰۸)
(۲) وفيه الكفارة فقط ان حنث (الدر المختار على ردالمحتار كتاب الايمان ج ۳ ص ٦٦. ط.س. ج۳ص۷۰۸) ظفير
(۳) وفيه الكفارة ان حنث (ايضاً) وفي انا برئ من الشفاعة ليس بيمين لان منكرها مبتدع لا كافر (ايضاً). ط.س. ج۳ص۳۰۸ ظفير.
(٤) ومن حلف على معصية الخ وجب الحنث والتكفير لانه اهون الا مرين (الدر المختار على هامش ردالمحتار كتاب الايمان ج ۳ ص ۸۵. ط.س. ج۳ص۷۲۸) ظفير.

### نہ ملنے کی قسم کھائی پھر ملا تو کفارہ دینا ہوگا

(سوال ۵۰) ایک شخص نے دوسرے شخص سے ملنے کی بابت قسم کھائی کہ اب تجھ سے ہرگز نہیں ملوں گا اگر تجھ سے ملوں تو مجھ کو خدا اور رسول کا دیدار اور شفاعت نصیب نہ ہو۔ پھر اس شخص سے مل گیا۔ اب قسم کھانے والے کو کیا کرنا چاہئے۔

(الجواب) قسم کا کفارہ دے دیوے یعنی دس مسکینوں کو دونوں وقت کھانا کھلاوے یا دس مسکینوں کو کپڑا یعنی ہر ایک کو پورا پورا جوڑا دیوے اور اگر اس کی طاقت نہ ہو تو تین روزہ متواتر رکھے(۱) اور توبہ واستغفار کرے۔

### نہ کھانے کی جب قسم کھائی تھی اور کھایا تو کفارہ ہوگا

(سوال ۵۱) زید نے بارہ مندرجہ ذیل ایک قوم سے حلف چاہی اور قوم نے اس کو بطیب خاطر منظور کر کے قسم کھائی کہ ہم اللہ تعالیٰ کی قسم کھاتے ہیں کہ تا تصفیہ نزاع قصابان و نرخ گوشت خرید کر کے کھانا ہم پر حرام ہے اور اس معاملہ میں ہر ایک امر کلی و جزوی بلا مشورہ جملہ قوم کے خود نہ کرے گا بعد ازاں عمر و بکر منجملہ قوم کے حلیف تھے۔ زید مستحلف کے و بغیر رضا و بغیر اجازت و عدم مشورہ سے قصابوں سے بیع و شراء شروع کر دی اب باقی قوم عمر و بکر کو حانث قرار دے کر کفارہ یمین واجب کرتے ہیں یہ صحیح ہے یا نہ؟

(الجواب) اس صورت میں عمر و بکر بے شبہ جنہوں نے بلا مشورہ قوم خلاف یمین کیا حانث ہیں اور کفارہ یمین ان پر لازم ہے۔(۲)

### قسم کھائی کہ دوسری شادی نہیں کروں گا کرے گا تو کفارہ دے گا

(سوال ۵۲) میں نے قسم کھائی تھی کہ دوسری شادی نہیں کروں گا۔ اب اولاد نرینہ نہ ہونے کی وجہ سے دوسری شادی کرنا چاہتا ہوں تو شرعاً کیا حکم ہے اگر ازدواج ثانی کیا جائے تو عدل کس طرح قائم رکھے۔ حضر و سفر میں بھی عدل ضروری ہے یا نہیں؟

(الجواب) اگر آپ دوسرا نکاح کریں گے تو قسم کا کفارہ دینا ہوگا جو کہ دس مسکینوں کو دونوں وقت کھانا کھلانا ہے اور اگر یہ نہ ہو سکے تو تین دن کے متواتر روزہ رکھنا کفارہ قسم کا ہے(۳) اور بعد نکاح ثانی ہر دو زوجہ میں برابری کرنا کھانے کپڑے لیٹنے بیٹھنے وغیرہ میں ضروری ہے۔ سفر میں اختیار ہے جس کو چاہو ساتھ رکھو۔ سفر میں برابری کی ضرورت نہیں ہے اور کفارہ دینے کے بعد نکاح ثانی سے کچھ گناہ نہ ہوگا۔

---

(۱) وکفارته الخ اطعام عشرة مساكين او كسوتهم بما يصلح للاوساط وينتفع به فوق ثلثة اشهر ويستر عامة البدن الخ وان عجز عنها كلها الخ صام ثلثة ايام ولاء (ايضاً ج ۳ ص ۸۲ وج ۳ ص ۸٤ ط س ج۳ ص ۷۲۵) ظفير۔
(۲) وفيه الكفارة الخ ان حنث (الدر المختار على هامش ردالمحتار كتاب الايمان ج۳ ص ٦٦ ط س ج۳ ص ۷۰۸) ظفير۔
(۳) وكفارته الخ اطعام عشرة مساكين كما مر في الظهار او كسوتهم بما يصلح للاوساط الخ وان عجز عنها كلها الخ صام ثلثة ايام ولاءً (ايضاً ج۳ ص ۸۲ وج۳ ص ۸٤ ط س ج۳ ص ۷۲۵) ظفير

## نہ کہنے کی قسم کھائی تھی اور کہہ دیا تو حانث ہوگا

(سوال ۵۳) زید نے عمر سے ایک بات کہی اس کے بعد زبردستی قسم کھلائی بایں طور کہ اقرار کرو کہ اگر میں اس بات کو کسی سے کہوں تو واللہ قیامت کے روز حضرت صاحب کی امت میں نہ اٹھایا جاؤں۔ حالانکہ زید قسم نہیں کھاتا تھا کسی وجہ سے مجبور تھا اب اگر زید اس بات کو کسی سے کہہ دے تو حانث ہوگا یا نہیں؟

(الجواب) اس صورت میں زید حانث ہو جاوے گا۔ کفارہ قسم کا اس کو ادا کرنا ہوگا۔(۱)

## قسم کے خلاف کرنے سے کفارہ دینا ہوگا

(سوال ۵۴) زید نے عمر سے عہد کیا کہ میرے اور تیرے درمیان جو کوئی خفیہ راز ہے اگر کسی پر اظہار کروں گا تو مجھ کو قسم بخدا کسی موقع پر یہ راز خفیہ دیگر آدمیوں پر اظہار کرنا پڑا۔ اس صورت میں ان پر کیا کفارہ آوے گا۔

(الجواب) کفارہ اس قسم کا یہ ہے کہ غلام آزاد کرے یا دس مسکینوں کو دو وقت کھانا کھلاوے یا کپڑا پہناوے۔ اگر ان تینوں میں سے کچھ بھی نہ ہو سکے تو تین روزہ متواتر رکھے۔(۲)

## ایسا کروں تو دین و ایمان سے خارج ہو جاؤں قسم ہے

(سوال ۵۵) ایک شخص نے قسم کھائی کہ اگر ۱۰ ذی الحجہ تک مثلاً اپنی عورت سے جماع کروں تو دین ایمان سے خارج ہو جاؤں اور ۱۰ ذی الحجہ سے پہلے اس نے جماع کیا تو وہ مسلمان رہا یا نہیں اور کچھ کفارہ لازم ہے یا نہیں؟

(الجواب) وہ شخص مسلمان رہا کفارہ قسم کا اس پر لازم ہے(۳) یعنی دس مسکینوں کو دونوں وقت کھانا کھلاوے یا کپڑا پہناوے اور اگر یہ نہ ہو سکے تو تین روزہ متواتر رکھے یہ کفارہ اس کے قسم کا ہے اس طرح کہنے سے قسم ہو جاتی ہے لہذا کفارہ قسم کا اس پر لازم ہے۔

## غصہ میں قسم کھانے سے بھی قسم ہو جاتی ہے

(سوال ۵۶) ایک شخص نے غصہ کی حالت میں قسم کھائی کہ اگر تم نے مجھ سے مذاق کیا تو میں تم سے کبھی کلام نہیں کروں گا۔ خلاف کرنے کی صورت میں کیا کرنا چاہئے۔

(الجواب) اگر وہ شخص اپنی قسم کے خلاف کرے گا تو کفارہ قسم کا اس کے ذمہ لازم ہوگا۔(۴) یعنی دس مسکینوں کو کھانا دونوں وقت کھلاوے یا دس مسکینوں کو کپڑا پہناوے اور اگر یہ نہ ہو سکے تو تین روزہ متواتر رکھے۔

## قرآن کی قسم کھانا

(سوال ۵۷) قرآن شریف کی قسم کھانا کیسا ہے اور اس کے پیچھے نماز صحیح ہے یا نہیں؟

(الجواب) در مختار میں ہے لا یقسم بغیر اللّٰہ تعالٰی کالنبی والقرآن والکعبة قال الکمال ولا یخفی ان

(۱) وفیه الکفارة الخ ان حنث (ایضاً ج۳ ص ٦٦) ظفیر (۲) وکفارته الخ اطعام عشرة مساکین کمامر فی الظهار او کسوتهم بما یصلح للاوساط الخ وان عجز عنها کلها وقت الاداء الخ صام ثلثة ایام ولاء (ایضاً ج ۳ ص ۸۲ وج۳ ص ۸٤ ط س ج۳ص۷۰۸) ظفیر (۳) بری من الاسلام او لقبلة الخ یمین لا نه کفر و تعلیق الکفر بالشرط یمین (ایضاً ج۳ ص ۱۷) وفیه الکفارة فقط ان حنث (ایضاً ج۳ ص ٦٦ ط س ج۳ص۷۲۵) ظفیر۔
(٤) وفیه الکفارة الخ ان حنث (ایضاً ج۳ ص ٦٦ ط س ج۳ص۷۰۸) وکفارته الخ طعام عشرة مساکین کما فی الظهار او کسوتهم الخ وان عجز عنها کلها صام ثلثة ایام ولاء (ایضاً ج ۳ ص ۸۲ ط س ج۳ص ۷۲۵) ظفیر۔

الحلف بالقرآن الآن متعارف فیکون یمیناً الخ (۱) اس سے معلوم ہوا کہ قرآن کی قسم نہ کھائی چاہئے لیکن اگر کھائی تو قسم منعقد ہو جاوے گی اور بصورت حانث ہونے کے کفارہ لازم آوے گا اور حالف مذکور کے پیچھے نماز صحیح ہے۔

## قرآن غیر اللہ میں ہے یا نہیں اور اس کی قسم کیسی ہے؟

(سوال ۵۸) قسم غیر اللہ کی کھانا جائز نہیں۔ آیا غیر اللہ میں قرآن داخل ہے یا نہیں اگر قرآن شریف کو صفات اللہ میں سے مانا جائے جیسا کہ صاحب فتح القدیر کی عبارت سے پتہ چلتا ہے تب تو قرآن شریف کے ساتھ قسم کھانے میں کوئی قباحت نہیں مگر صاحب وقایہ لکھ رہے ہیں لا لغیر اللّٰہ کالنبی والقرآن والکعبۃ پھر اس عبارت کا مطلب کیا ہوگا۔ بینوا و توجروا؟

(الجواب) شامی نے قول صاحب ہدایہ ومن حلف لغیر اللّٰہ تعالیٰ لم یکن حالفاً کالنبی والکعبۃ لقولہ علیہ الصلوٰۃ والسلام من کان حالفاً فلیحلف باللّٰہ او لیذر وکذا اذا حلف بالقرآن لانہ غیر متعارف الخ نقل کرنے کے بعد فرمایا فقولہ وکذا یفید انہ لیس قسم الحلف لغیر اللّٰہ تعالیٰ بل ہو من قسم الصفات ولذا عللہ بانہ غیر متعارف الخ (۲) پس معلوم ہوا کہ تحقیق یہ ہے کہ قرآن کو غیر اللہ میں داخل نہ کیا جائے کیونکہ جب قرآن بمعنی کلام اللہ تعالیٰ ہے تو صفت ہونا اس کا ظاہر ہے اور صفات لاھو ولا غیرہ ہیں اور صاحب شرح وقایہ اور اسی طرح دیگر فقہاء کا غیر اللہ کی مثال میں قرآن کو بیان کرنا مبنی علی غیر التحقیق ہے یا مبنی ہے قرآن کو بمعنی مصحف لینے پر لان المراد بالمصحف الورق وبجلدہ۔ یا اس بنا پر کہ قرآن حروف ہیں اور حروف مخلوق ہیں وکل مخلوق غیر الخالق مگر تحقیق وہی ہے جو پہلے لکھی گئی۔

## تمہارے ہاتھ سے روٹی کھاؤں تو والدین سے کھاؤں یہ قسم نہیں

(سوال ۵۹) زید نے اپنی منکوحہ عورت کو حالت غصہ تین بار بہ نیت طلاق یہ الفاظ کہے کہ اگر میں تمہارے ہاتھ سے روٹی کھاؤں تو اپنے والدین سے کھاؤں اور یہ الفاظ سوگند کے ساتھ کہے۔ اس صورت میں زید کی زوجہ پر طلاق ہوئی یا نہیں اور زید پر کوئی کفارہ ہے یا نہیں؟

(الجواب) ان الفاظ سے طلاق کی قسم نہیں پڑی، البتہ اگر بطور قسم کے ایسا کہا اور پھر حانث ہو تو کفارہ قسم کا اس کے ذمہ ہے اور کفارہ قسم کا یہ ہے کہ دس مسکینوں کو کپڑے پہناوے یا کھانا دیوے اگر یہ نہ ہو سکے تو تین روزے پے در پے رکھے۔ (۳)

## کلمہ طیبہ پڑھ کر یا آنحضرتؐ کو ضامن کر کے کہنا قسم نہیں

(سوال ۶۰) ایک شخص شیر سنگھ نے ایک مسلمان سے جو حقہ پیتا تھا بایں الفاظ حقہ کے ترک کرانے کے واسطے معاہدہ لیا کہ میں کلمہ طیبہ پڑھ کر اور خدا کو حاضر و ناظر جان کر اور حضرت رسول اکرم ﷺ کو ضامن دے کر اقرار

---

(۱) دیکھئے الدر المختار علی ہامش رد المحتار کتاب الایمان ج ۳ ص ۷۰۔ ط۔س۔ ج ۳ ص ۷۱۲ ظفیر۔
(۲) رد المحتار ج ۳ ص ۷۰ کتاب الایمان مطلب فی القرآن ط۔س۔ ج ۳ ص ۷۱۲۔ ۱۲ ظفیر۔
(۳) وکفارتہ تحریر رقبۃ او اطعام عشرۃ مساکین او کسوتہم بمایستر عامۃ البدن الخ وان عجز عنہا وقت الاداء صام ثلثۃ ایام ولاء (الدر المختار علی ہامش رد المحتار کتاب الایمان ج ۳ ص ۸۲۔ ط۔س۔ ج ۳ ص ۷۲۵) ظفیر۔

کرتا ہوں کہ آئندہ حقہ نہیں پیوں گا کیا یہ صورت قسم کی ہو سکتی ہے یا معاہدہ کی۔ اگر معاہدہ کنندہ اس معاہدہ کو توڑ کر حقہ نوشی کرے تو اس پر کسی قسم کا کفارہ یا کوئی تعزیر شرعی عائد ہو سکتی ہے؟

(الجواب) یہ قسم شرعی نہیں ہوئی اور خلاف کرنے میں کچھ کفارہ لازم نہیں ہے قال فی الشامی عن الصیرفیۃ لو قال علی عہد اللہ وعہد الرسول لا افعل کذا لایصح لان عہد الرسول صار فاصلا الخ۔(۱)

## اس کو کھاؤں تو سور کھاؤں کہنے سے قسم نہیں ہوئی

(سوال ۶۱) دو گھڑے رس بغرض پکانے رسیاول کے آیا گھر میں ایک شخص غصہ ہو گیا اور یہ کہا کہ اس کو کھاؤں یا چکھوں تو جیسے سور کھایا۔ اب اس رس کا سر کہ رکھ دیا ہے اس کو اس رس کا سر کہ کھانا جائز ہے یا نہیں اور رسیاول کا کیا حکم ہے اس کا کھانا بھی جائز ہے یا نہیں؟

(الجواب) اس صورت میں قسم نہیں ہوئی اس رس مار سیاول یا اس کے سر کے کو سب کو کھانا درست ہے کفارہ کسی صورت میں لازم نہیں۔(۲)

## قسم کھائی کہ بیس دن بیوی سے ہمبستری نہیں کروں گا اور کر لیا تو کفارہ دینا ہوگا

(سوال ۶۲) زید نے قسم کھائی کہ عرصہ بیس روز تک اپنی زوجہ سے صحبت نہیں کروں گا اور پھر بیس روز میں دو دفعہ صحبت کر لی اس صورت میں دو کفارے واجب ہوئے یا ایک اور تعداد کفارہ کی کیا ہے؟

(الجواب) اس صورت میں ایک کفارہ واجب ہوگا اور تعداد اس کفارہ کی اس زمانے میں یہ ہے کہ دس مسکینوں کو دونوں وقت کھانا کھلاوے یا کپڑا پہناوے اگر یہ نہ ہو سکے تو تین روزہ متواتر رکھے۔(۳)

## مسلمان سے قطع تعلق کی قسم توڑ کر کفارہ دینا چاہئے

(سوال ۶۳) ایک شخص مسمی اصغر علی نے ایک دنیاوی معاملہ میں خطیب مسجد کے ساتھ تنازعہ کی اور مولوی صاحب کی زبانی بے ادبی کی اور اپنی خوشی سے جماعت ومسجد سے علیحدہ ہو گیا۔ اصغر علی کی اس حرکت پر جماعت نے قسم کھالی کہ ہم اس کو اپنے کسی کاروبار میں شریک نہ کریں گے اور نہ اس کے شریک ہوں گے بالکل قطع تعلق کر لیا۔ اب اصغر علی مذکور اپنی خطاء پر نادم ہو کر اہل جماعت سے معافی کا خواستگار ہے اور توبہ کرتا ہے اب اہل جماعت کو اپنی قسم پر قائم رہنا اور ایفاء قسم کرنا واجب ہے یا اصغر علی کا قصور معاف کر کے اس کو جماعت میں شامل کر لینا چاہئے؟

(الجواب) ہرگاہ اصغر علی مذکور اپنے فعل پر نادم ہوا اور توبہ کی تو عند اللہ اس کا قصور معاف ہو گیا کیونکہ حدیث

(۱) ردالمحتار کتاب الایمان ج۳ ص ۶۲ قبیل مطلب فی حکم الحلف بغیرہ تعالی ج۳ ص ۶۲ ط.س. ج۳ص ۷۰۵

(۲) وکذا (لایکون یمینا) اذا قال ان فعلت کذا فانا زان او سارق او شارب خمرا او آکل ربوا (ہدایہ کتاب الایمان ج۲ ص ۴۶۰) ظفیر.

(۳) وکفارتہ الخ تحریر رقبۃ او اطعام عشرۃ مساکین او کسوتہم بما یصلح للاوساط وینتفع بہ فوق ثلاثۃ اشہر ویستر عامۃ البدن الخ وان عجز عنہا کلہا الخ صام ثلاثۃ ایام ولاء (الدر المختار علی ہامش ردالمحتار مطلب کفارۃ الیمین ج ۳ ص ۸۲ ط.س. ج۳ص ۷۲۵ ظفیر

شریف میں ہے التائب من الذنب کمن لا ذنب له۔(۱) اصغر علی مذکور کو چاہئے کہ امام مذکور سے اپنی گستاخی اور خطا معاف کرادے اور امام اور دیگر اشخاص کو چاہئے کہ جب وہ توبہ کرے تو اس کا قصور معاف کریں۔ کیونکہ جب حق تعالیٰ بندہ کے ہر قسم کے گناہ معاف فرماتا ہے تو بندوں کو بھی چاہئے کہ اگر کسی شخص سے کچھ قصور ہو جاوے اور وہ نادم ہو کر قصور معاف کراوے تو اس کا قصور معاف کر دیں۔ قال الله تعالیٰ **خذالعفو وامر بالعرف واعرض عن الجاهلين** الاية پس لوگوں کو چاہئے کہ اپنی قسم کا لحاظ نہ کریں۔ قسم کو توڑ دیں اور اس کا کفارہ دے دیں اور اصغر علی مذکور کو داخل جماعت وشامل قوم کر لیں۔

## یہ کام کروں تو میری ماں پر طلاق کہنے سے قسم نہیں ہوتی

(سوال ٦٤) پنجاب میں رواج ہے کہ بعض لوگ قسم کھاتے وقت اکثر یہ کہہ دیتے ہیں کہ اگر میں فلاں بات یا کام کروں تو میری ماں پر طلاق ہے۔ حالانکہ ماں کو طلاق دینے کا کوئی حق نہیں ہے۔ کیا یہ قسم ہے اگر کوئی شخص اس کام کو کر گذرے جس کی بابت اس نے قسم کھائی ہے تو کیا اس پر شریعت کا کوئی مواخذہ یا کفارہ وغیرہ لازم آتا ہے۔

(الجواب) یہ قسم نہیں اور اس میں کفارہ کچھ نہیں ہے۔(۲) اور ایسا کہنا جائز نہیں ہے توبہ کرے (یعنی اگر صرف یہ جملہ کہا کہ فلاں کام کروں تو میری ماں پر طلاق۔ لیکن اس کے ساتھ قسم بھی کھائی ہے تو کفارہ دینا لازم ہے۔ ظفیر

## ناجائز قسم توڑنے سے بھی کفارہ ہوگا

(سوال ٦٥) زید نے غصہ میں قسم کھائی تھی کہ میں وطن نہ جاؤں گا پھر بزرگوں کے مجبور کرنے پر قسم توڑ دی اور وطن چلا گیا تو اس صورت میں کفارہ آئے گا یا کیا؟

(الجواب) ایسی قسم کو توڑنا ہی چاہئے تھا(۳) اور کفارہ اس میں لازم آئے گا۔(۴)

## کفارہ ظہار طلبہ کو دینے سے ادا ہو جاتا ہے

(سوال ٦٦) ایک شخص کے ذمہ کفارہ ظہار واجب ہے تو اس کی ادائیگی کے واسطے طلبہ کو کپڑے یا جوتہ یا غلہ کی قیمت اگر دی جائے تو کفارہ ادا ہوگا یا نہ؟

(الجواب) جمیع شقیں درست ہیں کفارہ اس میں ادا ہو جاتا ہے(۵) فقط

..........

(۱) مشکوۃ باب الاستغفار والتوبه ۱۲ ظفیر.

(۲) وثالثها منعقدة وهى حلفه على مستقبل ان يمكنه فنحو والله لا اموت ولا تطلع الشمس من الغموس (الدر المختار على هامش ردالمحتار كتاب الايمان ج ۳ ص ٦٦) غموس ان حلف على كاذب عمدا الخ يا ثم بها فتلزمه التوبة ايضا ط.س. ج۳ ص۷۰۸.

(۳) وارادالبر وجوبا وعدما فان يجب فيما اذا حلف على طاعة ويحرم فيما اذا حلف على معصية ويندب فيما اذا كان عدم المحلوف عليه جائزا (ردالمحتار كتاب الايمان ج۳ ص ٦٣) ظفير.

(٤) وثالثها منعقدة وهى حلفه على مستقبل يمكنه وبه الكفارة الاية واحفظوا ايمانكم (الدر المختار على هامش ردالمحتار كتاب الايمان ج۳ ص ٦٦ ط.س. ج۳ ص۷۰۸) ظفير.

(٥) وكفارته تحرير رقبة او اطعام عشرة مساكين او كسوتهم بما يصلح للاوساط وينتفع به فوق ثلثة اشهر ويستر عامة البدن الخ واذا عجز عنها صام ثلثة ايام ولاء (قوله عشرة مساكين) اى تحقيقا او تقديرا (ردالمحتار كتاب الايمان ج۳ ص ۸۲ ط.س. ج۳ ص ۷۲۵) ظفير

### قسم توڑنے سے کفارہ واجب ہوتا ؟

(سوال ۶۷) قسم توڑ دینے سے کیا کفارہ واجب ہوتا ہے یا آتا ہے ؟

(الجواب) آئندہ امر پر قسم کھا کر اس کو توڑنے سے کفارہ لازم آتا ہے اور کفارہ قسم میں مقدم کفارہ مالی ہے یعنی غلام آزاد کرنا یا دس مسکینوں کو دونوں وقت کھانا کھلا دینا یا دس مسکینوں کو کپڑا پہنانا۔ اگر ان امور سے عاجز ہے تو تین روزے متواتر رکھے (۱) فقط

### خلاف قسم کرنے سے کفارہ دینا ہوگا

(سوال ۶۸) موضع کٹھیری والے جلاہوں نے عہد کر لیا تھا کہ ہم سوائے دو آدمیوں کے کسی سے اپنا کپڑا فروخت نہ کرائیں گے بعد دو سال جولاہوں نے جو عہد کر لیا تھا توڑ دیا تو ان کے کیا حکم ہے ؟

(الجواب) اگر کٹھیری والوں نے قسم کھا کر یہ عہد کیا تھا تو اس عہد کے خلاف کرنے پر کفارہ قسم کا ان کو دینا پڑے گا اور اگر قسم نہ کھائی تھی ویسے ہی عہد کر لیا تھا تو اس کے توڑنے میں کچھ کفارہ نہیں اور توڑنا عہد کا اس حالت موجودہ میں کچھ ممنوع نہیں ہے کیونکہ حدیث شریف میں ہے کہ اگر کوئی شخص کسی کام پر قسم کھائے اور عہد کر لے پھر اس کے خلاف میں بہتری معلوم ہو تو اس قسم اور عہد کو توڑ دے اور کفارہ قسم کا دیوے۔ فقط۔

### یمین طلاق سے بچنے کی صورت

(سوال ۶۹) زید نے گفت بطور قسم کہ اگر ہمراہی عمر تکلم کنم بر زن من سہ طلاق است در شریعت کدام حیلہ است کہ تکلم کند و بر زن آں طلاق واقع نشود ؟

(الجواب) قال فی کتاب الایمان من الدر المختار الکلام والتحدیث لایکون الا باللسان فلا یحنث بالشارة و کتابة الخ ۔(۲) پس حیلہ عدم وقوع طلاق این است کہ با عمر کلام نہ کند باشارہ و یا بخط باو مخاطبت کند۔ فقط

### فلاں عورت سے نکاح کرنے کی قسم کھائی دوسری سے نکاح کر سکتا ہے یا نہیں ؟

(سوال ۷۰) سلمہ بکر کی منکوحہ ہے خالد نے قسم کھائی کہ میں سلمہ سے نکاح کروں گا تو یہ قسم لغو ہوئی یا نہ؟ اور خالد دوسری عورت سے نکاح کر سکتا ہے یا نہیں ؟

(الجواب) قسم کا کفارہ دینا لازم ہے۔(۴) اور دوسری عورت سے نکاح کر سکتا ہے۔ فقط۔

---

(۱) وکفارة الیمین تحریر رقبة واطعام عشرة مساکین او کسوتهم بما یصلح للاوساط ویستر عامة البدن الخ وان عجز عنها کلهاوقت الاداء صام ثلثة ایام ولاء (درمختار) قوله عشرة مساکین ای تحقیقا او تقدیرا حتی لواعطی مسکینا واحدا فی عشرة ایام کل یوم نصف صاع یجوز الخ (ردالمحتار کتاب الایمان ج۳ ص ۸۲. ط. س. ج۳ص ۷۲۵) ظفیر

(۲) وثالثها منعقدة وهی حلفه علی مستقبل آت یمکنه وهذا القسم فیه الکفارة لایة واحفظوا ایمانکم (الدر المختار علی هامش ردالمحتار کتاب الایمان ج۳ ص ۶۶ ط س ج۳ص۷۰۸) ظفیر

(۳) الدر المختار علی هامش ردالمحتار کتاب الایمان مطلب حلف لا یکلمه ج ۳ ص ۱۴۲ ط س ج۳ص ۷۹۲ ظفیر

(۴) سلمہ جواس کی حدود میں آرہی ہے پھر نکاح کی قسم کھائی یہ تو کوئی بات نہ ہوئی اگر دوسری کوئی ہے اس کے متعلق قسم کھائی اور اس سے نکاح نہیں کیا اور دوسری سے کیا تو کفارہ لازم ہوگا۔

## قسم کے بعد جب خلاف قسم کیا تو کفارہ آئے گا

(سوال ۷۱) چند طلباء نے قسم کھائی کہ قرآن شریف ہاتھوں پہ اٹھا کر ہم حلف سے کہتے ہیں کہ آئندہ کو فلاں شخص سے ہر گز نہ پڑھیں گے مگر کسی خاص وجہ سے ان کو پڑھنا پڑ گیا، اب صرف دریافت طلب امر یہ ہے کہ ان طلباء کو کفارہ قسم کا دینا ہوگا اور کفارہ کیا ہے، قسم تو ظاہر ہے کہ ٹوٹ گئی۔

(الجواب) صورت مستفسرہ میں طلباء حانث ہوگئے اور کفارہ یمین ان کے ذمہ لازم ہو گیا قال فی الدر المختار و ثالثها منعقده وهى حلفه على مستقبل الى ان قال وهذا القسم فيه الكفارة لآية واحفظوا ايمانكم۔(۱) اور کفارہ قسم کا یہ ہے کہ دس مسکینوں کو دو وقت کھانا کھلاوے، یا دس مسکینوں کو کپڑا پہنائے کہ ان کا اکثر بدن ڈھک جائے یا رقبہ آزاد کرے، وکفارته (۱) تحریر رقبة او (۲) اطعام عشرة مساكين او (۳) كسوتهم الخ (بما يصلح للاوساط و ينتفع به فوق ثلثة اشهر ويستر عامة البدن(۲) (اور اگر رقبہ کے آزاد کرنے پر جیسا کہ آج کل ہے) یا کھانا کھلانے پر یا کپڑا پہنانے پر قادر نہ ہو تو تین دن پے در پے روزے رکھے۔(۳) قال فی الدر المختار وان عجز عنها كلها صام ثلثة ايام ولاء الخ وقال الله تبارك وتعالى فكفارته اطعام عشرة مساكين من اوسط ماتطعمون اهليكم او كسوتهم او تحرير رقبة فمن لم يجد فصيام ثلثة ايام ذلك كفارة ايمانكم اذا حلفتم واحفظوا ايمانكم الآية(۴) فقط۔

## جس قصاب کے یہاں کا گوشت نہ کھانے کی قسم کھائی اگر اس کا گوشت دوسرے گھر کھالے تو کیا حکم ہے؟

(سوال ۷۲) ایک بستی کے چند گھروں کے چند لوگوں نے قسم کھائی کہ فلاں فلاں قصاب کے گھر کا گوشت نہ خریدیں گے اور نہ ان کے یہاں کا گوشت جو اس کے گھر کا پکا ہو ہر گز نہ کھائیں گے۔ قسم گھر کے ایک ایک آدمی نے کھائی۔ ان کی وجہ سے گھر کے جتنے لوگ تھے اس پر سب نے عمل کیا اور عرصہ دو برس تک اس پر لوگوں کا عمل رہا۔ اب گاؤں میں دعوت ان لوگوں کی ہوتی ہے اور دعوتوں میں انہی قصابوں کا گوشت ہوتا ہے نہ تو دعوت کا انکار کر سکتے ہیں نہ بوجہ قسم کے گوشت کھا سکتے ہیں۔ لہذا عرض ہے کہ اگر ان قصابوں کے گھر کا گوشت دوسرے گھر والوں کے یہاں پک جائے تو کھانا جائز ہے یا نہیں؟

## پکا ہوا گوشت کھانے سے بھی کفارہ ہوگا

(سوال ) اگر یہ لوگ ان قصابوں کا گوشت خود خریدیں یا دوسرے کا پکا ہوا کھائیں تو کفارہ دیں گے یا نہیں اور کتنا کفارہ دیں گے۔

## غریب کے لئے کفارہ ہے یا نہیں؟

(سوال ) قسم کھانے والے غریب ہیں ان کے لئے کیا حکم ہے؟

---

(۱) الدر المختار على هامش رد المحتار كتاب الايمان ج۳ ص ٦٦. ط.س. ج۳ ص۷۰۸ ظفیر۔
(۲) الدر المختار على هامش رد المحتار كتاب الايمان ج۳ ص ۸۲. ط.س. ج۳ ص۷۲۵ ظفیر۔
(۳) ایضاً ج۳ ص ۸٤. ط.س. ج۳ ص۷۲۵ ظفیر. (٤) المائدہ ٥: ۸۹. ۱۲ ظفیر۔

## جنہوں نے قسم نہ کھائی ان پر کفارہ نہیں

(سوال) وہ لوگ جنہوں نے قسم نہ کھائی تھی مگر ان کا عمل اس پر رہا، تو کیا یہ لوگ بھی حانث ہوں گے تو ان پر گناہ لازم ہوگا اور کفارہ دے دیں گے۔

(الجواب) اگر وہ لوگ اپنی قسم کے خلاف کریں گے تو کفارہ قسم کا دینا ہوگا۔(۱) قسم کا کفارہ یہ ہے کہ دس مسکینوں کو دونوں وقت کھانا پیٹ بھر کر کھلائیں۔ یا کپڑا پہنائیں، یا ایک غلام آزاد کریں..... یعنی غلام کی قیمت ادا نہیں کی جا سکتی۔ اگر کھانے سے کفارہ ادا کرے تو ہر مسکین کو آدھا صاع گندم یعنی پونے دو سیر بحساب وزن انگریزی یا اس کی قیمت دے دے تو کافی ہے اور اگر کسی مدرسہ میں نقد دے دے اور کہہ دے کہ دس طالب علم مساکین کو فی کس پونے دو سیر گندم کی قیمت دے دی جائے تو یہ درست ہے کفارہ ادا ہو جائے گا اور اگر دس محتاجوں کو بٹھا کر کھلا دے تو یہ بھی جائز ہے مگر شرط یہ ہے کہ انہی دس کو دونوں وقت کھانا کھلاوے اور پیٹ بھر کر سالن کے ساتھ روٹی کھلاوے یا چاول کھلاوے ایک وقت میں دس مسکینوں کو کھلانے کی شرط نہیں اگر ایک طالب علم کو دس دن تک دونوں وقت پیٹ بھر کر کھلا دے تو یہ بھی جائز ہے۔(۲)

(۳) وہ غریب جس کو طاقت کھانا کھلانے کی یا کپڑا پہنانے کی نہ ہو تو وہ تین روزے متواتر رکھے۔(۳)

(۴) جن لوگوں نے قسم نہیں کھائی تھی ان پر کچھ گناہ نہیں اور نہ ان پر کفارہ آئے گا فقط۔

## کہا ایسا کروں تو امت محمدیہ سے باہر ہو جاؤں قسم ہو گئی

(سوال ۷۳) اگر کسی شخص نے کہا کہ فلاں کام کروں تو امت محمدیہ سے باہر ہو جاؤں تو اس سے قسم منعقد ہو جاتی ہے یا نہیں اور اگر وہ شخص پھر اس کام کو کرے تو کفارہ دینا لازم ہوگا یا نہیں؟

(الجواب) اگر کسی نے یہ کہا کہ فلاں کام کروں تو معاذ اللہ امت محمدیہ سے باہر ہو جاؤں تو اس سے قسم منعقد ہو جاتی ہے اور بصورت حنث کفارہ دینا لازم ہے۔(۴)

## قسم کھائی کہ فلاں دن قرض ادا کر دوں گا

(سوال ۷۴) اگر کسے حلف کرد کہ من فلاں روز دین او ادا کنم و سابق ازاں ادا کرد حانث شود یا نہ؟

(الجواب) اگر حلف کرد کہ فلاں روز دین او ادا کنم و سابق ازاں ادا کرد حانث نہ شود۔(۵)

---

(۱) وثالثها منعقدة وهی حلفه علی مستقبل آت یمکنه الخ فیه الکفارة لآية واحفظوا ایمانکم الخ ان حنث (الدر المختار علی هامش رد المحتار کتاب الایمان ج۳ ص ٦٦ ط.س. ج۳ ص۷۰۸) ظفیر۔

(۲) وكفارته تحرير رقبة او اطعام عشرة مساكين او كسوتهم بما يصلح للاوساط وينتفع به فوق ثلثة اشهر ويستر عامة البدن (در مختار قوله عشرة مساكين اى تحقيقا او تقديرا حتى لو اعطى مسكينا واحدا فى عشرة ايام كل يوم نصف صاع يجوز الخ (رد المحتار كتاب الايمان ج۳ ۸۲ ط.س. ج۳ ص۷۲۵) ظفير۔

(۳) وان عجز عنها كلها وقت الاداء الخ صام ثلثة ايام ولاء (الدر المختار على هامش رد المحتار كتاب الايمان ج۳ ص ۸٤ ط.س. ج۳ ص۷۲۷) ظفير۔

(٤) وكلام الله يمين زاد احمد والنبى ايضا ولو تبرأ من احدها يمين اجماعا (ايضا ج۳ ص ۷۰ ط.س. ج۳ ص۷۸۲)

(٥) حلف ليعطينه راس شهر فاعطاه قبله او ابراه اومات الطالب سقط اليمين عندابى حنيفة ومحمد (فتاوى عالمگيرى ج۲ ص ۷٤ نولكشورى)

## دل میں قسم کھائی تو اس کے خلاف کرنے سے حانث نہیں ہوگا

(سوال ۷۵) اگر کوئی شخص اپنے دل میں قسم کھائے کہ کل ہم اپنی بیوی کے ساتھ ہم بستر نہ ہوں گے لیکن اپنی بیوی کی خواہش سے ہم بستر ہو گیا تو شرعاً کیا حکم ہے؟

(الجواب) جب تک زبان سے الفاظ قسم کہہ کر نہ توڑے کفارہ قسم اس پر نہیں آتا۔(۱)

## قرآن کی قسم کھانا

(سوال ۷۶) قرآن مجید پر ہاتھ رکھ کر یا اس کو اٹھا کر ہاتھ میں امر یا نہی کے فعل یا ترک صوم وصلوٰۃ کی پابندی کرنے نشہ خواری وجوابازی سے باز آنے پر قسم وعہد کرنا یا کرانا شرعاً درست ہے یا نہیں۔ زید کہتا کہ نفس کلام اللہ مخلوق نہیں مگر قرآن اس حرف وصوت وصورت کے ساتھ مخلوق ہے اس لئے یہ غیر اللہ ہے اور غیر اللہ کی قسم کھانا شرک ہے اگرچہ قسم ہو جاتی ہے۔ بکر کہتا ہے کہ نہ شرک ہے نہ بدعت اور نہ حکم ہے نہ منع بلکہ ترغیب الی الامر ونهى عن المنكر ہے اس لئے اچھا ہے آپ مدلل تحریر فرمائیے۔

(الجواب) اقول قال فی ردالمحتار ونقل فی الهندية عن المضمرات وقد قيل هذا فی زمانهم اما فی زماننا فيمين وبه ناخذو نامرو نعتقد وقال محمد بن مقاتل الرازی انه يمين وبه اخذ جمهور مشائخنا الخ فهذ امريد لكونه صفة تعورف الحلف بها كعزة الله وجلاله۔(۲) پس معلوم ہوا کہ حلف بالقرآن متعارف ہے اور یہ ایسا ہے جیسا کہ حلف بعزة الله و جلاله۔ پس شرک وبدعت کہنا اس کو صحیح نہیں اور ترک معاصی پر عہد وپیمان کرنا اور کرانا عمدہ کام ہے اور نماز جنازہ ہر ایک مسلمان نیک وبد کی پڑھنی چاہئے الا مام استثناہ الفقهاء لقوله نبی علیہ السلام صلوا علی کل برو فاجر الحدیث۔(۳)

## کار خیر کے لئے قسم لینا کیسا ہے؟

(سوال ۷۷) خلافت کمیٹی سے چند ممبر اس لئے اخذ کئے گئے کہ نماز پڑھنے کی تاکید کریں لیکن شرط یہ ہے کہ جملہ ممبر تقرری کے قبل اپنے دست مبارک کو مصحف شریف سے مزین فرما کر قسم کھائیں کہ اس امر میں کسی خویش کی رعایت نہ کریں گے ایک شخص اس پر معترض ہے اور مخالف ہے اس کی نسبت شرعاً کیا حکم ہے؟

(الجواب) معترض اور مخالف اس کار خیر میں صریح خطاکار ہے اور سخت گناہ گار ہے اس سے توبہ کروائی جائے۔(۴)

## پیغمبر بھی آئے تو یہ کام نہ کروں "قسم نہیں

(سوال ۷۸) اگر کوئی شخص یہ کہے کہ اگر کوئی پیغمبر علیہ السلام آجاویں تو بھی میں یہ کام نہ کروں گا بعد ازاں پشیمان

---

(۱) ور کنها اللفظ المستعمل فيها (الدر المختار علی هامش ردالمحتار کتاب الایمان ج۳ ص ۶۳. ط.س. ج۳ص ۷۰۴
(۲) ردالمحتار کتاب الایمان مطلب فی القرآن( ج۳ ص ۷۰. ط.س. ج۳ص ۷۱۲) ظفیر. (۳) شرح فقه اکبر ص ۹۱ ظفیر. (۴) تعاونوا علی البر و التقوی ولا تعاونوا علی الاثم والعدوان (المائدة ۵: ۲) قال الکمال ولایخفی ان الحلف بالقرآن الآن متعارف فیکون یمینا وعندی ان المصحف والقرآن وکلام الله یمین لا سیما فی زماننا وعندالثلاثة المصحف والقرآن وکلام الله یمین (الدر المختار علی هامش ردالمحتار مطلب فی القران ج۳ ص ۷۰ ظفیر. لم یکن حالفا کالنبی الخ لقوله علیه السلام من کان منکم حالفا فلیحلف بالله او لیذر (هدایه اولین کتاب الایمان ج۲ ص ۴۵۹. ط.س. ج۳ص ۷۱۲)

ہو کر توبہ کرے اور وہ کام کر لیوے تو کیا کفارہ آوے گا ان الفاظ...... سے قسم ہوئی یا نہیں؟

(الجواب) ایسا کہنے سے قسم نہیں ہوتی اور اس کام کے کر لینے سے کفارہ واجب نہیں ہے لیکن اس قسم کے الفاظ نہ کہنے چاہئیں۔(۱)

## نہ بولنے کا حلف لیا کیا کرے؟

(سوال ۷۹) اگر کوئی شخص کلام مجید کو ہاتھ میں لے کر عہد کرے کہ اس کلام مجید کو گواہ کرتا ہوں اور اس کی قسم کھاتا ہوں کہ اب اتنے عرصہ تک حامد سے نہ بولوں گا اگر وہ اب حامد سے بولے تو کفارہ واجب ہے یا نہ اور اس کو حامد سے بولنا چاہئے یا نہیں؟

(الجواب) اس کو حامد سے بولنا چاہئے اور کفارہ قسم کا ادا کر دیوے(۲) اور کفارہ قسم کا یہ ہے کہ دس مسکینوں کو دونوں وقت کھانا کھلا دیں یا کپڑا پہنا دیں اور اگر یہ نہ ہو سکے تو تین روزہ متواتر رکھے۔(۳) فقط۔

## قسم کھائی کہ شادی نہیں کروں گا اب شادی کرنا چاہتا ہے کیا کرے؟

(سوال ۸۰) زید نے اپنی بیوی سے یہ قسم کھائی کہ میں اپنے خدا اور رسول کو ضامن دے کر وعدہ واثق و کامل کرتا ہوں کہ تمہاری موجودگی میں دوسری شادی نہ کروں گا اب لڑکا نہ ہونے کی وجہ سے زید کو دوسری شادی کرنا ضروری ہے۔ تو مواخذہ اخروی سے بچنے کی کیا صورت ہے۔

(الجواب) زید دوسری شادی کر سکتا ہے البتہ اگر کرے گا تو اس کو کفارہ قسم کا دینا ہوگا اور مواخذہ سے بری ہو جائے گا(۴) اور قسم کا کفارہ یہ ہے کہ دس مسکینوں کو دونوں وقت کھانا کھلاوے یا دس مسکینوں کو کپڑا پہناوے اور اگر یہ نہ ہو سکے تو تین روزہ متواتر رکھے کما قال اللّٰہ تعالیٰ فکفارۃ اطعام عشرۃ مساکین الآیۃ . فقط۔

## ایسا ہوا تو اسلام سے خارج ہو جاؤں یہ حلف ہے

(سوال ۸۱) اگر کوئی مرد یا عورت قسم کھا کر لکھے کہ میں قسم کھاتا ہوں یا کھاتی ہوں اللہ پاک کی اور اس کے پیارے رسول ﷺ کی، اگر خلاف تحریر لکھوں یا زبانی شکایت کروں تو اسلام سے خارج ہو جاؤں اور کافر، یا کافرہ ہو کر مروں اور پھر اس قسم کے خلاف کرے تو اس کا کیا حکم ہے؟

(الجواب) اگر مذکور قسم کے خلاف کا ارتکاب کرے تو کفارہ یمین واجب ہے ورنہ نہیں۔(۵)

(۱) ومن حلف بغیر اللہ لم یکن حالفا کالنبی الخ لقولہ علیہ السلام من کان منکم حالفا فلیحلف باللہ او لیذر (ھدایہ اولین کتاب اللایمان ج۲ ص ۴۵۹)

(۲) ونوع یتخیر فیہ بین البر والحنث والحنث خیر من البر فیندب فیہ الی الحنث (عالمگیری مصری ج۲ ص ۵۲)

(۳) و کفارۃ الیمین کسا عشرۃ مساکین وان شاء اطعم عشرۃ مساکین . فان لم یقدر صام ثلاثۃ ایام متتابعات (ھدایہ اولین کتاب الایمان ج۲ ص ۴۶۱)

(۴) (من حلف علی معصیۃ الخ وجب الحنث والتکفیر لانہ اھون الامرین حاصلہ ان المحلوف علیہ اما فعل او ترک وکل منھما اما معصیۃ او واجب وبرہ فرض او ھوا ولی من غیرہ او غیرہ اولی منہ حنثہ اولی) (الدر المحتار کتاب الایمان ج۳ ص ۸۵ ط.س ج۳ص۷۲۸) ظفیر

(۵) ولو قال ان فعل کذا فھو بری من الا سلام فھو یمین استحسانا کذا فی البدائع (عالمگیری مصری کتاب الایمان ج۲ ص ۵۴ ط.س ج۱ص۵۴) وفیہ الکفارۃ الخ ان حنث (الدر المحتار علی ھامش ردالمحتار کتاب الایمان ج۳ ص ۶۶ ط.س ج۳ص۷۰۸) ظفیر

## قسم توڑنے سے کفارہ آئے گا

(سوال ۸۲) زید کو اس کی برادری نے کسی بات پر برادری سے علیحدہ کر دیا اور برادری کے ہر ایک شخص نے حلف اٹھایا کہ ہم زید سے ہرگز خلط ملط نہ رکھیں گے پھر سب نے عمداً زید سے خلط ملط شروع کر دیا تو ان پر قسم کا کفارہ ہے یا نہ اور کیا کفارہ ہے اور ان کے پیچھے نماز درست ہے یا نہ اور اگر زید اپنی خطاء سے معافی مانگے اور ان سے ملنا چاہے تو کچھ حرج تو نہیں ہے؟

(الجواب) جن لوگوں نے قسم کھانے کے بعد اس کے خلاف کیا ہے ان کے ذمہ کفارہ قسم ہے۔(۱) یعنی اگر وہ صاحب استطاعت ہیں تو ان پر دس مسکینوں کو کھانا کھلانا یا کپڑے پہنانا واجب ہے اور اگر اس قدر استطاعت نہیں تو پھر پے در پے تین روزے رکھنے واجب ہیں،(۲) اور بہر حال ایسے لوگوں سے خلط ملط رکھنا اور ان کے پیچھے نماز پڑھنا جائز ہے اور زید نے اگر کوئی شرعی قصور کیا ہے تو اس کے لئے ضروری ہے کہ توبہ کرے اور اگر کوئی عرفی تقصیر کی ہے تو اس کے لئے پھر بھی یہی بہتر ہے کہ اپنی برادری سے مواخات قائم رکھنے کے لئے ہر ممکن کوشش کرے کہ باہمی اتفاق مسلمانوں کے لئے جزو لاینفک ہے۔ فقط۔

## قسم کھائی فلاں کام نہیں کروں گا اب کرنا چاہتا ہے کیا کرے

(سوال ۸۳) ایک شخص نے قسم کھائی قرآن شریف ہاتھ میں لے کر کہ فلاں کام نہ کروں گا اب وہ اس کے خلاف کرنا چاہتا ہے تو یہ قسم جائز تھی یا ناجائز اور کفارہ واجب ہے یا نہ؟

(الجواب) یہ قسم منعقد ہو گئی اور اگر حانث ہو گا یعنی اس قسم کو توڑے گا اور خلاف کرے گا تو کفارہ دینا ہو گا، درمختار میں ہے قال الکمال ولا یخفی ان الحلف بالقرآن الآن متعارف فیکون یمیناً الخ(۳)۔

## بکر کی چیز کھاؤں تو خنزیر کا گوشت کھاؤں

(سوال ۸۴) زید نے کہا کہ اگر میں بکر کی کوئی چیز کھاؤں تو خنزیر کا گوشت کھاؤں یا اپنی اولاد کو کھلاؤں اب اگر زید بکر کو کوئی چیز کھلانا چاہے تو بکر کے لئے کس طریقہ پر جائز ہو گا۔ اگر بکر زید کی کوئی چیز کھالیوے تو کیا حکم ہے؟

(الجواب) حلال چیز کو اپنے اوپر حرام کرنا یمین ہے اس میں کفارہ بعد الحنث لازم ہوتا ہے(۴) لیکن جو صورت سوال میں ہے اس سے بکر کا کھانا حرام نہیں ہوا اور اگر کھاوے تو کفارہ لازم نہ ہو گا۔ لوقال ان اکلت ھذا الطعام فھو علی حرام فاکلہ لا کفارۃ، در مختار،(۵) فقط۔

---

(۱) وفیہ الکفارۃ الخ ان حنث (الدر المختار علی رد المحتار کتاب الایمان ج۳ ص ۶۶ ط.س ج۳ ص۷۰۸) ظفیر

(۲) فکفارتہ الخ اطعام عشرۃ مساکین او کسوتھم الخ وان عجز عنھا کلھا الخ صام ثلثۃ ایام ولاء (الدر المختار علی ھامش رد المحتار کتاب الایمان ج۳ ص ۸۲ ط.س ج۳ ص۷۲۵) ظفیر

(۳) الدر المختار علی ھامش رد المحتار کتاب الایمان ج۳ ص ۷۰ ط.س ج۳ ص۷۱۲

(٤) کل حل او حلال اللہ او حلال المسلمین علی حرام الخ فیمین (در مختار) لان تحریم الحلال یمین (رد المحتار کتاب الایمان) ج۳ ص ۸۹ ط.س ج۳ ص۷۳۲

(۵) الدر المختار علی ھامش رد المحتار مطلب تحریم الحلال ج۳ ص ۸۶ ط.س ج۳ ص۷۳۰) ظفیر

## عورت نے قسم کھائی گھر ویران کروں گی تو وہ اس کا کفارہ دے

(سوال ۸۵) ایک عورت نے غصہ میں اپنے خاوند سے کہا کہ خدا کی قسم میں تیرے گھر کو ویران کروں گی اگر ویران نہ کیا تو قسم کا کفارہ لازم آوے گا یا وہ کافر ہو جائے گی؟

(الجواب) کفارہ قسم کا دینا لازم ہوگا۔(۱) اور وہ کافر نہ ہوگی۔(۲)

## شرط کی وجہ سے قسم کھائی تو شرط ختم ہونے سے قسم ختم نہیں ہوگی

(سوال ۸۶) زید عمر میں قسمیں ہوئیں کہ ایک دوسرے کا کھانا نہ کریں گے چند یوم کے بعد زید نے عمر سے کہا کہ تم مجھے اس بات کی اجازت دیدو کہ اگر تم نے قسم توڑ دی اور میرا کھانا نہ مانا تو پھر میں بھی تمہارا کھانا نہ مانوں گا عمر نے اس کی اجازت دے دی اب عمر نے قسم توڑی اگر زید عمر کا کھانا نہ مانے تو زید بھی حانث ہوگا یا نہیں؟

(الجواب) اس صورت میں زید حانث ہوگا کیونکہ اول جو حلف ہو لیا بعد میں اس میں کچھ استثناء نہیں ہو سکتا(۳) فقط۔

## نہ بولنے کی قسم کھائی جب بولے گا حانث ہوگا

(سوال ۸۷) عمر نے یہ قسم کھائی کہ اگر میں بکر اور خالد سے بولوں تو جتنی شادی کروں سب پر طلاق اور روز حشر رسول اللہ ﷺ میری سفارش نہ کریں اور مرنے کے وقت کلمہ نصیب نہ ہو، دوزخ کے سواء بہشت کی خوشبو نصیب نہ ہو پھر ایک روز عمر بکر سے بولا تو عمر حانث ہوگا یا نہیں، اور جو عمر کی شادی کرادے اس زوجہ پر بھی طلاق ہوگی یا نہیں؟

(الجواب) عمر اس صورت میں حانث ہوگا(۴) اور اگر وہ شادی کرے گا تو اس کی زوجہ مطلقہ(۵) ہو جاوے گی، لیکن عمر کافر نہ ہوگا مسلمان ہی رہے گا اور جو شخص عمر کی شادی کرادے اس پر کچھ مواخذہ نہیں اور اس کی زوجہ مطلقہ نہ ہوگی۔ فقط۔

## زید نے قسم کھائی کہ فلاں چیز فلاں کو نہیں لینے دوں گا مگر فلاں کو بخوشی دیا کیا حکم ہے؟

(سوال ۸۸) زید کی ماں نے اس کی بیوی ہندہ کو ۳ عدد سونے کے زیور دیئے تھے اس کی ماں بیٹے میں کچھ کشید گی ہوئی تو زید نے بحالت غصہ قسم کھائی کہ میں اپنی بیوی کو مذکورہ بالا زیورات نہ لینے دوں گا اور جو زیورات ہندہ کے پاس تھے اتار کر پھینک دیئے زید کی ماں نے دوبارہ وہ زیورات ہندہ کو دیئے اور زید کے کہنے سے وہ واپس نہیں کرتی تو اس صورت میں زید کی قسم ٹوٹی یا نہیں؟

---

(۱) وثالثها منعقدة وهی حلفه علی مستقبل آت الخ فيه الكفارة فقط ان حنث (الدر المختار علی ردالمحتار كتاب الايمان ج۳ ص ٦٦. ط.س. ج۳ص۷۰۸). (۲) والا صح ان الحالف لم يكفر سواء علقه بماض اوآت ان كان عنده فی اعتقاده انه يمين (ايضا ج۳ ص ۷۵. ط.س. ج۳ص۷۱۸) ظفير. (۳) وصل بحلفه ان شاء الله بطل يمينه وكذا يبطل به ای بالا ستثناء المتصل (در مختار) قيد بالوصل لانه لو فصل لا يفيد (ردالمحتار كتاب الايمان ج۳ ص ۹۸. ط.س. ج۳ص۷۴۲).
(۴) وسئل عمن قال انا بریٔ من الشفاعة ان فعلت كذا قال يكون يمينا (عالمگيری مصری) ج۲ ص ۵۳. ط ماجديه ج۱ ص۵۳. (۵) وتنحل اليمين اذا وجد الشرط مرة الخ (الدر المختار علی هامش ردالمحتار ج۲ ص ۶۹۰. ط.س. ج۳ص۳۵۵).

(الجواب) اس صورت میں زید کی قسم نہیں ٹوٹی اور زید پر کفارہ قسم کا لازم نہیں ہے۔ فقط۔

## کھاؤں تو سور کھاؤں کہنے سے قسم نہیں ہوتی

(سوال ۸۹) کہ فلاں کے گھر کا کھاؤں تو سور کھاؤں اس سے قسم ہوگی یا نہیں؟

(الجواب) اگر کسی شخص نے یہ الفاظ کہے کہ اگر میں فلاں کے گھر کا کھانا کھاؤں تو سور کھاؤں، تو یہ قسم نہیں ہے اس سے کھانا اس کے گھر کا حرام نہیں ہوا اور کفارہ نہ آوے گا وفی البحر مایباح للضرورۃ لایکفر مستحلہ کدم وخنزیر الخ (در مختار) وفی الشامی ہو یستحل الدم او لحم الخنزیر ان فعل کذا لا یکون یمیناً لا ن استحلال ذلک لایکو ن کفراً الخ فقط۔(۱)

## رسومات چھوڑ دینے کی قسم کھائی پھر ادا کیا تو کفارہ آئے گا

(سوال ۹۰) خلاصہ یہ ہے کہ گاؤں کے لوگوں نے قسم کھائی کہ آئندہ رسومات شادی نہ کریں گے، پھر سب نے یہ قسم توڑ دی اس کا کیا کفارہ ہے؟

(الجواب) جو لوگ قسم کھا کر حانث ہوئے ان کے ذمہ کفارہ قسم واجب ہے۔(۲) یعنی دس مسکینوں کو دونوں وقت کھانا کھلاوے یا کپڑا دیا جائے اور اس پر مقدرت نہ ہو تو پھر مجبوری تین روزہ رکھے۔(۳) کھانے اور کپڑے پر قدرت کے باوجود روزہ رکھنے سے کفارہ ادا نہیں ہوتا۔(۴) بہر حال اسی طرح کی اس میں اسلامی تعلیم کے خلاف ہیں۔ ان کا ترک لازمی ہے۔ تمام مسلمانوں پر ضروری ہے کہ اس کی پابندی کریں اور پھر جو لوگ اس کی مخالفت کریں اور اس کے خلاف عمل کریں ان سے تمام تعلقات منقطع کر دینے چاہئیں۔ معصیت اور جاہلانہ رسوم پر اصرار کرنے والے اس قابل نہیں ہیں کہ مسلمان ان سے کوئی واسطہ رکھیں۔ فقط۔

## قسم کھائی کہ رات بیوی سے نہیں ملوں گا پھر ملا

(سوال ۹۱) ایک شخص نے کلام مجید کی قسم کھائی کہ آج کی رات اپنی بیوی سے نہیں ملوں گا پھر اپنی بیوی سے اسی رات میں ملاقات کی اس صورت میں وہ حانث ہوگا یا نہیں؟

(الجواب) اس صورت میں حانث ہوگا اور کفارہ قسم کا لازم ہوگا قال الکمال ولا یخفی ان الحلف بالقرآن الآن متعارف فیکون یمینا الخ در مختار۔

## امام کے ساتھ گالم گلوچ

(سوال ۹۲) بعض لوگوں نے اپنے امام کے ساتھ فساد کیا اور اس کو بیہودہ گالیاں دیں۔ بے عزتی کی اور مسجد میں جانے سے روکا حالانکہ تمام اہل بستی کے ساتھ انہوں نے بھی حلفاً وعدہ کیا کہ تمام حکم امام کے پورے کرینگے

---

(۱) ردالمحتار کتاب الا یمان ج۳ ص ۷۸ ط.س. ج۳ ص ۷۲۱.(۲) ومنعقدۃ وھو ان یحلف علی امر فی المستقبل ان یفعلہ اولا یفعلہ وحکمہا الزوم الکفارۃ عند الحنث کذافی الکان (عالمگیری مصری کتاب الایمان ج۲ ص ۵۲ .ط. ماجدیہ ج۲ ص ۵۲). (۳) کفارۃ الیمین عتق رقبۃ الخ ان شاء کسی عشرۃ مساکین کل واحد ثوبا فما زاد وادناہ ما یجوز فیہ الصلوۃ وان شاء اطعم عشرۃ مساکین کالاطعام فی کفارۃ الظہار الخ فان لم یقدر علی احد الا شیاء الثلثۃ صام ثلثۃ ایام متتابعات (ہدایہ کتاب الا یمان ج۲ ص ٤٦١)(٤) قال فی البحر اشار الی انہ لو کان عندہ واحد من الا صناف الثلثۃ لا یجوز لہ الصوم درمختار ج۳ ص ۷۲۷.(۵) الدرالمختار علی ہامش ردالمحتار کتاب الایمان ج۳ ص ۷۰ .ط.س. ج۳ ص ۷۱۲ .ظفیر

اور ہر ایک حکم شرعی کی تعمیل کریں گے۔ عدالت میں جھوٹی شکایتیں پیش کرنا۔ ان امور کے متعلق کیا حکم ہے۔

(الجواب) جملہ سوالات کا جواب یہ ہے کہ بلاوجہ امام کے ساتھ فساد کرنا اور گالی گلوچ دینا اور برا کہنا اور عدالت میں جھوٹی شکایتیں کرنا حرام اور ناجائز ہے (۱) اور جن لوگوں نے ایسا کیا وہ فاسق و فاجر اور گناہ گار ہوئے ان کو توبہ کرنی چاہئے اور امام سے قصور معاف کرانا چاہئے اور اگر ان لوگوں نے قسم کر امام کی اطاعت کا عہد تھا تو اس کے خلاف کرنے سے کفارہ قسم کا ان کے ذمہ واجب ہے۔ (۲) دس مسکینوں کو دو وقت پیٹ بھر کر کھانا کھلاویں (۳) اور امام کو یا کسی مسلمان کو مسجد میں آنے سے اور نماز پڑھنے سے روکنا حرام ہے قرآن شریف میں اس کو بہت بڑا ظالم اور مسجد کا خراب کرنے والا فرمایا گیا ہے و من اظلم ممن منع مساجد الله ان یذ کرفیھا اسمه وسعی فی خرابھا الآیۃ (۴)

## عورت نے قسم کھائی عمر بھر نکاح نہیں کروں گی اب کرنا چاہتی ہے کیا کرے؟

(سوال ۹۴) ایک بیوہ عورت نے اس کے دیور نے نکاح کے لئے کہا اس نے قرآن شریف کی قسم کھا کر یہ کہا کہ میں عمر بھر دوسرا نکاح نہ کروں گی، اب وہ دوسرا نکاح کرنا چاہتی ہے تو اس کو کفارہ دینا ہوگا یا نہیں؟

(الجواب) اگر وہ نکاح کرے گی (۵) تو اس کو کفارہ قسم کا دینا ہوگا، دس مسکینوں کو کپڑا دے یا کھانا دونوں وقت کا کھلاوے اگر یہ نہ ہو سکے تو تین دن کے روزہ متواتر رکھے۔ (۶) فقط۔

## قرآن کی قسم کھانا کیسا ہے؟

(سوال ۹۵) زمانہ حال میں قرآن شریف کی قسم کھانا جائز ہے یا نہیں۔

(الجواب) اس زمانہ میں اگر کوئی قسم کھائے تو وہ شرعاً حالف سمجھا جائے گا اور اس پر تمام احکام حلف کے جاری ہوں گے کیونکہ آج کل عام طور پر حلف بالقرآن کا رواج ہے قال المحقق ابن ھمام فی فتح القدیر ثم لا یخفی ان الحلف بالقرآن الآن متعارف فیکون یمیناً کما ھو قول الائمة الثلثة الخ (۷) فتح القدیر جلد ۴۔ فقط۔

## فلاں چیز نہیں رکھی تو ماروں گا اس سے قسم نہیں ہوگی

(سوال ۹۶) اگر کوئی شخص اپنی بیوی سے یہ کہے کہ اگر تو نے فلاں چیز گھر میں نہ رکھی تو تجھ کو بہت ماروں گا اور پھر درمیان سال وہ چیز نہ ملی تو یہ قسم ہوئی اور خاوند پر نہ مارنے کی صورت میں کفارہ واجب ہوگا یا نہیں؟

---

(۱) قال النبی صلی الله علیه وسلم سباب المسلم فسوق وقتاله کفر (مشکوٰۃ باب ص)۔
(۲) وفیه الکفارة الخ ان حنث (الدر المختار علی هامش ردالمحتار کتاب الایمان ج۳ ص ۶۶ ط.س. ج۳ ص۷۰۸) ظفیر. (۳) وکفارته الخ اطعام عشرة مساکین کمامرفی الظهار او کسوتهم (ایضا ج ۳ ص ۸۲ ط.س. ج۳ ص ۷۲۵ (ظفیر).
(۴) سورة البقرة ۲: ۱۱۴ (۵) ونوع لا یجوز حفظهما وهو ان یحلف علی ترك طاعته او فعل معصية الخ فیندب فیه الی الحنث (عالمگیری مصری کتاب الایمان ج۲ ص ۵۲ ط.س. ج۲ ص ۵۲۔
(۶) وکفارته الخ اطعام عشرة مساکین کما مرفی الظهار او کسوتهم بما یصلح للاوساط ویستر عامة البدن الخ وان عجز عنها کلها الخ صام ثلثة ایام ولاء (الدر المختار علی هامش ردالمحتار کتاب الایمان ج۳ ص ۸۴ ط.س. ج۳ ص ۷۳۵) ظفیر (۷) فتح القدیر ج ۴ ص ۲۵۴ باب مایکون یمیناً وما لا یکون یمیناً. ط.س ج۳ ص ۳۵۴ ظفیر

(الجواب) یہ قسم نہیں ہوئی اور کفارہ اس میں واجب نہیں ہے اور زوجہ کو بھی نہ مارے اور آئندہ ایسا کلام نہ کرنا چاہئے۔(۱)

## مدعا علیہ سے مدعی کی موجودگی میں حلف لینا چاہئے

(سوال ۹۷) قاضی نے مجلس قضا میں مدعا علیہ سے حلف لیا مگر مدعی کو نہیں بلایا مدعی کی غیبت میں حلف مدعا علیہ کا معتبر ہے یا نہیں؟

(الجواب) مدعا علیہ پر یمین مدعی کے طلب کرنے سے لازم ہوتی ہے کما فی الدر المختار والا یبرھن حلفه الحاکم بعد طلبه اذ لا بد من طلبه الیمین فی جمع الدعاوی الا عند الثانی فی اربع الخ پس جب کہ طلب کرنا مدعی کا شرط ہے تو معلوم ہوا کہ مدعی کا یا اس کے وکیل کا موجود ہونا شرط ہے فقط۔

## قسم کھانے کے بعد گو قرض خواہ مہلت دے لیکن خلاف ورزی پر کفارہ ہوگا

(سوال ۹۸) زید نے قسم کھا کر کہا میں کل مطالبہ بے باق کر دوں گا مگر بعض مجبوری کی وجہ سے زید نے عمر کو مہلت دینا منظور کر لیا کیا اس صورت میں زید پر کفارہ ہوگا؟

(الجواب) اس صورت میں زید پر کفارہ قسم لازم ہے۔

## ایک دفعہ حلف کی خلاف ورزی کرنے اور کفارہ دینے کے بعد دوبارہ وہ عائد نہ ہوگی

(سوال ۹۹) میں نے ایک چیز کے استعمال سے عمر بھر کی قسم کھائی تھی، کہ میرے لئے اس کا استعمال کرنا عمر بھر کے لئے حرام ہے، پھر نہ رہ سکا استعمال کر کے حانث ہو گیا، یہ قسم مجھ سے منتہی ہو گئی یا نہیں، یعنی اب تو اس کے استعمال سے دوبارہ حانث نہیں ہوں گا۔

(۲) خود اس کا استعمال مباح ہے یا حرام۔

(الجواب) قسم منتہی ہو گئی، کفارہ کے بعد پھر اس کے استعمال سے حنث نہ ہوگا۔

(۲) مباح ہے کذا حققه الشامی لکنه، خلاف الاولیٰ

## ایمان کی قسم

(سوال ۱۰۰) مسلمان کو ایمان کی قسم کھانا جائز ہے یا نہیں؟

## مسلمان سے ترک موالات

(سوال ۱۰۱) کافر سے ترک موالات جائز ہے مگر مسلمان سے ترک موالات کر سکتا ہے یا نہیں؟

## قسم کھا کر توڑنا

(سوال ۱۰۲) قسم کھا کر توڑنا کفارہ قسم کا دینا ہوگا یا نہیں؟

(الجواب)(۱) قسم اللہ کی کھانی چاہئے اللہ کے سوا ایمان یا قرآن کی قسم نہ کھانی چاہئے۔(۲)

---

(۱) وثالثها منعقدة وهی حلفه علی مستقبل (الدر المختار کتاب الایمان ج۳ ص ۶۶. ط.س. ج۳ص۷۰۸) ظفیر۔
(۲) لایقسم بغیر الله تعالیٰ کالنبی والقرآن والکعبة (الدر المختار علی هامش ردالمحتار کتاب الایمان ج۳ ص ۷۰. ط.س. ج۳ص۷۱۳) ظفیر۔

(۲) کفر اور فسق کی وجہ سے ترک موالات ہوتی ہے اور اس میں تفصیل اور درجات ہیں۔(۱)
(۳) قسم توڑنے کی صورت میں کفارہ قسم کا دینا لازم ہے۔ غلام آزاد کرنا یا دس مسکینوں کا دونوں وقت کھانا دینا یا دس مسکینوں کو دس جوڑے کپڑے کا دینا۔ اگر یہ نہ ہو سکے۔(۲) تو تین روزے پے در پے رکھنا۔ فقط۔

## انشاء اللہ کے ساتھ قسم کھانے سے قسم نہیں رہتی

(سوال ۱۰۳) میرے والد نے مجھ سے مرغ کھانے کا عہد کرایا میں نے ان الفاظ سے عہد کیا کہ انشاء اللہ میں مرغ نہیں کھاؤں گا۔ مجھے مرغ کھانا جائز ہے یا نہ؟

(الجواب) جائز ہے کیونکہ انشاء اللہ کہنے سے قسم نہیں رہتی، یہ بہت اچھا کیا کہ انشاء اللہ کہہ لیا۔(۳)

## کھانا نہ کھانے کی قسم کھائی اور دودھ پی لیا کیا حکم ہے؟

(سوال ۱۰٤) ایک شخص نے رات کو سوتے وقت غصہ میں آکر ایک شخص کی ہاتھ میں کھانا دیکھ کر یہ کہا کہ میں آج غدا کی قسم کھانا نہ کھاؤں گا بعد اس کے وہ شخص ایک گلاس دودھ بھرا ہوا لایا اور سخت عاجزی سے کہا اگر کھانے کے لئے تم نے قسم کھائی ہے خیر یہ دودھ پی جاؤ اس شخص کے کہنے کی وجہ سے دودھ پی لیا آیا یہ دودھ غذا میں داخل ہے اور پینے والا حانث ہو گیا یا نہیں؟

(الجواب) اس صورت میں دودھ پینے سے شخص مذکور حانث نہ ہوگا۔ کما فی الشامی۔(۴) ففی البحر عن البدائع لو حلف لا یاکل هذا اللبن فاکل الخبز اوالتمر اولا یاکل هذا العسل اوالخل فاکل الخبز یحنث الخ الغرض علت مذکورہ لا نہ لایا کل سے صورت مستفسرہ میں عدم حنث ظاہر ہے۔

## شرکت کی قسم کھائی مگر ناجائز امور ہو تو کفارہ دے کر قسم توڑ دے

(سوال ۱۰۵) چالیس آدمیوں نے مل کر ایک پنچایت مقرر کی کہ ہر شخص آپس میں ایک دوسرے کی غمی اور شادی میں شریک حال رہیں اور اس بات پر ہر شخص نے قسم کھائی کہ جو اس پنچائت سے الگ ہو جائے وہ آنحضرت ﷺ کی امت سے خارج ہے اب اس پنچائت میں جہاں کہیں شادی ہوتی ہے تو گانا بجانا اور ناچ وغیرہ رسوم شرکت مثلاً کنگنا وغیرہ بھی ہوتی ہیں ایسی حالت میں اس پنچائت میں شامل حال رہنا کیسا ہے اور اس سے علیحدہ ہونے کی کیا صورت ہے

(الجواب) اس صورت میں جس غمی و شادی میں گانا بجانا اور وغیرہ رسوم خلاف شریعت ہو اس میں شریک ہونا درست نہیں اور اس حالت میں قسم کو پورا کرنا جائز نہیں ہے اور کفارہ قسم کا دے دیا جائے۔ اور یہ کہنا لغو ہے کہ جو شخص اس میں شریک نہ ہو وہ حضور ﷺ کی امت سے خارج ہے بلکہ شریک ہونا گناہ کی جگہ حرام ہے اور نہ شریک

---

(۱) بلا وجہ شرعی ترک موالات مسلمانوں سے درست نہیں تعاونوا علی البر والتقوی ولا تعاونوا علی الاثم والعدوان. ارشاد ربانی ھے . ظفیر (۲) وفیہ الکفارۃ الخ ان حنث الخ وکفارته الخ اطعام عشرة مساکین او کسوتھم الخ وان عجز عنها کلها الخ صام ثلثة ایام ولاء (الدر المختار علی هامش ردالمحتار کتاب الایمان ج ۳ ص ٦٦ و ج۳ ص ۸۳ و ج۳ ص ۸٤ ط.س. ج۳ص ۷۰۸ - ۷۲۵ - ۷۲۷) ظفیر.
(۳) وصل بحلفه انشاء اللہ بطل یمینه (ایضا ج۳ ص ۹۸ ط.س. ج۳ص ۷٤۲) ظفیر.
(٤) باب الیمین فی الاکل والشرب واللبس والکلام ط.س. ج۳ص ۷٦۵

ہونا ضروری ہے اور ایسی قسم کا توڑنا لازم ہے۔(۱)

## ولایتی کپڑے کے عدم استعمال کی قسم سے پہلے کے کپڑے ناجائز نہیں ہوئے

(سوال ۱۰۶) زید نے حلف کیا کہ میں آج سے ولایتی کپڑوں کا استعمال حرام وناجائز سمجھتا ہوں نہ استعمال کروں گا نہ خود خریدوں گا، پس جو کپڑے اس حلف سے پیشتر زید کے پاس موجود ہیں ان کا استعمال جائز ہے یا حرام؟

(الجواب) وہ کپڑے جو پہلے سے خریدے ہوئے ہیں ان کا استعمال شرعاً درست ہے لیکن اگر حلف عام الفاظ میں کیا تھا کہ آج سے ولایتی کپڑا حرام سمجھتا ہوں اور ان کا استعمال اپنے اوپر حرام کرلیا تو کفارہ قسم کا دینا پڑے گا اگرچہ وہ پہلے خریدے ہوئے بھی استعمال کرے۔(۲)

## جھوٹی قسم کھانے والے کا حکم

(سوال ۱۰۷) جھوٹی قسم کھانے والے کا کیا حکم ہے ایک بزرگ نے فرمایا کہ جھوٹی قسم کھانے والا بارہ مہینے دنیا میں خراب اور ذلیل ہوتا ہے یہ صحیح ہے یا نہیں؟ اور جھوٹی قسم کھانے والا مسکینوں کو کھانا کھلاوے تو کفارہ ادا ہوتا ہے یا حج کرنے سے؟

(الجواب) جھوٹی قسم کھانا عمداً گناہ کبیرہ ہے اور جھوٹی قسم کھانے والا فاسق ہے اور جھوٹی گواہی دینے والے پر تو بہت زیادہ وعید وارد ہوئی ہے قرآن شریف میں اس کو شرک کے ساتھ اور برابر فرمایا کما قال تعالیٰ واجتنبوا قول الزور حنفاء للّٰہ غیر مشرکین(۳) کذا ورد فی بعض الاحادیث اور نیز وارد ہوا ہے الکبائر الا شراک باللّٰہ وعقوق الوالدین وقتل النفس والیمین الغموس(۴) رواہ البخاری وفی روایۃ انس وشہادۃ الزور بدل الیمین الغموس متفق علیہ باقی یہ امر کہ جھوٹی قسم کھانے والا بارہ مہینے کے اندر خراب وذلیل دنیا کے اندر ہوتا ہے یہ کسی نص سے ثابت نہیں ہے اور جھوٹی قسم جو کسی گذشتہ معاملہ پر ہے اس میں کفارہ نہیں ہے صرف توبہ سے گناہ معاف ہو جائے گا اور آئندہ بات پر قسم کھانا مثلاً یہ کہ قسم ہے اللہ کی میں فلاں کام کروں گا اور اس کو نہ کرے تو اس میں کفارہ ہے اور اس کا نام یمین منعقدہ ہے اور جھوٹی قسم گذشتہ امر پر جس کا نام یمین غموس ہے اس میں صرف توبہ ہی سے کفارہ ہو جاتا ہے۔(۵) اور اگر توبہ کر کے حج بھی اس کے بعد کیا تو اور ثواب ہے اور حج سے بہت سے گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔

---

(۱) من حلف علی معصیۃ الخ وجب الحنث والتکفیر (الدر المختار علی ہامش ردالمحتار کتاب الایمان ج۳ ص ۸۵ ط.س.ج۳ص۷۲۸) ظفیر۔
(۲) وفیہ الکفارہ الخ ان حنث (ایضا ج۳ ص ٦٦ ط.س.ج۳ص۷۰۸) ظفیر
(۳) سورۃ الحج ۔۲۲۔۳۰،۳۱
(٤) مشکوٰۃ شریف۔
(۵) وھی الخ غموس الخ ان حلف علی کاذب عمداً الخ کواللّٰہ ما فعلت کذا الخ ویا ثم بہا فتلزمہ التوبۃ الخ ومنعقدۃ وھی حلفہ علی مستقبل آت یمکنہ وھذا القسم فیہ الکفارۃ الخ ان حنث (الدر المختار علی ہامش ردالمحتار کتاب الایمان ج ۳ ٦۳ وج ۳ ص ٦٦ ط.س.ج۳ص ۷۰۵ ۔ ۷۰۸) ظفیر

## ہم نے قسم کھائی کہ کسی دوسرے کو کام نہ سکھائیں گے یہ کیسا ہے

(سوال ۱۰۸) ہم لوگ شیشی بناتے ہیں اور ہماری پنچائیت میں قرآن شریف اٹھایا گیا ہے کہ کوئی شخص باہر کے رہنے والوں کو کام نہ سکھاوے یہ خلاف شرع ہے یا نہیں۔ ایک شخص نے حلف توڑ دیا اس کے لئے کیا حکم ہے؟

(الجواب) ایسا حلف کرنا بیشک خلاف شریعت ہے[۱] لیکن جو شخص اس حلف کو توڑ دے اس پر کفارہ یمین کا لازم ہے یعنی دس مسکینوں کو دونوں وقت کھانا پیٹ بھر کر کھلانا یا دس مسکینوں کو کپڑا دینا اور اگر اس کی طاقت نہ ہو تو تین روزے متواتر رکھنا لازم ہے۔[۲]

## شادی ہونے کے باوجود جھوٹی قسم کہ شادی نہیں ہوئی

(سوال ۱۰۹) اگر کوئی شخص حلفیہ بیان دے کہ میری شادی نہیں ہوئی اور نہ میں کوئی اولاد رکھتا ہوں درانحالیکہ اس کی شادی اسی جگہ ہوئی ہے جہاں سے وہ انکار کرتا ہے اور اس کے اولاد بھی ہے ایسے شخص کے لئے کیا حکم ہے؟

(الجواب) وہ شخص جھوٹی قسم کی وجہ سے گناہ گار ہوا اور کفارہ اس قسم کا توبہ کرنا ہے[۳] لیکن اس کی زوجہ اس کے نکاح سے خارج نہیں ہوئی۔

## فلاں کام کا مرتکب ہوں تو جنت حرام کردے یہ قسم نہیں ہے

(سوال ۱۱۰) ایک شخص نے معصیت سے بچنے کے لئے یہ الفاظ زبان سے نکالے کہ اگر میں فلاں گناہ کا مرتکب ہوں تو اے اللہ جنت مجھ پر حرام کردے اور دوزخ میں ڈالدے۔ اس کے بعد وہ چند مرتبہ اس معصیت کا مرتکب ہوا آیا یہ قسم ہے کہ کفارہ ادا کیا جائے یا توبہ کافی ہے۔

(الجواب) یہ قسم نہیں ہے اور اس میں کفارہ لازم نہیں ہے۔ توبہ کرے۔[۴]

## بار بار قسم کھائی اور خلاف ورزی کی کیا کرے

(سوال ۱۱۱) ایک شخص ایک حرام فعل کرتا ہے لیکن اس نے اس فعل سے توبہ کی اور قسم کھائی کہ آئندہ ایسا کام نہ کریں گے۔ پھر وہی کام کیا اور پھر توبہ کی اس طرح کئی مرتبہ کیا۔ اب پھر توبہ کر رہا ہے تو اس کو پہلی قسموں کی بابت کیا کرنا چاہیئے۔ اور کیا کفارہ واجب ہے۔

(الجواب) اس صورت میں اگر پہلے کفارہ قسم کا نہیں دیا تھا تو اب سب قسموں کا ایک کفارہ دے دینا کافی ہے[۵] اور گناہ کی معافی کے لئے توبہ صدق دل سے کرنا کافی ہے۔ اور کفارہ قسم کا یہ ہے کہ دس مسکینوں

(۱) لا یقسم بغیر اللہ تعالی کالنبی والقرآن والکعبۃ قال الکمال لا یخفی ان الحلف بالقرآن الآن متعارف فیکون یمینا (درمختار) قولہ بغیر اللہ ای لا ینعقد بغیرہ تعالی ای غیر اسمائہ وصفاتہ ولو بطریق الکنایۃ کما مربل یحرم کما فی القہستانی (ردالمحتار کتاب الایمان ج ۳ ص ۶۰۔ ظفیر) (۲) وفیہ الکفارۃ الخ ان حنث الخ وکفارتہ الخ اطعام عشرۃ مساکین او کسوتہم الخ و ان عجز عنہا کلہا الخ صام ثلثۃ ایام ولاء (الدر المختار علی ہامش ردالمحتار کتاب الایمان ج ۳ ص ۲۶ و ج ۳ ص ۸۴ ظفیر) (۳) وہی غموس ان حلف علی کاذب عمدا و یاثم بہا فتلزمہ التوبۃ (ایضا ج ۳ ص ۱۳ ظفیر) (۴) ولا یقسم بصفۃ لم یتعارف الحلف بہا من صفاتہ تعالی کرحمتہ وعلمہ و سخطہ الخ لعدم العرف (ایضا ج ۳ ص ۶۰ ظفیر) (۵) وفی البحر عن الخلاصۃ والتجرید و تتعدد الکفارۃ لتعدد الیمین والمجلس والمجالس سواء الخ (درمختار) وفی البغیۃ کفارات الایمان اذا کثرت تداخلت ویخرج بالکفارۃ الواحدۃ عن عہدۃ الجمیع وقال شہاب الائمۃ ہذا قول محمد قال صاحب الاصل المختار عندی اہ مقدسی (ردالمحتار کتاب الایمان ج ۳ ص ۷۰)

کو دونوں وقت پیٹ بھر کر کھانا کھلائے یا دس مسکینوں کو دس جوڑے کپڑے کے دے اور اگر یہ نہ ہو سکے تو تین دن کے متواتر روزے رکھے۔

## ایسا ہو تو کلام پاک کی مار ہو قسم ہے یا نہیں؟

(سوال ۱۱۲) دو شخصوں کے درمیان سچی محبت ہے ان میں مندرجہ ذیل عہد و پیمان ہو چکے۔ میں کلام مجید ہاتھ پر رکھ کر قسم کھاتا ہوں کلام مجید کی خدا کو حاضر و ناظر جان کر اگر ہم ترک تعلق کریں یا کسی کے دباؤ سے یا روکنے سے روکیں یا ایک دوسرے کے ساتھ برائی کریں تو ہم کو اس کلام پاک کی مار ہو اور بروز محشر حضرت کی شفاعت سے محروم رہیں اور دنیا سے کافر ہو کر اٹھیں اگر اس عہد کو کسی وجہ سے توڑا جائے تو کفارہ دینا درست ہو گا یا نہ جب کہ کفارہ دینے کی نسبت بھی بالفاظ مذکورہ بالا عہد کیا ہو۔

(الجواب) اگر بضرورت شرعیہ اس قسم اور عہد کو توڑا جائے تو کفارہ قسم کا واجب ہو گا (۱) اور اس قسم کا بالفاظ مذکورہ معاہدہ کرنا شرعاً درست بھی نہیں ہے۔ (۲)

## کسی کو نکلوانے کی قسم کھائی اور کامیاب نہ ہوا تو کفارہ دے

(سوال ۱۱۳) کسی شخص نے کسی کے نکلوانے کے قسم کھائی لیکن وہ اپنے ارادے میں کامیاب نہ ہو۔ کا توشرعاً کیا حکم ہے؟

(الجواب) قسم کا کفارہ دیوے جو کہ غلام آزاد کرنا یا دس مسکینوں کو دونوں وقت کھانا کھلانا یا کپڑا پہنانا ہے اور اگر یہ نہ ہو سکے تو تین دن کے متواتر روزے رکھے۔ (۳)

## جان کے خوف سے غلط حلف لینا کیسا ہے؟

(سوال ۱۱۴) اگر زید کو کسی وجہ سے اپنی جان کا خوف ہو تو اس کو غلط حلف اٹھانا جائز ہو گا یا نہیں؟

(الجواب) جان و مال و آبرو کے خوف سے جھوٹ کی اجازت ہے لیکن صریح جھوٹ نہ بولے تعریضاً درست ہے۔ (۴)

## قسم کے بعد خلاف ورزی سے حانث ہو گا

(سوال ۱۱۵) چند لوگوں نے قسم کھائی کہ ہم نماز روزہ قضا نہ کریں گے پھر انہوں نے ان کے خلاف کیا۔ حکم شرعی کیا ہے؟

(الجواب) جن لوگوں نے قسم کھا کر اس کے خلاف کیا اور قسم توڑ دی ان پر کفارہ قسم کا لازم ہے۔ (۵) اور کفارہ قسم کے توڑنے کا دس مسکینوں کو کپڑا پہنانا یا دونوں وقت کھانا کھلانا اور اگر یہ نہ ہو سکے تو تین دن متواتر روزہ رکھنا

---

(۱) وفیہ الکفارة الخ ان حنث (الدر المختار علی ہامش ردالمحتار کتاب الایمان ج ۳ ص ۶۶. ط.س. ج۳ص۷۰۸) ظفیر. (۲) ان فعل کذا فھو یھودی اونصرانی الخ او کافر ط.س. ج۳ص۷۱۷. (۳) وکفارتہ الخ اطعام عشرة مساکین او کسوتھم الخ وان عجز عنھا کلھا الخ صام ثلثة ایام ولاء (ایضاً ج۳ ص ۸۲. ط.س. ج۳ص۷۲۵) ظفیر. (۴) الکذب مباح لاحیاء حقہ ودفع الظلم عن نفسہ والمراد التعریض لا ن عین الکذب حرام (الدر المختار علی ہامش ردالمحتار کتاب الحظر و الاباحة باب فی البیع ج۵ ص ۳۷۷. ط.س. ج۳ص۴۷۲) ظفیر. (۵) وفیہ الکفارة الخ ان حنث (الدر المختار علی ہامش ردالمحتار کتاب الایمان ج۳ ص ۶۶. ط.س. ج۳ص۷۰۸) ظفیر.

چاہئے۔(۱) اور تارکین نماز وروزہ پر قضا ان نمازوں اور روزوں کی لازم ہے۔ فقط۔

## جب تک قرض ادا نہ ہوگا روزہ رکھوں گی یہ نذر نہیں

(سوال ۱۱۶) میری دادی صاحبہ کی عمر ۲ ے برس کی ہے اور بوجہ ضعیفی کے نشست وبرخاست بھی دشوار ہے چونکہ ان کے ذمہ چار ہزار سے زائد قرضہ دادا صاحب کے وقت کا ہے اس لئے انہوں نے متفکر ہو کر عہد کر لیا ہے کہ تاادائیگی قرض روزہ رکھوں گی چنانچہ ایک سال سے موافق عہد کے برابر روزہ رکھتی ہیں۔ یہ صورت نذر کی ہے یا نہیں، کسی طرح دادی صاحبہ کا روزہ موقوف ہو سکتا ہے یا نہیں؟

(الجواب) یہ صورت نذر کی نہیں ہے۔ اس لئے روزہ ہمیشہ تاادائے قرض رکھنا ان کو لازم نہیں ہے۔ پس آپ دادی صاحبہ سے کہہ دیں کہ وہ روزہ نہ رکھیں اور قسم کا کفارہ دے دیں۔ یعنی دس مسکینوں کو کھانا کھلاویں فقط۔

## خلاف قسم گورنمنٹ کالج میں پڑھنے سے کفارہ دینا ہوگا

(سوال ) علماء دین کے فتویٰ کے بموجب بندہ نے کالج کی تعلیم چھوڑ دی تھی اور والدین کو رضامند کر کے جامعہ ملیہ، علی گڑھ میں داخل ہو گیا داخل ہوتے وقت بندہ نے یہ حلف اٹھایا کہ میں علمائے دین کے فتویٰ کے بموجب جب تک ہر ایک مسلمان پر عدم تعاون فرض ہے اس پر کاربند رہوں گا۔ اب جب کہ بندہ رخصت پر گھر پہنچا تو والدین نے مجبور کرنا شروع کیا۔ اب اسلامیہ کالج لاہور جو کہ گورنمنٹ کی امداد لیتا ہے داخل ہو جاؤں۔ مجھے اب کیا کرنا چاہئے؟

(الجواب) امداد لینا مدارس میں گورنمنٹ سے اگرچہ درست نہیں ہے۔(۴) لیکن ایسے مدارس اور کالجوں میں پڑھنا اگرچہ اچھا نہیں ہے۔ مگر درست ہے، پس اگر والدین اس پر مجبور کریں کہ کالج اسلامیہ لاہور میں داخل ہو کر پڑھو تو یہ درست ہے۔ اس کو اختیار ہے لیکن اگر خلاف حلف کے کام کیا اور قسم توڑی تو کفارہ قسم کا لازم ہوتا ہے۔(۵) اور کفارہ قسم کا یہ ہے کہ دس مسکینوں کو دونوں وقت کھانا کھلادے یا کپڑا پہناوے اور اگر یہ نہ ہو سکے تو تین روزے متواتر رکھے۔ فقط۔

## معصیت والی قسم توڑنا واجب ہے

(سوال ۱۱۸) ایک عورت سے میرا ناجائز تعلق ہے عورت مذکورہ کے کہنے سے میں نے اس بات کی قسم کھائی ہے کہ اپنی زوجہ سے ہفتہ میں ایک مرتبہ سے زاید ہمبستر نہ ہوں گا۔ اس گناہ سے نجات کیونکر پا سکتا ہوں؟

---

(۱) وکفارته الخ اطعام عشرة مساكين او كسوتهم الخ وان عجز عنها كلها الخ صام ثلثة ايام ولاء (در مختار) وفي الاطعام اما التمليك اوالا باحة فيعشيهم ويعديهم ولو اطعم خمسة وكساخمسة اجزاه ذلك عن الاطعام الخ (ردالمحتار كتاب الايمان ج۳ ص۸۲) و ج۳ ص ۸۳ ط.س ج۳ص۷۲۵ ۷۲۷) ظفير.(۲) وعهد الله الخ اذا علقه بشرط على يمين او عهد ان لم يضف الى الله تعالى اذا علقه بشرط (در مختار) قوله عبدالله تقوله تعالى واوفو بعهد الله اذا عاهد تم ولا تنقض الايمان الخ وفي الجوهرة اذا قال عهد الله ولم يقل على عهد الله فقال ابو يوسف هو يمين وعند هما لا اه قلت لكن جزم في الخانية بانه يمين بلاحكايته خلاف (ردالمحتار كتاب الايمان ج ۳ ص ۷۳ ط.س ج۳ص۷۱۶) ظفير.(۳) وفيه الكفارة الخ ان حنث (الدر المختار على هامش ردالمحتار كتاب الايمان ج۳ ص ۶۶ ط.س ج۳ص۷۰۸) ظفير.(۴) یہ فتویٰ وقتِ ترک موالات کے زمانہ میں دیا جاتا تھا جب انگریزوں کی ہندوستان پر حکومت تھی اور علماء کرام نے آزادی حاصل کرنے کے لئے گورنمنٹ کالجیز سے ترک موالات کا فتویٰ دیا تھا۔ اب وہ حکم باقی نہیں رہا۔ ظفير.(۵) وفيه الكفارة الخ ان حنث (الدر المختار على هامش ردالمحتار كتاب الايمان ج۳ ص ۶۶ ط.س ج۳ص۷۰۸) ظفير.

(الجواب) ایسی قسم کو جو کہ معصیت سے پر ہو شرعاً توڑنا واجب ہے اور تعلق ناجائز اس صورت سے چھوڑ دینا چاہئے(۱) اور کفارہ قسم کا دے دیا جاوے جو کہ دس مسکینوں کو دونوں وقت کھانا کھلانا ہے اور اگر یہ نہ ہو سکے تو تین دن کے روزے متواتر رکھے جاویں۔(۲) فقط۔

## قسم کھانا کیسا ہے؟

(سوال ۱۱۹) حلف اٹھانا کیسا ہے؟

## غیر اللہ کی قسم کیسی ہے

(سوال ۱۲۰) سوائے خدا کے اور شئی کی قسم کھانی جائز ہے یا نہیں؟ بینوا بالدلیل۔

(الجواب) (۱) اللہ کی قسم کھانا اگر ضرورۃ ہو تو جائز ہے لیکن بلا ضرورت اچھا نہیں شامی میں ہے والیمین باللہ تعالیٰ لا یکرہ وتقلیلہ اولی من تکثیرہ الخ۔(۳)

(۲) اللہ تعالیٰ کے سوائے اور کسی چیز کی قسم کھانا جائز نہیں ہے جیسا کہ حدیث شریف میں ہے ان اللہ نہاکم ان تحلفوا بآبائکم من کان حالفاً فلیحلف باللہ او لیصمت متفق علیہ۔(۴) اور وجہ ممانعت کی یہ ہے کہ جس چیز کی قسم کھائی جاتی ہے اس کی عظمت ملحوظ ہوتی اور عظمت کاملہ حقیقۃً اللہ تعالیٰ ہی کو ہے کسی دوسرے کو اس میں شرکت نہیں ہے جیسا کہ مرقاۃ شرح مشکوۃ میں ہے الحکمۃ فی النہی عن الحلف بغیر اللہ تعالیٰ ان الحلف یقتضی تعظیم المحلوف بہ وحقیقۃ العظمۃ مختصہ بہ تعالیٰ فلا یضاھی بہ غیرہ الخ (۵) اور اصل یہ ہے کہ آنحضرت ﷺ کا اس سے منع فرما دینا کافی دلیل ممانعت کی ہے۔ فقط۔

## غیر اللہ کی قسم

(سوال ۱۲۱) اسلام میں حلف سوائے اللہ تعالیٰ کے دوسری قسم کا جائز ہے یا نہیں؟ بصورت عدم جواز زید کا ایک موقع پر یہ کہہ دینا کہ حلف کیا چیز ہے نعوذ باللہ من ذلک (خدا کیا چیز ہے) کے ہم معنی ہوا یا نہیں۔ پس صورت آخر میں زید کے متعلق حکم شریعت سے مطلع فرمائیں۔

(الجواب) قسم اللہ تعالیٰ کی یا اس کی صفات معروفہ کی ہونی چاہئے، اس کے سواء غیر اللہ کی قسم کھانا درست نہیں ہے اور حلف سے غرض تاکید کلام ہوتی ہے۔(۶) پس زید کا یہ کہنا کہ حلف کیا چیز ہے اس کے لا علمی کی دلیل ہے

---

(۱) من حلف علی معصیۃ الخ وجب الحنث والتکفیر (الدر المختار علی ھامش ردالمحتار کتاب الایمان ج ۳ ص ۸۵ ط.س. ج۳ ص۷۲۸) ظفیر

(۲) وکفارتہ الخ اطعام عشرۃ مساکین او کسوتھم الخ وان عجز عنھا کلھا الخ صام ثلثۃ ایام ولاءً (ایضاً ج۳ ص ۸۲ ط.س. ج۳ ص۷۲۵) ظفیر۔ (۳) ردالمحتار کتاب الایمان ج۳ ص ۶۳ ط.س. ج۳ ص۷۰۵ ظفیر۔

(۴) مشکوۃ ص ۲۹۶ (۵) مرقاۃ المفاتیح ج۲ ص ۵۵٤ والحدیث وھو قولہ صلی اللہ علیہ وسلم من کان حالفاً فلیحلف باللہ تعالیٰ الخ محمول عند الاکثرین علی غیر التعلیق فانہ یکرہ اتفاقاً لما فیہ مشارکۃ المقسم بہ للہ تعالیٰ فی التعظیم الخ (ردالمحتار کتاب الایمان ج۳ ص ۶۳ ط.س. ج۳ ص۷۰۵) ظفیر

(۶) والقسم باللہ تعالیٰ الخ وباسم من اسمائہ کالرحمن والرحیم والحلیم والعلیم الخ اوبصفۃ من صفاتہ تعالیٰ کعزۃ اللہ وجلالہ الخ لا یقسم بغیر اللہ تعالیٰ کالنبی والقرآن والکعبۃ مختصراً (الدر المختار علی ھامش ردالمحتار کتاب الایمان ج۳ ص ۶۷ ط.س. ج۳ ص۷۱۰) ظفیر

گویا وہ ایفاء قسم کو ضروری نہیں سمجھتا اور بعض مواقع میں ایسا ہوتا بھی ہے کہ حلف کا خیال نہ کرنا چاہئے اور اس حلف اور قسم کو توڑ دینا چاہئے۔ جیسا کہ حدیث شریف میں ہے۔ آنحضرت ﷺ فرماتے ہیں کہ بعض دفعہ کسی فعل پر قسم کھاتا ہوں اور پھر اس کے خلاف میں خیر دیکھتا ہوں تو اس حلف کو توڑ دیتا ہوں اور فعل خیر کو کرتا ہوں اور قسم کا کفارہ دے دیتا ہوں۔(۱) سوال ہذا میں سائل کا یہ لکھنا کہ حلف کیا چیز ہے مراد اور ہم معنی اس کے ہے کہ خدا کیا چیز ہے۔ غلط ہے۔ لہذا قائل قول مذکور کی تکفیر نہ کی جاوے گی البتہ اس قائل کو ایسا نہ کہنا چاہئے اور اس کہنے سے وہ عاصی ہوا۔ توبہ کرے اور آئندہ ایسا کلمہ زبان سے نہ نکالے۔ فقط۔

## شطرنج کے سلسلہ میں حلف

(سوال ۱۲۲) زید نے شطرنج کھیلنے سے حلف اٹھائی ہے اگر کفارہ دینا چاہے تو کیا مقدار ہے؟

(الجواب) شطرنج کھیلنے کا حلف اٹھانے سے معلوم نہیں سائل کا کیا مطلب ہے آیا یہ حلف کیا ہے کہ نہ کھیلوں گا یا یہ کہ کھیلوں گا۔ پس اس نے حلف نہ کھیلنے کا کیا ہے کہ نہ کھیلوں گا، تو یہ اچھا کیا ہے۔ اس قسم کو نہ توڑے اور اگر یہ حلف کیا ہے کہ شطرنج کھیلا کروں گا تو اس قسم کو توڑنا چاہئے اور اس کھیل کو ترک کرنا چاہئے کیونکہ شطرنج کھیلنا حرام ہے۔(۲) اور کفارہ قسم کا یہ ہے کہ دس مسکینوں کو دونوں وقت کا کھانا کھلاوے یا دس جوڑے کپڑے دس مسکینوں کو دے اور اگر یہ نہ ہو سکے یعنی اس کی طاقت نہ ہو تو تین روزہ متواتر رکھے اور غلام آزاد کرنے کو اس لئے چھوڑ دیا کہ اس ملک میں وہ دشوار ہے۔ فقط۔

## قرآن ہاتھ میں لے کر حلف کرنا

(سوال ۱۲۳) اگر کسے عمدا و قصدا قرآن شریف در دست گرفتہ معاہدہ سازد کہ ایں کار بکنم پس بر خلاف آں کند در حق وی چہ حکم است کہ بنا بر دروغ نمودن قسم کلام اللہ شریف خارج از اسلام گردیدہ است و زنش مطلقہ شدہ است یا نہ؟

(الجواب) آں کس عاصی شدہ است توبہ کند (۳) اگر حلف قرآن کردہ است و حانث شدہ است کفارہ یمین بر وہ واجب است و کافر نہ شدہ و زنش مطلقہ نہ شدہ است کذا فی الدر المختار (۴) فقط۔

## فلاں سے جبراً نہ لوں تو میری بیوی کو طلاق اس کے بعد فلاں نے خود دے دیا

(سوال ۱۲۴) ایک شخص نے اپنے چچا کو کہا اگر میں پچاس جو میرے تم پر ہیں جبراً نہ لوں تو میری زوجہ بسہ طلاق حرام ہے۔ اب اگر یہ چچا مرضی سے روپیہ دے دے تو کیا حکم ہے اور اگر مرضی سے نہ دے اور وہ جبراً نہ لے سکے تو کیا حکم؟

(۱)
(۲) من حلف علی معصیة الخ وجب الحنث والتکفیر (الدر المختار علی هامش ردالمحتار کتاب الا یمان ج۳ ص ۸۵ ط.س. ج۳ص۷۲۸) ظفیر. (۳) الا یقسم بغیر الله تعالیٰ کا النبی والقران والکعبة (در مختار) لقوله علیه الصلوة والسلام من کان منکم حالفا فلیحلف بالله او لیذر (ردالمحتار کتاب الایمان ج۳ ص ۷۰ ط.س. ج۳ص۷۱۲) ظفیر
(٤) وفیه الکفارة الخ ان حنث الخ والا صح ان الحالف لم یکفر سواء علقه بماض اوات انکان عنده فی اعتقاده انه یمین وان کان جاهلاً (الدر المختار علی هامش ردالمحتار کتاب الایمان ج۳ ص ٦٦ ط.س. ج۳ص۷۰۸) ظفیر.

(الجواب) اگر چار رضا سے روپیہ دے دیوے تو یمین ساقط ہوئی اور وہ شخص حانث نہ ہوگا اور اس کی زوجہ پر طلاق واقع نہ ہوگی و کذا لو حلف ان یجرہ الی باب القاضی ویحلفه فاعترف الخصم اوظهر شهود سقط الیمین لتقید من جهة المعنی بحال انکارہ۔(۱) درمختار اور اگر وہ رضا سے نہ دے اور یہ جبراً وصول نہ کر سکے تو چونکہ یمین مطلقہ ہے اس لئے آخر حیات میں حانث ہوگا اور اس کی زوجہ مطلقہ ہوگی اگر وہ اس وقت تک زندہ رہی کذا فی الدر المختار والشامی۔ فقط۔

## قسم کھائی کہ فلاں منکوحہ سے نکاح کروں گا کیا حکم ہے؟

(سوال ۱۲۵) سلمہ بکر کی منکوحہ ہے خالد نے قسم کھائی کہ میں سلمہ سے نکاح کروں گا تو یہ قسم لغو ہوگی یا نہ اور خالد دوسری عورت سے نکاح کر سکتا ہے یا نہیں؟

(الجواب) قسم کا کفارہ دینا لازم ہے اور دوسری عورت سے نکاح کر سکتا ہے۔(۲)

## فلاں عورت کے سوا دوسری عورت سے نکاح کروں تو اس کو طلاق

(سوال ۱۲۶) خالد نے کہا کہ اگر میں سلمہ کے سوا دوسری عورت سے نکاح کروں تو اس کو طلاق ہے تو اب کس حیلہ سے نکاح کر سکتا ہے؟

(الجواب) اس صورت میں طلاق اس منکوحہ پر واقع ہو جاوے گی اور حیلہ اس کا فقہاء نے نکاح بذریعہ فضولی کے لکھا ہے فلیراجع۔(۳)

## فلاں سے نکاح کروں تو اس کو طلاق بعد طلاق دوبارہ نکاح جائز ہے

(سوال ۱۲۷) عمر نے قسم کھائی کہ میں زبیدہ سے نکاح نہ کروں گا۔ اگر کروں تو زبیدہ کو طلاق ہے۔ اب اگر ایک مرتبہ نکاح میں لاوے گا تو طلاق پڑ جاوے گی۔ پھر دوبارہ نکاح میں لا سکتا ہے یا نہیں؟

(الجواب) یہ قسم ایک دفعہ میں ختم ہو جاوے گی دوبارہ نکاح زبیدہ سے کر سکتا ہے وفیها کلها تنحل ای تبطل الیمین ببطلان التعلیق اذا وجد الشرط مرة الخ۔(۴)

---

(۱) الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب الیمین فی الاکل والشرب ج۳ ص ۱۴۶ ط.س. ج۳ ص۷۹۷ بل العلة فیه انه بعد ظهور الشهود لا یمکن التحلیف وفی البزازیة حلفه لیوفین حقه یوم کذا ولیا خذن بیده و لا ینصرف بلا اذنه فاوفاه الیوم ولم یاخذبیده وانصرف بلااذنه لا یحنث لان المقصود هو الایفاء اه (ردالمحتار باب ایضاً).

(۲) وفیه الکفارة الخ ان حنث (الدر المختار علی هامش ردالمحتار کتاب الایمان ج ۳ ص ۶۶ ط.س. ج۳ ص۷۰۸) ظفیر

(۳) حلف لا یتزوج فزوجه فضولی فاجاز بالقول حنث و بالفعل لا یحنث به یفتی الخ کل امرأة تدخل فی نکاح فکذا فاجاز نکاح فضولی بالفعل لایحنث (الدر المختار علی هامش ردالمحتارمطلب حلف لا یتزوج فزوجه فضولی ج۳ ص ۱۸۸ ط.س. ج۳ ص۸۴۶) ظفیر.

(۴) الدر المختار علی هامش ردالمحتارباب التعلیق ج۲ ص ۶۸۸ ط.س. ج۳ ص۳۵۵.

# باب النذور
## (نذر و منت ماننا اور اس سے متعلق احکام و مسائل)

### جس جانور کی نذر کی تھی جب وہ مر جائے تو کیا کرے؟

(سوال ۱) شخص مفلس حیوانے معین نذر نمود بعد چند روز حیوان منذور ہلاک شد آیا ضمانش حیوان دیگر بر شخص مذکور لازم آید یا چہ؟

(الجواب) ضمانش ساقط است و حیوان دیگر برو لازم التصدق نیست کما فی البدائع ان المنذورة لو هلكت او ضاعت تسقط التضحية بسبب النذر غير انه ان كان موسرا تلزمه اخرى بايجاب الشرع ابتداء لا بالنذر و لو معسرا لا شئ عليه اصلاً ردالمحتار(۱) جلد (۵)

### بزرگ کے لئے نذر اور اس کے گوشت کا حکم

(سوال ۲) زید نے کسی بزرگ کی نذر دو بکرے مانی اور قبر پر ذبح کئے اور گوشت تقسیم کیا آیا گوشت شرعاً حلال ہے یا حرام اور آکلین اور نذر کرنے والوں پر شرعاً کیا حکم ہے؟

(الجواب) نذر غیر اللہ حرام ہے اور جو جانور غیر اللہ کے تقرب کے لئے نذر مانا جاوے اور ذبح کیا جاوے وما اهل به لغير الله میں داخل ہے اور حرام ہے۔ در مختار میں ہے وما يوخذ من الدراهم والشمع والزيت ونحوها الى ضرائح الاولياء الكرام تقربا اليهم فهو بالاجماع باطل وحرام الخ وفى الشامى قوله باطل و حرام لوجوه منها انه نذر لمخلوق و النذر للمخلوق لا يجوز لانه عبادة و العبادة لا تكون لمخلوق الخ و (۲) فى الحديث ملعون من ذبح لغير الله الحديث۔

### نذر کی گائے کے بچہ کا حکم

(سوال ۳) گائے منذورہ سے بچہ پیدا ہوا اس کا کیا حکم ہے؟

(الجواب) وہ بچہ بھی حکم اس گائے منذورہ کے ہے کما فی الدر المختار كتاب الاضحية ولدت الاضحية ولداً قبل الذبح يذبح الولد معها الخ وفى الشامى لان الام تعينت للاضحية والولد يحدث على صفات الام الشرعية الخ(۳)

### متعین مقدار کھانے کی نذر اور اس کا حکم

(سوال ٤) ایک شخص نے اس طرح نذر کی کہ اوقات طعام میں یعنی غدا اور عشاء میں سے فی وقت اگر ڈیڑھ روٹی سے زیادہ کھاؤں تو ایک روزہ نذر کا رکھوں گا لیکن یہ کہنا یاد نہیں رہا کہ فلاں تاریخ تک نذر کرتا ہوں۔ پانچ سات منٹ بعد کہہ دیا کہ فلاں روز تک نذر کرتا ہوں تو نذر کب تک مقرر ہوئی۔ آیا تمام عمر کے لئے تو نہیں ہوئی؟

(الجواب) اول نذر میں چونکہ کوئی لفظ دوام اور ہمیشگی کا اس نے نہیں کہا اس لئے ایک دن کے لئے وہ نذر منعقد

---

(۱) ردالمحتار كتاب الاضحية ج۵ ص ۲۸٤ ط.س. ج٦ ص ۳۲۵) ظفير.
(۲) ردالمحتار كتاب الصوم ج۲ ص ۱۷۵ ط.س. ج۲ ص ٤۳۹) ظفير
(۳) ردالمحتار كتاب الاضحية ج۵ ص ۲۸۱ وج ۵ ص ۲۸۲ ط.س. ج٦ ص ۳۲۲). ظفير.

ہوگی۔ پھر جب یہ کہا کہ فلاں روز تک یہ نذر کرتا ہوں تو اسی روز تک وہ نذر رہے گی اس کے بعد نذر لازم نہیں ہوگی۔(۱)

## نذر کی قربانی سے نفس واجب قربانی ادا نہیں ہوگی

(سوال ۵) شخصے بدیں طور نذر کرد کہ اگر ثورے مسمی و شیق عند العوام والجہال از بیمارش بہ شود۔ واللہ بوقت قربانی آنرا قربانی کنم حالانکہ آں شخص مذکور تونگر است دریں صورت نذرش درست است یانہ وبرو قربانی دیگر واجب است یا آں ثور مذکور کفایت کند۔

(الجواب) قال فی رد المحتار قال فی البدائع ولو نذران یضحی شاۃ وذلک فی ایام النحر وھو موسر فعلیہ ان یضحی بشاتین عند نا شاۃ بالنذر وشاۃ بایجاب الشرع ابتداً الا اذا عنی بہ الاخبار عن الواجب علیہ فلا یلزمہ الا واحدۃ ولو قبل ایام النحر لزمہ شاتان بلا خلاف الخ ج ۵ ص ۲۰۳ کتاب الاضحیۃ۔(۲) پس بصورت مسئولہ اگر نذر مذکور قبل ایام نحر واقع شد علاوہ قربانی ثور مذکور قربانی دیگر برو واجب شود فقط۔

## سوال کی مزید تفصیل

(سوال ۶) مکرر متعلق نمبر ۸۳۸ مندرجہ رجسٹر ندلیاد پڑتا ہے کہ الفاظ نذر کے شروع میں یہ لفظ بھی کہا تھا کہ اگر آج سے لے کر فی وقت ڈیڑھ روٹی سے زیادہ کھاؤں الخ یہ لفظ دوام اور ہمیشگی پر دلالت کرتا ہے یا نہیں اور اس کا کہنا بھی یقینی نہیں۔

(۲) اس شخص نے جو پانچ سات منٹ کے بعد یہ لفظ کہے کہ فلاں روز تک نذر کرتا ہوں تو یہ الفاظ نذر سابق کے ساتھ ملحق ہوں گے یا جدید نذران الفاظ سے منعقد ہوگی؟

(الجواب) اگر بالفرض یہ لفظ بھی نذر کے شروع میں ہو کہ اگر آج سے لے کر الخ تب بھی چونکہ کوئی لفظ دوام و ہیشگی کی نذر کا نہیں کہا اس لئے وہ نذر اسی دن کے متعلق ہوئی کیونکہ انتہاء کچھ بیان نہیں کی گئی اور یہ بصورت یقین کے ہے اور شک سے کچھ حکم ثابت نہیں ہوتا۔

(۲) اور دوسرا جز نذر جدید ہے ملحق بالنذر الاول نہیں ہے اس لئے وہ نذر اس قدر ایام کی ہوگی جو اس نے ذکر کیا۔

## گائے نذر مانی اور اس کی قیمت دے دی تو نذر ادا ہو گئی

(سوال ۷) زید نے نذر مانی کہ اگر میرا لڑکا پیدا ہو تو ایک گائے صدقہ کروں گا۔ لڑکا پیدا ہوا۔ زید نے گائے کی قیمت وقتاً فوقتاً فقراء و مساکین کو دے دیئے تو کیا زید نذر سے بری ہو گیا یا نہیں۔ اگر پندرہ سال میں قیمت ادا کر دے تو کیا ولادت کے وقت جو قیمت گائے کی تھی وہ ادا کرے یا فی الحال جو قیمت ہو؟

(الجواب) قیمت ادا کرنے سے زید بری الذمہ ہو گیا اور جس مدت میں چاہے اس کی قیمت کو صدقہ کر دے

---

(۱) ومن نذر نذراً مطلقا او معلقا بشرط وکان من جنسہ واجب ای فرض وھو عبادۃ مقصودۃ ووجد الشرط المعلق بہ لزم الناذر الحدیث من نذر وسمی فعلیہ الوفاء بما سمی کصوم وصلاۃ الخ (الدر المختار علی ہامش ردالمحتار مطلب فی احکام النذر ج۳ ص ۹۱ ط.س. ج۳ص۷۳۵) ظفیر (۲) ردالمحتار کتاب الاضحیۃ ج۵ ص ۲۷۹ ط.س. ج۶ص۳۰۲ ظفیر

درست ہے۔(۱) اور قیمت وقت ادائیگی جو کچھ ہے وہ دینی چاہئے۔

## ہم کفو لڑکا ملنے پر ایک نذر

(سوال ۸) زید نے یہ منت مانی تھی کہ اگر لڑکا مولوی میرے کفو کامل جاوے گا تو میں منت مانتا ہوں کہ اگر لڑکا پیدا ہوا تو علم دین پڑھاؤں گا۔ وعظ پند کے واسطے چھوڑ دوں گا اور لڑکی پیدا ہوئی تو عالم سے اپنے کفو کے نکاح کر دوں گا، میری قوم میں لڑکا مولوی نہیں ملتا عمر ۲۰ یا ۲۲ برس کی ہو، اب کیا کروں؟

(الجواب) یہ منت شرعاً صحیح نہیں ہوئی۔ پس اپنی دختر کا نکاح جہاں مناسب سمجھے اور جس لڑکے کو لائق دیکھے کر دے۔ منت کا کچھ خیال نہ کرے۔

## سماع موتی اور نذر اولیاء کرام

(سوال ۹) سماع موتی اور نذر ماننا اولیاء کرام کا جائز ہے یا نہیں؟

(الجواب) سماع موتی مختلف فیہ ہے جو کہ معروف ہے اور نذر غیر اللہ کی جائز نہیں ہے۔(۲)

## نذر پوری نہ ہوئی تو نذر کے روپے کا حکم کیا ہے؟

(سوال ۱۰) ایک شخص کی والدہ بیمار تھی اس نے نیت کی کہ میں اللہ واسطے مسجد میں چالیس روپیہ دوں گا جب کہ اس کی والدہ بغیر تندرست ہوئے فوت ہو گئی تو وہ روپیہ مسجد میں دیوے یا برادری کو روٹی کھلاوے۔

(الجواب) اس شخص کو چالیس روپیہ اللہ واسطے دینا بہتر ہے خواہ مسجد میں دیوے یا محتاجوں کو دیوے۔(۳) اس میں ثواب ہے مگر برادری کی روٹی میں صرف کرنا درست نہیں ہے اور اس میں کچھ ثواب نہیں ہے۔

## نذر کی قربانی کا گوشت فقراء کا حصہ ہے

(سوال ۱۱) کسی کا لڑکا بیمار ہو جاوے تو اس طرح منت مانتے ہیں کہ اگر میرا لڑکا اچھا ہو جائے گا تو اتنے بکروں کی قربانی کروں گا۔ یہ گوشت غنی کے لئے جائز ہے یا نہیں؟

(الجواب) نذر کا گوشت فقراء کا حق ہے غنی کو نہ دینا چاہئے۔(۴)

---

(۱) نذر ان یتصدق بعشرة دراهم من الخبز فتصدق بغيره جاز ان ساوى العشرة كتصدق بثمنه (الدر المختار على هامش رد المحتار كتاب الايمان مطلب في احكام النذر ج۳ ص ۹۶ . ط.س. ج۳ص ۷۴۱) ظفير.

(۲) من نذر نذراً مطلقا او معلقا بشرط وكان من جنسه واجب وهو عبادة مقصودة (در مختار) وفي البدائع ومن شروطه ان يكون قربة مقصودة فلا يصح النذر بعيادة المريض وتشييع الجنازة والوضوء الخ ( ردالمحتار كتاب ايضا ج۳ ص ۹۱ .ط.س. ج۳ص ۷۳۵) واعلم ان النذر الذى يقع للا موات من اكثر العوام وما يوخذمن الدراهم والشمع والزيت ونحوها الى ضرائح الا ولياء الكرام وتقربا اليهم فهوبالا جماع باطل وحرام (الدر المختار على هامش ردالمحتار كتاب الصوم ج۲ ص ۱۷۵ .ط.س. ج۲ص ۴۳۹) ظفير. (۳) من نذر نذراً مطلقا او معلقا بشرط الخ وجد الشرط المعلق به لزم الناذر الخ كصوم وصلاة وصدقة (الدر المختار على هامش ردالمحتار احكام النذر ج ۳ ص ۹۱ .ط.س ج۳ص ۷۳۵) اس سے معلوم ہوا کہ ذمہ ضروری تو نہیں ہے لیکن بہ نیت ایصال ثواب مسجد میں لگا دینا یا غریبوں کو دیدینا بہتر ہے ظفیر۔

(۴) ناذر المعينة ولو فقيرا لو ذبحها تصدق بلحمها الخ ولا ياكل الناذر منها (الدر المختار على هامش ردالمحتار كتاب الاضحية ج۵ ص ۲۷۲ وج۵ ۲۸۰ .ط.س. ج۶ص ۳۲۰) وفي القنية هذا التصدق على الا غنياء لم يصح مالم ينو ابناء السبيل (ايضا كتاب الايمان ج ۳ ص ۹۳ .ط.س. ج۳ص ۷۳۷) ظفير۔ اس نذر کا وہی مصرف ہے جو زکوٰۃ کا ہے۔ مصرف الزكوة الخ وهو مصرف ايضا لصدقة الفطر والكفارة والنذر وغير ذلك من الصدقات الواجبة ( ردالمحتار باب المصرف ج۲ ص ۷۹ .ط.س. ج۲ص ۳۳۹) ظفير.

## منت کا گوشت خود کھانا جائز نہیں

(سوال ۱۲) کسی شخص نے مصیبت میں منت مانی تھی کہ اے اللہ اس مصیبت سے مجھ کو نجات دے تو تیرے نام کا ایک بکرا ذبح کروں گا یا ایک روپیہ کی شیرنی تقسیم کروں گا کام پورا ہونے پر بکرا ذبح کر کے گوشت مسکینوں کو تقسیم کردے یا خود بھی کھا سکتا ہے اور یہ شخص مالدار ہے۔

(الجواب) محتاجوں کو تقسیم کرنا چاہئے۔(۱)

## نذر مطلق کی گائے میں قربانی کے شرائط ہیں یا نہیں؟

(سوال ۱۳) نذر مطلق کی گائے اور بکری مثل قربانی کے دوسالہ اور ان عیوب سے پاک اور بڑی ہونا شرط ہے یا نہیں؟

(الجواب) گائے و بکری وغیرہ کی نذر اسی وجہ سے صحیح ہے کہ ان جانوروں کی قربانی ہوتی ہے ،لہذا شرائط قربانی کا پایا جانا نذر مطلق میں ضروری ہے۔(۲) البتہ نذر معین جس کی کرے وہی متعین ہے۔

## نذر کی قربانی میں شرائط کا لحاظ

(سوال ۱۴) در جانور شرائط قربانی ملحوظ است یا نہ۔ اگر کسے نذر کرد کہ گاوے برائے خدا ذبح نماید آیا اور ای رسد کہ گاوے برائے خدا ذبح نماید یا بلا ذبح بفقیر سے بدہد۔

(الجواب) در جانور منذور شرائط قربانی ملحوظ خواہد بود۔ و در نذر ذبح گاؤ ذبح کردنش و صدقہ کردنش احوط است۔(۳)

## نذر کا جانور کیسا ہو؟

(سوال ۱۵) نذر کا جانور مثل قربانی کے ہونا چاہئے یا نہیں؟

(الجواب) یہی احوط ہے کہ جانور منذورہ مثل قربانی کے ہو۔ کیونکہ جانور منذورہ کو فقہاء نے بقیاس علی الاضحیہ کے تصریح کی ہے۔ شامی۔(۴)

## نذر کی نفل نماز کھڑا ہو کر پڑھے یا بیٹھ کر

(سوال ۱۶) جو شخص نذر کرے اگر اللہ تعالیٰ میرا فلاں کام پورا کر دے تو دس نفل پڑھوں گا تو ان نفلوں کو کھڑے ہو کر ادا کرنا واجب ہے یا بیٹھ کر بھی ادا کر سکتا ہے؟

(الجواب) اگر طاقت ہے تو کھڑا ہو کر پڑھنا چاہئے۔(۵)

---

(۱) ناذر لمعینة ولو فقيراً تصدق بلحمها الخ ولا يا كل الناذر منها (الدر المختار على هامش (ردالمحتار كتاب الا ضحية ج۵ ص ۲۷۹ ط.س. ج٦ص ۳۲۰) ظفير.

(۲) ولو قال لله على ان اذبح جزورا وتصدق بلحمه فذبح مكانه سبع شياه جازو وجهه لا يخفى (در مختار) ووجهه لا يخفى هو ان السبع تقوم مقامه فى الضحايا والهدايا (ردالمحتار كتاب الايمان ج۳ ص ۹٦ ط.س. ج۳ص ۷٤۰).

(۳) قال فى البدائع اما الذى يجب على الغنى والفقير فالمنذور به بان قال لله على ان اضحى شاه او بدنة او هذه الشاة او البدنة او قال جعلت هذه الشاة اضحية لانها قربة من جنسها ايحاب الخ فتلزم بالنذر كسائر القرب والوجوب بالنذر يستوى فيه الغنى والفقير الخ (ردالمحتار كتاب لا ضحية ج۵ ص ۲۷۹ ط.س. ج٦ص ۳۲۰. ظفير.

(٤) ولوقال لله على ان اذبح جزورا واتصدق بلحمه فذبح مكانه سبع شياه جازووجهه لا يخفى (در مختار) هو ان السبع تقوم مقامه فى الضحايا والهدايا (در المختار احكام النذر ج۳ ص ۹٦ ط.س. ج۳ص ۷٤۰) ظفير.

(۵) اس لئے کہ اس کا پورا ثواب ملے گا۔

## شیرینی تقسیم کرنے کی نذر اور اس کا حکم

(سوال ۱۷) کسی شخص نے نذر کی کہ اگر میرا فلاں کام ہو جاوے تو اس قدر شیرینی تقسیم کروں گا بعد پورا ہونے کام کے شیرینی ہی تقسیم کرے یا تیل لوٹہ صف وغیرہ بھی مسجد میں رکھ سکتا ہے؟

(الجواب) شیرینی ہی بانٹنا ضروری نہیں ہے۔ فقراء و مساکین کو وہ رقم صدقہ کر سکتا ہے۔(۱) مسجد میں کوئی چیز اس رقم سے خرید کر نہ دیوے۔(۲)

## نذر کے جانور میں عمر کا لحاظ

(سوال ۱۸) جب کسی کا لڑکا بیمار ہوتا ہے تو ایک بکرا خواہ گائے ذبح کر کے محتاجوں پر تقسیم کر دیتے ہیں یا منت مانتے ہیں کہ یا اللہ اگر میرا لڑکا اچھا ہو جاوے گا تو میں ایک بکرا یا گائے ذبح کر کے محتاجوں کو دوں گا تو بکرا ایک سال سے کم اور گائے دو سال سے کم کی ذبح کرنا جائز ہے یا نہیں؟

(الجواب) اس صورت میں جب کہ نذر اور منت مانی گئی تو بکرا ایک برس کا اور گائے دو برس کی ہونی چاہئے مثل قربانی کے۔(۳)

## گائے کے صدقہ کرنے کی نذر مانی تو عمر کا لحاظ ہوگا

(سوال ۱۹) شخصے یازنے نمود کہ اگر خداوند کریم او را شفاء دہد للہ یک گوسفند یا یک گاؤ تصدق خواہم کرد آیا بعد صحت گوسفند یک سالہ و گاؤ دو سالہ ضرور است یا نہ۔

(الجواب) عبارتے دریں بظر نیامدہ قیاس بر اضحیہ می خواہد کہ گوسفند یک سالہ و گاؤ دو سالہ باشد و احوط بود لش محل تردد نیست۔(۴)

## نذر کی قربانی کے گوشت کا حکم

(سوال ۲۰) قربانی کرنے کی نذر مانی تو اس قربانی کا سب گوشت خیرات کرنا ہوگا یا ہم خود بھی استعمال کر سکتے ہیں اور امراء کو بھی دے سکتے ہیں؟

(الجواب) اس کا تمام گوشت صدقہ کر دینا چاہئے اور محتاجوں کو ہی دینا چاہئے۔(۵)

## نذر کے جانور میں عمر کی قید

(سوال ۲۱) زید نے نذر مانی کہ اگر میرے لڑکے کو اللہ تعالیٰ شفا دے تو میں ایک بکری یا یہ بکری یا فلاں سفید بکری کو صدقہ کروں گا ان صورتوں میں عمر بکری کی مثل قربانی کے شرط ہے یا نہیں؟

---

(۱) نذر لفقراء مكة جاز الصرف لفقراء غيرها لما تقرر في كتاب الصوم ان النذر غير المعلق لا يختص بشئ (در مختار) وكذا يظهر منه انه لا يتعين فيه المكان والدرهم والفقير ردالمحتار مطلب احكام النذر ج ۳ ص ۹۶ ط.س. ج۳ص ۷٤۰) ظفير. (۲) کیونکہ نذر واجب التصدق ہے جو فقراء کا حق ہے، مسجد پر اس کا خرچ کرنا درست نہیں ہے۔ ظفیر۔

(۳) ولو قال لله على ان اذبح جزوراً وتصدق بلحمه فذبح مكانه سبع شياه جاز الدر المختار على هامش ردالمحتار ج۳ ص ۹٦. ط.س. ج۳ص ۷٤۰) ظفير. (٤) ايضا ط.س. ج۳ص ۷٤۰

(٥) مصرف الزكوة والعشر الخ وهو مصرف ايضا لصدقة الفطر والكفارة والنذر وغير ذلك من الصدقات الواجبة (ردالمحتار باب المصرف ج۲ ص ۷۹ ط.س. ج۲ص۳۳۹) ظفير

## ماں نے بیٹے کے بیل کی قربانی نذر مانی بیٹا راضی نہیں کیا کرے؟

(سوال ۲۲) خالد کے دو بیل بیمار ہوگئے اس کی ماں نے نذر مانی کہ اگر یہ بیل اچھے ہوگئے تو ایک بیل قربانی کروں گی جب بیل اچھے ہوگئے تو خالد اپنی ماں کو نذر پورا کرنے سے منع کرتا ہے۔ ایفاء نذر کیوں کر ہو؟

(الجواب) اس بکری میں شرائط قربانی کا لحاظ رکھنا چاہئے البتہ اگر کسی بکری کو متعین کر دیا ہے تو اس کو ہر حال نذر کے پورا کرنے کے لئے ذبح کر کے صدقہ کر سکتا ہے خواہ شرائط قربانی اس میں پائی جاویں یا نہ پائی جاویں۔(۱)

(۲) خالد کے مملوکہ بیلوں میں بدون اجازت خالد کے اس کی والدہ کسی بیل کو ذبح نہیں کر سکتی بلکہ اس کو اور بیل خرید کر ذبح کر کے نذر پوری کرنی چاہئے کیونکہ دوسرے کے ملک میں اس کو اختیار نہیں ہے پس اگر اس کی والدہ کی غرض نذر سے یہ تھی کہ انہیں دو بیلوں مملوکہ خالد میں سے ایک کو ذبح کروں گی تو وہ نذر منعقد نہیں ہوئی۔(۲) لقوله عليه السلام ولانذر لابن ادم فيما لا يملك الحديث او كما قال صلى الله عليه وسلم اور اگر مطلق بیل کا ذبح کرنا نذر کیا تھا تو نذر صحیح ہوگئی پس اس صورت میں دوسرا بیل خرید کر نذر پوری کرے۔

## ہر نماز کے بعد دو رکعت نفل کی نذر مانی کیا کرے؟

(سوال ۲۳) زید نے نذر کی تھی کہ اگر میرا فلاں کام پورا ہوگیا تو ہر نماز کے بعد دو رکعت نفل پڑھوں گا، بفضلہ اس کا کام پورا ہوگیا، پس زید اپنی نذر کے موافق کئی دن تک پانچوں نذر کا دوگانہ ادا کرتا رہا، پھر کبھی کبھی قضا ہونے لگا رفتہ رفتہ بالکل چھوٹ ہی گیا، اب حساب بھی یاد نہیں رہا کہ کتنے دوگانہ قضاء ہوئے اور کتنے پڑھے گذری ہوئی نذر کی نمازوں کے متعلق کیا کیا جاوے جن کا حساب بھی یاد نہیں رہا اور آئندہ بھی اس نذر کے دوگانہ کو ادا کرنا لازم ہے یا اس سے بچنے کی کوئی صورت ہو سکتی ہے؟

(الجواب) اس قسم کی نذر لازم ہو جاتی ہے اور پورا کرنا اس کا لازم ہے۔ جو دوگانہ وقت پر ادا نہیں ہوا اس کی قضاء لازم ہے۔(۳) اور زندگی میں فدیہ دینا ان نمازوں کا درست نہیں ہے، فدیہ کی وصیت بوقت موت لازم ہوتی ہے کہ اس قدر دوگانہ میرے ذمہ رہے ان کا فدیہ میرے مال سے دیا جاوے، ہر ایک دوگانہ کا فدیہ مثل صدقۃ الفطر کے بوزن اسی ۸۰ پونے دو سیر گندم تقریباً ہوتے ہیں ہر ایک دوگانہ کے عوض وارث اس قدر گندم یا اس کی قیمت ادا کریں یہ تو بعد الموت کا حکم ہے زندگی میں سوائے ادا کرنے یعنی قضا کرنے ان دوگانوں کے اور کوئی صورت خلاصی کی نہیں ہے۔ پس اب یہ کیا جاوے کہ آئندہ ہر نماز کے ساتھ دوگانہ منذورہ ادا کرے مگر جن نمازوں کے بعد اس قسم کی نماز درست نہیں ہے جیسے فجر اور عصر اس میں یہ کرے کہ عصر سے پہلے پڑھ لے اور فجر کے بعد کا دوگانہ آفتاب نکلنے کے بعد یا صبح صادق سے پہلے پڑھ لیا کرے اور باقی نمازوں کے بعد اس دوگانہ کو ادا کیا کرے۔ اور گذشتہ

(۱) ولو قال لله علی ان ذبح جزورا واتصدق بلحمه فذبح مكانه سبع شاه جازوو جهه لا يخفى (در مختار) وهو ان السبع تقوم مقامه فی الضحايا والهدايا (ردالمحتار مطلب احكام النذر ج۳ ص ۹۶ .ط .س. ج۳ص ۷۴۰) ظفیر

(۲) نذر ان يتصدق بالف من ماله وهو يملك دونها لزمه ما يملك منها فقط هو المختار لانه فيما لم يملك لم يوجد النذر الخ قال مالی فی المساكين صدقة ولا مال لم يصح اتفاقا (در مختار) وشرط صحة النذر ان يكون المنذور ملكا للناذر (ردالمحتار مطلب فی احكام النذر ج۳ ص ۹۷ .ط .س. ج۳ص ۷۴۱) ظفیر. (۳) ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال من نذر ان يطع الله فليطعه (مشكوة باب فی النذور ج ۸ ص ۲۹۷ فيه دليل على من نذر طاعة يلزم الوفاء به (حاشيه مشكوة)

فوت شدہ دوگانوں کا تخمینہ کرلے کہ کب سے نہیں پڑھی، ہر ایک شب وروز کے پانچ دوگانہ واجب ہیں ان کو جس طرح سہل ہو قضا کرتا رہے اور پھر اس کے اندازہ میں جس قدر باقی رہ جاویں ان کے لئے وصیت کردیوے کہ اس قدر فدیہ دوگانوں کا میرے بعد ادا کیا جاوے۔(۱)

## زیورات کے صدقہ کی نذر کی صورت میں قیمت دینا کیسا ہے؟

(سوال ۲۴) حالت مرض میں مریض کی طرف سے کچھ زیورات و نرگاؤ وغیرہ صدقہ کے لئے نکالے گئے بعد صحت یابی مریض کی رائے سے ان کی قیمت طے کرا کر صدقہ کرنا اور اشیاء مذکورہ اپنے صرف میں لانا درست ہے یا نہیں۔

(الجواب) قیمت کا دینا اس صورت میں درست ہے کذافی الدر المختار(۲)

## مٹھائی کی نذر کی تو اس کی قیمت سے کپڑا بنا کر دینا جائز ہے

(سوال ۲۵) کسی نے نذر کی کہ اگر میرا کام ہو جاوے تو میں اتنی نقدی کے بتاشے لڑکوں کو تقسیم کروں اگر یہ خیال کرکے کہ اس میں تو چنداں نفع نہیں، کسی مسکین کو کپڑا بنا دیا یا کسی مسکین کو نقد ہی دے دیا تو نذر ادا ہو گئی یا نہ؟

(الجواب) اس صورت میں نذر ادا ہو جاوے گی، بتاشہ کی تخصیص نہیں ہے کذافی الدر المختار نذر ان یتصدق بعشرة دراهم من الخبز فتصدق بغيره جاز ان ساوى العشرة كتصدقه بثمنه الخ ۔(۳)

## نذر کا کھانا محتاج کا حق ہے

(سوال ۲۶) ایک شخص دانش مند فتویٰ جدیدہ ایجاد کرتا ہے کہ نذر اللہ اور ایصال ثواب کا کھانا محتاج، فقراء وغیرہ کا حق ہے، متمول اور مرفہ الحال کو ناجائز ہے، یہ صحیح ہے یا غلط؟

(الجواب) یہ صحیح ہے، کہ نذر اللہ وایصال ثواب کا کھانا و نقد وغیرہ فقراء ومساکین کا حق ہے، امراء ورؤسا کو کھلانا نہ چاہئے(۴)

## تاریخ سے پہلے نذر پوری کردے تو

(سوال ۲۷) زید نے نذر مانی کہ میں اپنی بھینس کا سب دودھ گیارھویں تاریخ کا خیرات کردیا کروں گا۔ اگر اسی قدر دودھ تاریخ معین سے پہلے خیرات کردے تو جائز ہے یا نہ؟

(الجواب) پہلے خیرات کردینا بھی درست ہے۔(۵)

---

(۱) ولو نذر الصوم الا بد فاكل لعذر فدى (در مختار) فاكل لعذر وكذا لدونه قوله فدى لكل يوم نصف صاع من برا و صاعا من شعير وان لم يقدر استغفر الله تعالى كما مر ( ردالمحتار كتاب الايمان ج۳ ص ۹۷ ط.س. ج۳ص ۷٤۱) ظفير
(۲) وكذا يظهر منه لايتعين فيه المكان والدرهم والفقير لا ن التعليق انما اثر في انعقاد السببية فقط ( ردالمحتار ج۳ ص ۹٦ ) نذران يتصدق بعشرة دراهم من الخبز فتصدق بغيره جاز ان ساوى كعشرة كتصدق بثمنه (الدر المختار على هامش ردالمحتار مطلب في احكام الندر ج۳ ص ۹٦ .ط.س. ج۳ص ۷٤۱)ظفير .(۳)الدر المختار على هامش ردالمحتار كتاب الايمان ج۳ ص ۹٦، و ج۳ ص ۹۷ ظفير. ط.س. ج۳ص ۷٤۱. ۱۲ . (٤)مصرف الزكوة الخ ، وهو ايضا مصرف لصدقة الفطر والكفارة والنذر وغير ذلك من الصدقات والواجبة (در المختار باب المصرف ج۲ ص ۷۹ ط.س. ج۳ص ۳۳۹) ظفير. (۵)فلو نذر التصدق يوم الجمعة بمكة بهذالدرهم على فلان فخالف جاز وكذا لو عجل قبله فلو عين شهرا للا عتكاف او للصوم فعجل قبله عنه ، صح، وكذالو نذر ان يحج سنة كذا فحج سنة قبلها صح الخ. لا نه تعجيل بعد وجود السبب وهوالندر فيلغوالتعين. ( ردالمحتار كتاب الايمان ج۳ ص ۹٦ ط.س. ج۳ص ۷٤۱) ظفير ۱۲

## باپ کی بیوہ کو نذر کے روپے دینا جائز ہے

(سوال ۲۸) زید نے اپنے مقصد برآری کے عوض میں دس روپیہ اللہ تعالیٰ کے نام پر بطور نذر یا منت دیئے گئے تھے اتفاق سے اس کی مادر جو بیوہ ہے اور سید ھے ضرورت مند ہے اگر زید وہ روپیہ اس کو دے دے تو منت پوری ہو جائے گی یا نہیں اور دراں حالانکہ وہ سیدانی ہے۔ اس کو یہ صدقہ دینا جائز ہے یا نہیں؟

(الجواب) سوتیلی ماں ہونے کی وجہ سے تو اس کو دینا نذر کے روپیہ کا ممنوع نہ تھا مگر سیدانی ہونے کی وجہ سے اس کو دینا ممنوع ہے کیونکہ نذر کے روپیہ کا حکم زکوٰۃ کا سا ہے اور مصرف نذر کے روپیہ اور زکوٰۃ کا ایک ہے۔(۱)

## نذر کی قربانی ادا کرنے سے پہلی واجب قربانی ادا نہ ہوگی

(سوال ۲۹) کسی نے منت مانی کہ اگر میرا فلاں کام ہو جائے تو عید الضحیٰ کے دن گائے یا بکری قربانی کروں گا اب اگر اس کا کام ہو جائے تو اس پر وہ گائے قربانی کرنا واجب ہو گا یا نہیں اگر واجب ہو گا تو جو قربانی مالک نصاب ہونے کے سبب سے واجب ہوئی تھی ادا ہو گی یا نہیں؟

(الجواب) اگر وہ شخص صاحب نصاب ہے کہ اس پر قربانی پہلے سے واجب ہے تو بصورت نذر کرنے اس کو دو قربانی کرنی چاہئے کذا فی الشامی۔(۲)

## نذر معین میں گوشت کے بجائے زندہ جانور دینا

(سوال ۳۰) شخصے نذر معین کردہ است کہ فلاں روز یا ہر ماہ گوسفندے خواہم واو ہنوز گوسفند را ذبح کردہ مساکین را تقسیم کند یا زندہ یکے محتاج را بدہد ایں ہم جائز است یا نہ یا عوض آں...... گوسفند قیمت نقد یا اناج بدہد روا باشد یا نہ؟

(الجواب) خواہ ذبح کردہ صدقہ کند یا زندہ بمستحق راصدقہ کند ہمہ جائز است۔(۳)

## مسجد میں سونے کا چراغ جلانے کی منت

(سوال ۳۱) عمر نے منت مانی کہ اگر میری فلاں مراد بر آئی تو اپنے پیر کے مسجد میں سونے کا چراغ جلاؤں گا بعد اس نذر پوری کرنے کے وہ چراغ مسجد کے کام میں صرف کیا جاوے یا کون مستحق ہے؟

(الجواب) وہ چراغ مسجد کے صرف میں لایا جاوے۔ وہ مسجد کا ہو گیا۔

## بغیر قبضہ قرض دار کو معاف کر دینے سے نذر ادا نہ ہوگی

(سوال ۳۲) قرض خواہ مقروض مفلس سے کہتا ہے کہ میرے بائیس روپیہ جو تمہارے ذمہ قرض ہیں ان میں سے ساڑھے بارہ روپیہ عوض نذر معین میں نے ساقط کئے قبل القبض علی القرض کیا نذر معین ادا ہو سکتی ہے۔

(الجواب) نذر معین اور نذر مطلق کے مصارف وہی ہیں جو زکوٰۃ کے جیسا کہ شامی باب المصرف میں ہے وھو

---

(۱) مصرف الزكوة الخ وهو مصرف ايضا لصدقة الفطر والكفارة والنذر الخ (ردالمحتار باب المصرف ج ۳ ص ۹۶) ظفير. (۲) ولو نذر ان يضحى شاة وذلك في ايام النحر وهو موسر فعليه ان يضحى بشاتين عندنا شاة بالنذر وشاة بايجاب الشرع ابتداء (ردالمحتار كتاب الاضحية ج۵ ص ۲۷۹ و ج۵ ص ۲۸۰ ط.س. ج۶ ص ۳۲۰) ظفير.

(۳) ولو تركت الاضحية ومضت ايامها تصدق بها حية ناذر فاعلى تصدق لمعينة ولو فقيرا ولو ذبحها تصدق بلحمها تصدق بقيمة النقصان ايضاً ولا يا كل الناذر منها فان اكل تصدق بقيمة ما اكل (الدر المختار على هامش ردالمحتار كتاب الاضحية ج۵ ص ۲۸۹ و ج۵ ص ۲۸۰ ط.س. ج۶ ص ۳۲۰

مصرف ایضا لصدقة الفطر والکفارة والنذر الخ(۱) پس جیسا کہ بطریق مذکور زکوۃ ادا نہیں ہوئی نذر بھی ادا نہ ہوگی شامی میں ہے وفی صورتین لا یجوز الا ولی اداء الدین عن العین کجعله ما فی ذمة مدیونه زکوۃ لما له الحاضر الخ(۲) وفی الدر المختار وحیلة الجواز ان یعطی مدیونه الفقیر زکوته ثم یاخذها عن دینه(۳)

## گائے کے ذبح کرنے میں نیت کا اعتبار

(سوال ۳۳) زید نے اپنی بیماری میں نیت کی کہ اگر خدا شفا بخشے تو ایک گائے ذبح کر کے اہل محلہ کو کھلاؤں گا، یا عمر نے نیت کی کہ اگر میرا مقصود حاصل ہو تو دس روپیہ کی شیرنی مسجد میں مصلیوں کو کھلاؤں گا۔ اب بعد حصول مقصود اور شفائے مرض کے یہ نذر کس طرح ادا کریں اس لئے کہ اہل محلہ اور مسجد کے مصلیوں میں بہت سے صاحب نصاب بھی ہیں اگر صاحب نصاب کو بھی کھلائیں تو نذر ساقط ہوگی یا نہیں اور اس قسم کا کھانے والا اور کھلانے والا مرتکب کبیرہ ہیں یا نہیں؟

(الجواب) در مختار میں ہے ولو قال ان برئت عن مرضی هذا ذبحت شاة اوعلی شاة اذبحها فبرئ لا یلزمه شئی الاان یقول فلله علی ان اذبح شاة الخ(۴) اس سے معلوم ہوتا ہے کہ صیغہ نذر کا یہ ہے کہ یوں کہے کہ اللہ کے واسطے میرے ذمہ یہ ہے کہ مثلاً گائے ذبح کروں اور یہ بھی مسئلہ ہے کہ محض نیت سے نذر نہیں ہوتی جب تک زبان سے صیغہ نذر کا نہ کہے پس صورت مسئولہ میں اول تو نذر ہونے میں کلام ہے۔ اور اگر فی الواقع اس نے نذر کی ہے تو پھر حکم یہ ہے کہ فقراء پر وہ گوشت صدقہ کرنا چاہئے اہل محلہ کی قید بھی لازم نہیں ہے اور مصلیان مسجد کی تخصیص بھی ضروری نہیں ہے جن فقراء کو چاہے دے دیوے۔ در مختار میں ہے نذر لفقراء مکة جاز التصرف لفقراء غیر ها الخ وفی ردالمحتار و کذا یظهرانه لا یتعین فیه المکان والدرهم والفقیر الخ ص ۷۱ جلد نمبر ۳ شامی۔(۶) الحاصل جو کچھ نذر کیا وہ فقراء کو دینا لازم ہے اگر اس میں سے کچھ اغنیاء کو دیا گیا تو اسی قدر اور اپنے پاس سے فقراء کو دیوے ورنہ وہ مقدار نذر اس کے ذمہ واجب رہے گی اور جب کہ وہ مقدار فقراء کو دے دیوے گا تو کچھ گناہ نہ رہے گا۔

## جس متعین جانور کی نذر مانی اس کا دے دینا کافی ہے

(سوال ۳۴) کسی نے کم عمر جانور معین کی تصدق کی نذر معلق مانی اب مقصود حاصل ہو گیا فوراً اس جانور کو صدقہ کرنا چاہئے یا اضحیہ کے عمر کے لحاظ سے دیر کریں۔

---

(۱) ردالمحتار باب المصرف ج ۲ ص ۷۹ ط.س. ج ۲ ص ۳۳۹. ظفیر
(۲) ردالمحتار کتاب الزکوة ج ۲ ص ۱٦ ط.س. ج ۲ ص ۲۷۱ ظفیر.
(۳) الدر المختار علی هامش ردالمحتار کتاب الزکوة ج ۲ ص ۱٦ ط.س. ج ۲ ص ۲۷۱ . ظفیر.
(٤) الدر المختار علی هامش ردالمحتار کتاب الایمان ج ۳ ص ۹۵. ط.س. ج ۳ ص ۷۳۹ ظفیر.
(۵) ردالمحتار کتاب الایمان ج ۳ ص ۹٦ ط.س. ج ۳ ص ۷٤۰. ظفیر.
(٦) ردالمحتار کتاب الایمان (ج ۳ ص ۹٦ ط.س. ج ۳ ص ۷٤۰) ظفیر.

(الجواب) جتنی عمر کا بھی وہ جانور ہے جب کہ نذر اسی کے ساتھ معین ہے اسی کو ذبح کرنا کافی ہے۔(۱)

## مسجد میں بتاشہ تقسیم کرنے کی نذر

(سوال ۳۵) کسی نے کہا کہ اگر خدا تعالیٰ میرا فلاں کام بر لاوے گا تو جامع مسجد کے مصلیوں میں پانچ سیر بتاشہ تقسیم کروں گا یہ نذر ہوگی یا وعدہ؟

(الجواب) یہ نذر ہوگئی لیکن تعین بتاشہ وغیرہ کی ضروری نہیں اس کی قیمت کو بھی صدقہ فقراء پر کر سکتا ہے اور جامع مسجد کی بھی تخصیص نہ ہوگی کما فی الدر المختار والشامی(۲)

## لڑکا کی سلامتی پر نذر

(سوال ۳۶) زید نے نذر قبول کی کہ اگر میرا لڑکا زندہ و سلامت رہے تو بعد نو سال کے نو روپیہ کی شیرینی اللہ کے نام کی یا کھانا پکا کر مساکین و اقارب کو تقسیم کروں گا اب زید اس روپیہ کی شیرنی اور کھانا ہی تقسیم کرے یا تعمیر و صرف طلبہ میں دے سکتا ہے یا نہ؟

(الجواب) شیرینی اور کھانے کی تخصیص لازم نہیں ہے۔ نقد بھی فقراء کو دے سکتا ہے۔ کذا فی الدر المختار لیکن تعمیر مسجد میں صرف کرنا اس کا درست نہیں ہے اور طلبہ مساکین کو دے سکتا ہے۔(۳)

## مسجد میں جو زمین دی اس میں مدرسہ بنانے کا حکم

(سوال ۳۷) ایک شخص نے جو کچھ زمین نذر اللہ دیا یا مسجد میں دیا یا بزرگوں کے ایصال ثواب کے لئے دیا اور کوئی کچھ زمین وقف دیا، اب بستی کے کل آدمیوں نے متفق ہو کر زمین مذکور کی آمدنی سے ایک مکتب بنایا اور ایک استاد پڑھانے کے لئے مقرر کیا اور زمین مذکورہ کی آمدنی سے استاد کو تنخواہ دی جاتی ہے درست ہے یا نہیں؟

(الجواب) زمین موقوفہ کی آمدنی اس کام میں صرف ہونی چاہئے جس کام کے لئے واقف نے اس زمین کو وقف کیا ہے پس جو زمین مسجد کی ضروریات پوری کرنے کے لئے ہے وہ آمدنی اس میں صرف کی جاوے اور جو زمین فقراء میں صرف کرنے کو وقف کی جاوے اس کی آمدنی فقراء و مساکین پر صرف کی جاوے طلبہ مساکین بھی اس کا مصرف ہیں مگر تنخواہ مدرس اس میں سے دینا درست نہیں ہے

## اونٹ کی نذر مانی اونٹ نہ ملے تو کیا کرے؟

(سوال ۳۸) زید نے یہ منت مانی تھی کہ یا اللہ اگر فلاں مقصود میرا حاصل ہو تو ایک اونٹ قربانی کروں گا۔ اب وہ مقصود حاصل ہو گیا اور اونٹ وہاں پر نہیں ملتا، اگر زید اونٹ کی قیمت خیرات کردے تو نذر ادا ہوگی یا نہیں؟

---

(۱) تصدق ناذر لمعينة ولو فقير الو ذبحها تصدق بلحمها الخ (الدر المختار على هامش ردالمحتار كتاب الا ضحية ج ۵ ص ۲۷۹ ط.س. ج۶ص ۳۲۰) ظفير وكذا لوماتت فعلى الغنى غير ها لا الفقير (در مختار) اى ولو كانت الميتة منذورة بعينها لما فى البدائع ان لمنذورة لو هلكت او ضاعت تسقط التضحية بسبب النذر غيرانه ان كان موسرا تلزمه الا خرى بايجاب الشرع ابتداء لا بالنذر ولو معسر لا شي عليه اصلا ( ردالمحتار كتاب الا ضحية ج۵ ص ۲۸۴ ط.س. ج۶ص۳۲۵) (۲) نذر لفقراء مكة جاز الصرف لفقراء غيرها لما تقرر فى كتاب الصوم ان النذر غير المعلق لا يختص بشى (در مختار) والنذر عن اعتكاف او حج او صلاة او صيام وغيرها غير المعلق ولو معينا لا يختص بزمان ومكان و درهم وفقير فلو نذر التصدق يوم الجمعة بمكة بهذا الدرهم على فلان فخالف جاز ( ردالمحتار كتاب الايمان ج ۳ ص ۹۶ ط.س. ج۳ص ۷۴۰) ظفير (۳) فلو نذر التصدق يوم الجمعة بمكة بهذا الدر هم على فلان فخالف جاز ( ردالمحتار كتاب الا يمان ج۳ ص ۹۶ ط.س. ج۳ص ۷۴۱) ظفير

(الجواب) درمختار میں ہے کہ اگر کسی نے نذر کی کہ میں اونٹ ذبح کروں گا تو وہ سات بکرے ذبح کر سکتا ہے ولو قال للّٰہ علی ان اذبح جزورا واتصدق بلحمہ فذبح مکانہ سبع شیاہ جاز الخ (درمختار)۔(۱)

## نذر کے جانور سے فائدہ حاصل کرنا

(سوال ۳۹) انتفاع از حیوان منذورہ جائز باشد یا چہ وبچہ اش حکم ام باشد یا نہ؟

(الجواب) انتفاع از حیوان منذورہ درست نیست وبچہ اش حکم ام باشد کما فی الشامی لان الام تعینت للاضحیۃ والولد یحدث علی صفات الام الشرعیۃ ومن المشائخ من قال ھذا فی الاضحیۃ الموجبۃ بالنذر او مافی معناہ کشراء الفقیر والا فلا الخ ج۵ ص ۲۰۵ کتاب الاضحیۃ۔(۲)

## چرس کی نذر صحیح نہیں

(سوال ۴۰) میری پھوپھی بیمار تھی لوگوں نے کہا کہ سائیں سیلی بابا کی زیارت پر جاتا اور چرس نذر کرتا، خدا کے فضل سے میری پھوپھی صحت یاب ہو گئی اب وہ زیارت مذکور جس جگہ ہے وہاں بطور سیاحت جاتا چاہتی ہے اس بارہ میں کیا حکم ہے؟ آیا چرس کا ثواب پہنچادے یا نقد کا یا کچھ نہیں؟

(الجواب) چرس کی نذر صحیح نہیں ہے اور چرس چڑھانا گناہ ہے ایسی نذر صحیح نہیں ہوتی، پس نہ چرس دینا لازم ہے نہ نقد نہ کچھ اور چیز ویسے تبرعا اگر ان بزرگ کو ثواب پہنچانے کی غرض سے کسی محتاج کو نقد یا کھانا وغیرہ دے دیوے تو اس میں کچھ مضائقہ نہیں ہے مگر چرس نہ دیوے اور پھوپھی کو اگر بطریق سیر وسیاحت اپنے ہمراہ لے جاؤ اور کوئی امر خلاف شریعت واقع نہ ہو تو درست ہے۔(۳)

## بیمار نذر بعد صحت پوری کرے اور صحت نہ ہونے کی صورت میں فدیہ دے

(سوال ۴۱) ہندہ کا شوہر کسی آفت میں مبتلا ہو گیا تھا، اس نے چھ مہینہ کے روزہ پے در پے رکھنے کی نذر مانی، اللہ تعالیٰ نے اس کے شوہر کو نجات بخشی، ہندہ ایفاء نذر میں تاخیر کرتی رہی کہ سخت بیمار ہو گئی، اب وہ کیا کرے؟

(الجواب) انتظار صحت کا کرے بعد صحت کے روزہ نذر کے رکھے اگر اچھی نہ ہو تو وصیت فدیہ کی کرے کہ اس کے مال میں سے اس کے ورثہ فدیہ ادا کرے اور فدیہ ایک روزہ کا مثل فطرہ کے ہے۔ زندگی میں اس کو فدیہ دینا درست نہیں، یعنی اس فدیہ سے روزہ ادانہ ہوں گے، تندرست ہو کر پھر روزہ رکھنے ہوں گے ورنہ وصیت کرنا لازم ہوگا وقضوا لزوما ما قدروا والا فدیۃ ولو ماتوا بعد زوال العذر وجبت الوصیۃ الخ(۴) فقط۔

---

(۱) الدر المختار علی ھامش ردالمحتار مطلب احکام النذر ج۳ ص ۹۶. ط.س. ج۳ص ۷۴۰ (ظفیر)

(۲) ردالمحتار کتاب الاضحیۃ ج۵ ص ۲۸۲. ط.س. ج۶ص ۳۲۳ (ظفیر)۔

(۳) من نذر نذرا مطلقا او معلقا بشرط وکان من جنسہ واجب الخ وھو عبارۃ مقصودۃ (در مختار) وفی البدائع ومن شروطہ ان یکون قربۃ مقصودۃ فلا یصح النذر بعیادۃ المریض وتشییع الجنازۃ والوضوء والاغتسال و دخول المسجد ومس المصحف والاذان وبناء الرباطات والمساجد وغیر ذالک (ردالمحتار احکام النذر ج۳ ص ۹۱. ط.س. ج۳ص ۷۳۵)

(۴) النذر صوم شہر معین لزمہ متتابعا لکن ان افطر فیہ یوما قضاہ وحدہ وان قال متتابعا بلا لزوم استقبال لانہ معین (در مختار) لان شرط التتابع فی شہر بعینہ لغو لانہ تتابع لتتابع الایام الخ واما اذا کان الشہر غیر معین فان شاء تابعہ وان شاء فرقہ (ردالمحتار ج۳ ص ۹۷. ط.س. ج۳ص ۷۴۱)۔

## صحت کے لئے فدیہ جائز ہے

(سوال ۴۲) عوام وخواص میں دستور ہے کہ بیمار کی صحت کی غرض سے بکرا ذبح کرتے ہیں اور بظاہر ان کی نیت فدیہ کی ہوتی ہے۔ یہ جائز ہے یا نہیں ؟

(الجواب) جائز ہے۔(۱)

## گائے ذبح کرنے کی نذر میں عمر کا لحاظ ہوگا

(سوال ۴۳) ایک شخص نے اپنے اوپر نذر کی کہ اگر فلاں کام پورا ہو جاوے تو ایک گورو یعنی بقر خدا کے واسطے ذبح کر کے تقسیم کروں گا اب کام پورا ہو گیا، نذر ادا کرنا واجب ہے مگر اس طرف چند علماء میں تفرقہ عظیم واقع ہو گیا، ایک گروہ یہ کہتا ہے کہ گورو یعنی بقر جس عمر کا ہو ذبح کر دینا چاہئے۔ دوسرے گروہ کے علماء یہ کہتے ہیں کہ جو شرائط قربانی میں ہیں وہ اس نذر کے جانور میں بھی ہوں گی ورنہ نذر ادا نہ ہوگی ان دونوں قولوں میں سے کس کا قول عند الشرع صحیح ہے اور گوروا سے کہتے ہیں جو بڑا اور جوان ہو۔ بینوا توجروا۔

(الجواب) قال فی الدر المختار ولو قال للّٰہ علی ان اذبح جزوراً واتصدق بلحمہ فذبح مکانہ سبع شیاۃ جاز فی مجموع النوازل و وجھہ لا یخفی قولہ ووجھہ لا یخفی) ھو ان السبع تقوم مقامہ فی الضحایا والھدایا اط۔(۲) اس سے معلوم ہوتا ہے کہ شرائط قربانی کا لحاظ اس میں ضروری ہے۔ فقط۔

## صرف نذر کی نیت سے نذر واجب نہیں ہوتی

(سوال ۴۴) زید نیت کرتا ہے کہ اگر میری فلاں دکان یا مکان کرایہ پر چڑھ جاوے گا تو اس کی ایک ماہ کا کرایہ اللہ کے واسطے دوں گا۔ اب وہ مکان یا دکان کرایہ پر چڑھ گیا زید اس کے ایک ماہ کا کرایہ کو حسب وعدہ مصرف خیر میں صرف کرنا چاہتا ہے ایسے نذر کو اللہ کے واسطے کھانا پکوا کر طلبہ مساکین وغیرہ کو کھلا سکتا ہے یا نہیں اور اس میں سے خود بھی کھا سکتا ہے یا نہیں اور اپنے عزیز و اقارب کو کھلا سکتا ہے یا نہیں، کسی مسجد کی تعمیر یا مدرسہ کی تعمیر میں یا چاہ میں اس کو لگا سکتا ہے یا نہیں، آیا اس کو ایسا اختیار ہے یا نہیں کہ اس رقم موعودہ کو جس کار خیر میں چاہے لگا دے ؟

(الجواب) زید نے اگر محض ایسی نیت کی ہے اور زبان سے کچھ نذر نہیں کی اس حالت میں زید پر کچھ لازم نہیں ہوتا۔ اگر تبرعاً کچھ بطور صدقہ محتاجوں وغیرہم کو کھلا دیوے تو اچھا ہے، اس میں سے خود بھی کھا سکتا ہے اور اپنے عزیز و اقارب کو بھی کھلا سکتا ہے اور جو رقم چاہے مسجد میں بھی لگا دیوے کار ثواب ہے اور اگر زبان سے نذر اور منت مانی ہے کہ بصورت مذکورہ میرے ذمہ ہے کہ اللہ واسطے ایک ماہ کا کرایہ دوں گا تو پھر اس تمام رقم کو مساکین و فقراء کو دینا ضروری ہے اگر اس رقم کا کھانا پکوا کر کھلاوے تو تمام محتاجوں کو ہی کھلاوے خود اس میں سے نہ کھاوے اور نہ

---

(۱) ولو قال ان برأت من مرضی ھذا ذبحت شاۃ او علی شاۃ اذبحھا فبرئ لا یلزمہ شئ الخ الا اذا زاد و اتصدق بلحمھا فیلزمہ، لان الصدقۃ من جنسھا فرض وھی الزکاۃ (الدر المختار علی ھامش ردالمحتار احکام النذر ج۳ ص ۵۵ ط.س. ج۳ ص ۷۳۹) ظفیر۔

(۲) ردالمحتار کتاب الایمان ج۳ ص ۹۶ ط.س. ج۳ ص ۷۴۰۔ ظفیر من نذر نذراً مطلقاً او معلقاً بشرط وکان من جنسہ واجب الخ ووجد الشرط المعلق بہ لزمہ الناذر الخ کصوم وصلاۃ وصدقۃ (الدر المختار ای لزمہ الوفاء (ردالمحتار مطلب فی احکام النذر ج۳ ص ۹۱) گویا زبان سے کہنا شرط ہے صرف دل میں سوچنے سے کچھ نہیں ہوتا۔ ظفیر۔

احباب اغنیاء کو کھلاوے اور نہ مسجد میں لگاوے۔ غرض نذر کا یہ حکم ہے کہ صدقہ کرنا مساکین پر واجب ہے۔(۱) اور اگر نذر نہ ہو تو پھر اختیار ہے جیسا کہ پہلے لکھا گیا۔ فقط۔

## نذر مانی کہ ایسا ہو جائے تو قرآن ختم کروں گا

(سوال ٤٥) ایک شخص نے نذر کی کہ لڑکے کو آرام ہو جائے تو دس حافظوں سے ایک قرآن شریف ختم کراؤں گا اور دل میں یہ بھی ہے کہ ان کو کھانا بھی کھلاؤں گا، اس صورت میں نذر کا ادا کرنا واجب ہے یا نہیں؟

(الجواب) یہ نذر لازم نہیں ہوئی۔(۲)

## نیاز بنام حضرت حسینؓ کا حکم

(سوال ٤٦) ایک شخص نے واسطے اللہ کے بایں طور نذر کی کہ اگر میرے بیٹا ہو تو میں اللہ کے واسطے نیاز کروں اور ثواب حضرت حسینؓ کی روح کو پہنچاؤں، اب میرے بیٹا ہوا اور میں نے ہر سال ایک ہنسلی بنوا کر رکھ لی اب وہ پوری ہو گئی ہیں۔ میں چاہتا ہوں کہ واسطے اللہ ثواب امام حسینؓ کی روح کو پہنچادوں۔ یہ صورت جائز ہے یا نہ؟

(الجواب) ایسی نذر جس میں اموات کا تقرب ہو بالاتفاق باطل اور حرام ہے للا جماع علی حرمة النذر للمخلوق ولا ینعقد الخ. (۳) پس امام حسینؓ کے ایصال ثواب کی نذر کرنا شرعاً صحیح نہیں ہوئی اور آئندہ ہرگز ایسا نہ کرنا چاہئے۔ جو نذر اللہ کے واسطے کی جاوے وہ خالص اللہ کے لئے ہونی چاہئے اس میں کسی کے ایصال ثواب کا ارادہ اور نیت نہ کرنی چاہئے پس یہ نذر جو سائل نے کی ہے اس میں تقرب لغیر اللہ کا شائبہ معلوم ہوتا ہے اس سے توبہ کرنی چاہئے اور آئندہ ایسی نذر نہ کرنی چاہئے نذر خاص اللہ کے لئے ہونی چاہئے اگر خالص اللہ کے لئے نذر مانی جاوے تو لازم ہوتی ہے اور مصرف اس کا فقراء اور مساکین ہیں، یہ طریق جو سائل نے نذر کا خیال کیا خلاف شرع ہے اور ہنسلی وغیرہ بنوانا اور بچہ کو پہنانا حرام ہے یہ جاہلوں کی رسوم ہیں۔ اللہ تعالیٰ بچاوے۔

## قربانی کی نذر میں قربانی ضروری ہے یا قیمت بھی دے سکتا ہے؟

(سوال ٤٧) میری ہمشیرہ جہاز میں سخت بیمار ہوئی، منت مانی کہ اگر خیریت سے جائے قیام پہنچی تو قربانی کروں گا۔ الحمد للہ کہ خیریت سے پہنچی، آیا منت جو مانی ہے وہ قربانی ہی کرنے کی صورت میں پوری ہو سکتی ہے یا وہی قیمت کسی یتیم خانے وغیرہ میں دی جا سکتی ہے۔ بینوا توجروا۔

(الجواب) منت جو قربانی کی ہے تو قربانی ہی کرنی چاہئے۔ قربانی سے یہ منت پوری ہو گی۔(۴)

---

(۱) نذر کا مصرف وہی ہے جو زکوٰۃ کا ہے۔ مصرف الزکوٰة والعشر وهو ایضا مصرف لصدقة الفطر والکفارة والنذر وغیر ذلك من الصدقات الواجبة (ردالمحتار باب المصرف ج ۲ ص ۷۹. ط.س. ج۲ص۳۳۹) ظفیر. (۲) من نذر نذرا مطلقا او معلقا بشرط المعلق به لزم الناذر الخ کصوم وصلاة وصدقة الخ ولم یلزم الناذر مالیس من جنسه فرض کعیادة المریض و دخول مسجد الخ (الدر المختار علی هامش ردالمحتار مطلب فی احکام النذر ج۳ ص ۹۱. ط.س. ج۳ص۷۳۵) ظفیر. (۳) ولم یلزم الناذر ما لیس من جنسه فرض کعیادة مریض وتشییع جنازة ودخول مسجد الخ لانه لیس من جنسها فرض مقصود و هذا هو الضابط وفی البحر شرائطه خمس فزاد ان لایکون معصیة لذاته (در مختار) واما کون المنذور معصیة یمنع انعقاد النذر فیجب ان یکون معناه اذا کان حراما بعینه او لیس فیه جهة قربة (ردالمحتار مطلب احکام النذر ج۳ ص ۹۲. ط.س. ج۳ص۷۳۶) ظفیر. (٤) قال فی البدائع ولو نذر ان یضحی شاة وذلك فی ایام النحر وهو موسر فعلیه ان یضحی بشاتین عندنا شاة بالنذر وشاة بایجاب الشرع ابتداء (ردالمحتار کتاب الاضحیة ج۵ ص ۲۷۹. ط.س. ج۶ص ۳۲۰) ظفیر

## نذر معین میں عمر کی قید

(سوال ۴۸ )نذر معین میں شرط ایک سالہ ہے یا نہیں منذور شاۃ ہو۔

(الجواب)مشروط ہے۔(۱)

## مٹھائی کی نذر میں کوئی بھی مٹھائی تقسیم کرنا درست ہے

(سوال ۴۹ )مٹھائی منت مان کر اس کی قیمت کسی کو دی اور کہا کہ تم فلاں مٹھائی منذور خرید کر تقسیم کر دینا، آخذ نے اس مٹھائی منذور کی جگہ اور مٹھائی تقسیم کر دی تو جائز ہے یا ناجائز؟

(الجواب)جائز ہے۔(۲)

## نذر میں اس کی قیمت غیر مستحق کا لینا جائز نہیں

(سوال ۵۰ )بتاشہ مان کر اس کی قیمت کسی کو دی اور کہا کہ تم اس قیمت سے بتاشہ خرید کر کے غریبوں کو دے دینا، اب آخذ قیمت کو جائز ہے کہ قیمت کو اپنے تصرف میں لائے اگر نہیں تو کیا بتاشہ ہی دینا واجب ہے اگر اور کوئی مٹھائی بتاشہ کی جگہ تقسیم کر دے تو نذر پوری ہو جاوے گی یا نہیں؟

(الجواب)خود کھانا درست نہیں اور تبدیل مٹھائی جائز ہے کما مر۔(۳)

## نذر کی مٹھائی غیر مستحق کے لئے درست نہیں

(سوال ۵۱ )صاحب نصاب کو نذر کا بتاشہ وغیرہ جو غیر مفروضات میں سے ہے کھانا جائز ہے یا نہ؟

(الجواب)نذر کے مصارف وہی ہیں جو زکوٰۃ کے ہیں، پس اغنیاء کے لئے درست نہیں ہے کما فی الشامی باب المصرف ای بیان مصرف الزکوٰۃ وہو مصرف ایضا لصدقۃ الفطر والکفارۃ والنذر الخ۔(۴)

## منت کا روپیہ محتاج کو دینا چاہئے مجلس امام حسین پر خرچ نہ کرے

(سوال ۵۲ )ایک شخص نے منت مانی کہ اگر میرا فلاں کام ہو گیا تو میں میلاد شریف یا مجلس امام حسینؓ کروں گا۔ کام ہو جانے پر منت کے روپیہ کا مناسب صرف کس شکل میں ہونا چاہئے؟

(الجواب)مسلمان محتاجوں کو دے دینا چاہئے، مجالس مذکورہ میں صرف نہ کرے۔(۵)

## چادر چڑھانے کی نذر درست نہیں

(سوال ۵۳ )ایک شخص نے نذر مانی کہ بغداد میں حضرت پیران پیر شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کے مزار پر ایک غلاف چڑھاؤں گا تو اس پر اس نذر کا ادا کرنا واجب ہے یا نہیں اور اگر یہ شخص اس غلاف کی بقدر روپیہ حضرت پیران پیر کی

---

(۱)ولو قال للہ علی ان اذبح جزورا واتصدق بلحمہ فذبح مکانہ سبع شیاۃ جاز وجہہ لا یخفی (در مختار)وھو ان السبع تقوم مقامہ فی الضحایا والھدایا ( ردالمحتار مطلب فی احکام النذر ج ۴ ص ۹۶ ط.س. ج۳ص ۷۴۰) ظفیر
(۲)وکذا یظھر منہ انہ لا یتعین فیہ المکان والدرھم والفقیر لان التعلیق انما اثر فی انعقاد السببیۃ فقط ( ردالمحتار مطلب احکام النذر ج۳ ص ۹۶ ط.س. ج۳ص ۷۴۱) ظفیر. (۳)مصرف الزکوٰۃ والعشر الخ وھو مصرف ایضا لصدقۃ الفطر والکفارۃ والنذر الخ ( ردالمحتار باب المصرف ج۲ ص ۷۹ ط.س. ج۲ص ۳۳۹) (۴)دیکھئے ردالمحتار باب المصرف ج ۲ ص ۷۹ ط.س ج۲ص ۳۳۹)ظفیر. (۵)مصرف الزکوٰۃ والعشر الخ وھو مصرف ایضا لصدقۃ الفطر والکفارۃ والنذر الخ ( ردالمحتار باب المصرف ج ۲ ص ۷۹ ط.س. ج۲ص ۳۳۹) ظفیر.

روح کو ثواب پہنچانے کی غرض سے کسی مصرف خیر میں صرف کرے تو یہ درست ہے یا نہیں ؟

(الجواب) یہ نذر لازم نہیں ہے اور اس کا پورا کرنا درست بھی نہیں ہے اگر وہ شخص اس قدر روپیہ کسی مصرف خیر میں صرف کرکے اس کا ثواب حضرت پیران پیر کو پہنچادے تو یہ جائز ہے، حدیث شریف میں ہے لا وفاء لنذر فی معصیة ولا فیما لا یملك العبد رواہ مسلم وفی روایة لا نذر فی معصیة الله۔ فقط۔(۱)

## نذر میں جب شرط نہ پائی جائے تو کیا کرے ؟

(سوال ٥٤ )ایک شخص کا بیل قریب المرگ تھا۔ ان نے یہ نذر مانی کہ اگر یہ بیل اچھا ہو گیا تو باپ کے انتقال کے بعد اس کو ذبح کرکے لوگوں کو کھلاؤں گا۔ پس وہ اچھا ہو گیا اور اب تک والد زندہ ہے اور بیل فی الحال مرنے والا ہے ایسی حالت میں ادائے نذر کی کیا صورت ہے اور نذر لازم ہے یا نہ ؟

(الجواب )اس صورت میں شرط نہ پائے جانے کی وجہ سے نذر لازم نہیں ہے، اصول فقہ میں حنفیہ کا یہ قاعدہ ہے جس چیز کی تعلیق شرط کے ساتھ کی جاوے گویا اس پر تکلم شرط کے بعد ہوتا ہے۔(۲)

## مسجد بنانے کی نذر کا حکم

(سوال ٥٥ )ایک عورت کا لڑکا بیمار تھا اس نے یہ نذر مانی کہ اگر میرا لڑکا اچھا ہو جاوے تو ایک مسجد بناؤں گی۔ مسجد کا طول و عرض کتنا ہونا چاہئے، اگر مسجد نہ بناوے بلکہ اس روپیہ سے مسجد قدیم کی مرمت کرادی تو جائز ہے یا نہیں، نذر ادا ہو جاوے گی یا نہ اور یہ بھی نذر کی تھی کہ مسجد میں چاندی کا چراغ جلاؤں گی اس کے متعلق کیا حکم ہے اور ایک بزرگ کے مزار پر جاکر یہ کہا تھا کہ میرا لڑکا اچھا ہو جاوے تو شیرینی چڑھاؤں گی، تو قبر پر شیرنی چڑھانا اور اس شیرینی کو کھانا کیسا ہے ؟

(الجواب )مسجد بنانے کی نذر صحیح نہیں ہوئی۔ پس اس کو مسجد بنانا ضروری نہیں ہے اور کچھ طول و عرض کی قید ملحوظ نہیں ہے، اگر اس کا دل چاہے مسجد بنادیوے خواہ کتنا ہی طول و عرض رکھے اور اگر نہ بناوے یہ بھی درست ہے اور مسجد قدیم کی اگر درستی کردے یہ بھی درست ہے۔(۳) مگر لازم یہ بھی نہیں ہے اور چاندی کا چراغ رکھنا مسجد میں اور اس کا استعمال کرنا بھی حرام ہے یہ نذر بھی لازم نہیں ہوئی اور قبر پر شیرینی چڑھانے کی نذر بھی لازم نہیں ہوئی اور یہ درست بھی نہیں ہے۔(۴) اگر یہ غرض ہو کہ فقراء مزار کو دی جاوے گی تو نذر صحیح ہے اور لازم ہے مگر یہ ضروری نہیں ہے کہ انہیں فقراء کو دیوے دوسرے محتاجوں کو بھی دے سکتا ہے اور ان محتاجوں کو اس کا کھانا درست ہے۔(۵)

---

(۱)مشکوۃ کتاب الایمان والنذور ص ۲۹۷ ظفیر

(۲)من نذر نذراً مطلقا او معلقا بشرط الخ ووجد الشرط المعلق به لزمه الناذر لحدیث من نذر وسمی فعلیه الوفاء بما سمی (الدر المختار علی هامش ردالمحتار مطلب فی احکام النذر ج ۳ ص ۹۱. ط.س. ج۳ص۷۳۵)ظفیر (۳)ومن شروطه (ای النذر) ان یکون قربة مقصودة فلا یصح النذر بعیادة المریض وتشییع الجنازة الخ وبناء الرباطات والمساجد وغیر ذلك وان کانت قربا الا انها غیر مقصود (رد المحتار مطلب فی احکام النذر ج۳ ص ۹۱. ط.س. ج۳ص۷۳۵) ظفیر (٤)قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لا وفاء لنذر فی معصیة ولا فیما لا یملك العبد وفی روایه لا نذر فی معصیة الله رواه مسلم (مشکوة باب فی النذور ج ص ۲۹۷) ظفیر (٥)نذر لفقراء مکة جاز الصرف لفقراء غیرها (الدر المختار علی هامش ردالمحتار کتاب الایمان ج۳ص ۹۶. ط.س. ج۳ص ۷٤۰) ظفیر

## نذر کی متعدد صورتیں

(سوال ۵۶) اس طرح نذر کرنا کہ اگر میرا فلاں کام پورا ہو جاوے تو فلاں پیر کو یا عالم کو یہ چیز دوں گا یہ نذر صحیح اور منعقد ہوئی یا نہیں؟

(۲) اگر یہ نذر کرے کہ خداوندا میرا فلاں کام پورا ہو جاوے تو فلاں بزرگ کو اللہ کے واسطے اس قدر فلاں چیز دوں گا یہ نذر صحیح ہے یا نہیں، بر تقدیر صحت منذور اسی بزرگ کو دینا ضروری ہے یا دوسروں کو بھی دے سکتا ہے؟

(۳) اگر یہ نذر کرے کہ خداوندا اگر میرا فلاں کام پورا ہو جاوے تو فلاں بزرگ یا عالم کو فلاں چیز دوں گا۔ یہ نذر صحیح ہے یا نہیں؟

(الجواب) پہلی اور تیسری صورت میں نذر منعقد نہیں ہوئی اور دوسری صورت میں نذر ہو گئی مگر تخصیص اس بزرگ کی کچھ نہیں ہے جس کو چاہے وہ مقدار صدقہ کر دے فی الدر المختار **نذر لفقراء مكة جاز الصرف لفقراء غيرها الخ** (۱) فقط۔

## اتنے روپے سے اللہ کی نیاز کی وصیت کی کیا حکم ہے؟

(سوال ۵۷) اگر کوئی شخص وصیت کرے کہ ان اسی روپیوں کو نیاز اللہ کر دینا اب ان روپیوں کو مسجد میں لگایا جائے تو کچھ حرج تو نہیں ہے اور اگر کسی نے اس واسطے روپیہ جمع کیا کہ حج کو جاؤں اور نیت تام ہے مگر بوجہ لڑائی کے نہیں جا سکتا تو اگر مسجد کی تعمیر میں روپیہ خرچ کر دے تو جائز ہے یا نہیں اور اس کے ذمہ سے حج ساقط ہو گا یا نہیں؟

(الجواب) پہلی صورت میں فقراء کو صدقہ کرنا چاہئے، مسجد کے تعمیر میں نہ لگاوے۔ (۲) اور ثانی صورت میں اس روپیہ سے مسجد تعمیر کر سکتا ہے۔ (۳) اور حج فرض بدون کئے ساقط نہ ہو گا البتہ بصورت عدم امن طریق جانا حج کے لئے ضروری نہ رہے گا۔ جب امن ہو جاوے جانا ضروری ہے اور فرضیت باقی ہے جس وقت موقع جانے کا ملے چلا جاوے فقط۔

## نذر کا مصرف کیا ہے؟

(سوال ۵۸) فتاویٰ مولانا عبدالحی صاحب میں ہے کہ نذر کی شیرینی کا مصرف محتاج و فقیر ہے۔ امیر کو اس کا کھانا روا نہیں تو ناروا کے کیا معنی ہیں؟

(الجواب) مولانا عبدالحی صاحب کا فتویٰ صحیح ہے امیر کو اس مٹھائی کا کھانا روا (جائز) نہیں ہے مساکین کو دے دینا چاہئے اور کسی مسجد کے نمازیوں کی تخصیص شرعاً باطل ہے جس مسجد یا غیر مسجد کے فقیروں کو چاہے دے دے اور

---

(۱) الدر المختار على هامش رد المحتار كتاب الايمان مطلب فى احكام النذر ج ۳ ص ۹۶. ط.س ج۳ص ۷٤٠ نذر ان برئت من مرضى هذا ذبحت شاة فبرئ يلزمه شئ لان الذبح ليس من جنسه فرض الخ فلا يصح الآ اذا زادو اتصدق بلحمها فيلزمه لان الصدقة من جنسها فرض (ايضا ج۳ ص ۹۵. ط.س ج۳ص ۷۳۹) ظفير. (۲) من نذر نذرا مطلقا الخ وكان من جنسه واجب اى فرض الخ وجد الشرط لزم الناذر بحديث من نذر وسمى فعليه الوفاء بما سمى (ايضا ج۳ ص ۹۱ ط.س ج۳ص ۷۳۵) نذر کا مصرف وہی ہے جو زکوۃ کا ہے اس لئے مسجد میں لگانا درست نہیں مصرف الزکاۃ میں صراحت ہے وهو ایضا مصرف لصدقة الفطر والكفارة والنذر الخ (رد المحتار باب المصرف ج۲ ص ۷۹. ط.س ج۲ص ۳۳۹) ظفیر

(۳) [illegible] ثواب پائے گا من بنى مسجدا لله تعالى بنى الله له بيتا فى الجنة او كما قال۔ ظفير

مٹھائی کی جگہ نقد دے دے یا کھانا کھلاوے اور ناروا کے معنی حرام کے ہیں(۱)

## زبان سے کہنا نذر کے لئے ضروری ہے

(سوال ۵۹) فدوی نے جمعہ کی شب میں کسی قسم کی دعا مانگی اور اس کے ساتھ یہ بھی ارادہ کیا کہ کام پورا ہونے پر ایک روزہ رکھوں گا وہ کام پورا ہو گیا اور روزہ نذر کی قریب ۹ بجے دن کے یاد آیا اسی وقت نیت روزہ کی کر لی تو دن میں نیت کرنے سے روزہ ہو یا نہ؟

(الجواب) اگر محض دل میں یہ ارادہ کیا کہ کام پورا ہونے پر ایک روزہ رکھوں گا تو یہ نذر نہیں ہے نذر اس وقت ہوتی ہے کہ زبان سے یہ کہے کہ اگر فلاں کام ہو گیا تو اللہ کے واسطے ایک روزہ رکھوں گا یا میرے ذمہ نذر ہے کہ ایک روزہ رکھوں گا۔ بہر حال اگر نذر کے الفاظ اس نے زبان سے کہے ہیں تو یہ نذر مطلق ہے اس میں رات سے نیت کرنے کی ضرورت ہے دن میں نیت کرنے سے روزہ نذر کا ادا نہ ہو گا اور اگر زبان سے کچھ نہیں کہا محض نیت دل میں اور ارادہ روزہ کا کیا ہے تو وہ نفلی روزہ ہے اس کی نیت دن میں بھی دوپہر سے پہلے پہلے ہو سکتی ہے(۲)

## نذر شرعی کی تحقیق

(سوال ۶۰) زید کا لڑکا بیمار تھا ایک بکری کے بچہ کی منت کی کہ بعد صحت صدقہ کروں گا مگر بعد صحت کاہلی سے وہ بچہ رہ گیا یہاں تک کہ وہ بڑا ہو کر حاملہ ہو گئی ایک مولوی صاحب نے فرمایا کہ جو بچہ جنی اس کو صدقہ کر دو شرعا کیا حکم ہے۔

(الجواب) کتب فقہ میں یہ تحقیق کی ہے کہ جب تک یہ نہ کہے کہ ذبح کر کے للہ صدقہ کر دوں گا اس وقت تک نذر شرعی نہیں ہوتی پس جب کہ نذر نہیں ہوئی تو صدقہ کرنا اس بچہ کا اور اس کی اولاد کا ضروری نہیں ہے۔(۳)

## مسجد میں رقم خرچ کرنے کی نذر

(سوال ۶۱) مخنثہ بیمار ہوا اور مبلغ سات سو روپیہ کسی مسجد میں لگانے کی منت مانی اب بحکم خدا وہ صحت یاب ہو گیا اور منت کا روپیہ مسجد میں لگانا چاہتا ہے تو جائز ہے یا نہیں؟ مسلمانوں کے لئے قریب مسجد کے اس سے کنواں بنوانا اور اس سے وضو وغیرہ جائز ہے یا نہیں؟

(الجواب) وہ روپیہ مسجد کے ضروریات میں اور مسجد میں صرف کرنا درست ہے اور جب کہ منت اور نذر مسجد میں

(۱) مصرف الزكوة الخ وهو مصرف ايضا لصدقة الفطر والكفارة والنذر ( ردالمحتار باب المصرف ج۲ ص ۷۹ ط.س. ج۲ ص۳۳۹) ظفير. (۲) من نذر نذراً مطلقاً وكان من جنسه واجب اى فرض وهو عبادة مقصودة الخ وجد الشرط لزمه الناذر لحديث من نذروسمى فعليه الوفاء بما سمى (در مختار) مثل لله على صوم سنة فتح وافادانه يلزمه ولو لم يقصده ( ردالمحتار كتاب الايمان ج ۳ ص ۹۱ ط.س. ج۳ ص۷۳۵) فيصح اداء صوم رمضان والنذر المعين والنفل بنية من الليل الى الضحوة الكبرى لا بعدها الخ والشرط للباقى من الصيام قران النية للفجر ولو حكما وهو تبيت النية للضرور وتعيينها لعدم تعين الوقت (در مختار) قوله والشرط الباقى من الصيام اى من انواعه الى الباقى منها بعد الثلاثة المتقدمة فى المتن وهو قضاء رمضان والنذر المطلق وقضاء النذر المعين والنفل بعد افساده والكفارات اسبع ( ردالمحتار كتاب الصوم ج ۲ ص ۱۱۹ ط.س. ج۲ ص۳۷۷) ظفير. (۳) ولو قال ان برئت عن مرضى هذا ذبحت شاة او على شاة اذبحها فبرى لا يلزمه شئ الخ الا اذا زادوا تصدق بلحمها فيلزمه لان الصدقة من جنسها فرض (الدر المختار على هامش ردالمحتار مطلب فى احكام النذر ج ۳ ص ۹۵ ط.س. ج۳ ص۷۳۹) ظفير.

لگانے کی تھی تو مسجد میں ہی اس کو صرف کرنا چاہئے اور جائز یہ بھی ہے کہ حسب ضرورت مسجد کے قریب کنواں بنوادیا جاوے اور اس کنویں کا پانی مسلمانوں کو پینا اور اس سے وضوء غیرہ کرنا درست ہے۔(۱)

## نذر کا صحیح طریقہ

(سوال ۶۲) اگر کوئی شخص بکرا پالے اور کہے کہ میں بڑے پیر صاحب کی نیاز دلاؤں گا یعنی پیر صاحب کے نام کا کھانا کھلاؤں گا، یہ کھانا حلال ہے حرام؟

(الجواب) اگر غرض اس کی یہ ہے کہ اس بکری کو اللہ کے نام پر ذبح کر کے صدقہ کروں گا اور ثواب اس کا بروح پر فتوح حضرت پیر صاحب کو پہنچاؤں گا تو وہ حلال ہے اور بعد ذبح کرنے کے اللہ کے نام پر کھانا اس کا فقراء کو درست ہے۔ اور اگر یہ نیت نہیں ہے بلکہ پیر کے نام پر بطور تقرب ذبح کرنا ہے تو جائز نہیں۔(۲)

## جانور چھوڑنے کی نذر صحیح نہیں

(سوال ۶۳) ایک شخص بیمار ہوا اور اس کے والد نے حالت بیماری میں منت مانی کہ اگر میرے لڑکے کو خداوند کریم صحت کلی عطا فرماوے تو اپنے لڑکے کی طرف سے ایک جانور خدا کے نام پر چھوڑوں گا بعد صحت اس کے والد نے ایک جانور اہل محلّہ کے حوالہ کر کے اور مالک بنا کر چھوڑ دیا وہ جانور ہر گاؤں کی کھیتی چر تا رہا اسی طرح تین چار سال تک پرورش پائی اب اس جانور کو کل گاؤں والے ذبح کر کے کھا سکتے ہیں یا نہیں اور منت ادا ہو گی یا نہیں اور اس جانور کے چمڑے کی قیمت مسجد میں لگانا درست ہے یا نہیں؟

(الجواب) یہ نذر صحیح نہیں ہوئی اور وہ جانور چھوڑنے والے کی ہی ملک میں ہے وہ خود یا جس کو وہ اجازت دے اس کو ذبح کر کے کھا سکتے ہیں اور اس کے چمڑے کی قیمت جہاں چاہے صرف کرے۔(۳)

## نذر کی مدت ختم ہونے پر کام ہوا تو اس کا ایفاء لازم نہیں ہے

(سوال ۶۴) ایک شخص نے نذر مانی کہ اگر میرا ادھار اتنے دنوں میں وصول ہو جاوے تو میں کچھ اللہ کے نام پر دوں گا، اس کا ادھار کچھ عرصہ میں تھوڑا تھوڑا بعد میعاد کے وصول ہوا تو اس صورت میں ایفاء نذر لازم ہے یا نہیں؟

(الجواب) اس صورت میں جب کہ وقت معین سے بعد میں روپیہ وصول ہوا تو ایفاء نذر اس کے ذمہ لازم نہیں ہے اور کچھ دینا ضروری نہیں۔(۴)

---

(۱) وفی البدائع ومن شروطه ان يكون قربة مقصودة فلا يصح النذر بعيادة المريض وتشييع الجنازة الخ وبناء الرباطات والمساجد وغير ذلك وان قربا الا انها غير مقصودة ا ه (ردالمحتار مطلب فی احكام النذر ج ۳ ص ۹۱) معلوم ہوا یہ نذر نہ ہوئی اس لئے اس روپے سے مسجد اور کنواں بنانا جائز ہوگا۔ ط.س. ج۳ ص ۷۳۵ ظفیر۔

(۲) ان النذر الذی يقع للاموات من اكثر العوام وما يوخذ من الدراهم والشمع والزيت ونحوها الى ضرائح الاولياء الكرام تقربا اليهم فهو بالاجماع باطل حرام مالم يقصد صرفها لفقراء الانام (ردالمحتار) قوله باطل و حرام لو جوه منها انه نذر لمخلوق والنذر للمخلوق لايجوز لانه عبادة والعبادة لا تكون المخلوق ومنها ان المنذور له ميت والميت لا يملك ومنها انه ان ظن ان الميت يتصرف فی الامور دون الله تعالیٰ فاعتقاده ذلك كفر الخ (ردالمحتار كتاب الصوم ج۲ ص ۱۷۵ ط.س. ج۲ ص ۷۳۹) ظفیر (۳) من نذر نذرا مطلقا او معلقا بشرط وكان من جنسه واجب ای وهو عبادة مقصودة و وجد الشرط المعلق به لزمه الناذر (الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب فی احكام النذر ج ۳ ص ۹۱ ط.س. ج۳ ص ۷۳۵) جانور چھوڑنا نہ واجب اور نہ عبادت مقصودہ ہے لہذا یہ نذر نہ ہوئی۔ ظفیر

(۴) ووجد الشرط المعلق به لزم الناذر (ایضا) یہاں شرط نہیں پائی گئی۔ ط.س. ج۳ ص ۷۳۵ ظفیر۔

## اگر یہ بچ گیا تو ذبح کر کے نمازیوں کو کھلاؤں گا

(سوال ٦٥) ایک شخص کے بچھڑے کو کتے نے کاٹا اس شخص نے یہ کہا کہ اگر یہ بچہ بچ رہے تو میں اس کو ذبح کر کے مصلیوں کو اور لوگوں کو کھلاؤں گا، مصلی سے جمعہ کے مصلی مراد ہیں یعنی جمعہ میں جس قدر نمازی حاضر ہوں گے ان کو کھلاؤں گا اس میں اکثر اغنیاء ہوتے ہیں یہ نذر صحیح ہے یا کیا حکم ہے؟

(الجواب) یہ نذر ہو گئی اس کا حکم یہ ہے کہ اس کا گوشت فقراء کو کھلایا جاوے نہ اغنیاء کو اور اس کے کہنے کا اعتبار نہ ہو گا کیونکہ نذر میں تعین صحیح نہیں ہوتی۔ کذا فی الدر المختار فی بیان (۱) احکام النذر فقط۔

## اللہ ایسا کرے تو مسجد میں مٹھائی دوں گا یہ نذر ہے

(سوال ٦٦) زید یہ کہتا ہے کہ اگر اللہ تعالیٰ ہم کو اچھا کر دے تو مسجد میں ایک سیر بتاشہ یا بورا دوں گا یہ نذر منعقد ہوتی ہے یا نہیں؟

(الجواب) اگر غرض زید کی صدقہ کرنا ہے اہل مسجد پر تو نذر صحیح ہے اور تعین بتاشہ وبورا کی لازم نہیں ہوئی، دوسری کوئی چیز از قسم طعام یا نقد بھی صدقہ کر سکتا ہے اور اگر بالفرض یہ نذر لازم نہ ہوئی ہو تب بھی ادا کر دینا احوط ہے۔(۲)

## زمین کے پورے پلاٹ ملنے پر نذر مانی مگر ملا تہائی کیا حکم ہے؟

(سوال ٦٧) ایک شخص نے منت مانی کہ اگر مجھ کو فلاں زمین کا مربع مل گیا تو سو روپیہ مدرسہ میں دوں گا اب اس کو تہائی ملا تو تہائی نذر کا ادا کرنا ضروری ہے یا نہیں؟

(الجواب) اس صورت میں ایفاء نذر واجب نہیں ہے کیونکہ شرط نہیں پائی گئی اور شرط پورا مربع ملنا تھا وہ نہ ملا لہذا نہ کل نذر کا ادا کرنا واجب ہوا اور نہ بعض کا(۳) فقط۔

## نذر کے واجب ہونے کی شرط

(سوال ٦٨) ایک شخص حنفی اہل سنت والجماعت نے منت مانی کہ چار یاری جھنڈا بغرض تبلیغ واشاعت اسلام اٹھادیں گے اور فقراء ومساکین کو کھانا تقسیم کریں گے جب کہ وہ مرض ہیضہ میں مبتلا تھا بفضل رب العزت اس کو صحت ہوئی اب ایفاء منت واجب ہے یا نہیں؟

(الجواب) نذر کے واجب الایفاء ہونے کے لئے یہ شرط ہے کہ اس کی جنس سے کوئی واجب مقصود بالذات ہونا چاہئے جیسے کہ روزہ یا نماز کی نذر ہو تو وفا واجب ہے ورنہ نہیں، کمامر فی التنویر ومن نذر نذراً مطلقاً اومعلقاً بشرط وکان من جنسه واجب وهو عبادة مقصودة ووجد الشرط لزم الناذر کصوم ولم یلزم

---

(۱) نذر لفقراء مکة جاز الصرف لفقراء غیرها لما تقرر فی کتاب الصوم ان النذر غیر المعلق لا یختص بشیء (الدر المختار علی هامش ردالمحتار کتاب الایمان مطلب فی احکام النذر ج۳ ص ۹٦ ط.س ج۳ص ۷٤۰) ظفیر

(۲) نذر لفقراء مکة جاز الصرف لفقراء غیرها (در مختار) فلو نذر التصدق یوم الجمعة بمکة بهذا الدرهم علی فلان فخالف جاز (ردالمحتار مطلب فی احکام النذر ج ۳ ص ۹٦ ط.س ج۳ص ۷٤۰) ظفیر

(۳) من نذر نذرا مطلقا او معلقا بشرط وکان من جنسه فرض وهو عبادة مقصودة ووجد الشرط المعلق به لزم الناذر (در مختار) والمراد الشرط الذی یرید کونه (ردالمحتار مطلب فی احکام النذر ج ۳ ص ۹۱ ط.س ج۳ص ۷۳۵) ظفیر

مالیس من جنسه فرض کعیادة مریض وتشییع جنازة ودخول مسجد اه ملخصاً اور چونکہ صورت مسئولہ میں کسی ایسی چیز کی منت نہیں مانی گئی جس کی جنس سے کوئی واجب ہو، لہذا ایفاء واجب نہیں۔

چارپائی جھنڈا، یا تعزیہ سب امور بدعات ہیں جن کے متعلق ارشاد نبوی ہے من احدث فی امرنا هذا ما لیس منه فهورد ۔ مشکوٰۃ۔ اس قسم کے افعال سے تبلیغ اسلام کا ہونا ہی پہلے غلط ہے اس لئے کہ تبلیغ بدعت ہوگی، بالفرض ایسا ہو تا بھی تو بھی اسلام ایسی چیزوں سے بے نیاز ہے الحق یعلو ولا یعلی، البتہ مسلمان کو یہ لازم ہے کہ تعزیہ کی تردید و تقبیح کرے اس کو احدث فی الدین اور بدعت ثابت کرے تاکہ بدعت گل ہو جائے نہ عوام کو ایک بدعت سے دوسری بدعت کے ذریعہ روکے واللہ الموفق فقط۔

## مسجد میں جو کھانے کی چیز آتی ہے اس کا حکم

(سوال ۶۹) بنگال مساجد میں شیرینی چینی بتاشہ، جمعہ کی روز معمول ہیں، کبھی منت بھی کر کے لاتے ہیں کبھی بغیر منت کے، سو غنی کو اس کا کھانا درست ہوگا یا نہیں اور دیگر اوقات میں بھی ان چیزوں کو مسجد کے منبر پر یا طاق میں رکھ جاتے ہیں کبھی نقد بھی دے دیتے ہیں تو ان چیزوں کو مصلیوں کی رضامندی سے نصف حصہ تقسیم کر کے باقی کا دام مسجد یا مدرسہ و دیگر ضروریات دینی میں لگانا درست ہوگا یا نہیں؟

(الجواب) نذر کا کھانا اغنیاء کے لئے درست نہیں ہے۔(۲) اور اگر نذر نہیں تو درست ہے اور مسجد میں دینے والا اور رکھنے والا اگر یہ کہے کہ یہ نذر نہیں ہے اور مسجد میں صرف کرنے کی اجازت دی تو مسجد میں صرف کرنا اس کی قیمت کا درست ہے۔

## مرغ، کیلا وغیرہ کی نذر برائے فقراء صحیح ہے

(سوال ۷۰) مرغ، کیلا، آم، ناریل، ترکاری، بتاشہ، شیرینی، وغیرہ کی نذر صحیح اور لازم الادا ہے یا نہیں، اگر ہے تو شبہ یہ ہوتا ہے کہ نذر کے واسطے ایک شرط یہ ہے کہ وہ ان چیزوں میں سے ہو جس کا ہم جنس کوئی فرض یا واجب ہو اور اشیاء مذکورہ ان چیزوں میں سے ہیں یا نہیں؟

(۲) نذر کی چیز اغنیاء کو کھانا درست ہے یا نہیں؟

(الجواب) اشیاء مذکورہ کے تصدق کی نذر صحیح ہے۔(۳) کیونکہ تصدق کی جنس فرض ہے کالزکوٰۃ۔

(۲) نذر کی چیز اغنیاء کو کھانا درست نہیں ہے اس کا مصرف فقراء ہیں۔(۴)

## نذر پیر کے نام پر جائز نہیں

(سوال ۷۱) ایک شخص یہ نذر یا منت مانتا ہے کہ مجھ کو اپنی تجارت میں جس قدر نفع ہوگا اس میں اس قدر

(۱) دیکھئے الدر المختار علی هامش ردالمحتار مطلب فی احکام النذر، ج۳ ص ۹۱ ط.س ج۳ ص۷۳۵) ظفیر

(۲) مصرف الزکوٰة الخ وهو ایضا مصرف لصدقة الفطر والکفارة والنذر ( ردالمحتار باب المصرف ج ۲ ص ۷۹ ط.س ج۲ ص۳۳۹) اور یہ چیزیں فقراء و مساکین وغیرہم کے لئے ہیں اغنیاء کیلئے نہیں انما الصدقات للفقراء و المساکین الخ ظفیر. (۳) ومن نذر نذرا مطلقا او معلقا بشرط وکان من جنسه فرض وهو عبادة مقصودة الخ کصوم وصلاة وصدقة ووقف واعتکاف (الدر المختار علی هامش ردالمحتار مطلب فی احکام النذر ج۳ ص ۹۱ ط.س ج۳ ص۷۳۵) ظفیر (۴) ولا یجوز ان یصرف ذالک لغنی ولا لشریف ذی منصب او ذی نسب او علم ما لم یکن فقیراً ولم یثبت فی الشرع جواز الصرف للاغنیاء ( ردالمحتار کتاب الصوم مطلب فی احکام النذر الذی یقع للاموات ج ۲ ص ۱۷۵ ط.س ج۲ ص۴۳۹) ظفیر

بصدقہ حضرت غوث الاعظمؒ کے نام پر نکال کر فلاں پیر صاحب کو دے دوں گا یا خود غرباء میں تقسیم کردوں گا یہ جائز ہے یا نہیں؟

(الجواب) یہ نذر شرعاً صحیح نہیں ہوئی کیونکہ نذر لغیر اللہ جائز نہیں ہے البتہ اگر اللہ کے واسطے نذر کی جاوے اور ثواب اس کا حضرت غوث الاعظم رحمہ اللہ کی روح پر فتوح کو پہنچایا جاوے تو یہ درست ہے۔(۱) پس اب جب کہ یہ نذر صحیح نہیں ہوئی تو اب اس کو اختیار ہے کہ جب اس کو تجارت میں نفع ہو تو جس قدر چاہے اللہ کے واسطے غرباء کو دے دے اور صدقہ فقراء پر کردے اور ثواب اس کا حضرت پیران پیرؒ کو پہنچے اور ہمیشہ ایصال ثواب کا یہی طریقہ رکھنا چاہئے۔ فقط۔

## پیر کا بکرا دینا یا نذر ماننا جائز نہیں

(سوال ۷۲) پیر کا بکرا دینا جائز ہے یعنی نذر کرنا، کیا اس کا گوشت حلال ہے؟

(الجواب) اسی طرح نذر غیر اللہ کی درست نہیں ہے بلکہ حرام ہے اور غیر اللہ کے نام پر چھوڑا گیا بکرا وغیرہ بھی حلال نہیں ہوتا۔(۲)

## مسجد کے نام پر نذر اور اس کا حکم

(سوال ۷۳) اکثر لوگ اس طرح نذر کرتے ہیں کہ اگر میرا فلاں کام ہو جائے تو اللہ کے واسطے مسجد میں شیرینی، میٹھے چاول یا سوا سیر بتاشہ یا ایک سیر چینی دوں گا، اس نذر کا ادا کرنا واجب ہے یا نہیں؟ در صورت عدم وجوب ان اشیاء منذورہ کو اغنیاء کھا سکتے ہیں یا نہیں؟

(الجواب) نذر تو صحیح ہو گئی لیکن تعین شیرینی، بتاشہ، چاول وغیرہ کی لازم نہیں ہوئی اس قدر نقد بھی دینا جائز ہے۔(۳) اور مصرف اس کا فقراء ہیں، اغنیاء کو کھانا نہ چاہئے۔(۴) فقط۔

## نذر کا غریب کے لئے بھیک مانگ کر پورا کرنا درست نہیں

(سوال ۷٤) ایک شخص نے نذر کی تھی کہ جب میں قرآن شریف یاد کرلوں گا تو دس دیگ اللہ کے واسطے مساکین کو کھلاؤں گا اور وہ بالکل غریب ہے کوئی وسیلہ نذر کے پورا کرنے کا نہیں ہے اور نابینا ہے وہ کہتا ہے کہ بھیک مانگ کر ادا کروں گا تو کیا حکم ہے؟

(الجواب) ایسی نذر صحیح نہیں ہوتی کما لو قال مالی فی المساکین صدقة ولا مال له لم یصح الخ

(۱) اعلم ان النذر الذی یقع للاموات من اکثر العوام وما یوخذ من الدراهم والشمع والزیت ونحوها الی ضرائح الا ولیاء الکرام تقربا الیهم فهو بالا جماع باطل وحرام مالم یقصد واصرفها لفقراء الا نام (د رمختار) ای بان تکون صیغة النذر لله تعالی للتقرب الیه ویکون ذکر الشیخ مراد ا به فقراء ه. الخ ( ردالمحتار مطلب فی النذر الذی یقع للاموات ج ۲ ص ۱۷۵ ط.س. ج۲ص۴۳۹) ظفیر. (۲) ان النذر الذی یقع للاموات من اکثر العوام الخ تقربا الیهم فهو بالا جماع باطل وحرام (درمختار) لانه نذر لمخلوق والنذر للمخلوق لا یجوز ( ردالمحتار مطلب فی النذر الذی یقع للاموات ج ۲ ص ۱۷۵ ط.س. ج۲ص۴۳۹) ظفیر. (۳) نذر نذر امطلقا او معلقا بشرط وکان من جنسه فرض وهو عبادة مقصودة ووجد الشرط المعلق به لزم الناذر الخ کصوم وصلاة وصدقة. الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب فی احکام النذر) ج۲ ص ۹۱. ط.س. ج۳ص ۷۳۵. (۴) مصرف الزکوة وهو مصرف ایضا لصدقة الفطر والکفارة والنذر ( ردالمحتار باب المصرف ج ۲ ص ۷۹. ط.س. ج۲ص ۳۳۹) و لا یجوز ان یصرف ذلك (ای النذر) لغنی ولا لشریف ذی منصب او ذی نسب او علم مالم یکن فقیرا ولم یثبت فی الشرع جواز الصرف للاغنیاء ( ردالمحتار مطلب فی النذر الذی یقع للاموات ج ۲ ص ۱۲۵ ط.س. ج۲ص۴۳۹) ظفیر

در مختار۔(۱) پس اس نابینا کو لازم نہیں ہے کہ بھیک مانگ کر نذر پوری کرے اور سوال حرام ہے۔ فقط۔

## غیر اللہ کے لئے نذر کرنا جائز نہیں؟

(سوال ۷۵) غیر اللہ کے لئے نذر کرنا جائز ہے یا ناجائز۔

(الجواب) غیر اللہ کے نام کی نذر باتفاق ناجائز ہے اور وہ نذر صحیح نہیں ہوئی۔(۲) جیسا کہ حدیث شریف میں وارد ہے کہ معصیت کی نذر صحیح نہیں ہے او کما قال صلی اللہ علیہ وسلم ۔(۳) فقط۔

## اگر یہ بچہ اچھا ہو تو ذبح کر کے لوگوں کو کھلاؤں گا۔

(سوال ۷۶) زید کی گائے کا بچہ بیمار ہوا اس وقت اس نے یہ کہا کہ اگر یہ بچہ اچھا ہو جاوے تو میں اس کو ذبح کر کے لوگوں کو کھلاؤں گا۔ اخیر سال کے بعد اس نے بچہ ذبح کر کے خود ہی کھایا اور لوگوں کو بھی کھلایا تو کیا یہ نذر ادا ہو گئی یا نہ؟

(الجواب) در مختار میں ہے ولو قال ان برئت من مرضی هذاذبحت شاة او علی شاة اذ بحها فبرئ لایلزمه شئی الخ لان الذبح لیس من جنسه فرض بل واجب کالا ضحیة فلا یصح الا اذازادو اتصدق بلحمها الخ وفی الشامی قوله لان الذبح لیس من جنسه فرض هذا التعلیل لصاحب البحر و ینا فیه ما فی الخانیة قال ان برئت من مرضی هذا ذبحت شاة فبرئ لا یلزمه شئی الا ان یقول فلله علی ان اذبح شاة الخ لان اللزوم لایکون الا بالنذر والدال علیه الثانی لا الا ول۔(۴) الخ ثم نقل فیه الا ختلاف۔ الحاصل اس صورت میں یہ نذر نہیں ہوئی بلکہ وعدہ ہے لا ن قوله ذبحت شاة وعد لا نذر (۵) پس اس کا گوشت خود کھانا اور دوسرے کو کھلانا درست ہے۔ فقط۔

## غیر اللہ کی منت یا نذر و نیاز کا کیا حکم ہے؟

(سوال ۷۷) غیر اللہ سے منت مانگنی یا ان کے نام کی نیاز و نذر کرنی اور اگر کام ہو جاوے تو اس کو پورا نہ کرنا عند الشرع کیسا ہے؟

(الجواب) غیر اللہ کی نذر حرام ہے اور یہ گناہ کبیرہ ہے اور ایفاء ایسے نذر کا اور منت کا جائز نہیں ہے پس چاہئے توبہ و استغفار کرے اور آئندہ ایسے نذر لغیر اللہ نہ کرے جیسا کہ ردالمحتار معروف بہ شامی باب الاعتکاف سے پہلے نذر لغیر اللہ کی حرمت کو مفصلا بیان کیا ہے۔ غیر اللہ کو حاجت روا سمجھنا حرام اور گناہ کبیرہ ہے(۶) اور معصیت ہے۔

---

(۱) الدر المختار علی هامش ردالمحتار مطلب فی احکام النذر (ج ۳ ص ۹۷ .ط.س.ج۳ص ۷۷۲) ظفیر.
(۲) والنذر للمخلوق لا یجوز لانه عبادة والعبادة لا تکون لمخلوق (ردالمحتار مطلب فی النذر الذی یقع للاموات ج ۲ ص ۱۷۵ .ط.س.ج۲ص۴۳۹) ظفیر. (۳) لا وفاء لنذر فی معصیة ولا فیما لا یملك العبد رواه مسلم وفی روایة لا نذر فی معصیة الله (مشکوة باب فی النذر ص ۲۹۷) ظفیر. (٤) ردالمحتار مطلب فی احکام النذر ج ۲ ص ۹۵ .ط.س.ج۳ص۷۳۹ ظفیر. (۵) ردالمحتار مطلب فی احکام النذر ج ۳ ص ۹٦ .ط.س.ج۳ص ۷٤۰ .ظفیر (٦) اعلم ان النذر الذی یقع للاموات من اکثر العوام وما یوخذ من الدراهم والشمع والزیت و نحوها الی ضرائح الا ولیاء الکرام تقر با الیهم فهو بالا جماع باطل و حرام (درمختار) لو جوه منها انه نذر لمخلوق و النذر لمخلوق لا یجوز لانه عبادة والعبادة لا تکون لمخلوق ومنها ان المنذور له میت والمیت لا یملك ومنها انه ان ظن ان المیت یتصرف فی الا مور دون الله تعالی فاعتقاده ذالك کفر (ردالمحتار مطلب فی النذر الذی یقع للاموات ج۲ ص ۱۷۵ .ط.س.ج۲ص۴۳۹) ظفیر

حدیث شریف میں ہے کہ معصیت کی نذر صحیح نہیں ہے اور ایفاء اس کا لازم نہیں ہے۔ بلکہ توبہ واستغفار ایسے نذر سے لازم ہے۔ فقط۔

## اللہ کے نام کی نیاز کے مستحق فقراء ہیں

(سوال ۷۸) دسویں محرم کو ایک نیاز اللہ کے نام کی بغرض ایصال ثواب شہداء عام مسلمانوں کے چندہ سے کی گئی اس کا صرف کرنا مساکین کے حق میں اولی ہے یا عام مسلمین اس کو کھا سکتے ہیں؟

(۲) نیاز مذکورہ صرف امراء ہی کو کھلا دیا جاوے اور کسی مسکین کو اس میں شریک نہ کیا جاوے تو اس میں کامل ثواب ہو سکتا ہے یا صرف مساکین کے کھلانے میں؟

(الجواب) اول تو یہ طریق نیاز کا مستحسن نہ تھا چندہ کی صورت نہ ہونا چاہئے تھا، جس کو جو کچھ توفیق ہوتی خفیہ مساکین کو کھلا دیتا یہ افضل تھا، اب بحالت موجودہ وہ کھانا مساکین کو کھلانا چاہئے اغنیاء کے لئے صدقہ کا کھانا اچھا نہیں ہے۔(۱)

(۲) میں کامل ثواب نہیں ہے۔ فقط۔

## اماموں اور ولیوں کے نام کا جھنڈا و پنجہ کرنا حرام ہے

(سوال ۷۹) ماہ محرم میں اماموں کے پنجے اور ولیوں کے نام کا جھنڈا کپڑا کرنا اور ان کے پاس نذر و نیاز کی اشیاء لے جانا اور منت ماننا یہ تمام افعال شرک شنیع ہیں یا صرف حرام ہیں، آیہ کریمہ انما الخمر والمیسر والا نصاب والا زلام الخ میں انصاب کا جو ذکر آیا ہے اس میں پنجے شدے وغیرہ داخل ہیں یا نہیں، اگر ہیں تو اس کا کیا حکم ہے؟

(الجواب) اماموں کی پنجہ اٹھانا اور ولیوں اور اماموں کے نام کا جھنڈا کپڑا کرنا اور ان کو نذر و نیاز چڑھانا اور منت ماننا اور ان کو متصرف جان کر ان سے حاجات مانگنا اور ان کا طواف و سجدہ کرنا یہ سب افعال شرکیہ اور کفریہ ہیں اور بحالت موجودہ وہ انصاب میں داخل ہیں معالم التنزیل میں کانھم الی نصب یو فضون کی تفسیر میں مذکور ہے یعنون الی شئ منصوب یقال فلان نصب عینی وقال الکلبی الی علم وراية ومن قراء بالضم قال مقاتل والکسائی یعنی الی اوثانھم اللتی کانوا یعبدونھا من دون اللّٰہ تعالیٰ قال الحسن یسر عون الیھا ایھم یستلمھا اولا ۔(۲) حضرت شاہ ولی اللہ نے تفسیر فتح الرحمٰن میں فرمایا وماذبح علی النصب و آنچہ ذبح کردہ شدہ است بر نشانہائے معبود باطل یعنی بر صورت قبر۔(۳) اور حضرت شاہ عبدالقادر صاحب تفسیر موضح القرآن میں فرماتے ہیں۔ اور جو ذبح ہوا کسی تھان پر اور جو خدا کے سواء کسی نام پر ذبح کیا اور جو کسی مکان کی تعظیم پر ذبح کیا سوا خانہ خدا کے ۔انتہی موضح۔(۴) اور در مختار میں ہے۔ واعلم ان النذر الذی یقع للاموات من اکثر العوام وما یؤخذ من الدراھم والشمع والزیت ونحوھا الی ضرائح الاولیاء الکرام تقرباً الیھم فھو بالا جماع باطل وحرام مالم یقصدوا صرفھا لفقراء الانام فقدابتلی الناس بذلک ولا سیمافی ھذہ الا عصار و

(۱) مصرف الزکوۃ الخ وھو ایضا لصدقة الفطر و الکفارات و النذر ( ردالمحتار باب المصرف ج۳ ص ۷۹ ط س ج۲ ص ۳۳۹) ظفیر۔ (۲) دیکھیے معالم التنزیل ص (۳) فتح الرحمن (۴) موضح القرآن ص۔

قد بسط العلامة قاسم فی شرح درر البحار ولقد قال الامام محمد رحمه اللّٰه لو كان العوام عبیدی لاعتقتهم واسقطت ولا ئهم وذلك لانهم لایهتدون فالكل بهم یتعبرون انتهی۔ (۱) وفی ردالمحتار المعروف بالشامی قوله باطل وحرام لو جوه منها انه نذر لمخلوق والنذر للمخلوق لا یجوز لانه عبادة والعبادة لا تكون لمخلوق ومنها ان المنذور له میت والمیت لا یملك ومنها انه ان ظن ان المیت یتصرف فی الا مور دون اللّٰه تعالیٰ واعتقاده ذلك كفر الخ شامی(۲) ص ۱۲۸ آخر عبارت شامی سے واضح ہوا کہ نذر غیر اللہ کو متصرف جان کر اس کی منت ماننا کفر و شرک ہے اور یہ ظاہر ہے اس میں کچھ خفا نہیں ہے اور نذر کا عبادت ہونا بھی اس کو مقتضی ہے کہ نذر غیر کفر ہے کیونکہ عبادت غیر اللہ صریح کفر ہے اور شرک جلی ہے قال اللہ تعالیٰ وما امروا الا لیعبدوا اللہ مخلصین له الدین وقال اللہ تعالیٰ امر ا لا تعبدو ا الا ایاه الآیۃ (۳) فقط۔

## یہ نذر ماننا کہ فلاں نوکر ہو گیا تو اس کی تنخواہ کا ایک حصہ مسافروں پر خرچ کروں گا کیسا ہے؟

(سوال ۸۰) مادر کسے نذر کرد و قتیکہ فرزند من نوکر شود از تنخواہ او حصہ چہلم بمسافران و موذنان رامید ہم ایں نذر جائز است یا نہ واگر فرزند تنخواہ خود بمادر نہ دید چہ حکم است؟

(الجواب) فی الحدیث لا وفاء لنذر فی معصیة ولا فیما لا یملك العبد رواه مسلم۔ (۴) پس نذر ند کور از تنخواہ پسر خود کہ مملوک ناذر نیست صحیح نیست و وفاء آں بر پدر ش مادرش لازم نیست و اگر پسر از تنخواہ خود آنچناں بکند کہ پدر گفتہ بود فرزند کردہ بود عاصی نخواہد شد۔ فقط۔

## مسجد میں شیرینی بھیجنے کی نذر درست ہے

(سوال ۸۱) اگر کسی نے یہ نذر کی کہ میرا فلاں کام ہو گیا تو مسجد میں شیرینی دوں گا۔ تو یہ نذر کرنا جائز ہے یا نہیں؟

(الجواب) فقہاء نے اس میں یہ لکھا ہے کہ ایسی نذر صحیح ہو جاتی ہے مگر تخصیص اس مسجد کی نہیں ہوتی اور نہ فقراء اس مسجد کی خصوصیت ہوتی ہے بلکہ جس جگہ کے فقراء کو چاہے تقسیم کر دے۔ (۵) فقط۔

## فلاں پیر کی روح کے لئے خیرات کروں گا یہ نذر درست نہیں

(سوال ۸۲) نذر کردن لغیر اللہ تعالیٰ چہ حکم دارد و چنانچہ عادل جہان است کہ بوقت بیماری یا مصیبت میگو یند یا الٰہی وقتیکہ ایں مریض خوش شدہ یا ایں مصیبت زائل گردیدہ فلاں جانور بنام تو برائے روح فلاں پیر خیرات کنم۔

(الجواب) اس بارہ میں قول فیصل یہ ہے جو صاحب در مختار و شامی نے نقل فرمایا ہے واعلم ان النذر الذی یقع

(۱) الدر المختار علی ہامش ردالمحتار مطلب فی النذر الذی یقع للاموات الخ ج۲ ص ۱۷۵ ط س ج۲ ص ۴۳۹۔ ظفیر۔
(۲) دیکھئے ردالمحتار کتاب الصوم مطلب فی النذر الذی یقع للاموات ج۲ ص ۱۷۵ ط س ج۲ ص ۴۳۹ ظفیر
(۳) بیت
(۴) مشکوٰۃ باب فی النذور ص ۲۹۷ ظفیر
(۵) نذر لفقراء مكة جاز الصرف لفقراء غیرها لما تقرر فی كتاب الصوم ان النذر غیر المعلق لا یختص بشیء (الدر المحتار علی ہامش ردالمحتار باب فی احکام النذر ج ۳ ص ۹۶ ط س ج۳ ص ۷۴۰) ظفیر

للاموات من اكثر العوام وما يوخذ من الدراهم والشمع والزيت ونحوها الى ضرائح الا ولياء الكرام تقرباً اليهم فهو بالا جماع باطل و حرام(۱)الخ قوله باطل و حرام لو جوه منها انه نذر لمخلوق والنذر للمخلوق لا يجوز لا نه عبادة والعبادة لا تكون لمخلوق ومنها ان المنذور له ميت والميت لا يملك ومنها انه ظن ان الميت يتصرف في الامور دون الله تعالى واعتقاده ذلك كفر الخ ردالمحتار۔(۲) المعروف بالشامی پس معلوم ہوا کہ نذر لغیر اللہ ہر طرح حرام ہے نذر خالص اللہ تعالیٰ کے لئے ہونی چاہئے ۔پس کسی بزرگ اور پیر کے تقرب کے لئے نذر کرنا صحیح نہیں ہے اور معصیۃ ہے اور پیر کو مخاطب کر کے اس سے حاجت طلب کرنا کسی طرح جائز نہیں ہے لہٰذا ان صورتوں سے احتراز کرنا چاہئے اور صرف اللہ تعالیٰ کے لئے خالص نذر کرنا بلاشرکت غیر چاہئے مثلاً یہ کہے کہ یا اللہ اگر فلاں بیمار اچھا ہو جاوے گا تو میں تیرے واسطے اس قدر صدقہ و خیرات کر کے فقراء کو کھلاؤں گا۔ فقط۔

## جو کچھ نفع ہوگا اس میں اتنا خیرات کروں گا یہ نذر نہیں

(سوال ۸۳)ایک تاجر نے یہ کہا کہ میں ہمیشہ جو نفع ہوگا آدھ آنہ فی روپیہ اللہ کے واسطے خیرات کرتا رہوں گا اور وہ تاجر پہلے بھی مال تجارت پر خاصی رقم منافع مال تجارت میں سے خیرات کر دیا کرتا تھا اور مصارف اس رقم کے غرباء و مساکین و افطاری صائمین و تعمیر مسجد وغیرہ میں صرف کر دیتا تھا لہٰذا یہ صورت نذر کی ہے یا نہ؟

(الجواب) یہ صورت نذر کی نہیں ہے جن مصارف میں پہلے صرف کرتا تھا ان میں اب بھی صرف کر سکتا ہے۔(۳)فقط۔

## اولاد ہوئی تو اتنے دن کا روزہ رکھوں گی یہ نذر ہے

(سوال ۸٤)ایک عورت نے نذر کی کہ اگر میرے اولاد ہو خداوند کریم مجھے اولاد بخشے تو نو ماہ کے روزے رکھوں گی اب اس کے اولاد ہونے لگی اور نذر کے روزہ رکھ نہیں سکتی جب روزہ رکھتی ہے بیمار ہو جاتی ہے لہٰذا وہ فدیہ دے سکتی ہے یا نہیں۔

(الجواب)اس صورت میں ان روزوں کا رکھنا لازم ہے جس وقت ممکن ہو رکھے۔(٤)اور جب رکھنے سے بالکل ناامید ہو جاوے اس وقت فدیہ کی وصیت کر دے۔(۵)فقط۔

## میرا بچہ صحت یاب ہو گیا تو مسجد میں مٹھائی تقسیم کروں گا نذر صحیح ہے

(سوال ۸۵)زید نے نذر کی کہ اگر میرے لڑکے کو آرام ہو جاوے تو اللہ کے واسطے مسجد میں مٹھائی تقسیم کروں گا

---

(۱)الدر المختار على هامش ردالمحتار كتاب الصوم مطلب فى النذر الذى يقع للاموات ج ۲ ص ۱۷۵ ط.س. ج۲ص٤۳۹. ظفير (۲)دیکھئے ردالمحتار كتاب الصوم مطلب فى النذر الذى يقع للاموات ج۲ ص ۱۷۵ ط.س. ج۲ص٤۳۹. ظفير (۳)اس پر نذر کی تعریف صادق نہیں آتی. ان برئت من مرضى هذا ذبحت شاة الخ فيرى لا يلزمه شئ (در مختار) لان قوله ذبحت شاة وعد لانذر ( ردالمحتار مطلب فى احكام النذر ج ۳ ص ۹۷ ط.س. ج۳ص۷۳۹) ظفير. (٤)من نذر نذرامطلقا او معلقا بشرط وكان من جنسه فرض وهو عبادة مقصودة الخ ووجد الشرط لزم الناذر الخ كصوم وصلاة وصدقة (الدر المختار على هامش ردالمحتار كتاب الايمان ج۳ ص ۹۱ ط.س. ج۳ص۷۳۵) ظفير. (۵) نذر الصوم الابد فاكل لعذر فدى (در مختار) لكل يوم نصف صاع من بر او صاعا من شعير وان لم يقدر استغفر الله تعالى ( ردالمحتار مطلب فى احكام النذر ج ۳ ص ۹۷ ط.س. ج۳ص۷٤۱) ظفير.

یہ جائز ہے یا نہیں اور اس مٹھائی کے کون لوگ مستحق ہوں گے فقراء یا اغنیاء بھی اور جو اشیاء خدا کے واسطے مسجد میں دی جاوے ان کو بدون اجازت مالک کے تقسیم کرنا جائز ہے یا نہیں، مقیم اور مسافر دونوں مسجد میں خورد ونوش کر سکتے ہیں یا نہیں؟

(الجواب) اس طرح نذر صحیح ہو جاتی ہے مگر تخصیص مسجد یا مٹھائی کی نہیں ہوتی۔ فقراء کو وہ مقدار تقسیم کر دے اغنیاء کو نہ چاہئے۔(۱) اور جب کہ مالک نے وہ مٹھائی وغیرہ مسجد میں دے دی تو جس کو چاہے وہ فقراء پر تقسیم کر سکتا ہے۔ در مختار میں لکھا ہے کہ مقیم کو مسجد میں سونا اور کھانا مکروہ ہے مسافر کو درست ہے واکل ونوم الا بمعتکف الخ۔(۲) لیکن شامی میں ہے کہ اہل صفہ مسجد میں سوتے تھے اور باتیں بھی کرتے تھے لان اهل الصفة كانوا يلازمون المسجد وكانوا ينامون ويتحدثون ولهذا لا يحل لا حد منعه الخ۔(۳) پس شرک کہنا اس کو جہل ہے اور غلط ہے۔ فقط

## فلاں کام ہو گیا تو اتنے لاکھ درود پڑھوں گا نذر ہے یا نہیں؟

(سوال ۸۶) زید نے نذر کی کہ اگر میرا فلاں کام ہو جاوے تو میں پانچ لاکھ درود شریف پڑھ کر اس کا ثواب فلاں بزرگ کی روح کو بخشوں گا وہ کام پورا ہو گیا اور زید عدیم الفرصتی کی وجہ سے اتنی تعداد پڑھنے سے قاصر ہے تو کیا کرے۔

(الجواب) در مختار میں ہے ولو نذر ان يصلى على النبى صلى الله عليه وسلم كل يوم كذا لزمه وقيل لا۔(۴) اس سے معلوم ہوا کہ درود شریف کی تعداد نذر سے لازم ہونے میں اختلاف ہے اور راجح لزوم نذر ہے۔(۵) پس جہاں تک ہو سکے مقدار مذکور کے پورا کرنے کی کوشش کرے مثلاً اگر ایک ہزار روزانہ پڑھے گا تو پانچ ماہ میں ایک لاکھ ہو جائے گا۔ اسی طرح جس قدر پڑھ سکے اس کا حساب لکھتا رہے۔ فقط

## میرا کام ہو گیا تو نمازیوں کو کھلاؤں گا نذر ہے اس کے مستحق فقراء ہیں

(سوال ۸۷) اگر کوئی شخص یہ نذر کرے کہ اگر اللہ تعالیٰ نے میرا کام پورا کر دیا تو ایک گائے یا بکری ذبح کر کے جمعہ کے دن مصلیوں کو کھلاؤں گا تو وہ گوشت غنی صاحب نصاب بھی کھا سکتا ہے یا نہیں؟

(الجواب) وہ گوشت فقراء کو دیا جاوے غنی صاحب نصاب کو نہ دیا جائے اور یوم جمعہ کی اور مصلیوں کی تخصیص لازم نہیں ہوئی، جن فقراء کو جس جگہ جس دن چاہے دے سکتا ہے، در مختار میں ہے نذر لفقراء مكة جاز الصرف لفقراء غيرها۔(۱) اور شامی میں ہے والنذر من اعتكاف اوحج اوصلاة الخ لا يختص بزمان

(۱) من نذر لفقراء مكة جاز الصرف لفقراء غيرها (در مختار) فلو نذر التصدق يوم الجمعة بمكة بهذا الدرهم على فلان فخالف جاز (ردالمحتار مطلب في احكام النذر ج ۳ ص ۹۶. ط.س. ج۳ص ۷۴۰) ظفير
(۲) الدر المختار على هامش ردالمحتار مطلب في الغرس في المسجد ج۱ ص ۶۱۹. ط.س. ج۱ص ۶۶۱) ظفير
(۳) ايضاً ج ۱ ص ۶۱۹ تحت قوله بان يجلس لا جله. ط.س. ج۱ ص۶۶۲ ظفير
(۴) الدر المختار على هامش ردالمحتار كتاب الايمان مطلب في احكام النذر ج ۳ ص ۹۴. ط.س. ج۳ص۷۳۸) ظفير
(۵) قوله لزمه لان من جنسه فرض وهو الصلوة عليه صلى الله عليه وسلم مرة واحدة في العمر وتجب كلما ذكر وانما هي فرض عملي (ردالمحتار ايضاً ج۳ ص ۹۴. ط.س. ج۳ص۷۳۸) ظفير
(۶) الدر المختار على هامش ردالمحتار كتاب الايمان مطلب في احكام النذر ج ۳ ص ۹۴) ظفير

و مکان و درہم وفقیر فلو نذر التصدق یوم الجمعة بمکة الخ فخالف جاز الخ شامی۔(۱) فقط۔

## صدقہ نفلی کا غنی کو کھانا کیسا ہے؟

(سوال ۸۸) زید کا فرزند بکر بیمار ہے زید نے اپنے فرزند کے نام سے ایک گائے ذبح کر کے تقسیم کر دی۔ اس گوشت کا کھانا امیر اور فقیر کے لئے کیسا ہے؟

(الجواب) جب کہ بہ نیت صدقہ ایسا کیا ہے جیسا کہ ظاہر ہے تو وہ گوشت فقراء و مساکین کو تقسیم کرنا چاہئے اگرچہ بوجہ صدقہ نفل ہونے کے اغنیاء کو بھی دینا جائز ہے مگر بہتر یہی ہے کہ فقراء و مساکین کو کھلایا جاوے۔ فقط۔

## گائے نذر کی تو اس میں قربانی کی شرط ضروری ہوگی۔

(سوال ۸۹) ایک شخص نے اپنے اوپر نذر کی کہ اگر فلاں کام ہو جاوے تو ایک گائے خدا کے واسطے ذبح کر کے تقسیم کروں گا اب کام پورا ہو گیا نذر ادا کرنا واجب ہے مگر اس طرف چند علماء میں تفرقہ عظیم واقع ہو گیا ہے ایک گروہ یہ کہتا ہے کہ گائے جس عمر کی ہو ذبح کر دینا چاہئے، دوسرے گروہ کے علماء یہ کہتے ہیں کہ جو شرائط قربانی میں ہیں وہ اس نذر کے جانور میں بھی ہوں گی ورنہ نذر ادا نہ ہوگی ان دونوں قولوں میں کس کا قول عند الشرع معتبر ہے اور صحیح اور گائے اسے کہتے ہیں جو بڑی اور جوان ہو۔

(الجواب) قال فی الدر المختار ولو قال للہ علی ان اذبح جزوراً واتصدق بلحمه فذبح مکانه سبع شیاه جاز کذا فی مجموع النوازل ووجه لا یخفی قوله ووجهه لایخفی هو ان السبع تقوم مقامه فی الضحایا والهدایا۔(۲) اس سے معلوم ہوتا ہے کہ شرائط قربانی کا لحاظ اس میں ضروری ہے۔ فقط۔

## صرف نذر کی نیت کی زبان سے نہیں کہا تو نذر نہیں ہوئی

(سوال ۹۰) زید نیت کرتا ہے کہ اگر میری فلاں دکان یا مکان کرایہ پر چڑھ جائے گا تو اس کی ایک ماہ کا کرایہ اللہ کے واسطے دوں گا اب وہ مکان یا دوکان کرایہ پر چڑھ گیا زید اس کے ایک ماہ کے کرایہ کو حسب وعدہ مصرف خیر میں صرف کرنا چاہتا ہے ایسی نذر کو اللہ کے واسطے کھانا پکوا کر طلبہ و مساکین وغیرہ کو کھلا سکتا ہے یا نہیں اور اس میں سے خود بھی کھا سکتا ہے یا نہیں اور اپنے عزیز و اقربا کو کھلا سکتا ہے یا نہیں کسی مسجد کی تعمیر میں یا مدرسہ کی تعمیر میں یا چاہ میں اس کو لگا سکتا ہے یا نہیں آیا اس کو یہ اختیار ہے یا نہیں کہ رقم موعودہ کو جس کار خیر میں لگانا چاہے لگاوے۔

(الجواب) زید نے اگر محض ایسے ہی نیت کی اور زبان سے کچھ نذر نہیں کی تو اس حالت میں زید پر کچھ لازم نہیں ہوتا۔ اگر تبرعاً کچھ بطور صدقہ محتاجوں وغیر ہم کو کھلا دیوے تو اچھا ہے اس میں خود بھی کھا سکتا ہے اور اپنے عزیز و اقارب کو بھی کھلا سکتا ہے اور جو رقم چاہے مسجد میں بھی لگاوے کار ثواب ہے اور اگر زبان سے نذر و منت مانی ہے کہ بصورت مذکورہ میرے ذمہ ہے کہ اللہ کے واسطے ایک ماہ کا کرایہ دوں گا تو پھر تمام رقم کو مساکین و فقراء کو دینا ضروری ہے اور اگر اس رقم کا کھانا پکا کر کھلاوے تو تمام محتاجوں کو ہی کھلادے خود اس میں سے نہ کھاوے اور نہ احباب و اغنیاء کو کھلاوے اور نہ مسجد میں لگاوے غرض نذر کا یہ حکم ہے صدقہ کرنا مساکین پر واجب

---

(۱) ردالمحتار کتاب الایمان ج ۳ ص ۹۶ ط س ج ۳ ص ۷۴۱) ظفیر۔
(۲) دیکھئے ردالمحتار کتب الایمان مطلب فی احکام النذر ج ۳ ص ۹۶ ط س ج ۳ ص ۷۴۰) ظفیر۔

ہے اور اگر نذر نہ ہو تو پھر اختیار ہے جیسا کہ پہلے لکھا گیا۔(۱)

## امام حسینؓ کی نذر جائز نہیں

(سوال ۹۱) ایک شخص نے اللہ کے واسطے بایں طور نذر کی کہ اگر میرے بیٹا ہو تو میں اللہ کے واسطے نیاز کروں اور ثواب حضرت امام حسینؓ کی روح کو پہنچاؤں اب اس کے بیٹا ہو اور اس نے ہر سال ایک مسلی ہو اکر رکھ لی اب وہ پوری ہو گئی ہیں اب وہ چاہتا ہے کہ اللہ کے واسطے ثواب امام حسینؓ کی روح کو پہنچادے، یہ صورت جائز ہے یا نہ؟

(الجواب) ایسی نذر جس میں اموات کا تقرب ہو بالاتفاق باطل اور حرام ہے للاجماع علی حرمة النذر للمخلوق و لا ینعقد الخ،(۲) پس امام حسینؓ کے ایصال ثواب کی نذر کرنا شرعاً صحیح نہیں ہوئی اور آئندہ ہر گز ایسا نہ کرنا چاہئے جو نذر اللہ کے واسطے کیا جائے وہ خالص اللہ کے لئے ہونی چاہئے اس میں کسی کے ایصال ثواب کا ارادہ اور نیت نہ کرنی چاہئے، پس یہ نذر جو اس شخص نے کی ہے اس میں تقرب لغیر اللہ ——————— کا شائبہ معلوم ہوتا ہے۔ اسی سے تو بہ کرنی چاہئے اور آئندہ ایسی　　نذر نہ کرنی چاہئے۔ نذر خالص اللہ کے لئے خالص ہونی چاہئے اگر خالص اللہ کے لئے نذر مانی جاوے تو وہ لازم ہوتی ہے اور مصرف اس کا فقراء اور مساکین ہیں۔(۳) یہ طریق جو سائل نے نذر کا خیال کیا خلاف شرع ہے اور مسلی وغیرہ ہوانا اور چہ کو پہنانا حرام ہے یہ جاہلوں کی رسوم ہیں اللہ تعالیٰ بچاوے۔ آمین فقط۔

## نذر قربانی کی کی ہے تو قربانی سے نذر پوری ہو گی

(سوال ۹۲) میری ہمشیرہ جہاز میں سخت بیمار ہوئی میں نے منت مانی کہ اگر خیریت سے جائے قیام پر پہنچی تو قربانی کروں گا الحمد للہ کہ خیریت سے پہنچی آیا منت جو مانی ہے وہ قربانی ہی کرنے کی صورت میں پوری ہو سکتی ہے یا وہی قیمت کسی یتیم خانہ وغیرہ میں دی جا سکتی ہے؟

(الجواب) منت جو قربانی کی کی تھی تو قربانی ہی کرنی چاہئے قربانی سے منت پوری ہو گی۔(۴) فقط اور یہ ایام قربانی یعنی ۱۰، ۱۱، ۱۲ ذی الحجہ کو ہو گی۔(۵)

## لڑکا اچھا ہو گیا تو قرآن ختم کراؤں گا یہ نذر لازم نہیں

(سوال ۹۳) ایک شخص نے نذر کی کہ لڑکے کو آرام ہو جائے تو دس حافظوں سے ایک قرآن شریف ختم کراؤں گا اور دل میں یہ بھی ہے کہ ان کو کھانا بھی کھلاؤں گا، اس صورت میں نذر کا ادا کرنا واجب ہے یا نہیں؟

(الجواب) یہ نذر لازم نہیں ہوئی۔ فقط۔

---

(۱) مصرف الزكوة الخ وهوايضاً مصرف لصدقة الفطر والكفارة والنذر (ردالمحتار باب المصرف ج۲ ص ۷۹. ط.س. ج۲ ص۳۳۹) ظفير (۲) دیکھیے ردالمحتار كتاب الصوم مطلب فى النذر الذى يقع للاموات الخ ج ۲ ص ۱۷۵. ط.س. ج۲ ص۴۳۹ ظفير (۳) ومصرف الزكوة الخ وهو مصرف ايضا لصدقة الفطر والكفارة والنذر (ردالمحتار ج۲ ص ۷۹. ط.س. ج۲ ص۳۳۹) ظفير (۴) لو نذر قبل ايام النحر ان يضحى لزمه شاتان احداهما بالنذر والاخرى للغنى (ردالمحتار كتاب الاضحية ج۵ ص ۲۹۱. ط.س. ج۶ ص۳۳۲ ظفير (۵) وحيث علمت ان الاضحية اسم لما يذبح فى وقت مخصوص لم يكن فيها الغاء الوقت فاذا نذرها يلزم فعلها فيه والا لم يكن اتيا بالمنذور لانها بعده لا تسمى اضحية (ردالمحتار كتاب الاضحية ج۵ ص ۲۹۱. ط.س. ج۲ ص۳۳۲) ظفير

## نذر کی چیز خود کھانا جائز نہیں

(سوال ۹٤) ایک شخص نے نذر مانی کہ اللہ تعالیٰ میرا یہ کام آسان کرے تو میں واسطے اللہ کے حضرت پیر صاحب کی رتی دوں گا اس کا وہ کام ہو گیا تو وہ نذر کی چیز آپ بھی کھاتا ہے اولاد کو بھی دیتا ہے اور غنی کو بھی دیتا ہے اور مسکینوں کو بھی دیتا ہے۔ جائز ہے یا نہیں؟

(الجواب) نذر کی چیز خود نہ کھانی چاہئے مسکینوں اور فقیروں کو دینی چاہئے۔(۱) اور اس طرح نذر نہ کرنی چاہئے بلکہ اس طرح کرنی چاہئے کہ اگر میرا کام ہو گیا تو اللہ کے واسطے محتاجوں کو اس قدر دوں گا (نذر کی چیز غنی کو بھی کھانا جائز نہیں ہے جیسے زکوٰۃ اور صدقۃ الفطر۔(۲) ظفیر) فقط۔

## غریبوں کو کھلانے کی نذر مانی اس کا روپیہ انگوڑہ فنڈ میں دینا کیسا ہے؟

(سوال ۹۵) کسی شخص نے نذر مانی کہ میری تجارت میں اتنی ترقی ہو جائے تو میں ایک لاکھ فقیروں کو کھانا کھلاؤں گا۔ خدا نے اس کا کام پورا کر دیا تو اس کی قیمت انگوڑہ فنڈ میں غازیوں کو دے سکتا ہے یا نہیں اور شخص مذکور کچھ فقراء کو غلہ خشک دے چکا ہے وہ ادا ہوا یا نہیں؟

(الجواب) نذر کی رقم کے مصارف بھی وہی ہیں جو زکوٰۃ کے مصارف ہیں اور ان میں تملیک فقراء شرط ہے۔(۳) پس جیسا کہ زکوٰۃ کی رقم بعد تملیک کسی فقیر کے، انگوڑہ فنڈ میں دی جا سکتی ہے ...... اسی طرح نذر کی رقم بھی بعد حیلہ، تملیک انگوڑہ میں دی جا سکتی ہے اور طریقہ تملیک کا یہ ہے کہ یہاں کسی محتاج کو جو مالک نصاب نہ ہو زکوٰۃ و نذر دے دی جائے اور اس کو مالک بنا دیا جائے، پھر اس کو کہہ دیا جائے کہ وہ اپنی طرف سے اگر چاہے انگورہ فنڈ میں دے دے، مگر نذر مذکور میں ایک اشکال یہ ہے کہ ناذر نے ایک لاکھ فقراء کو کھانا کھلانے کی نذر کی ہے تو اسی قدر لوگوں کو مالک نذر کا بنایا جائے اور ہر ایک فقیر کو بقدر ایک فطرہ کے قیمت نقد دی جائے یا کھانا کھلایا جائے اور جس قدر فقیروں کو غلہ خشک دے چکا ہے وہ ادا ہو گیا باقی فقراء کو بھی خود غلہ یا نقد دیا جائے، لیکن بعد اس تحریر کے شامی دیکھنے سے معلوم ہوا کہ نذر میں تعداد فقراء کی پورا کرنا ضروری نہیں ہوتا اس کی عبارت یہ ہے قلت وكما لا يتعين الفقير لا يتعين عدده ففي الخانية ان زوجت بنتي فالف درهم من مالي صدقة لكل مسكين درهم فزوج ودفع الالف الى مسكين جملة جاز الخ۔(۴) پس اس بناء پر لاکھ فقیروں کو کھلانا یا غلہ نقد وغیرہ دینا ضروری نہ ہوا بلکہ ایک فقیر کو بھی دے سکتے ہیں، لہذا انگورہ فنڈ میں بھیجنے کے لئے ایک فقیر کی ملک کر کے وہ رقم انگورہ فنڈ میں بھیجی جا سکتی ہے۔(۵) فقط۔

(۱) مصرف الزكوة الخ وهو مصرف ايضا لصدقة الفطر و الكفارة والنذر (ردالمحتار باب المصرف ج ۲ ص ۷۹ ط.س ج۲ ص۳۳۹) ظفير (۲) ولا الى من بينهما ولاء الخ او زوجية الخ ولا الى غني يملك قدر نصاب فارغ عن حاجته الاصلية من اى مال كان (الدر المختار على هامش ردالمحتار باب المصرف ج ۲ ص ۸٦ و ج۲ ص ۸۸ ط.س ج۲ ص۳۳٦) ظفير (۳) مصرف الزكوة الخ وهو مصرف ايضا لصدقة الفطر و الكفارة والنذر وغيره ذلك من الصدقات الواجبة (ردالمحتار على باب المصرف ج ۲ ص ۷۹ ط.س ج۲ ص۳۳۹) ظفير

(٤) دیکھیے ردالمحتار مطلب في احكام النذر تحت قوله لما تقرر في كتاب الصوم ج ۳ ص ۹٦ و ج۲ ص ۹۷ ط.س ج۲ ص۷٤۱) ظفير (۵) وحيلة التكفين بها التصدق على فقير ثم هو يكفن فيكون الثواب لهما و كذا في تعمير المسجد الخ (الدر المختار على هامش ردالمحتار كتاب الزكوة ج ۲ ص ۱٦ ط.س ج۲ ص۲۷۱)

## نذر مانی اور پورا کرنے سے قبل فوت ہو گیا کیا حکم ہے؟

(سوال ۹۶) ایک لڑکا جو کالج میں پڑھتا تھا اس نے اپنے پاس ہونے پر تیس ہزار نفلیں نذر اللہ پڑھنے کی مانی تھی حد پاس ہونے کے اس نے نوافل شروع کر دی، لیکن وہ صرف ایک ماہ زندہ رہا آیا، اس کی نذر ساقط ہو گئی یا نہیں؟

(الجواب) اگر متوفی وصیت فدیہ کی کر جاتا اور مال چھوڑ تا تو اس کے ورثاء پر فدیہ دینا ان نمازوں کا اس کے مال میں سے واجب ہوتا لیکن جب کہ اس نے وصیت نہیں کی تو وارثوں پر فدیہ دینا لازم نہیں۔(۱) فقط۔

## گیارہویں کی نذر جائز نہیں

(سوال ۹۷) اگر کوئی شخص منت کرے کہ اگر میری شادی ہو جائے تو بڑے پیر صاحب کی گیارہویں کروں گا، آپ بڑے پیر ہیں دعا فرمائیں۔یا دوسرے شخص کے اولاد نہیں ہوتی وہ منت کرے کہ شہید کربلا آپ مقبول درگاہ ہو، دعا فرمایئے کہ اگر میرے فرزند ہو تو میں آپ کے نام کا دلدل چڑھاؤں گا۔اور اللہ تعالیٰ وہ دعا قبول کرے، فرزند ہو، یا کسی شخص کو مرض لاحق ہو علاج سے عاجز آ کر اس نے منت کی خواجہ معین الدین چشتی کی کہ اگر مجھے شفاء کلی حاصل ہو جائے تو غلاف چڑھاؤں گا، آیا اس قسم کی منت ماننا اور اس کا پورا کرنا اور ادا کرنا جائز ہے یا نہیں؟

(الجواب) معصیت کی نذر شرعاً صحیح اور معتبر نہیں ہوتی جیسا کہ حدیث شریف میں وارد ہے لا نذر فی معصیة او کما قال(۲) صلی اللہ علیہ وسلم لہٰذا مذکورہ نذر صحیح نہیں ہیں اور نہ ان کا ایفا ضروری ہے اور کفارہ قسم کا ادا کرنا واجب ہے۔ فقط۔

## حاضری روضہ کی منت مانی مگر وہ مفلس ہے کیا کرے؟

(سوال ۹۸) ایک شخص نے نذر مانی، وقت مرض مہلک کے، یارسول اللہ اگر مجھے شفاء ہو گئی تو تیرے روضہ پر آؤں گا اور حج بیت اللہ کروں گا اب وہ تندرست ہو گیا لیکن وہ بالکل مفلس عیال دار ہے اس کے بارے میں کیا حکم ہے؟

(الجواب) روضہ انور پر جانے کی نذر تو صحیح نہیں ہوئی لا نہ لیس من جنسه واجب۔(۳) اور حج کی نذر صحیح ہو گئی، جس وقت طاقت ہو حج کرے قال وان لم یکن شئی فلا شئی علیه کمن او جب علی نفسه الف حجة یلزمه بقدر ما عاش فی کل سنة حجة۔(۴) وفیه ایضا لو نوی شیئا من حج او عمرة او غیره

(۱) ولو مات وعلیه صلوات فائتة واوصی بالکفارة یعطی لکل صلوة نصف صاع من بر کالفطرة وکذا حکم الوتر والصوم (در مختار) فاذا لم یوص فات الشرط (ردالمحتار مطلب اسقاط الصلوة عن المیت ج۱ ص ۶۸۶۔ط۔س۔ج۲ص۷۲) ظفیر۔

(۲) اعلم ان النذر الذی یقع للاموات من اکثر العوام الخ تقربا الیهم فهو بالا جماع باطل وحرام (در مختار) لو جوه منها انه نذر لمخلوق والنذر للمخلوق لا یجوز لانه عبادة والعبادة لا تکون لمخلوق ومنها ان المنذور له میت والمیت لا یملک ومنها انه ان ظن ان المیت یتصرف فی الامور دون اللہ تعالی فاعتقاده ذلک کفر الخ (ردالمحتار کتاب الصوم مطلب النذر الذی یقع للاموات ج۲ ص ۱۷۵ ط۔س۔ ج۲ص۴۳۹) ظفیر

(۳) ولم یلزم الناذر مالیس من جنسه فرض کعیادة مریض الخ (الدر المختار علی هامش ردالمحتار کتاب الایمان ج ۳ ص ۹۲۔ط۔س۔ج۳ص۷۳۶) ظفیر

(۴) ردالمحتار مطلب فی احکام النذر تحت قوله لزمه ما یملک منها فقط ج۳ ص ۹۷۔ط۔س۔ج۳ص۷۴۱) ظفیر

فعلیه مانوی (۱) وفیه ایضا قول در مختار ولو نذر ثلاثین حجة ردبقدر عمره. (در مختار) ای لزمه ان یحج بقدر مایعیش ومشی فی اللباب المناسک علی انه یلزمه الکل وعلیه ان یحج بنفسه بقدر ماعاش ویجب الایصاء بالبقیة الخ وفی الفتح الحق لزوم الکل ۔(۲) فقط۔

## نذر کے کھانے میں عقیقہ کا گوشت دینا درست ہے

(سوال ۹۹) زید نے نذر مانی کہ جب میں اپنے نئے مکان میں رہنے لگوں گا تو اپنے دوست واحباب کو کھانا کھلاؤں گا، اس کو اپنے لڑکے کا عقیقہ بھی کرنا ہے تو اگر وہ عقیقہ کر کے اس کے گوشت کو بہ نیت نذر مذکور پکوا کر دوست احباب کو کھلا دے تو نذر ہو جائے گی یا نہیں؟

(الجواب) اس صورت میں نذر ادا ہو جائے گی (دوست واحباب کو کھانا کھلانے کی نذر سے نذر نہیں ہوتی اور نہ وہ لازم ہوتی ہے ولم یلزم الناذر هذا لیس من جنسه فرض کعیادة مریض الخ ۔(۳) (در مختار) ظفیر۔

## نذر کا عہد اور اس کا حکم

(سوال ۱۰۰) زید نے اپنے اوپر یہ عہد قائم کیا کہ اگر فلاں گناہ صادر ہوا تو ایک دفعہ گناہ صادر ہونے پر مبلغ ۴ روپیہ راہ للہ میں خرچ کروں گا۔ پھر یہ گناہ سات مرتبہ سرزد ہوا کل سزا کے ۲۸ روپیے ہوئے اب طالب علمی کے زمانہ میں ادا کرنے کی وسعت نہیں بعد طالب علمی کے ادا کر سکتا ہے یا نہ؟ درود شریف اور استغفار سے بھی ادا ہو سکتا ہے یا نہیں؟

(الجواب) اگر لفظ نذر کا کہا ہے تو ادا کرنا رقم مذکور کا ضروری ہے جس وقت وسعت ہو ادا کر دیوے۔(۴) اور اگر نذر کا لفظ نہیں کہا تو ادا کرنا رقم کا واجب نہیں ہے، توبہ واستغفار کرنا اور درود شریف پڑھنا بہر حال اچھا ہے۔ فقط۔

## کامیاب ہو گیا تو ہر جمعہ کو روزہ رکھوں گا نذر ہے

(سوال ۱۰۱) بندہ نے قسم کھائی کہ خدا کی قسم اگر میں اس امتحان میں کامیاب ہو گیا تو ہمیشہ ہر جمعہ کو روزہ رکھا کروں گا سو امتحان میں کامیاب ہو گیا جس کو ساڑھے سات سال ہو چکے آیا قسم کا کفارہ میرے ذمہ واجب ہے، اگر روزہ تو رکھنا واجب ہے تو ایام گذشتہ کی قضاء لازم ہے یا نہیں؟

(الجواب) یہ لفظ کہ خدا کی قسم اگر بندہ اس امتحان میں کامیاب ہو جائے تو ہمیشہ ہر جمعہ کو روزہ رکھا کروں گا، نذر ہے جس کا ایفاء واجب ہے اور چونکہ یہاں تعلیق نذر ایسی شرط کے ساتھ کی گئی ہے جس کے ہونے کا ارادہ تھا۔(۵)

---

(۱) ایضا تحت قوله ولو نوى صياما الخ ط س ج۳ ص ۷٤٣. ظفیر.
(۲) دیکھئے ردالمحتار مطلب فی احکام النذر ج ۳ ص ۹۸ ط س ج۳ ص ۷٤۲) ظفیر (۳) الدر المختار علی هامش ردالمحتار مطلب فی احکام النذر ج۳ ص ۹۲ ط س ج۳ ص ۷۳٦ وقال ان برئت من مرضی هذا ذبحت شاة او علی شاة اذبحها فبرئ لا یلزم شئ لان الذبح لیس من جنسه فرض فلا یصح الا اذا زاد و اتصدقها بلحمها فلیزمه لان الصدقة من جنسها فرض (ایضا ج ۳ ص ۹۵ ط س ج۳ ص ۷۳۹) ظفیر. (٤) سوال میں جو صورت درج ہے اس سے نذر نہیں معلوم ہوتا بلکہ اور عدہ معلوم ہوتا ہے لانه وعد لا نذر یونده مافی البزازیه لو قال ان سلم ولدی اصوم ما عشت فهذا وعد (ردالمحتار ص ۹٦ ط س ج۳ ص ۷٤٠) نذران یتصدق بالف من ماله وهو یملك دونها لزمه ما یملك منها فقط هو المختار لانه فیما لم یملك لم یوجدا لنذر فی الملك (الدر المختار علی هامش ردالمحتار مطلب فی احکام النذر ج۳ ص ۹۷ ط س ج۳ ص ۷٤١) ظفیر. (۵) فان علقه بشرط یریده کان قدم غائبی او شفی مریضی یوفی وجوبا ان وجدا لشرط (الدر المختار علی هامش ردالمحتار مطلب فی احکام النذر ج ۳ ص ۹٤ ط س ج۳ ص ۷۳۸) ظفیر

یعنی اس کا وجود مقصود تھا، اس لئے صاحب ہدایہ وغیرہ کی تفصیل کے موافق اس میں سواء نذر کے دوسرا کوئی احتمال نہیں کما بینہ تحت قولہ وان علق نذراً بشرط فوجد الشرط فعلیہ الوفاء بنفس النذر الخ ۴۶۳ پس آئندہ ہر جمعہ کو روزہ سے رہنا واجب ہے اور اگر اب تک کوئی جمعہ چھوٹ گیا ہے اس کی قضا بھی واجب ہے۔(۱) اور اگر ظاہر الروایۃ کی عبارت کو عدم تمیز پر مطلقاً حمل کر کے نذر کی روایت کو مطلقاً موجب تخییر مانا جائے تو گذشتہ جمعہ ہی کے حق میں حمل علی الیمین کر کے ایک کفارہ کافی ہو سکتا ہے، کما فی الشامی کفارات الایمان اذا کثرت یخرج بالکفارۃ الواحدۃ عن عہدۃ الجمیع ج ۳ ص ۵۴۰ یہ طریقہ صاحب بحر کا ہے مگر صاحب شامی نے اس کی تردید کی ہے اور یہ ثابت کیا ہے کہ اس مسئلہ میں تخییر کا کوئی قول نہیں ہے بلکہ صاحب بحر کو وہم ہوا ہے لہذا القول صاحب شامی صورت مسئولہ میں قسم کا احتمال ہے ہی نہیں صرف نذر ہے جس کا ایفاء واجب ہے۔(۲) فقط۔

## معمولاً جو روزے رکھتا ہے اس میں نذر کی نیت کر لے تو ادا ہوں گے یا نہیں؟

(سوال ۱۰۲) اگر کوئی شخص روزوں کا نذر کرے اور اس کا معمول بھی روزوں کا ہے مثلاً ایام بیض یا پنجشنبہ جمعہ وغیرہ اگر صیام معمولہ میں نیت صیام نذر کی تو نذر سے سبکدوش ہو جائے گا یا نہیں؟

(الجواب) اس صورت میں نذر مطلق ادا ہو جائے گی۔(۳)

## اگر بلا سے نجات پائی تو ہر جمعہ کو روزہ رکھوں گا نذر ہے

(سوال ۱۰۳) اگر کسے در مرض یا در بلا گرفتار شدہ ایں الفاظ بگوید کہ اگر من ازیں مرض یا ازیں بلا نجات یا م، تمام جمعہ را روزہ دارم، ایں نذر لازم شود یا نہ؟ بصورت لزوم اگر در غیر جمعہ ادا کردہ شود چہ حکم دارد؟

(الجواب) اگر کسے بالفاظ مذکورہ نذر کردہ است بعد تحقق شرط ایفاء آں لازم است، روزہ ہر یک جمعہ بروواجب شد، اگر در بعض جمعہ بوجہ نتواند، قضاء آں بدیگر ایام کند ثم ان علقہ بشرط یریدہ کان قدم غائبی او شفی مریض یوفی وجوبا الخ(۴) در مختار۔

## مقصد پورا ہو گیا تو فلاں مسجد میں وعظ کہوں گا نذر نہیں ہے

(سوال ۱۰۴) ایک شخص نے نذر کی کہ اگر یہ مقصد پورا ہو گیا تو اللہ کے واسطے کانپور کی جامع مسجد میں وعظ کہوں گا۔ تو یہ نذر واجب ہو گئی یا نہیں؟

ایک شخص نے حالت طالب علمی میں خیال کیا کہ اگر یہاں کی درسیات پوری ہو گئیں تو اللہ کے واسطے

---

(۱)نذر صوم شهر معين لزمه متتابعا لكن ان افطر فيه يوما قضاء وحده الخ ولو نذر الصوم الا بد فاكل لعذر فدى (الدر المختار على هامش ردالمحتار مطلب فى احكام النذر ج ۳ ص ۹۷ ط.س. ج۳ص۷۴۱) ظفير. (۲)والحاصل انه ليس فى المسئلة سوى قولين الاول ظاهر الرواية عدم التخيير اصلا والثانى التفصيل المذكور واما ما توهمه فى البحر من القول الثالث وهو التخيير مطلقا وانه المفتى به فلا اصل له ( ردالمحتار كتاب الايمان ج۳ ص ۹۴ ط.س. ج۳ص۷۳۸) ظفير. (۳)ومن نذر نذراً مطلقا او معلقا بشرط وكان من جنسه فرض وهو عبادة مقصودة الخ ووجدالشرط لزم الناذر (در مختار) اى لزم الوفاء باصل القربة التى التزمها لا بكل وصف التزمه لانه لو عين درهما او فقيرا او مكان للتصدق او للصلوٰة فالتعيين ليس بلازم ( ردالمحتار مطلب فى احكام النذر ج ۳ ص ۹۱ ط.س. ج۳ص۷۳۵)(۴)الدر المختار على هامش ردالمحتار مطلب ايضا (ج۳ ص ۹۴ ط.س. ج۳ص۷۳۸) ظفير

مدرسہ دیوبند میں بلا تنخواہ سال بھر مدرسی کروں گا یہ نذر واجب ہوگئی یا نہیں ؟

(الجواب) ان دونوں صورتوں میں نذر نہیں ہوئی اور ایفاء اس کا واجب نہیں ہے۔(۱)

## کام ہوگیا تو ایک اونٹ ذبح کرکے غریبوں کو کھلاؤں گا نذر ہے

(سوال ۱۰۵) ایک شخص نے نذر مانی کہ لیے اللہ اگر فلاں کام میرا ہو جائے گا تو ایک اونٹ ذبح کر کے محتاجوں کو تقسیم کروں گا، کام پورا ہو گیا، اب وہ چاہتا ہے کہ اونٹ کی قیمت غریبوں کو دے دے یہ جائز ہے یا نہیں ؟

(الجواب) در مختار میں ہے ولو قال ان برئت من مرضی هذا ذبحت شاة (الی ان قال) الا اذا زادوا تصدق بلحمها فیلزمه الخ۔(۲) اس عبارت سے واضح ہوا کہ صورت مسئول میں اس شخص کو اونٹ ذبح کر کے محتاجوں کو دینا لازم ہے۔

## مسجد میں مٹھائی کی نذر اور امام و مؤذن کے لئے اس کا حکم

(سوال ۱۰۶) مسجد میں بتاشے وغیرہ منت کرتے ہیں اس سے منت ہو جاتی ہے یا نہیں اور مؤذن و امام کو یہ چیزیں فروخت کرنا جائز ہوگا ؟

(الجواب) مطلقاً بلا صیغہ نذر کے نذر نہیں ہوتی۔(۳) اور جو اشیاء امام کے لئے ہیں ان کو استعمال اور فروخت کر سکتا ہے اور جو اشیاء امام کے لئے نہیں ہیں مثلاً تیل وغیرہ علاوہ ماکولات کے وہ اشیاء مسجد کی ہیں ان کو فروخت کر کے خود رکھنا درست نہیں ہے۔(۴)

## نذر کے جانور اور قربانی کے جانور کی شرطیں

(سوال ۱۰۷) نذر کے جانور میں قربانی کے جانوروں کی شرائط مثلاً گائے دو سال کی اور بکری ایک سال کی وغیرہ وغیرہ ہوتے ہیں یا نہیں ؟

(الجواب) نذر کے جانور میں قربانی کے جانور کی شرائط ہونا چاہئے ولو قال لله علی ان اذبح جزورا و اتصدق بلحمه فذبح مکانه سبع شیاه جاز الخ و وجهه لا یخفی (در مختار) قوله وجهه لا یخفی هو ان السبع تقوم مقامه فی الضحایا و الهدایا (۵) اس عبارت سے معلوم ہوتا ہے کہ نذر کو اضحیہ و ہدی پر قیاس کیا جاتا ہے۔

## دوسرے کے مال میں نذر

(سوال ۱۰۸) نذر کردن در مال غیر صحیح است یا نہ ؟

(الجواب) نذر در مال غیر صحیح نمی شود پس ایفاء آں لازم نیست۔ فی الدر المختار لا نه فیما لم یملك لم یوجد النذر فی الملك الخ فلم یصح وفی الشامی ای وشرط صحة النذر ان یکون المنذور ملکا

(۱) لم یلزم الناذر مالیس من جنسه فرض (الدر المختار علی هامش ردالمحتار مطلب ایضا ج ۳ ص ۹۲. ط.س. ج۳ص۷۳۶) ظفیر (۲) الدر المختار علی هامش ردالمحتار مطلب فی احکام النذر ج ۳ ص ۹۵ ط.س. ج۳ص۷۳۵ . ظفیر (۳) من نذر نذرا مطلقا او معلقا بشرط الخ (الدر المختار علی هامش ردالمحتار کتاب الا یمان ج ۳ ص ۹۱) ظفیر (٤) ردالمحتار مطلب فی احکام النذور ج ۳ ص ۹٦. ط.س. ج۳ص۷۳۵) ظفیر
(۵) ردالمحتار مطلب فی احکام النذر (ج ۳ ص ۹۷. ط.س. ج۳ص۷٤۱) وفی البحر عن الخلاصة لو قال لله علی ان اهدی هده الشاة وهی ملك الغیر لا یصح النذر (ردالمحتار مطلب ایضا ج ۳ ص ۹۳. ط.س. ج۳ص۷۳۷) ظفیر

للناذر الخ فقط۔

## دیوی کے نام والے جانور کی قربانی

(سوال ۱۰۹) ایک شخص نے ایک جانور ماتایا دیوی کے نام یا سید سالارو غیرہ و غیرہ کے نام پر چھوڑ دیا اب اس کو خرید کر قربانی کرنا جائز ہے یا نہ ؟

(الجواب) جائز نہیں ہے۔ فقط۔

## نذر بارواح پیران

(سوال ۱۱۰) ایک شخص نے نذر مانی کہ اگر میرا فلاں کام ہو گیا تو برائے خدا یا ارواح پیر صاحب اس قدر نقد یا کوئی جنس دوں گا اور جب وہ کام ہو گیا تو وہ نقد اور جنس مسجد میں خرچ کرنا جائز ہے یا نہیں اور اگر جائز نہیں ہے تو کیا کیا جائے ؟

(الجواب) اگر برائے خدا نذر مانی ہے تو محتاجوں کو دے دیوے۔(۱) اوران پر صدقہ کرے اور جو بارواح پیران نذر مانی ہے تو یہ جائز نہیں ہے اور وہ نذر منعقد نہیں ہوئی۔(۲)

## بچوں کے لئے مٹھائی کی منت کی اس کی قیمت غریبوں کو دینا کیسا ہے ؟

(سوال ۱۱۱) ایک شخص نے منت مانی کہ اگر اللہ جل شانہ مجھے تندرستی عطا فرماتے تو میں خورد سال بچوں کو شیرینی تقسیم کروں گا بعد کو جب صحت ہو گئی خیال ہوا کہ شیرینی تقسیم کرنی فضول ہے کسی محتاج بیکس کو یہ قیمت دے دی جائے تو جائز ہے ؟

(الجواب) اس صورت میں محتاجوں کو وہ رقم جو معین کی ہے دے سکتا ہے شیرینی تقسیم کرنا ضروری نہیں ہے۔(۳) فقط۔

## ناجائز منت کا روپیہ کار خیر میں

(سوال ۱۱۲) ایک شخص نے منت مانی کہ اگر میرا فلاں کام ہو گیا تو میں میلاد شریف یا مجلس امام حسینؓ کروں گا، کام ہو جانے پر منت کے روپے کا مناسب صرف کس شکل میں ہونا چاہئے ؟

(الجواب) مسلمان محتاجوں کو دے دینا چاہئے . مجالس مذکورہ میں صرف نہ کرے (کیونکہ میلاد اور مجالس امام حسین کی منت درست نہیں ہے پس یہ منت جائز نہیں ہوئی۔(۴) ظفیر۔)

---

(۱) ولوقال ان برئت من مرضی هذا ذبحت شاة او علی شاة اذبحها فبری لا یلزمه شئی الخ الا اذا زاد واتصدقها بلحمها فیلزمه (الدر المختار علی هامش ردالمحتار مطلب فی احکام النذر ج ۳ ص ۹۵. ط.س. ج۳ص ۷۳۹) ظفیر.

(۲) اعلم ان النذر الذی یقع للاموات من اکثر العوام الخ تقربا الیهم فهو بالا جماع باطل و حرام (الدر المختار علی هامش ردالمحتار کتاب الصوم ج ۲ ص ۱۷۵. ط.س. ج۳ص۷۳۹) ظفیر.

(۳) نذر ان یتصدق بعشرة دراهم من الخبز فتصدق بغیره جاز ان ساوی العشرة کتصدق بثمنه (الدر المختار علی هامش ردالمحتار مطلب فی احکام النذر ج ۳ ص ۹۶. ط.س. ج۳ص ۷۴۱)

(۴) اعلم ان النذر الذی یقع للاموات من اکثر العوام الخ تقربا الیهم فهو بالا جماع باطل و حرام (الدر المختار علی هامش رد المحتار کتاب الصوم ج ۲ ص ۱۷۵. ط.س. ج۳ص۷۳۹ قبیل باب الاعتکاف)

## روزے کی منت کا ایفاء

(سوال ۱۱۳) ہندہ کا شوہر کسی آفت میں مبتلا ہو گیا تھا اس نے چھ مہینے کے روزے پے در پے رکھنے کی نذر کی، اللہ تعالیٰ نے اس کے شوہر کو نجات بخشی، ہندہ ایفاء عہد میں تاخیر کرتی رہی کہ سخت بیمار ہو گئی اب وہ کیا کرے؟

(الجواب) انتظار صحت کا کرے، بعد صحت کے روزہ نذر کے رکھے اور اگر اچھی نہ ہو تو وصیت فدیہ کی کرے اس کے مال میں سے اس کے ورثا فدیہ ادا کریں اور فدیہ ایک روزہ مثل فطرہ کے ہے زندگی میں اس کو فدیہ دینا درست نہیں، یعنی اس فدیہ سے روزہ ادا نہ ہوں گے تندرست ہو کر پھر روزہ رکھنے ہوں گے ورنہ وصیت کرنا لازم ہوگا۔ وقضوا الزوماً ما قدروا بلا فدية الخ ولو ماتوا بعد زوال العذر وجبت الوصية الخ۔(۱)

## بیمار کے لئے جانور کا فدیہ

(سوال ۱۱۴) عوام و خواص میں دستور ہے کہ بیمار کی صحت کی غرض سے بکرا ذبح کرتے ہیں اور بظاہر ان کی نیت فدیہ کی ہوتی ہے۔ یہ جائز ہے یا نہ؟

(الجواب) جائز ہے۔ فقط۔(۲)

## پل و مسجد بنانے کی نذر صحیح نہیں

(سوال ۱۱۵) اگر کسی نے یہ نذر کی کہ اگر میرے لڑکے کو شفا ہو جائے تو میں مسجد بنوا دوں گا، یا مسجد میں چاندنی خرید کر دوں گا، یا ہم کسی راستے پر پل تیار کر دیں گے، یا ہم مولود شریف پڑھائیں گے پھر بعد چند روز کے اس کے لڑکے کو آرام ہو گیا، تو اس پر نذر واجب ہے یا نہیں اگر وہ چیزیں کسی محتاج و مسکین کو دیدے اس کے ذمہ سے نذر ساقط ہو گئی یا نہیں؟

(الجواب) قال فی الدر المختار ومن نذر نذرا مطلقاً او معلقا بشرط وكان من جنسه واجب ای فرض الخ وهو عبادة مقصودة ووجد الشرط المعلق به لزم الناذر الخ كصوم وصلوة وصدقه (۳) الخ وفی الشامی ومن شروطه ان یکون قربة مقصودة فلایصح النذر بعیادة المریض وتشییع الجنازة ودخول المسجد وبناء الرباطات والمساجد وغیر ذلك وان كانت قربا الا انها غیر مقصودة ۱۵ (۴) پس معلوم ہوا کہ صورت مسئولہ میں نذر لازم نہ ہوگی، صدقہ کی نذر میں تصدق لازم ہوتا ہے وہ اغنیاء کو دینا درست نہیں ہے فقراء کو دینا چاہئے۔(۵) فقط۔

---

(۱) الدرالمختار علی هامش ردالمحتار كتاب الصوم فصل فی العوارض المبيحة لعدم الصوم ج۲ ص ۱۶۰ . ط.س. ج۲ص۴۲۳) كالفطرة قدرا (درمختار) ای التشبيه بالفطرة من حيث القدر الخ وكذا هی مثل الفطرة من حيث الجنس وجواز اداء القيمة (ردالمحتار ايضاً ج ۲ ص ۱۶۱ . ط.س. ج۲ص۴۲۴) ظفير

(۲) ولو قال ان برئت من مرضی هذا ذبحت شاة اوعلی شاة اذبحها الخ واتصدق بلحمها فيلزمه لان الصدقة من جنسها فرض (الدر المختار علی هامش ردالمحتار مطلب فی احكام النذر ج ۲ ص ۹۵ . ط.س. ج۳ص۷۳۹) ظفير

(۳) الدرالمختار علی هامش ردالمحتار كتاب الصوم مطلب فی احكام النذر (ص ۹۱ ج ۳ ط.س ج۳ص۷۳۵)

(۴) ردالمحتار مطلب فی احكام النذر (ص ۹۱ ج ۲ . ط.س. ج۳ص۷۳۵) ظفير

(۵) ومصرف الزكوة الخ وهو مصرف ايضا لصدقة الفطر والكفارات والنذر الخ ردالمحتار باب المصرف (ص ۷۹ ج ۲ ط.س. ج۳ص۳۳۹)

## نذر کے جانور میں قربانی کی شرائط ضروری ہیں

(سوال ۱۱۶) بیل و بکری اگر نذر غیر معین ہو تو اس کے سن میں قربانی کی شرط واجب ہے یا نہیں؟

(الجواب) بیل و بکری منذورہ میں سن قربانی کا لحاظ ضروری معلوم ہوتا ہے اور احوط ہونے میں تو اس کے کلام ہی نہیں اور تصریح اس کی نظر سے نہیں گذری۔ (۱) فقط

## نذر پوری کرنے سے قبل مر جائے تو ورثاء کیا کریں؟

(سوال ۱۱۷) زید نے ایک ماہ کے روزے کی نذر کی بیس روزے پورے ہوئے تھے کہ انتقال ہو گیا اب اس کے ذمہ دس روزے جو باقی رہ گئے ان کی ادائیگی کی کیا صورت ہے۔

(الجواب) اگر زید نے کچھ مال چھوڑا ہے اور وصیت ادا فدیہ کی کر گیا ہو تو دس روزہ کا فدیہ زید کے ترکہ میں سے دے دیں تو یہ اچھا ہے اور امید ہے کہ متوفی کے روزوں کا کفارہ انشاء اللہ ادا ہو جائے گا۔ (۲)

## کس جانور کی قربانی جائز ہے؟

(سوال ۱۱۸) در نذر نزاع واقع شدہ است یکے از علماء می گوید کہ نذر بجز بقر و غنم و شتر یعنی ہر جانور یکے از اں اضحیہ جائز باشد نذر ہم منعقد شود و از جانوران دیگر مثل کبوتر و مرغ و فاختہ وغیرہم نذر منعقد نہ شود و دیگر میگوید کہ نذر مطلق بر جانور یکہ باشد مثل کبوتر وغیرہ منعقد می تواند شد قول کدام کس عند الشرع صحیح است؟

(الجواب) قال فی الدر المختار ومن نذر نذراً مطلقا او معلقا بشرط وكان من جنسه واجب ای فرض الخ وهو عبادة مقصودة خرج الوضوء وتكفين الميت ووجد الشرط المعلق به لزم الناذر الخ ولم يلزم الناذر ما ليس من جنسه فرض كعيادة المريض و تشييع الجنازة ودخول مسجد الخ لانه ليس من جنسها فرض مقصود الخ (۳) ازیں عبارت واضح است کہ صحیح قول اولیٰ است یعنی بغیر جانور قربانی نذر نخواہد شد۔ فقط

## نذر مانی کہ لڑکا پیدا ہوا تو اسماء نبی میں سے نام رکھوں گا کیا حکم ہے؟

(سوال ۱۱۹) ایک شخص نے یہ نذر کی کہ اگر میرے کوئی لڑکا پیدا ہوا تو اس کا نام آنحضرت ﷺ کے اسماء گرامی سے رکھوں گا، اب وہ اپنے لڑکے کا نام احمد اللہ، محمد اللہ رکھ سکتا ہے یا نہیں؟

(الجواب) یہ نذر منعقد نہیں ہوئی لہذا اس کو اختیار ہے کہ جو نام چاہے رکھے مگر ایسا نام نہ ہو جس کی ممانعت وارد ہو۔ (۴) فقط

---

(۱) ولو قال لله على ان اذبح جزورا واتصدق بلحمه فذبح مكانه سبع شياة جاز وجهه لا يخفى (درمختار) هو ان السبع تقوم مقامه فى الضحايا والهدايا (ردالمحتار مطلب فى احكام النذر ج ۳ ص ۹۶. ط.س. ج۳ص ۷٤٠) ظفير. (۲) وقضوا لزوما ما قدروا ابلا فدية الخ ولو ماتوا بعد زوال العذر وجبت الوصية الخ وفدى لزوما عنه اى عن الميت اليه الذى يتصرف فى ما له كالفطرة قدرا (الدر المختار على هامش ردالمحتار فصل فى العوارض المبيحة ج ۲ ص ۱٦٠. ط.س. ج۳ص ٤٢۳) ظفير. (۳) ردالمحتار مطلب فى احكام النذر ج ۲ ص ۹۱ وج۲ ص ۹۲. ط.س. ج۳ص ۷۳۵ ظفير. (٤) ولم يلزم الناذر ماليس من جنسها فرض كعيادة المريض وتشييع الجنازة ودخول المسجد لا نها ليس من جنسها فرض مقصود (الدر المحتار على هامش رد المحتار مطلب فى احكام النذر ج۳ ص ۹۲. ط.س. ج۳ص ۷۳٦) ظفير.

## بتاشہ کی نذر کیسی ہے؟

(سوال ۱۲۰) زید کہتا ہے کہ اگر اللہ تعالیٰ ہم کو اچھا کر دے تو مسجد میں ایک سیر بتاشہ یا بورادوں گا، یہ نذر منعقد ہوتی ہے یا نہیں؟

(الجواب) اگر غرض زید کی صدقہ کرنے کی ہے اہل مسجد پر تو نذر صحیح ہے اور تعین بتاشہ و بورا کی لازم نہیں، نذر نہ ہوئی ہو تب بھی ادا کر دینا احوط ہے۔(۱)

## نذر مانی مگر کام پورا نہ ہوا تو کیا کرے؟

(سوال ۱۲۱) اگر کوئی آدمی کسی کام کے واسطے نذر مانے اور وہ کام پورا نہ ہو تو وہ منت کو پورا کرے یا نہ؟

(الجوابؒ) جب وہ کام ہو جائے تو منت پوری کرے بشرطیکہ وہ منت گناہ نہ ہو۔ (کام اگر پورا نہ ہوا تو نذر کا پورا کرنا لازم نہیں ہے۔(۲) ظفیر۔)

## نذر کا مصرف کیا ہے؟

(سوال ۱۲۲) ایک مریض نے یہ کہا کہ اگر اللہ تعالیٰ مجھے شفا دے دے تو دونوں بڑے بیل فی سبیل اللہ قربانی کر دوں گا شفایاب ہونے کے بعد اس صدقہ کا مصرف کون سا ہے، اور اس مذبوح کے لئے یوم اضحیٰ ہونا ضروری ہے یا نہ؟

(الجواب) اس جانور کو ذبح کر کے فقراء پر صدقہ کرے اور اس کے ذبح کے لئے یوم الاضحیٰ ہونا ضروری نہیں ہے۔(۳) فقط۔

## نذر کا مسنون طریقہ کیا ہے؟

(سوال ۱۲۳) نذر اللہ کرنے کا مسنون طریقہ کیا ہے؟

(الجواب) نذر کا مشروع طریقہ یہ ہے کہ مثلاً اگر میرا فلاں کام ہو گیا یا فلاں بیمار کو شفاء ہو گئی تو میں اللہ کے واسطے اس قدر روپیہ وغیرہ صدقہ کروں گا یا گائے یا بکری اللہ کے نام پر ذبح کر کے محتاجوں کو تقسیم کراؤں گا یا اس قدر روزہ رکھوں گا یا اتنی رکعتیں نماز پڑھوں گا، وغیرہ وغیرہ در مختار میں ہے من نذر نذراً مطلقا او معلقا بشرط و کان من جنسه فرض وهو عبادة مقصودة الخ ووجد الشرط المعلق به لزم الناذر لحديث من نذر و سمی فعلیه الوفاء بما سمی کصوم وصلاة وصدقة الخ۔(۳) فقط۔

## بکری کی نذر میں پوری بکری صدقہ کرنا واجب ہے

(سوال ۱۲۴) زید نے منت کی کہ میرا فلاں کام ہو جائے تو ایک بکری صدقہ کروں گا، بعد اس نے بکری کا بچہ صدقہ کر دیا، نذر ہو گئی یا نہیں؟

---

(۱) قال ان برئت من مرضی هذا فذبحت شاة الخ فلا يصح الا اذا زاد و اتصدق بلحمها فيلزمه لان الصدقة من جنسها فرض (الدر المختار علی هامش ردالمحتار مطلب فی احکام النذر ج ۳ ص ۹۵ ط.س. ج۳ ص ۷۳۹) ظفیر۔ (۲) من نذر نذرا مطلقا او معلقا بشرط كان من جنسها فرض وهو عبادة مقصود ووجد الشرط لزم الناذر (ايضا ج ۳ ص ۹۱ ط.س. ج۳ ص ۷۳۵) ظفیر (۳) الدر المختار علی هامش ردالمحتار مطلب فی احکام النذر ج ۳ ص ۹۱ ط.س. ج۳ ص ۷۳۵ ظفیر

(الجواب) اس صورت میں پوری بکری یا اس کی قیمت کا صدقہ کرنا واجب ہے لہذا جب کہ نذر کرنے والے نے بکری کے بچہ کا صدقہ کیا ہے تو وہ کس قیمت کا تھا، غرض یہ کہ بکری کی قیمت سے اس بچہ کی قیمت جس قدر کم ہے اسی قدر قیمت اور صدقہ کر دے، تاکہ پوری بکری کی قیمت کا صدقہ ہو جائے۔ در مختار میں ہے من نذر نذرا مطلقا او معلقا بشرط الخ ووجد الشرط المعلق به لزم الناذر لحديث من نذر وسمى فعليه الوفاء بما سمى الخ نذر ان يتصدق بعشرة دراهم من الخبز فتصدق بغيره جاز ان ساوى العشرة كتصدق بثمنه (۱) فقط۔

## نذریں جن کو بھول گیا اور نذر کا روزہ مسلسل رکھے یا بتدریج؟

(سوال ۱۲۵) زید کے ذمہ بہت سی نذریں تھیں، زید کو ان میں شبہ ہو گیا کہ میرے ذمے کتنی نذریں ہیں تو ان کو کس طرح ادا کیا جائے، اور زید نے پچیس روزے نذر مان لی تو ان کو علی التتابع رکھنے سے نذر ادا ہو گی یا بتدریج رکھ دینے سے ہی ادا ہو جائے گی؟

(الجواب) ظن غالب پر عمل کیا جائے ظن غالب کے موافق جس قدر روزے اور نماز کی رکعت وغیرہ اس کے خیال میں ہوں ان کو پورا کرے پچیس روزے رکھ دینے سے جس طرح بھی ہوں نذر پوری ہو جائے گی۔(۲)

## منت کی قربانی کا وقت

(سوال ۱۲۶) منت کی قربانی عیدالاضحیٰ میں کرنی چاہئے یا جب چاہے؟

## وعدہ کیا تہائی آمدنی خیرات کروں گی تو کیا اس پر عمل ضروری ہے؟

(۲) میری بیوی نے اللہ تعالیٰ سے وعدہ کیا تھا کہ میں اپنی آمدنی کا تیسرا حصہ خیرات کیا کروں گی اس صورت میں تہائی آمدنی خیرات کرنا ضروری ہے یا کیا اور اس خیرات سے شوہر کا قرض ادا کر سکتی ہے یا نہیں اور میری وہ اولاد جو دوسری زوجہ کی بطن سے ہے ان کو دینا اس خیرات کا درست ہے یا نہیں؟

(الجواب) منت کی انہی دنوں میں قربانی کرنی چاہئے جو قربانی کے دن ہیں یعنی ذی الحجہ کی دس تاریخ سے بارہ تک (۳)

(۲) اگر یہ وعدہ نذر بصیغہ نذر تھا تو جو آمدنی اس کو ہو اس کی تہائی کا صدقہ کرنا لازم ہے فی الشامی وشرط صحة النذر ان يكون المنذور ملكا للناذر او مضافا الى السبب كقوله ان اشتريتك فلله على ان اعتقك۔ (۴) شوہر کی آمدنی اس میں داخل نہیں بلکہ شوہر جو کچھ اس کی ملک کرے گا اس میں تہائی کا صدقہ ———— کرنا لازم ہو گا اور نذر کے پورا نہ کرنے سے وہ گنہگار ہو گی اور اس ———— خیرات میں شوہر کا قرض ادا کرنا جائز نہیں۔ دوسری بیوی کی اولاد اگر وہ بالغ اور محتاج ہے تو ان کو دینا درست ہے اور اولاد صغار میں باپ کے غناء کا اعتبار ہے اور اگر بصیغہ نذر نہ ہو تو ایفاء وعدہ اس کا لازم نہیں صدقہ کرے تو بہتر اور جب طاقت نہ ہو تو نہ کرنے میں گناہ نہیں۔

---

(۱) الدر المختار علی هامش ردالمحتار مطلب فی احکام النذر ج ۳ ص ۹۱ وج ۳ ص ۹۶ ط.س ج۳ص۷۳۵ – ۷۴۱ . ظفیر (۲) نذر صوم شهر معين لزمه متتابعا لكن ان افطر فيه يوما قضاه وحده (در مختار) اى قضى ذلك اليوم فقط لئلا يقع كل الصوم فى غير الوقت الخ واما اذا كان الشهر غير معين فان شاء تابعه وان شاء فرقه الا اذا شرط التتابع فيلزمه (ردالمحتار مطلب فى احكام النذر ج ۳ ص ۹۷ ط.س. ج۳ص ۷۴۱) ظفير۔
(۳) قلت وانما تعين المكان فى نذر الهدى والزمان فى نذر الاضحية لان كلا من هما اسم لخاص معين فالهدى ما يهدى للحرم والاضحية ما يذبح فى ايامها حتى لو لم يكن كذلك لم يوجد الاسم (ردالمحتار مطلب فى احكام النذر ج۳ ص ۹۷ ط.س. ج۳ص ۷۴۱) ظفير (۴) ردالمحتار مطلب فى احكام النذور ج ۳ ص ۹۷ ط.س. ج۳ص ۷۴۱ . ظفير

# کتاب القصاص و الحدود

## باب اول قصاص
## (قتل کرنے اور زخمی کرنے سے متعلق احکام و مسائل)

### مارنے والے کو قتل کرنا کیسا ہے اس پر حد ہے یا نہیں؟

(سوال ۱) دو شخص آپس میں مشورہ کر کے ایک ثالث شخص کی ضرب و رسوائی کے واسطے عصاہائے صغیر لے کر راستہ میں بستی سے تخمیناً چالیس قدم کے فاصلے پر بیٹھے اور وقت ظہر کا تھا ان کا ارادہ قتل کا نہ تھا محض اس کی رسوائی مطلوب تھی جب آپس میں دست اندازی ہوئی کچھ ضرب عصاء صغیر کی اس شخص نے کی اس ثالث شخص کے پاس پستول تھا اس نے نکال کر مارا تو ایک شخص کو قتل کر دیا آیا یہ مقتول شہید ہے یا نہ؟ حالانکہ ارد گرد لوگ موجود تھے۔

(الجواب) عبارت ہدایہ اس بارہ میں یہ ہے ومن شهر على رجل سلاحاً ليلاً اونهاراً او شهر عليه عصا ليلاً فى مصر او نهاراً فى طريق فى غير مصر فقتله المشهور عليه عمداً فلا شئى عليه لما بينا ه وهذا لان السلاح لا يلبث فيحتاج الى دفعه بالقتل۔(۱) والعصا الصغيرة وان كان يلبث ولكن فى الليل لا يلحقه الغوث فيضطرا لى دفعه بالقتل وكذا فى النهار فى غير المصر فى الطريق لا يلحقه الغوث فاذا قتله كان دمه هدراً الخ هدايه وهكذا فى رد المحتار۔(۲) پس ظاہر ان عبارت سے یہ ہے کہ مقتول ہدر الدم ہے، جیسا کہ لفظ ہدایہ فی طریق غیر مصر الخ اس پر دال ہے اور دفع شر و دفع ضرر واجب ہے فقط۔

### قاتل کی سزا

(سوال ۲) کلکٹر میرٹھ کے حکم سے احسان اللہ نے بشیر خاں کو بندوق سے مار ڈالا، قاتل سے مواخذہ ہوگا یا نہیں؟ حکم حاکم سے شاید مواخذہ نہ ہو۔
(۲) اگر احسان اللہ خان توبہ کر لیں اور ساٹھ روزہ متواتر رکھیں اور دو ہزار سات سو چالیس روپیہ بشیر خان کے باپ کو دیدیں تو مواخذہ اخروی سے بری ہو سکتے ہیں یا نہیں؟

(الجواب) اس کی وجہ سے قاتل مواخذہ سے بری نہ ہوگا اور قصاص یا دیت شرعاً اس پر لازم ہوگی۔
(۲) اس میں قصاص واجب ہوتا ہے البتہ اگر اولیاء مقتول دیت لینے پر راضی ہو جائیں تو قصاص ساقط ہو جاتا ہے

(۱) ہدایہ ما یوجب القصاص وما لا یوجب ج ٤ ص ٥٦٧۔ ظفیر۔
(۲) ہدایہ باب مایوجب القصاص وما لا یوجب (ج ۳ ص ٥٦٨) ظفیر۔

اور مواخذہ اخروی سے بری نہ ہوگا فقط۔(۱)

## مسلمان کا کافر کو زخمی کرنا

(سوال ۳) ایک مسلمان نے ایک ہندو کافر کو بعداوت ناحق تلوار سے زخمی کیا اتفاقاً اس زخم سے وہ دس روز کے بعد داخل جہنم ہوا تو اب اس پر قصاص واجب ہے یا نہیں اگر وہ توبہ کرنا چاہے تو کس طرح کرے چونکہ غیر اسلام میں شریعت کے موافق سزائیں مقرر نہیں لہٰذا اس کو چھڑانے میں جھوٹی گواہی یا مالی امداد کرنا بھی جائز ہے یا نہیں؟

(الجواب) جو قوم عہد شکن ہو اور ان کی طرف سے متواتر عہد شکنی ہوتی ہو اور وہ قوم مصداق وهم بدأو کم اول مرة۔(۲) تو ان سے کوئی معاہدہ باقی نہیں رہتا، لہٰذا بصورت مذکورہ قصاص واجب نہیں ہے اور اس کو چھڑانے میں کوشش کرنا جائز ہے۔

## سونے والے کی کروٹ سے دب کر بچہ مر جائے تو کیا حکم ہے؟

(سوال ٤) سونے والے کی کروٹ کے نیچے اگر بچہ دب کر مر جاوے تو کفارہ اس پر لازم ہوتا ہے یا نہیں۔ اور والد اور والدہ اور اجنبی میں فرق ہوگا یا نہ۔

(الجواب) اس میں کفارہ واجب ہے اور دیت عاقلہ پر لازم ہے والرابع ما جرى مجراه اى مجرى الخطاء کنائم انقلب على رجل فقتله لانه معذور كالمخطى وموجبه الكفارة والدية على العاقلة الخ در مختار۔(۳) اور والد و والدہ وغیرہ میں حکم واحد ہے۔

## قصاص کا روکنا جب کہ مقتول کے ورثاء نابالغ ہوں

(سوال ٥) قاتل پر ثبوت کامل ہے جس کا حکم قصاص ہے لیکن ورثاء مقتول سب نابالغ ہیں قاضی صاحب کا فتویٰ ہے کہ احد الورثاء کے بلوغ تک انتظار کیا جائے کہ بالغ ہونے پر خواہ وہ معاف کر دے یا قصاص لے۔ مفتی صاحب بھی متفق ہیں۔ ہائی کورٹ نے فیصلہ فرمادیا ہے کہ بلوغ احد الورثاء کا زمانہ تین چار سال ہے اس وقت تک انتظار کرنا مناسب نہیں، لہٰذا قاتل کو دائم الحبس کیا جائے۔ شامی و عالمگیری میں دو قول ملتے ہیں کہ سلطان ولی قصاص ہے یا نہ کہ احد الورثاء کے بلوغ کا انتظار کیا جائے مگر ترجیح کسی کو نہیں لکھی اس صورت میں آپ کی کیا رائے ہے؟

(الجواب) اس بارہ میں کتب فقہ میں وہی روایات ملتی ہیں جو کہ جناب کی نظر میں گذر چکی ہیں، کسی جانب کو ترجیح نہیں لکھتے، البتہ انتظار بلوغ احد الورثاء میں یہ وجہ ترجیح کی ضرور ہے کہ قاضی و حاکم کو عفو کا اختیار نہیں ہے اور احد الورثۃ کو اختیار ہے اس لئے یہی راجح ہونا چاہئے اور وہ وجہ سیاسی و تعزیری دائم الحبس کرنے کی وجہ ترجیح نہیں ہو سکتی کیونکہ وہ حکم قواعد شرعیہ سے علیحدہ ہے فقط۔

---

(۱) فالعمد ما تعمد ضربه بسلاح او ما اجرى مجرى السلاح كالمحدد الخ وموجب ذالك المأثم لقوله تعالى ومن يقتل مؤمنا متعمدا فجزاؤه جهنم الآية الخ والقود لقوله تعالى كتب عليكم القصاص في القتلى الخ الا ان يعفوا الاولياء او يصالحوا لان الحق لهم الخ (هدايه كتاب الجنايات ج ٤ ص ٥٥٩).

(۲) سورة توبه ۲. (۳) الدر المختار على هامش رد المحتار كتاب الجنايات ج ٥ ص ٤٦٩ ط س ج ٦ ص ٥٣١. ظفير

قتل کرنے کی سزا

(سوال ٦) ایک شخص نے دوسرے کے پاس کچھ امانت رکھی جب مالک نے مانگا توامین اس کو دھوکہ دے کر گھر لے گیا اور قتل کر دیا، اس کا مقدمہ چل رہا ہے چیف کورٹ نے پھانسی کا حکم دیا ہے وارثوں نے اپیل کر دی ہے، قاتل کے ورثاء کا کیا حکم ہے؟

(الجواب) سوال میں یہ ظاہر نہیں ہوا کہ قتل کس طرح واقع ہوا تا کہ حکم شرعی معلوم ہو تا کہ قصاص کا ہے یا دیت کا اور بہر حال کتب فقہ میں یہ تصریح ہے کہ مقتول کے اولیاء اور ورثاء اگر قاتل کو معاف کر دیں تو یہ افضل ہے، اس کے بعد یہ ہے کہ کچھ مال لے کر صلح کر لیں عفو الولی عن القاتل افضل من الصلح والصلح افضل من القصاص الخ در مختار۔(۱) اور قاتل کے ورثاء اگر قاتل کے بچانے میں کوشش کریں تو اسمیں یہ تفصیل ہے کہ اگر فی الواقع وہ قتل اس طرح واقع ہوا ہے کہ اس میں قصاص نہیں ہے تو سقوط سزائے موت میں کوشش کرنا ممنوع نہیں ہے۔ اور یہ بھی در مختار میں تصریح ہے یجوز الشفاعة فی القصاص لا الحد الخ۔(۲)

قاتل کے ساتھ کیا معاملہ کیا جائے؟

(سوال ۷) زید کی ماں و زوجہ میں اکثر نا اتفاقی رہا کرتی تھی زوجہ کو آٹھ ماہ کا حمل تھا، ماں کے اشارہ سے زوجہ کو قتل کر ڈالا، لاش چاک ہونے پر بچہ نے آنکھ کھولی اور پھر فوراً مر گیا۔ عدالت میں ناجائز طریقہ سے طبی شہادتیں اس قسم کی گذریں کہ زید کچھ خبطی و شکی تھا۔ مگر اس کا کچھ خیال نہ کر کے عدالت سیشن جج نے پھانسی کا حکم دیا اور اپیل ہونے پر عدالت عالیہ ہائی کورٹ نے سزا پھانسی بحال رکھی، پھر گورنمنٹ میں زید کی کم عمری و نوجوانی و شک و خبط ظاہر کر کے معافی کی درخواست کی گئی، حکم آیا کہ سزا پھانسی منسوخ، زید ملزم کو چار سال کی سزا کافی ہے لہذا بلا گذرنے میعاد سزا قید کے وہ رہائی پا کر اپنے مکان پر واپس آ گیا، اب دریافت طلب امر یہ ہے کہ زید شرعاً گناہ و قتل سے بری اور پاک صاف ہو گیا ہے یا نہیں اور اس کے ساتھ خورد و نوش و نشست و برخاست جائز ہے یا نہیں، یا کسی طرح بری اور پاک و صاف ہو سکتا ہے یا نہیں؟

(الجواب) شامی میں ہے واعلم ان توبة القاتل لاتکون بالا ستغفار و الندامة فقط بل یتوقف علی ارضاء اولیاء المقتول فان، کان القتل عمداً لا بدان یمکنهم من القصاص منه فان شاؤ اقتلوه وان شاؤا عفوا عنه مجاناً فان عفوا عنه کفته التوبة اھ۔(۳) پس معلوم ہوا کہ بدون معاف کرنے اولیاء مقتول کے اور بدون توبہ و استغفار کرنے کے قاتل پاک و صاف نہیں ہوا لہذا اس کو لازم ہے کہ مقتولہ کے اولیاء سے معاف کرا وے اور توبہ و استغفار کرے۔ امید ہے کہ وہ بری اور پاک و صاف ہو جائے گا۔

---

(۱) الدر المختار علی هامش ردالمحتار کتاب الجنایات ج ٥ ص ٤٨٤ ط.س. ج٦ص٥٤٨ ظفیر.
(۲) ایضاً ج ٥ ص ٤٨٤ ط.س. ج٦ص٥٤٩.
(۳) ردالمحتار کتاب الجنایات ج ٥ ص ٤٨٤ ط.س ج٦ص٥٤٩.

# باب دوم احکام زنا
## (زنا وغیرہ سے متعلق شرعی احکام ومسائل)

### الزام زنا بغیر ثبوت ثابت نہیں ہوتا

(سوال ۱) ایک لڑکے کے ذمہ زنا عائد ہوتا ہے کیونکہ وہ لڑکا ایک لڑکی کے پاس ایک مکان میں سوتا تھا لڑکی صبح کو روتی ہوئی اٹھی اور کہنے لگی کہ میرے ساتھ برا کام کرنا چاہتا تھا لیکن کسی نے بھی برا فعل کرتے نہیں دیکھا صرف لڑکی کے جملہ مذکور پر یقین کرتے ہیں، لڑکا کہتا ہے کہ میں نے کچھ برا فعل نہیں کیا، میں نے صرف نماز کے واسطے ہاتھ پکڑ کر اٹھایا تھا، سو تحریر فرمائیں کہ وہ شخص نماز بھی پڑھاتا ہے اس کی امامت جائز ہے یا نہ ؟

(الجواب) اس صورت میں جب کہ کوئی شرعی ثبوت زنا پر نہیں۔(۱) تو پھر صرف لڑکی کے اقرار سے کسی دوسرے کو ملزم نہیں قرار دیا جا سکتا، یہ اقرار صرف لڑکی ہی کے حق میں معتبر ہے یعنی اس پر وہ تمام احکام جاری ہوں گے جو شرعاً زنا پر مرتب ہو سکتے ہیں۔(۲) اور یہاں لڑکی نے بھی زنا کا اقرار نہیں کیا، شخص اس سے بری سمجھا جاوے گا اور صرف اس وجہ سے اس کی امامت میں بھی کوئی حرج نہیں ہے البتہ اگر خارجی طور پر لوگوں کو اس کے فسق کا حال معلوم ہے تو اس کے پیچھے نماز مکروہ ہوتی ہے اس سے توبہ کرائی جاوے۔

### صرف زانی کے اقرار سے زنا ثابت ہو جاتا ہے

(سوال ۲) ایک شخص زنا کا اقرار کرتا ہے کہ میں نے عورت پر سوار ہو کر وطی کیا، پھر چند ماہ بعد ایک جنگل میں وہی دونوں فاعل و مفعول زنا کرتے دیکھے گئے لوگوں نے قرآن دے کر اس سے زنا پر حلف لیا، اس نے سال، ماہ، تاریخ ساعت زنا، مکان زنا او کاملیل فی المکحلہ کے داخل کرنے کا اقرار کیا۔ مگر زنا پر چار گواہ نہیں پائے گئے اس کا کیا حکم ہے اور ایسے شخص کے ساتھ خورد ونوش جائز ہے یا نہ ؟

(الجواب) اس صورت میں جب کہ شخص مذکور نے اقرار بالزنا کیا تو بقاعدہ المرء یوخذ باقرارہ اس کے حق میں اس کا اعتبار کیا جائے گا۔(۳) یعنی جو احکام کہ شرعی شہادت موجود ہونے کی صورت میں اس پر عائد ہوتے وہ اب بھی عائد ہوں گے، البتہ یہ ضرور ہے کہ صرف اس کے حق میں معتبر ہوگا، کسی دوسرے کے حق میں نہیں، کیونکہ اقرار کو فقہاء نے حجۃ قاصرہ قرار دیا ہے، جو صرف مقر ہی کے حق میں معتبر ہو سکتی ہے دوسرے پر اس کا کوئی اثر نہیں پڑتا فی الهدایه وانه ملزم لو قوع دلالته الاتری کیف الزم رسول الله صلی الله علیه وسلم ماعزا باقراره وتلك المرأة باعترافها الخ وهو حجة قاصرة لقصور ولا یة المقر عن غیره فیقصر علیه الخ هدایه ربع ثالث(۴) پس صورت مسئولہ میں جب تک کہ زانی توبہ واستغفار نہ کرے اس کے ساتھ کسی قسم کے تعلقات نہ رکھنے چاہئیں، یہاں ہندوستان میں حدود شرعیہ قائم نہیں ہو سکتیں اس لئے اب اس کے سواء کوئی

---

(۱) ولا تقبل الشهادة على الزنا الا شهادة اربعة احرار المسلمين كذافي شرح الطحاوى (عالمگیری مصری باب خامس ج ۲ ص ۱۵۱ ط ماجدیه ۱ ص ۱۵۱). (۲) ويثبت الزنا باقراره (ایضا باب ثالی ج ۲ ص ۱۴۳) ظفیر
(۳) ويثبت الزنا باقراره (عالمگیری مصری باب ثالی ج ۲ ص ۱۴۳ ط ماجدیه ج ۱ ص ۱۴۳) ظفیر
(۴) هدایه کتاب الحدود فصل فی الزنا (ج ۳ ص ) ظفیر

چارہ کار نہیں۔ فقط۔(۱)

## منکوحہ سے زنا حق اللہ اور حق العباد دونوں ہے

(سوال ۳) نکاح شدہ عورت سے زنا کرنا حق العباد ہے یا نہ اور عورت کے خاوند کا زانی سے کچھ مواخذہ ہے یا نہ؟

(الجواب) منکوحہ عورت سے زنا کرنا حق اللہ بھی ہے اور حق العباد بھی، حدیث شریف میں کبائر کے بیان میں ہے قال ان تزنی حلیلة جارك اس پر محشی لکھتے ہیں لانه زنا وابطال حق الجوار والخیانة معه فیکون اقبح۔(۲) فقط۔

## زانیہ کی سزا

(سوال ٤) ایک عورت زانیہ ہے اور حاملہ ہے اب اسلامی حد کسی طرح جاری نہیں ہو سکتی اب اس کو کیا سزا دینی چاہئے اور کیا معاملہ کیا جاوے؟

## ہندوستان میں حد کا اجراء

(سوال ٥) اگر اس عورت کو بعد وضع حمل قتل خفیہ کر دیا جاوے تو قاتل شرعاً مجرم ہوگا یا نہ؟

## زانی سے زانیہ کا نکاح

(سوال ٦) اگر اس عورت کا جائز طریقہ سے نکاح کر دیا جائے تو کیسا ہے؟

## زنا زیادہ قبیح ہے یا سود

(سوال ۷) زنا اور سود میں کیا نسبت ہے قبح زیادہ کس میں ہے؟

(الجواب)(۱) توبہ کراویں اور نصیحت کر دیں۔(۳)

(۲) یہ جائز نہیں ہے۔(٤)

(۳) نکاح کر دینا اچھا ہے اس میں آئندہ فتنہ کا انسداد ہے۔(٥)

(٤) دونوں گناہ کبیرہ ہیں البتہ سود کو زنا سے بلکہ چھتیس ۳٦ زنا سے اشد حدیث میں فرمایا گیا ہے۔(٦) فقط۔

## دار الحرب میں زانی پر کیا حد ہوگی؟

(سوال ۸) زانی پر کوئی حد شرعی اس زمانہ میں لگ سکتی ہے یا نہیں اور زانی مدت حمل میں اگر اس سے نکاح کرے تو ہو سکتا ہے یا نہ؟

(الجواب) کچھ اس زمانہ میں جاری نہیں ہو سکتی۔(۷) اور وہ حمل خواہ زید کا ہو یا نہ ہو اگر زید اس سے نکاح کرے

---

(۱) لانه لا حد فی دار الحرب (الدر المختار علی هامش ردالمحتار كتاب الحدود ج ۳ ص ۱۹۵ ط.س. ج٤ ص ٥.
(۲) دیکھئے مشكوة باب الكبائر مع الحواشی ص ۱۷ ط. (۳) لانه لا حد فی دار الحرب (الدر المختار علی هامش ردالمحتار كتاب الحدود (ج ۳ ص ۱۹۵ ط.س. ج٤ ص ٥) ظفير (٤) اس لئے کہ یہ دار الاسلام نہیں دار الحرب کے حکم میں ہے لانه لا حد فی دار الحرب (ایضا) ظفير. (٥) قال النبی صلی الله علیه وسلم یا معشر الشباب من استطاع منكم الباءة فليتزوج فانه اغض للبصر و احصن للفرج متفق علیه (مشكوة كتاب النكاح ص ۲٦۷) ظفير
(٦) قال الله تعالی لا تقربوا الزنا انه كان فاحشة و ساء سبيلا (بنی اسرائيل . ٤)
(۷) لانه لا حد فی دار الحرب (الدر المختار علی هامش رد المحتار كتاب الحدود ج ۳ ص ۱۹۵ ط.س. ج٤ ص ٥) ظفير

تو اس حالت حمل میں بھی نکاح ہو سکتا ہے۔

زنا پر کیا سزا دی جائے؟

(سوال ۹) ایک شخص نے اپنی حقیقی بھانجی سے زنا کیا پنچایت کی روبرو اس لڑکی نے بیان کیا جس پر برادری نے اس کو علیحدہ کر دیا اس پر شرعاً کیا حکم لگ سکتا ہے؟

(الجواب) جب کہ گمان غالب ایسا ہی ہے وہ شخص متہم بالزنا ہے اگرچہ شرعی طور سے زنا کا ثبوت نہیں ہے کیونکہ ثبوت زنا کا شرعاً چار عادل گواہوں کی چشم دید شہادت ہوتا ہے۔(۱) اس کو یہی تنبیہ کافی ہے کہ اس کو تا ظہور صلاح و توبہ برادری سے خارج کیا جاوے کیونکہ تعزیر شرعی تو اس زمانہ میں بوجہ نہ ہونے حکومت اسلام کے جاری نہیں ہو سکتی۔ فقط۔

دختر کے ساتھ زنا

(سوال ۱۰) ایک شخص نے اپنی دختر کے ساتھ زنا کیا اس کے لئے شرعاً کیا حکم ہے اور کیا سزا ہے؟

(الجواب) لڑکی محرمات لبدیہ سے ہے اول تو زنا ہر ایک عورت سے حرام قطعی ہے کہ حلال سمجھنے والا اس کا کافر ہے(۲) پھر اپنی لڑکی سے زنا کرنا ہر طرح موجب معصیت و ملامت دارین ہے اور سخت روسیاہی کی بات ہے ایسے شخص کا منہ کالا کرنا چاہئے اور برادری کی جو کچھ سزا ہو اس کو دینی چاہئے، شرعی سزا اور حد تو اس زمانے میں بوجہ حکومت غیر اسلامی کے جاری نہیں ہو سکتی۔ فقط۔(۳)

بلا نکاح عورت کو رکھنا

(سوال ۱۱) بے نکاح عورت کو رکھنے والے کے لئے کیا سزا ہے؟

(الجواب) وہ شخص مرتکب زنا کا ہے اور فاسق ہے۔(۴) فقط

دار الحرب میں زانی کی سزا

(سوال ۱۲) اس زمانہ میں زانی کو کیا سزا دی جا سکتی ہے؟

(الجواب) کتب فقہ سے معلوم ہوتا ہے کہ حدود دار الاسلام میں قائم ہو سکتی ہیں، دار الحرب میں حدود قائم نہیں ہو سکتی کما فی الدر المختار فی دار الاسلام لا نه لا حد بالزنا فی دار الحرب الخ وفی الشامی لا حد بالزنا فی دار الحرب۔(۵) الخ پس معلوم ہوا کہ ہندوستان میں حد زنا وغیرہ قائم نہیں ہو سکتی اور جب کہ بادشاہ اسلام موجود نہیں ہے تو قانون شرعی کے جاری ہونے کی کوئی صورت نہیں ہے اور شریعت اسلامیہ میں رجم کی عوض اور کوئی سزا تجویز نہیں کی گئی اور تعزیر میں کچھ تحدید اور تعیین نہیں ہے حاکم کی رائے پر موقوف ہے۔ فقط۔

(۱) ولا تقبل الشهادة الا شهادة اربعة احرار مسلمين (عالمگیری مصری باب خامس ج ۲ ص ۱۵۱) ظفیر. ط. ماجدیه ج۱ ص ۱۵۱. (۲) ان من استعمل ما حرمه الله تعالی علی وجه الظن لایکفر و انما یکفر اذا اعتقد الحرام حلالاً الخ قوله ظانا الحل اما لو اعتقده یکفر کما مر ردالمحتار کتاب الحدود مطلب اذا استحل المحرم (ج ۳ ص ۲۱۳ ط.س. ج ٤ ص ۲٤) ظفیر (۳) لانه لاحد فی دار الحرب (الدر المختار علی هامش ردالمحتار، کتاب الحدود ج ۳ ص ۱۹۵ ط.س. ج ٤ ص ۵) ظفیر (٤) قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لا یزنی الزانی حین یزنی وهو مومن (مشکوٰة باب الکبائر ص ۱۷.

(۵) ردالمحتار کتاب الحدود ج ۳ ص ۱۹۵ ط.س. ج ٤ ص ۵. ظفیر.

## محارم سے نکاح کو حلال جاننے کی سزا

(سوال ۱۳) محارم کے ساتھ نکاح کرنے اور حلال جان کر صحبت کرنے سے حد آوے گی یا نہیں؟

(الجواب) اصل یہ ہے کہ امام صاحب کے نزدیک حدود شبہ سے بھی ساقط ہو جاتی ہیں، نفس نکاح سے حرمت مشتبہ ہو جاتی ہے اس لئے حد ساقط ہے البتہ اس کے مرتکب کو سخت تعزیر دی جا سکتی ہے۔(۱) امام طحاویؒ نے اس مسئلہ کو مدلل بیان کیا ہے وخالفهم آخرون فى ذلك فقالوا لايجب فى هذا حد الزنا ولكن يجب فيه التعزير والعقوبة البليغة وممن قال بذلك ابو حنيفة وسفيان الثورى الخ ، شرح معانى الآثار جلد ثانى باب التزوج بالمحارم۔(۲) فقط۔

## زانی سے تعلق رکھنا کیسا ہے؟

(سوال ۱۴) ایک مولوی صاحب کی چچازاد بھانجی اپنے خدمت گار سے جوان کے یہاں بچپن سے رہتا ہے ناجائز تعلق رکھتی ہے مولوی صاحب کی اس خدمت گار سے دوستی ہے۔ اس مکروہ فعل سے مولوی صاحب کو ذرا ملال نہیں بلکہ اس سے کشادہ پیشانی سے دوستی قائم ہے اس صورت میں مولوی صاحب کے لئے کیا حکم ہے؟

(الجواب) اگر ان مولوی صاحب کو علم ہے کہ وہ خدمت گار زانی ہے اور مولوی صاحب کی چچیری بھانجی سے اس کا تعلق ناجائز ہے اور شہادت شرعیہ سے زنا اور ناجائز تعلق ثابت ہے اور پھر بھی مولوی صاحب مذکور باوجود قدرت کے اس خدمت گار کو اس فعل شنیع سے نہ روکیں تو بے شک گناہ گار ہوں گے ان کو توبہ کرنی چاہئے اور امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کو جو خاص اس امت کا شعار اور مایہ افتخار ہے ضروری سمجھ کر اس پر کاربند ہوں البتہ دوسرے مسلمانوں کو بھی یہ لازم ہے کہ بدون چار آدمیوں کی عینی شہادت کے کسی عورت یا مرد کو زنا کی تہمت نہ لگاویں۔ ورنہ پھر وہ ماخوذ ہوں گے اور اگر اسلامی حکومت ہو تو ان کو حد قذف اسی کوڑے مارے جائیں گے۔(۳) کماقال الله تعالى لو لاجاءوا عليه باربعة شهداء فاذلم ياتوابا لشهداء فاولئك عندالله هم الكاذبون۔(۴) فقط۔

## ہمشیرہ کے ساتھ زنا کے مرتکب کی سزا

(سوال ۱۵) ایک شخص کو اپنی ہمشیرہ حقیقی کے ساتھ زنا کرتے ہوئے عبدالغنی نے بچشم خود دیکھا اور اس کو جھڑکا، اس کو دو تین آدمیوں نے سنا، صبح کو لڑکی سے پوچھا اس نے مجمع میں اقرار کیا کہ اڑھائی مہینہ سے ایسا کرتا ہے ان کے ساتھ برادری کو کیا سلوک کرنا چاہئے؟

---

(۱) لا يحد ولا يعزر (در مختار) قوله الحل اما لوا عتقده يكفر كما مرقوله يعزر اى اجماعا وفى الفتح لم يجب عليه الحد عند ابى حنيفة وسفيان الثورى وزفروان قال علمت انها حرام على ولكن يجب الحدويعاقب عقوبة هو اشد ما يكون من التعزير سياسةً لا حد ا مقدرا شرعا اذا كان عالماً بذلك ( ردالمحتار كتاب الحدود) ج۳ ص ۲۱۲ و ج ۳ ص ۲۱۳ ط.س. ج۴ ص ۲۴) ظفير. (۲) شرح معانى الآثار باب التزوج بالمحارم ص ) ظفير.

(۳) لا تقبل الشهادة على الزنا الا شهادة اربعة احرار مسلمين ان شهد على الزنا اقل من اربعة بان شهد واحد او اثنان او ثلاثة لا تقبل الشهادة ويحد الشاهد حد القذف (عالمگيرى مصرى باب خامس ص ج ۲ ص ۱۵۱ و ج ۲ ص ۱۵۲ ط. ماجديه ج۱ ص ۱۵۱) ظفير (۴) سورة النور ۲۴: ۱۳

(الجواب) ایک آدمی کی گواہی سے شرعاً زنا ثابت نہیں ہوتا۔(۱) اور عورت کا اقرار مرد کے حق میں معتبر نہیں ہے اس لئے شرعی کوئی حد ان پر نہیں لگ سکتی۔ البتہ جب کہ شبہ ہو گیا اور تہمت لگ گئی تو ان دونوں کو علیحدہ رکھا جاوے اور ایک جگہ نہ رہنے دیا جاوے۔(۲) فقط۔

## منکوحہ دوسرے کے سپرد کرنا

(سوال ۱۶) اللہ دتا درزی نے اپنی دختر نابالغہ فضل بیگم کا عقد مسمی حسین کے ساتھ کر دیا اور رخصتی دوسرے وقت پر ملتوی کی گئی۔ اب راجہ علی، علی شان خان نمبر دار نے کچھ روپیہ رشوت میں لے کر بغیر عقد شرعی لڑکی کو پائکی میں بٹھا کر اپنے درزی مسمی فضل کے سپرد کر دیں کیا فضل اور فضل بیگم کا خاوند بیوی کی طرح بغیر عقد شرعی تعلقات رکھنا جائز ہے یا نہیں؟

## اس کی سزا

(سوال ۱۷) علی شان کا ایسا کرنا موجب تعزیر ہے یا نہ؟

## زانی سے تعلق

(سوال ۱۸) علی شان کے رشتہ داروں کو اس سے تعلق قطع کرنے کے بارے میں کیا حکم ہے۔

(۴) نابالغ منکوحہ کے باپ ایجاب اور ناکح کے باپ کے قبول کرنے سے نکاح شرعی منعقد ہو جاتا ہے یا نہیں؟

(الجواب) جب کہ فضل النساء نابالغہ کا نکاح شرعی طور پر اس کے باپ نے کر دیا تھا تو وہ نکاح اسی وقت لازم و نافذ ہو گیا تھا۔ اب نہ مسماۃ کا دوسری جگہ نکاح ہو سکتا ہے اور نہ کسی کو یہ اختیار ہے(۳) کہ ناجائز طریق پر اس کو کسی اجنبی کے حوالہ کرے، لہذا فضل اور فضل النساء کے درمیان فوراً علیحدگی کرائی جائے اگر وہ اس کے لئے تیار نہ ہوں تو ان سے تمام مسلمان قطع تعلق کر دیں۔ **قال اللہ تعالیٰ فلا تقعد بعد الذکریٰ مع القوم الظلمین**۔(۴)

(۲) بے شک علی شان نے سخت گناہ کبیرہ کا ارتکاب کیا ہے، مسلمانوں کو اس سے میل ملاپ رکھنا جائز نہیں اور اس کے حق میں یہی تعزیر ہے۔

(۳) اگر علی شان توبہ کرے اور منکوحہ کو اس کے شوہر کے پاس پہنچائے تو تمام برادری کو اس سے کوئی تعلق نہ رکھنا چاہیے کیونکہ حقیقت میں اس حرام کے ارتکاب کا یہی شخص باعث ہوا ہے۔

(۴) زوجین کے عدم بلوغ کی صورت میں ان کے باپ کو ان کے نکاح کا کلی اختیار حاصل ہے پس صورت مسئولہ میں اگر لڑکا بھی نابالغ تھا تو اس کے باپ کو بھی اختیار کلی حاصل تھا۔ اور اگر بالغ تھا اور باپ نے اس کی رضا و اجازت سے نکاح کیا تھا، یا نکاح کے بعد اس نے رضامندی ظاہر کر دی تب بھی نکاح نافذ و صحیح ہو گیا، اب تاوقتیکہ

---

(۱) لا تقبل الشهادة على الزنا الا شهادة اربعة احرار مسلمين ان شهد على الزنا اقل من اربعة بان شهد واحد او اثنان او ثلاثة لا تقبل الشهادة ويحد الشاهد حد القذف (عالمگیری مصری باب خامس ج ۲ ص ۱۵۱) ظفیر۔

(۲) عن النبی صلی اللہ علیه وسلم قال لا یخلون رجل بامرأة الا كان ثالثهما الشيطان رواه الترمذی (مشكوة باب بيان العورات ص ۲۶۹) والمعنى يكون الشيطان معهما ويهيج شهوة كل منهما حتى يلقيهما فى الزنا (حاشيه مشكوة عن المرقاة ص ۲۶۹) ظفیر۔ (۳) اما نكاح منكوحة الغير و معتدته الخ لم يقل احد بجوازه (ردالمحتار باب المحرمات ج ۲ ص ۴۸۲) ظفیر۔ (۴) سورة الانعام ۸۔

شوہر طلاق نہ دے مسماۃ کو دوسرے نکاح کا اختیار نہیں ایسی حالت میں نکاح ثانی باطل اور بحکم زنا ہے۔(۱) فقط۔

## زنا کسی کے ساتھ جائز نہیں

(سوال ۱۹) بھانجی کے ساتھ زنا کرنا جائز ہے یا نہیں اور نانا نانی معاون ہیں اس کی کیا سزا ہو سکتی ہے؟

(الجواب) حرام ہے اور جو اس کام میں زانی اور زانیہ کی مدد کرے وہ بھی فاسق و فاجر ہے ان سب سے قطع تعلق کرنا ضروری ہے۔(۲) فقط

## زنا میں چار گواہوں کی وجہ

(سوال ۲۰) جب کہ جرم کے ثبوت میں دو کس شہادت پر مدار ہے تو زنا کے ثبوت پر اربع شہادت کیوں ضروری ہیں۔

(الجواب) زنا چونکہ سنگین جرم ہے اور اس کی سزا بھی بہت سخت اور شدید ہے یعنی زانی محصن کی سزا سنگسار ہے اور غیر محصن کو سو کوڑے، لہذا حکمت حق تعالیٰ اسکو مقتضی ہوئی کہ اس کی شہادت میں بھی کچھ شدت رکھی جاوے تاکہ اشاعت فاحشہ بین المؤمنین میں کمی ہو۔(۳) فقط۔

## مرد و عورت کا ایک بستر پر سونا زنا کے ثبوت کے لئے کافی نہیں

(سوال ۲۱) ایک مرد اور ایک عورت جوان العمر کو باہم ایک چارپائی پر لیٹے ہوئے اور ہمکنار دیکھا گیا شاہد نے اول سے آخر تک ان کو حالت مذکور پر دیکھا مگر کوئی حرکت جماع نہیں دیکھی، اس حالت میں زنا ثابت ہے یا نہیں؟

## اس صورت میں زنا ثابت نہیں

(سوال ۲۲) اس صورت میں فریقین پر ثبوت زنا اور حد زنا قائم ہو سکتی ہے یا نہیں؟

(الجواب) اس حالت کے دیکھنے سے زنا کا ثبوت نہیں ہوتا اگرچہ یہ فعل بھی حرام ہے۔(۴)

(۲) اس صورت میں زنا ثابت نہیں ہے اور نہ حد زنا ثابت ہے۔(۵)

## دو شخص کی گواہی سے زنا ثابت نہیں ہوتا

(سوال ۲۳) ایک شخص نے اپنی خوشدامن سے زنا کیا اس عورت کے لڑکے اور بھانجے دونوں نے جن کی عمر پندرہ سولہ سال ہے بچشم خود دخول کرتے ہوئے دیکھ لیا اور مجمع میں بیان کر دیا اس کے بعد عورت کے لڑکے نے اپنے اقرار سے رجوع کر لیا تو اس صورت میں زنا ثابت ہے یا نہیں۔

---

(۱) اما نکاح منکوحة الغیر و معتدته الخ فلم یقل احد بجوازه (ردالمحتار ج ۲ ص ۴۸۲ ط.س ج۳ ص ۵۱۶) ظفیر

(۲) قال رجل یا رسول الله ای الذنب اکبر عندالله قال ان تدعوا الله ندا وهو خلقک قال ثم ای قال ان تقتل ولدک خشیة ان یطعم معک قال ثم ای قال ان تزنی حلیلة جارک فانزل الله تصدیقها والذین لا یدعون مع الله الها آخر و لا یقتلون النفس التی حرم الله الا بالحق ولا یزنون الآیة متفق علیه (مشکوة باب الکبائر ص ۱۶) ارشاد ربانی ہے تعاونوا علی البر و التقوی ولا تعاونوا علی الاثم والعدوان (المائدة ۱) ظفیر

(۳) یثبت الزنا بشهادة اربعة رجال فی مجلس واحد بلفظ الزنا لا مجرد لفظ الوطی والجماع (در مختار) لان لفظ الزنا هو الدال علی فعل الحرام الخ (ردالمحتار کتاب الحدود ج ۳ ص ۱۹۶)

(۴) ویثبت الزنا عند الحاکم بشهادة اربعة یشهدون علیه بلفظ الزنا لا بلفظ الوطی والجماع الخ وقالوا رایناه ادخل کالمیل فی المکحلة (عالمگیری مصری باب ثانی ج۲ ص ۱۴۳) ظفیر

(۵) ان تمکنت فیه الشبهة لا یجب الحد (عالمگیری باب رابع ج ۲ ص ۱۴۷) ظفیر

(الجواب) دو شخص کی گواہی سے زنا ثابت نہیں ہوتا پس وہ دونوں لڑکے اگر عاقل وبالغ وعادل بھی ہوں اور ان میں سے کوئی اپنے قول سے رجوع نہ بھی کرتا تب بھی ان کی گواہی سے زنا ثابت نہیں ہوتا۔ کیونکہ زنا کا ثبوت چار گواہوں کی گواہی سے ہوتا ہے۔(۱) کما قال الله تعالى لو لا جاؤا عليه باربعة شهداء فاذ لم ياتو ا بالشهداء فاؤلئك عند الله هم الكاذبون۔(۲) پس جب کہ شرعاً اس گواہی کا اعتبار نہیں ہے تو اس قصہ کے پیچھے نہ پڑنا چاہئے اور اشاعت فاحشہ نہ کرنا چاہئے، کیونکہ یہ سخت گناہ ہے کہ بدون ثبوت شرعی کے اس کو زبان سے نکالا جاوے اور مشہور کیا جاوے۔

## زنا کا ثبوت

(سوال ۲٤) اگر زید کا گمان اپنی زوجہ پر ہو کہ وہ زانی ہے مخفی طور سے زنا کراتی ہے

(۲) اگر زید نے اپنی زوجہ کو چشم خود سے زنا کرا کے آتی ہوئی دیکھ لیا ہے اور زانی کو شناخت کیا کہ وہی عمرو زانی ہے جو خفیہ طور سے تیر حاضری میں بلایا جاتا تھا، زید بھی اپنی بیوی سے ہمبستری کرتا ہے زوجہ کو چار ماہ کا حمل ہے تو وہ اس کو رکھ سکتا ہے یا نہیں ؟

(۳) اگر زید نے عمرو کو اپنے مکان سے نکلتے ہوئے دیکھ لیا رات کے وقت، ان صورت میں زنا ثابت ہے یا نہیں۔

(الجواب) (۱ تا ۳) ایسے توہمات کا شریعت میں اعتبار نہیں ہے اور جب تک چار گواہ چشم دید زنا کے نہ ہوں زنا ثابت نہیں ہوتا۔(۳) کما قال الله تعالى لو لا جاؤا عليه باربعة شهداء وفاذلم يا توا بالشهداء فاولئك عند الله هم الكاذبون۔(۴) پس وہ حمل جو زید کے زوجہ کو ہے وہ شرعاً زید کا ہی سمجھا جاوے گا اور اس کا نسب زید سے ہی ثابت ہوگا۔(۵) اور عورت مذکورہ کا رکھنا زید کو جائز ہے۔(۶) اور اگر زید اس کو طلاق دے دے گا تو اس پر طلاق ہو جائے گی لیکن طلاق دینا واجب نہیں ہے۔ فقط

## نابالغہ سے زبردستی زنا اور اس کی سزا

(سوال ۲۵) اگر کوئی شخص زبردستی عورت نابالغہ سے زنا کرے تو کیا دونوں سزا زنا کے مستحق ہوں گے یا کیا اور کیا سزا دی جاوے گی ؟

(۲) اگر کوئی شخص بالغہ عورت سے زبردستی زنا کرے تو کیا دونوں سزا کے مستحق ہوں گے اور عورت پر کیا کفارہ آئے گا ؟

(الجواب) (۱، ۲) ان دونوں صورتوں میں مرد وعورت توبہ واستغفار کریں اور اللہ تعالیٰ گناہ معاف فرمانے والا ہے

---

(۱) لا تقبل الشهادة على الزنا الا شهادة اربعة احرار مسلمين و ان شهد على الزنا اقل من اربعة بان شهدواحد او اثنان او ثلثة لا تقبل الشهادة ويحد الشاهد حد القذف (عالمگیری مصری ج ۲ ص ۱۵۱ و ج ۲ ص ۱۵۲ ط. ماجدیه ج۱ ص ۱۵۱) ظفیر. (۲) سورة النور رکوع ۲. (۳) ويثبت الزنا عند الحاكم ظاهر اشهادة اربعة يشهدون عليه بلفظ الزنا لا بلفظ الوطى والجماع وقالوا رايناه ادخل كالميل في المكحلة (عالمگیری مصری باب ثانی ج ۲ ص ۱٤۳ ط. ماجدیه ج۱ ص ۱۵۱) ظفیر. (٤) سورة النور ۳. (٥) الولد للفراش وللعاهر الحجر (مشكوة ص ۲۸۷) ظفیر.
(٦) لا يجب على الزوج تطليق الفاجرة ولا عليها تسريح الفاجر الا اذا خاف ان لا يقيما حدود الله فلا باس ان يتفرقا (الدر المختار على هامش ردالمحتار باب المحرمات ج ۲ ص ٤٠٢ ط.س. ج۳ ص ٥٠) ظفیر

اور کوئی حد اس زمانہ میں اس ملک میں جاری نہیں ہو سکتی۔(۱)

## حاملہ من الزنا سے نکاح اور اس سے وطی

(سوال ۲۶) حبلی من الزنا سے اگر غیر زانی نکاح کرے تو قبل وضع حمل وطی کرنے سے اس پر حد شرع قائم ہوگی یا نہ یہاں پر قاضی شرع تو ہے نہیں اگر کوئی عالم زانی وزانیہ کو زجراسودو سو جوتی وغیرہ مارنے کا حکم دے تو یہ جائز ہے یا نہ؟

(الجواب) اس صورت میں حد شرع نہیں ہے کیونکہ نکاح کی وجہ سے شبہ پیدا ہو گیا۔(۲) اس صورت میں قاضی شرع کے سوا دوسرا شخص حد قائم نہیں کر سکتا۔

## تین کی گواہی سے زنا ثابت نہیں ہوتا

(سوال ۲۷) زید کی بیوی پر تہمت زنا لگائی گئی تین آدمیوں نے گواہی دی کہ ہم نے زنا کراتے دیکھا اس صورت میں زنا ثابت ہوا یا نہیں؟

(الجواب) زید کی بیوی پر اس صورت میں شرعاً زنا ثابت نہیں ہے پس پنچایت کی طرف سے زید کو کچھ سزا نہ دینی چاہئے (ان شهد على الزنا اقل من اربعة بان شهد واحد او اثنان او ثلاثة لا تقبل الشهادة (عالمگیری مصری ج ۲ ص ۱۵۱) ظفیر۔

## نوشدامن کے ساتھ زنا

(سوال ۲۸) کوئی شخص اپنی خوش دامن کے ساتھ زنا کرے، داماد اور ساس نے ایک مجمع عام میں اقرار بھی کیا شہر کے لوگ دو مولوی کو لائے انہوں نے مرقومۃ الذیل سزاؤں کا فتویٰ دیا کہ جوتا اور کھڑم اور جھاڑو وغیرہ زانی کے گلے میں لٹکایا جاوے زانی زانیہ کو ماں کہے اور زانیہ زانی کو باپ کہے، زانی تبدیل مکان کرتا ہوگا۔ زانی کو ساٹھ روزے مثل کفارہ صوم کے رکھنے ہوں گے زانی اور زانیہ کے شوہر کے ساتھ مواکلت مشاربت ومجالست بند کیا جائے، آیا یہ سزائیں دینا کیسا ہے؟

(الجواب) زنا کی حد اول تو اس ملک میں جاری نہیں ہو سکتی كما في الدر المختار والشامي لا نه لا حد بالزنا في دار الحرب ۔(۳) دوسرے یہ سزائیں جس کسی نے تجویز کیں ان میں سے کوئی سزا بھی زنا کی نہیں ہے یہ اس مجوز کی جہالت ہے شرعاً یہ سزائیں زنا کی نہیں ہیں اور ثبوت زنا چار گواہان عادل کی گواہی سے ہوتا ہے یا چار مرتبہ قاضی کے سامنے اقرار کرنے سے، چونکہ اب قاضی شرعی بھی نہیں نہ اقرار چار مجالس میں ہوا لہذا ثبوت زنا حسب قاعدہ شرعیہ نہیں ہے بہر حال صورت مسئولہ میں نہ زنا ثابت ہے نہ کوئی حد اس پر قائم ہو سکتی ہے قال في الدر المختار يثبت ايضا باقراره الخ اربعاً في مجالسه الا ربعة كلما اقرردہ بحيث لا يراه .(۴) پس اگر درحقیقت اس شخص سے زنا ہوا تو توبہ کرے یہی اس کا کفارہ ہے اور خوش دامن کے ساتھ زنا کرنے سے زانی کی

(۱) لانه لا حد في دار الحرب (الدر المختار على هامش ردالمحتار كتاب الحدود ج ۳ ص ۱۹۵ ط.س. ج ۴ ص ۵) ظفیر
(۲) لاحد لشبهة العقد (الدر المختار على هامش ردالمحتار كتاب الحدود ج ۳ ص ۲۳ ط.س. ج ۴ ص ۹۔
(۳) ايضاً (ج ۳ ص ۱۹۸ ط.س. ج ۴ ص ۵) ظفیر (۴) ط.س. ج ۴ ص ۸

زوجہ اس پر حرام ابدا ہو جاتی ہے اس صورت میں اپنی زوجہ کو علیحدہ کر دے اور زانیہ کے شوہر کا کچھ قصور نہیں ہے جو اس سے متارکت کی جاوے اور اس کو سزا دی جائے۔

### زانی سے برتاؤ

(سوال ۲۹) ایک شخص نے اپنی ہمشیرہ کی لڑکی سے زنا کیا اس کے ساتھ کھانا پینا برتاؤ جائز ہے یا نہیں اور جو لوگ اس کے ہمراہ ہیں ان کے لئے کیا حکم ہے؟

(الجواب) اس شخص سے توبہ کرائی جاوے اور تنبیہ کی جائے اگر وہ توبہ نہ کرے تو اس سے علیحدگی کرنی چاہئے اور جو لوگ اس کے معاون ہیں گناہ گار ہیں (کیونکہ اس ملک میں حد جاری نہیں ہو سکتی لانہ لاحد فی دار الحرب (الدر المختار علی هامش ردالمحتار كتاب الحدود ج ۳ ص ۱۹۵) ظفیر۔)

### سماعی گواہوں سے زنا ثابت نہیں ہوتا

(سوال ۳۰) زید کی بابت یہ کہا جاتا ہے کہ اس کا ناجائز تعلق ایک بھنگن سے تھا۔ کوئی چشم دید گواہ نہیں ہے بلکہ تمام سماعی گواہ ہیں اس صورت میں زید کے واسطے کیا سزا ہے اور اگر کوئی شخص عینی شہادت دے تو زید مذکور کے واسطے کیا سزا ہے، ایسے ثبوت کے بعد کیا دوسرے مسلمان اس کے ساتھ خورد ونوش کر سکتے ہیں۔

(الجواب) محض سماعی باتوں سے زید پر تہمت زنا کی لگانا شرعاً درست نہیں ہے۔(۱) اور ایک دو گواہ کے عینی شہادت سے بھی زنا ثابت نہیں ہوتا بلکہ ثبوت زنا کے لئے چار عادل گواہوں کی چشم دید شہادت کی ضرورت ہے جو یہ گواہی دیں کہ ہم نے عین فعل مذکور کو کالمیل فی المکحلہ دیکھا ہے کمابین فی کتب الفقہ، پس بدون ایسی شہادت کے زنا ثابت نہیں ہوتا اور زید کو زانی سمجھنا اور کہنا درست نہیں ہے۔(۲)

### بیوی کے مرنے کے بعد ساس سے زنا اور اس کا حکم

(سوال ۳۱) زید نے بعد انتقال اپنی زوجہ کے اپنی ساس سے زنا کیا، اب شرعاً اس گناہ کی کیا سزا ہے۔

(الجواب) قال الله تعالىٰ قل يا عبادى الذين اسرفوا على انفسهم لا تقنطو من رحمة الله (۳) پس ان دونوں کو توبہ کرنی چاہئے، اور استغفار کرنا چاہئے، اس سے وہ دونوں پاک ہو جاویں گے لا ن التائب من الذنب كمن لا ذنب له۔(۴) اور اس ملک میں چونکہ کوئی سزا شرعی قائم نہیں ہو سکتی۔(۵) اس لئے توبہ ہی کافی ہے۔ فقط۔

---

(۱) ويثبت الزنا عند الحاكم ظاهرا بشهادة اربعة يشهدون عليه بلفظ الزنا لا بلفظ الوطى والجماع الخ وقالوا رأيناه اد خل كالميل فى المكحلة (عالمگیری مصری ج ۲ ص ۱۴۳ ط. ماجدیه ج۱ ص۱۴۳).

(۲) لا تقبل الشهادة على الزنا الا شهادة اربعة احرار مسلمين ان شهد على الزنا اقل من اربعة بان شهد واحد او اثنان او ثلاثة لا تقبل الشهادة ويحد الشاهد حد القذف (عالمگیری باب خامس ج۲ ص ۱۵۱ و ج ۲ ص ۱۵۲ ط. ماجدیه ج۱ ص۱۵۱) ظفیر.

(۳) سورة الزمر. ٦.

(٤) مشكوة باب الا ستغفار والتوبة

(٥) لا نه لا حد فى دار الحرب (الدر المختار على هامش ردالمحتار كتاب الحدود ج ۳ ص ۱۹۵. ط. س. ج٤ ص٥) ظفير

## دو کے دیکھنے سے زنا ثابت نہیں ہوتا

(سوال ۳۲) زید کی دو بیوی ہے ہندہ و خالدہ۔ دونوں نے ہندہ کو حالت زنا میں زیر و زبر بچشم خود دیکھا تو زنا ثابت ہے یا نہیں اور بعد طلاق کے دین مہر دینا لازم ہو گا یا نہیں اور زید اس کو لعان کرا کر طلاق دے دے یا بلا لعان کے؟

(الجواب) زید اور اس کی زوجہ خالدہ کے بیان سے ہندہ پر زنا کا ثبوت نہ ہوگا اور بوجہ دار الاسلام نہ ہونے کے لعان بھی نہ آوے گا۔(۱) اور مہر بعد طلاق کے واجب الاداء ہوگا۔(۲)

## زنا کر کے توبہ کر لیا کیا حکم ہے؟

(سوال ۳۳) زید نے کسی بھنگن یا چماری سے زنا کیا اور بعد عرصہ کے توبہ کر لی آیا بعد توبہ کے اس کو کوئی سزا یا تاوان دینا چاہئے یا نہیں۔ اور جائز ہے یا نہ؟۔

(الجواب) جب کہ زید نے توبہ کر لی اور اس فعل قبیح پر نادم ہوا اور استغفار کیا تو گناہ اس کا معاف ہو گیا اب اس پر کچھ سزا اور تنبیہ کی ضرورت نہیں ہے۔ حدیث شریف میں ہے التائب من الذنب کمن لا ذنب له۔(۳) فقط۔

## زنا بالجبر اور اس کا حکم؟

(سوال ۳٤) زید اپنی بڑی دختر سے مرتکب زنا بالجبر کا ہوا، اور چھوٹی دختر سے زنا بالجبر کی گفتگو کی اور تحقیق دونوں بیٹیوں سے محققوں کو ثابت ہو چکی ہے اور شہرت عامہ بھی ہو چکی اگرچہ شرع سے مجبور ہیں مگر چھوڑنا بھی دشوار ہے بوجہ غیرت اسلام اور شہرت عامہ کے۔

(الجواب) شرعاً اس صورت میں باقاعدہ شرعیہ ثبوت زنا مرد پر نہیں ہے اور اس ملک میں اقامت حدود بھی نہیں ہو سکتی پس شخص مذکور سے توبہ کرالی جاوے۔(۴) کہ التائب من الذنب کمن لا ذنب له، حدیث شریف (۵) میں وارد ہے۔ فقط۔

---

(۱) ان شهد على الزنا اقل من اربعة بان شهد واحد او اثنان او ثلاثة لا تقبل الشهادة ويحد الشاهد حد القذف (عالمگیری باب خامس ج ۲ ص ۱۵۱ و ج ۲ ص ۱۵۲ ط. ماجدیه ج۱ ص ۱۵۱) ظفیر.
(۲) فمن قذف بصريح الزنا في دار الاسلام زوجة الحية بنكاح صحيح الخ العفيفة عن فعل الزنا وتهمة الخ (در مختار) قوله في دار الاسلام اخرج دار الحرب لانقطاع الولاية (ردالمحتار باب اللعان ج ۲ ص ۸۰٦ ط.س. ج۳ ص ٤٨٤) ظفیر.
(۳) مشکوة باب الاستغفار والتوبة ص
(٤) لانه لا حد في دار الحرب (الدر المختار على هامش ردالمحتار كتاب الحدود ج ۳ ص ۱۹۵ ط.س. ج٤ ص ٥) ظفیر.
(٥) مشکوة باب الاستغفار والتوبه) ظفیر

### زنا کا ثبوت

(سوال ۳۵) ایک مسلمان عورت ایک نصرانی کے یہاں رہتی ہے گاؤں کے مسلمان دو فریق ہیں ایک فریق کہتا ہے کہ یہ عورت نصرانی کے ساتھ ایک پلنگ پر سوتی ہے، دوسرا فریق عورت کے بیان کی تائید و تصدیق کرتا ہے، عورت کا بیان یہ ہے کہ میں تین برس سے نصرانی کے پاس ایک پلنگ پر نہیں سوتی ہوں، کیا مسماۃ تہمت زنا سے بری ہے اور کمائی اس کی حلال ہے یا حرام، کسی کار خیر میں لگا سکتی ہے یا نہ، عورت کہتی ہے کہ میں نصرانی کے بچوں کو کھلانے اور رکھنے پر نوکر ہوں، یہ حلفیہ بیان کرتی ہے۔

(الجواب) اس سوال کی رو سے زنا کا ثبوت نہیں ہے،(۱) البتہ مسماۃ مذکورہ کو ایسے تہمت سے بچنا ضروری چاہئے۔(۲) اور جب کہ ملازمت کا تعلق بیان کرتی ہے تو آمدنی اس کی حلال ہے اور کھانا اس کا جائز ہے البتہ نامحرم کے پاس ایک چارپائی پر لیٹنا اگر دو گواہوں عادل و نمازی پرہیز گار سے ثابت ہے تو فاسقہ ہونا اس عورت کا ثابت ہے۔(۳) جس سے اس کی آمدنی نوکری کی تو حرام نہ ہوگی مگر تنبیہ کرنا اور روکنا اس فعل سے ضروری ہے۔ فقط۔

### دخول نہ ہونے کی صورت میں زنا ثابت نہیں ہوگا

(سوال ۳۶) زید نے کسی عورت باکرہ سے جماع کرنا چاہا لیکن عورت کے اوپر قادر نہیں ہوا بسبب کم طاقتی کے یا کسی وجہ سے یعنی دخول نہیں ہو سکا یہ زنا ہوا یا نہیں۔

(الجواب) دخول نہ ہونے کی صورت میں زنا ثابت نہ ہوگا اور حد بھی واجب نہ ہوگی۔(۴) اور گناہ ہونے میں کچھ کلام نہیں ہے، اور شوہر والی یا غیر شوہر والی عورت سے زنا برابر ہے یعنی معصیت کبیرہ ہونے میں دونوں برابر ہے اور شوہر والی سے زنا کرنے میں ایک دوسرا گناہ بھی ہے یعنی شوہر کی بے حرمتی کا۔(د)

### زنا کرنے والے کی سزا

(سوال ۳۷) زید نے ایک عورت سے زنا کی اور حمل رہ گیا، زید خود مقر ہے، اس صورت میں زید کے لئے شرعاً کیا سزا ہے۔

(الجواب) اس صورت میں توبہ اور استغفار کافی ہے اللہ سے توبہ کریں اور آئندہ کو ایسا کام نہ کریں، اللہ تعالیٰ معاف فرمانے والا ہے اور غفور رحیم ہے اور حدود اس وقت جاری نہیں ہو سکتی۔(۶)

---

(۱) والزنا الموجب للحد وطی وهو ادخال قدر حشفة من ذكر مكلف ناطق طائع فى قبل مشتها ة حال عن ملكه وشبهة فى دار الاسلام الخ ويثبت بشهادة اربعة رجال فى مجلس واحد (الدر المختار على هامش ردالمحتار كتاب الحدود ج ۳ ص ۱۹٤ ط.س ج۳ص ٤ ٥٠) ظفير (۲) قال النبى صلى الله عليه وسلم اتقوا مواضع التهم (الجامع الصغير)
(۳)
(٤) هو قضاء الرجل شهوته محرما فى قبل المرأة الخالى عن الملكين و شبهتهاشبهة الاشتباه الخ وركنه التقاء الختانين و مواراة الحشفة لان بذالك يتحقق الايلاج والوطى (عالمگیری مصری الباب الثانى فى الزنا ج ۲ ص ۱٤۳ ط.ماجديه ج۱ ص ۱٤۳) ظفير
(٥) ويثبت الزنا باقراره الخ (ايضا ج ۲ ص ۱٤۳) من زنى فى دارالحرب اوفى دارالبغى ثم خرج الينا لا يقام عليه الحد (عالمگیری باب رابع ج ۲ ص ۱٤۹ ط.ماجديه ج۱ ص ۱٤۹) ظفير
(٦) ويثبت الزنا عند الحاكم ظاهرا بشهادة اربعة يشهدون عليه بلفظ الزنا لا بلفظ الوطئ والجماع الخ وقالوا رأيناه ادخل كالميل فى المكحلة الخ ويثبت الزنا باقراره (عالمگیری باب ثانى ج ۲ ص ۱٤۳ ط.ماجديه ج۱ ص ۱٤۳) ظفير

## ثبوت زنا اور حکم رجم کی شرط

(سوال ۳۸) کسی شخص کے ذمہ زنا کا ثبوت کب ہو سکتا ہے اور رجم کی کیا شرطیں ہیں صرف بے جا اتہام سے یا گواہوں کی ضرورت ہے۔

(الجواب) زنا کا ثبوت چار گواہوں سے جو کہ حالت زنا کو چشم دید بیان کریں ہوتا ہے اور رجم کی شرائط میں سے احصان بھی ہے۔(۱) اور بلا شہود عدول کے محض اتہام بے جا سے زنا کا ثبوت نہیں ہوتا بلکہ تہمت لگانے والے پر حد قذف جاری ہوتی ہے اور ملک ہندوستان میں حدود رجم وغیرہ نہیں ہو سکتا۔

## زانیہ کو جان سے مار ڈالنے میں اخروی سزا

(سوال ۳۹) زید کو کسی طریقہ سے یقین ہو گیا کہ میری فلانی محرمہ نے زنا کیا ہے زید نے اس کو کسی طریقہ سے جان سے ماردی تو زید سے آخرت میں مواخذہ ہوگا یا نہیں۔

(الجواب) زید پر اس صورت میں مواخذہ اخروی ہوگا قال اللہ تعالیٰ لولا جاؤا علیه باربعة شهداء و اذ لم یاتوا بالشهداء فاولئك عند الله هم الكاذبون الایه۔(۲)

## زانیہ بہن کا قاتل اور اس کی اخروی سزا

(سوال ٤۰) زید نے اپنی اخت کو اپنی آنکھوں سے زنا کراتے دیکھا یا اخت نے خود زید سے کہا کہ میں نے زنا کیا ہے زید نے اپنی اخت کو جان سے ماردی تو زید سے مواخذہ اخروی ہوگا یا نہیں۔

(الجواب) ہوگا۔(۳)

## زانیہ بیوی کا مار ڈالنا کیسا ہے

(سوال ٤۱) ایک شخص کی بیوی نے اپنے خاوند سے مختلف مجالس میں متعدد مرتبہ اقرار کیا کہ میں نے زنا کرایا ہے خاوند نے شریعت کے اس مسئلہ کو کہ اگر کوئی تین مرتبہ زنا کا اقرار کرے تو شریعت اس کو مار دینے کا حکم کرتی ہے اپنا موید سمجھ کر عورت کو زہر دے دیا اور وہ مر گئی اب شرعا کیا حکم ہے اگر خاوند مجرم ہے تو نجات کی کیا صورت ہے۔

(الجواب) یہ مسئلہ اس نے غلط سمجھا کہ تین مرتبہ زنا کا اقرار کرنے والے کو مار ڈالنا چاہئے۔(۴) اور یہ بھی غلط سمجھا کہ حدود و قصاص کو ہر ایک شخص جاری کر سکتا ہے،(۵) لہٰذا اس زہر دینے اور مار ڈالنے سے وہ عاصی و فاسق اور مرتکب کبیرہ کا ہے، اب علاج اس کا سوائے توبہ و استغفار کے اور مرحومہ کے لئے دعا مغفرت و ایصال ثواب کے

---

(۱) فان قال انا محصن او یشهد الشهود علی احصانه (ایضاً) ط. ماجدیه ۱ ص ۱٤۳.

(۲) سورة النور رکوع ۲. (۳) فالعمد ماتعمد ضربه بسلاح او ماجری مجری السلاح کالمحدد الخ وموجب ذلك المأثم لقوله تعالی ومن یقتل مومنا متعمدا فجزاءه جهنم الا یقوالقود لقوله تعالی کتب علیکم القصاص فی القتلی (هدایه کتاب الجنایات ج ٤ ص ۵۵۹) ظفیر. (٤) زانی اور زانیہ شادی شدہ کی شرعی سزا سنگسار کرنا ہے مگر یہ دارالاسلام میں ہے دارالحرب جہاں مسلمانوں کی حکومت نہیں یہ سزا جاری نہیں ہوتی ہے، فان قال انا محصن او یشهد الشهود علی احصانه الخ یجب رجمه (عالمگیری ج ٦ ص ۱٤۳ ط. ماجدیه ۱ ص ۱٤۳) ظفیر.

(۵) یہ سزا صرف سلطان یا اس کا مقرر کردہ نائب و قاضی کر سکتا ہے شوہر سخت گناہگار ہوا ومن یقتل مؤمنا متعمداً فجزاءه جهنم الآیة (سورة النساء. ۱۳) ظفیر.

کیا ہو سکتا ہے۔ اللہ تعالیٰ معاف فرماوے اور مرحومہ کو ثواب اس قدر عطا فرماوے کہ وہ خوش ہو جاوے اور اپنے شوہر مجرم کا قصور معاف کر دے (اگر یہ جرم دار الاسلام میں شوہر کرتا تو قصاص میں وہ قتل کیا جاتا۔ (۱) ظفیر)

## کسی کی بیوی کے ساتھ زنا کرنا

(سوال ۴۲) زید کی عورت ہندہ سے عمر نے زنا کیا، یہ گناہ اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے بخش دے گا یا زید سے معاف کرانا ہوگا۔

(الجواب) حدیث شریف میں کبائر کے بیان میں وارد ہے قال ثم ای قال ان تزنی حلیلة جارك فانزل الله تصدیقها والذین لایدعون مع الله الها آخرا لی ولا یزنون، پس معلوم ہوا کہ زنا کسی عورت سے خواہ وہ کسی کی منکوحہ ہو یا نہ ہو، کبائر میں سے ہے جیسا کہ آیت ولا یزنون سے ظاہر ہوتا ہے۔ البتہ منکوحہ غیر سے اور حلیلہ جار سے اور بھی زیادہ قبیح ہے، الحاصل توبہ اور ندامت و استغفار کرے اللہ تعالیٰ معاف فرمانے والا ہے اور غفور رحیم ہیں منکوحہ کے شوہر پر اس کو ظاہر نہ کرے اور اس کی جو کچھ خیانت ہوئی ہے کہ اس کی منکوحہ سے زنا کیا اور اس کی بے حرمتی کی اس سے بالاجمال معاف کرالیوے کہ جو کچھ میں نے خیانت و بے حرمتی کی ہو اس کو معاف کر دو وغیرہ اور اس میں بھی کچھ خوف فتنہ کا ہو تو یہ بھی نہ کہے صرف توبہ اللہ تعالیٰ سے کرے کہ در حقیقت زنا حقوق اللہ سے ہے، شرح فقہ اکبر میں ہے وفی روضة العلماء الزانی اذا تاب تاب الله علیه الخ ص ۱۹۵ و صاحب القنیة اذا تاب لم یتب الله علیه حتی یرضی عنه خصمه الخ۔

## زانی باپ کا قتل اور اس کا حکم

(سوال ۴۳) زید اپنی خوش دامن سے زنا کا مرتکب ہوا اس کا والد بکر مانع ہوا تو زید نے عمداً ناحق اپنے والد کو قتل کر دیا، لہٰذا زید زبانی توبہ استغفار سے لوگوں سے برتاؤ کر سکتا ہے یا کوئی اور صورت توبہ کی ہے۔

(الجواب) زید کو توبہ استغفار بھی کرنا چاہئے اور جو ورثہ باپ کے علاوہ اس قاتل کے ہیں کہ ان کو قصاص لینے کا حق ہے ان سے بھی معافی چاہے۔ (۲) اور باپ مقتول کے لئے دعا مغفرت و ایصال ثواب کرے۔

## زانیہ سے بچہ ہوا اس کے ساتھ معاملہ

(سوال ۴۴) جو شخص اجنبیہ عورت سے زنا کرے اور بچہ پیدا ہوا اس کے لئے کیا حکم شرعی ہے۔

(الجواب) وہ شخص جو ایسا فعل علانیہ کرتا ہے فاسق و بدکار ہے توبہ کرے ورنہ مسلمان اس کو چھوڑ دیں اور اس سے قطع تعلق کریں اور اگر علانیہ یہ فعل نہیں ہے تاہم موضع تہمت سے احتراز لازم ہے۔ (۳)

---

(۱) دیکھئے مشکوة المصابیح باب الکبائر ص ۱۷۔

(۲) قال رسول الله صلی الله علیه وسلم من قتل متعمدا دفع الی اولیاء المقتول فان شاء واقتلوه وان شاء واخذ والدیة رواه الترمذی (مشکوة کتاب القصاص ص ۳۰۱) اگر دار الاسلام ہوتا تو وہ قصاص میں قتل کیا جاتا ارشاد ربانی ہے کتب علیکم القصاص فی القتلی الخ۔ ظفیر۔ (۳) زانی زانیہ کی سزا اسلام میں اگر شادی شدہ ہے تو سنگسار کرنا ہے اور غیر شادی شدہ ہے تو سو کوڑے مارنا، مگر ہندوستان دار الاسلام کے حکم میں نہیں ہے اس لئے یہ سزا یہاں جاری نہیں ہو سکتی ہے اذا وجب الحدو کان الزانی محصنا رجمه بالحجارة حتی یموت الخ وان کان غیر محصن فحده مائة جلدة ان کان حرا (عالمگیری مصری باب ثالث ج۲ ص ۱۴۵ و ج ۲ ص ۱۴۲ ط ماجدیه ج۱ ص ۱۴۵) ظفیر۔

## زنا کا کفارہ ہے یا نہیں

(سوال ٤٥) اگر کوئی شخص بازاری عورت سے زنا کرے اور بوجہ قانون انگریزی کے حد شرعی زانی پر قائم نہیں ہو سکتی تو بجائے حد کے کوئی کفارہ دے کر یہ بری ہو سکتا ہے اور کفارہ کیا ہے اور مسلمانان کو زانی سے تعلقات رکھنا کسی صورت میں جائز ہے یا نہیں۔

(الجواب) اس گناہ کا کفارہ توبہ واستغفار اور آئندہ کو احتراز کرنا ہے اور جب کہ وہ توبہ کرلے تو اس سے تعلقات رکھنا روا ہے۔(۱)

## زنا کرنے کے بعد توبہ کرنا

(سوال ٤٦) اگر کوئی شخص زنا یا کسی گناہ کا مرتکب ہوا، اور پھر پورے اخلاص سے توبہ کرے تو توبہ اس کی قبول ہوگی یا نہیں۔

(الجواب) توبہ اس کی قبول ہوگی۔(۲)

## اقرار زنا کے بعد گواہوں کی ضرورت نہیں ہے

(سوال ٤٧) اگر زانی زنا کا اقرار کرلے اور لڑکا ولد الحرام پیدا ہو جائے تو گواہوں کی ضرورت ہے یا نہیں۔

## (۲) زانی کی حد

(سوال ) زانی کی کیا حد ہے

(الجواب) گواہوں کی ضرورت نہیں ہے۔(۳)

(۲) حد شرعی اس وقت میں جاری نہیں ہو سکتی ہے،(۴) ویسے قوم کی طرف سے جو کچھ ان کو تنبیہ ہو سکے کی جاوے ان کو برادری سے خارج رکھا جاوے جب تک کہ وہ توبہ کرے۔

## زنا کا شک کرنا درست نہیں

(سوال ٤٨) زید نے چند لوگوں کو جمع کر کے بیان کیا کہ مجھے بکر کی نسبت اپنی زوجہ کے ساتھ زنا کرنے کا شک ہے جو بکر کے دیرینہ مخالف ہیں سمعی شہادت زنا کی دیتے ہیں اس صورت میں بکر کو زانی ٹھہرانا کیسا ہے اور زید نے اس کے بعد تین دن زوجہ کو اپنے پاس رکھ کر لوگوں کی فہمائش پر علیحدگی کی اور زید پر اور زوجہ پر کیا حکم ہے۔

(الجواب) اس صورت میں بکر پر زنا کا الزام لگانا محض سننے پر گناہ کبیرہ ہے اس سے بکر زناکار قرار نہیں پا سکتا۔(۵) اس پر جھوٹی تہمت لگانے والے عاصی و فاسق ہیں زید بھی عاصی و فاسق ہے توبہ کرے اور زید کی زوجہ پر بھی یہ الزام ثابت نہیں ہے، پس اگر زید نے اس کو طلاق نہیں دی تو بدستور زید کی زوجہ ہے اس کو رکھنا چاہئے۔

---

(۱) ہندوستان میں حدود شرعی جاری نہیں ہو سکتی ہے اس لئے توبہ و استغفار کے سوا کوئی صورت نہیں ظفیر

(۲) حدیث نبوی ہے التائب من الذنب کمن لا ذنب له (مشکوۃ ص ۲۰۶) عن عائشة قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان العبد اذا اعترف ثم تاب تاب الله عليه متفق عليه (مشکوۃ باب الاستغفار والتوبة ص ۲۰۳)۔ (۳) ويثبت الزنا باقراره (عالمگیری مصری باب ثانی ج ۲ ص ۱۴۳ ط ماجدیه ۱ ص ۱۴۳) ظفیر۔ (۴) کیونکہ یہاں اسلامی حکومت نہیں ہے حدود کے اجراء کیلئے دار الاسلام ہونا شرط ہے فی دار الاسلام لانه لا حد في دار الحرب (الدر المختار على هامش رد المحتار كتاب الحدود ج ۳ ص ۱۹۵ ط س ج ۴ ص ۵)، (۵) ويثبت الزنا عند الحاكم ظاهرا بشهادة اربعة يشهدون عليه بلفظ الزنا الخ وقالوا رايناه ادخل كالميل في المكحلة (عالمگیری مصری ج ۲ ص ۱۴۳) بان شهد على الزنا اقل من اربعة بان شهد واحد او اثنان او ثلاثة لا تقبل الشهادة ويحد الشاهد حد القذف عند علمائنا (عالمگیری مصری باب خامس ج ۲ ص ۱۵۱ و ج ۲ ص ۱۵۳ ط ماجدیه ج ۱ ص ۱۵۱) ظفیر

باب سوم

# سرقہ
## (چوری وغیرہ سے متعلق احکام و مسائل)

### ایک شخص نے دوسرے کی چیز چرا کر تیسرے کو دی جس سے وہ ہلاک ہوگئی، ضمان کس پر ہے

(سوال ۱) زید نے عمر کے کہنے سے کسی کی چیز چرا کر بکر کو دی اور بکر سے ہلاک ہوگئی اس چیز کا ضامن کون ہوگا۔

(الجواب) اس چیز کا ضامن بکر ہوگا اور بکر چور سے یعنی زید سے رجوع کرے گا کما فی الدر المختار وفیہ لو استھلکہ المشتری منہ او الموھوب لہ فللمالک تضمینہ وفی ردالمحتار المعروف بالشامی قولہ فللمالک تضمینہ ) ای تضمین المشتری او الموھوب لہ ثم یرجع المشتری علی السارق بالثمن لابالقیمۃ تاتارخانیہ عن المحیط وفیھا عن شرح الطحاوی لو قطع ثم استھلکہ غیرہ کان للمسروق منہ ان یضمنہ قیمتہ الخ شامی ج ۳ ص ۲۱۰ ۔(۱)

### خودرو جنگل سے لکڑی چرانا کیسا ہے

(سوال ۲) جو جنگل خود سرکار کی ملک ہیں جیسے پہاڑ وغیرہ ایسے جنگل کی خودرو لکڑی وغیرہ چوری سے کاٹنی درست ہے یا نہ۔

(الجواب) احتیاط ترک میں ہے

### نگران باغ بغیر اجازت مالک کے جو چیز دے وہ جائز نہیں

(سوال ۳) جو مالی سرکاری یا امیروں کے باغوں میں رہتے ہیں اگر وہ اپنی طرف سے کسی کو کچھ ترکاری یا کوئی پودہ دیویں تو درست ہے یا نہیں۔

(الجواب) یہ جائز نہیں ہے۔ (کیونکہ یہ محافظ ہے مالک نہیں)

### صرف شبہ کی بنیاد پر ضمان لینا درست نہیں

(سوال ٤) زید کے کچھ روپے چوری ہوگئے زید نے عمرو پر شبہ کیا اور زید کا ظن غالب عمرو پر ہے اور عمرو انکار کرتا ہے اور زید کو عمرو کی قسم پر اعتبار نہیں ہے اگر زید عمرو سے روپیہ لے لے تو جائز ہے یا نہیں اور زید کو گناہ حق العباد کا ہوگا یا حق اللہ کا یا کچھ نہیں۔

(الجواب) زید کو عمرو سے ضمان لینا درست نہیں ہے اور اگر زید نے اپنے گمان کے موافق عمرو سے ضمان لے لی اور فی الحقیقت عمرو نے چوری نہ کی تھی تو زید عند اللہ ماخوذ ہوگا اور حق العباد اس کے ذمہ رہے گا۔(۲)

---

(۱) ردالمحتار باب کیفیۃ القطع واثباتہ ج ۳ ص ۲۹۱ ۔ط۔س۔ ج٤ ص۱۱۱ ۔ ظفیر۔ (۲) السرقۃ انما تظھر با حد الا مرین اما بالبینۃ او بالا قرار (عالمگیری مصری کتاب السرقۃ ج ۲ ص ۱۷۱ ۔ط۔ماجدیہ ج ۱ ص ۱٤۱) ظفیر

## چور سے ضمان لینا

(سوال ۵) زید نے خالد کی بکری چوری کر کے تلف کر دی خالد نے بکر کی قیمت بنرخ گراں زید سے لے کر بکر کے دعوے سے دست بردار ہو گیا مگر سرکار نے زید کو نہیں چھوڑا جیل میں ڈال دیا جیل ہونے کی تقدیر پر ند کورہ بکری کی قیمت خالد کے لئے شرعاً جائز ہے یا نہیں۔

(الجواب) جائز ہے کیونکہ جیل میں جانا حد شرعی نہیں ہے جو یہ خیال کیا جاوے کہ ضمان ساقط ہونی چاہئے، شامی میں ہے لان انتفاء الضمان انما هو بسبب القطع الخ ۔(۱) الحاصل چونکہ سارق کا قطع ید نہیں ہوا جو کہ حد شرعی ہے تو ضمان کا لینا جائز ہے۔ فقط۔

## قبر کی چادروں کا چوری کرنا اور اس کی ملکیت

(سوال ٦) قبور اولیاء پر ملک پنجاب میں عموماً غلاف قیمتی اور جھاڑ وغیرہ ڈالے ہوئے ہوتے ہیں اور وہ قبور بیت مقفل میں ہوتی ہیں ورنہ خانقاہ اس مال کی حفاظت کرتے ہیں۔ یہ مال ورثہ کا مملوک ہے یا نہیں، زید اس قبر سے جو مقفل محرز ہے اتنی قدر غلاف خفیۃً اٹھا کر بھاگ جاتا ہے جس کی قیمت نصاب سرقہ تک ہو جاوے تو یہ شخص بعد ثبوت کے مستحق حد سرقہ کا ہے یا نہیں۔

(الجواب) مالک ان اشیاء غلاف وغیرہ کا وہ ہے جس نے وہ غلاف وغیرہ ڈالا اور رکھا ہے اور چرانا ان اشیاء کا کسی کو جائز نہیں ہے لیکن ان اشیاء کی چوری سے حد سرقہ واجب نہیں۔(۲) ہوئے جیسا کہ درمختار میں ہے۔ و کذا لو سرقه من بيت فيه قبر او ميت فتاوله بزيارة القبر الخ۔(۳)

## قبر کے غلاف کے استعمال کو جائز سمجھنا اور اس کی تاویل کرنا

(سوال ۷) اگر زید عالم صورت اولیٰ میں قبور سے غلاف وغیرہ اٹھا کر استعمال کرنا جائز اور حلال سمجھے اور حلت میں یہ تاویل پیش کرے کہ ورثہ اہل قبور تضیع مال کے مرتکب ہیں، لہٰذا ایسے مال کو خفیہ اٹھا کر استعمال کرنا ہر ایک مسلم کو جائز ہے۔

(الجواب) یہ تاویل اس کی غلط ہے اور چرانا ان اشیاء کا درست نہیں ہے اور استعمال کرنا درست نہیں ہے۔(۴)

---

(۱) ردالمحتار باب كيفية القطع ج ۳ ص ۲۹۱ .ط.س. ج ٤ ص ۱۱۰

(۲) ولو سرق من القبر دراهم او دنا نير اوشيئاغير الكفن لم يقطع بالاجماع اختلف مشائخنا رحمهم الله تعالى فيما اذا كان القبر في بيت مقفل والاصح انه لا يقطع سواء بنش الكفن او سرق مالا آخر من ذلك البيت وكذا اذا سرق الكفن في تابوت في القافله لا يقطع (عالمگیری مصری كتاب الحدود ج ۲ ص ۱۷۸ .ط. ماجديه ۱ ص۱۷۸.

(۳) الدر المختار على هامش ردالمحتار كتاب السرقة ج۳ ص ۲۷٦ .ط.س. ج٤ ص۹٤. ظفير.

(٤) وبنش بقبور ولو كان القبر في بيت مقفل في الاصح او كان الثوب غير الكفن وكذا لو سرقه من بيت فيه قبر اوميت لنا وله زيارة القبر (الدرالمختار على هامش ردالمحتار كتاب السرقه ج ۳ ص ۲۷٦ .ط.س. ج٤ ص ۹٤) حد نہیں ہے لیکن چوری بہر حال چوری ہے جس پر چوری سے کی گئی ہے ظفیر۔

## چوری کا اقرار اور دوسرے کے لئے اس کی گواہی

(سوال ۸) چار شخصوں نے مل کر چوری کی ان میں سے دو شخص اپنے اوپر اقرار کرتے ہیں اور باقی ساتھیوں پر گواہی دیتے ہیں، یہ گواہی معتبر ہے یا نہیں۔

(الجواب) اقرار کرنے والوں کا اقرار اپنی نفس پر معتبر ہے اور گواہی ایسے لوگوں کی معتبر نہیں ہے۔(۱)

## چوری کا روپیہ خفیہ طور پر مالک کو پہنچادے تو چور بری ہو جائے گا

(سوال ۹) ایک شخص نے کسی کا روپیہ چوری کیا بعد چند روز کے اسے ندامت ہوئی اور خیال ہوا کہ اب اس کا روپیہ کسی طرح سے اس کے یہاں پہنچادینا چاہئے اگر یہ سارق اتنی رقم اصل مالک کے یہاں کسی طرح سے پہنچادیوے اور اس کو خبر نہ ہو تو یہ بری الذمہ ہو جائے گا یا نہ۔

(الجواب) کسی طریق سے بھی اگر روپیہ اس کے پاس پہنچادیوے گا تو مواخذہ سے بری ہو جائے گا، خبر کرنے کی کچھ ضرورت نہیں ہے۔(۲)

## چوری کے روپے سے تجارت کی تھی نقصان ہوا اب بقیہ روپیہ واپس کرے یا پورا دیوے

(سوال ۱۰) ایک شخص نے کسی کا روپیہ چرایا اور اس روپیہ مسروقہ سے تجارت کی اس میں اس کو نقصان ہوا تو سارق کل روپیہ اصل مالک کو واپس کرے یا نقصان کے بعد جو روپیہ بچا ہے وہ دے گا۔

(الجواب) کل روپیہ مسروقہ دینا چاہئے۔

## چوری کے روپیہ سے نفع ہوا اس کا مالک کون ہے

(سوال ۱۱) ایک شخص نے کسی کا روپیہ چوری کیا اور اس روپیہ مسروقہ سے تجارت کی اور نفع ہوا تو اس منافع کا مالک کون ہوگا اور صدقہ کرنا نفع کا واجب ہے یا مستحب۔

(الجواب) نفع کا مالک سارق ہے اور صدقہ کرنا اس کا مستحب ہے واجب نہیں ہے۔

---

(۱) السرقة انما تظهر با حد الا مرين اما با لبينة او بالا قرار الخ فاقر السارق. فالقاضی لا يحتاج السوال عن المسروق (عالمگیری مصری کتاب السرقة ج ۲ ص ۱۷۱ ط۔ ماجدیہ ص ۱۷۱) اور گواہ کے لئے شرط ہے کہ وہ عادل ہوں اس لئے کہ اس کی گواہی دوسروں کے حق میں معتبر نہیں۔ کیونکہ چوری کی وجہ سے وہ فاسق کے حکم میں ہو گیا۔ ظفیر۔

(۲) وترد العين لو قائمة وان باعها او وهبها لبقائها على ملك مالكها (الدر المختار على هامش ردالمحتار باب كيفية القطع ج ۳ ص ۲۹۱) ويبرأ بردها ولو بغير علم المالك فی البزازية غصب دراهم من كيسه ثم ردها فيه بلا علمه برئ وكذا لو سلمه اليه بجهة اخرى كهبة او ايداع او شراء وكذا لو اطعمه فاكله (الدر المختار على هامش ردالمحتار كتاب الغصب ج ۵ ص ۵۹۱ ط.س. ج ۶ ص ۱۸۲) ظفير.

(۳) وترد العين لو قائمة الخ لبقائها على ملك مالكها (ايضاً) ط.س. ج ۴ ص ۱۱۰ ظفير.

## چور کا مالک سے اجمالی معاف کرانا کافی ہے یا نہیں

(سوال ۱۲) زید نے بکر کی مصاحبت میں رہ کر چند اشیاء مملوکہ بکر کی چرالی تھی، ان اشیاء مسروقہ میں سے کچھ اشیاء موجود ہیں اور کچھ ہلاک ہو گئی ہیں، زید کا یہ ارادہ ہے کہ حق العبد بخشوائے اور یہ بار اس کے گردن پر نہ رہے جس پر اگر زید ظاہر طور سے بکر سے اپنے فعل اور اشیاء مسروقہ کی تفصیل کرے اور معافی لے تو باعث بے اعتباری اور سخت شرمساری زید کا ہے کیا اگر زید بکر سے یہ کہے کہ تو مجھے فی سبیل اللہ سب حقوق اپنے جلی و خفی جو تیرے مجھ پر ہوں یا کوئی چیز تیری بلا اجازت میں نے اٹھالی ہو تو معاف کر دے اور بکر بھی راضی ہو جاوے تو اس اجمال سے سرقہ کا گناہ معاف ہو جاتا ہے یا نہیں اور اس وقت جو اشیاء مسروقہ میں سے زید کے پاس موجود ہیں وہ اس پر درست ہو جاتی ہیں یا نہیں۔

(الجواب) زید کے ذمہ ضروری ہے کہ جو اشیاء مسروقہ بکر کی اس کے پاس موجود ہیں وہ بکر کو واپس کر دے اور جو ہلاک ہو گئی ان کو معاف کرا دے یا ضمان دیوے باقی مجملاً معاف کرانا جو سوال میں مذکور ہے اس میں تفصیل ہے، شرح فقہ اکبر میں ہے ثم هل یکفیه ان یقول علی دین فاجعلنی فی حل ام لا بدان یعین مقداره ففی النوازل رجل له علی آخر دین وهو لا یعلم بجمیع ذلك فقال له المدیون ابر ئنی ممالك علی فقال الدائن ابرئك قال نصیر رضی الله عنه لا یبرأ لا عن مقدار ما یتو هم ای یظن انه علیه وقال محمد بن سلمة یبر أ عن الکل قال الفقیه ابو اللیث حکم القضاء ما قاله وحکم الآخرة ما قاله نصیر الخ۔(۱) امام ابو اللیث کی تفصیل سے معلوم ہوا کہ قضاءً تمام حقوق ساقط ہیں اور دیانۃً یعنی عند اللہ وحکم اخروی صرف وہی ساقط ہوئے جن کا دائن کو علم ہے اور بہر حال جو اشیاء موجود ہیں ان کو واپس کرنا ضروری ہے یا صاف طور سے ہبہ کرانا لازم ہے کہ فلاں فلاں اشیاء تیری میرے پاس موجود ہیں وہ مجھ کو ہبہ کر دے کیونکہ جو تفصیل اوپر مذکور ہے وہ دیون میں ہے نہ اعیان موجودہ میں، فقط۔

## نصاب سے کم مال مسروقہ کی ہلاکت پر ضمان لازم ہے

(سوال ۱۳) مال مسروقہ جس میں قطع ید نہیں ہے اس کے ہلاک اور استہلاک سے سارق مال کا ضامن ہے یا نہیں تو اگرچہ سرقہ گواہوں یا اقرار سے ثابت ہو اور جب اس زمانہ میں حکم کو قطع ید کا حکم نہیں تو ایسی صورت میں مال مسروقہ جو کہ لائق قطع ید ہے اس کے ہلاک یا استہلاک سے سارق مال کا ضامن ہے یا نہ اگر سرقہ کا ثبوت گواہوں سے ہو یا اقرار سے۔

(الجواب) شامی نے کتاب الغصب میں صاحب فتح القدیر سے نقل کیا ہے قوله وفیه لابن الکمال کلام الخ حاصله ان السرقة داخلة باعتبار اصلها فی الغصب الاان فیها خصوصیة ادخلتها فی الحدود فلا ینافی دخولهاباعتبار اصلها فی الغصب الخ ج۵ص۱۱٤ (۲) شامی وفی کتاب السرقة من الدر المختار وصح رجوعه عن اقراره بها وان ضمن الحال الخ لا قراره علی نفسه. قوله لا قراره علی

---

(۱) شرح فقہ اکبر. (۲) ردالمحتار کتاب الغصب ج ۵ ص ۱۵٦ ط.س ج٦ص۱۷۹. ظفیر

نفسه علة للزوم الحال فى المسلتين الخ .(۱) ان عبارات سے واضح ہوا کہ مال مسروق جس میں قطع ید نہیں ہے یا بوجہ عدم وجود شرائط قطع کے قطع ید نہیں ہو سکتا اس کی ضمان بصورت ہلاک واستہلاک لازم ہے

## عورت کی چوری کے شبہ میں اس کا مال لینا درست نہیں

(سوال ۱۴ ) ایک شخص کی والدہ کو اس کی زوجہ پر یہ شبہ ہوتا ہے کہ گھر کی چیز جنس وغیرہ لے کر فروخت کرتی ہے بلکہ اس شخص کی والدہ نے اپنے لڑکے کو کئی دفعہ دکھلادیا کہ یہ چیزیں نکالی ہوئی ہیں اور لڑکے کو بھی یقین ہوا کہ یہ چیز تھوڑی ضرور نکلی ہوئی ہے۔ مگر کسی نے آج تک دیکھا نہیں نہ چیز نکالتے ہوئے نہ فروخت کرتے ہوئے، شخص مذکور کی زوجہ کا کچھ روپیہ رکھا ہوا تھا اس شخص نے اپنی والدہ کے کہنے سے وہ روپیہ خود لے لیا اس روپیہ کا مالک کون ہوگا اور اس عورت کی چوری کے بارے میں کیا حکم ہے۔

(الجواب ) چوری کے ثبوت کی دو ہی صورتیں ہوتی ہیں۔ یا وہ عورت خود اقرار کرے یا دو گواہ عادل گواہی چوری کی دیویں بدوں اس کے ثبوت چوری کا نہیں ہو سکتا، پس وہ روپیہ جو عورت کا رکھا ہوا ہے شوہر کو اس کا اٹھالینا اور رکھ لینا درست نہیں ہے ،وہ روپیہ عورت کو دے دینا چاہئے۔ فقط۔

## اقرار کرنے کے بعد چور کا پھر رجوع کرنا

(سوال ۱۵ ) از تودہ گندم غیر پیمانہ شدہ قدرے گندم دزدیدہ شد ورسخت دانھا تاتخانہ یکے رسید چوں اوراتہمت بدزد دارند گفت کہ بے شک من دزدیدہ ام ولیکن فی الحال کدام امیر وحاکم را نگویند آں قدر کہ دزدیدہ ام شمار اداخواہم کرد ، پس از چند روز منکر از اقرار ورسخت دانھا تاتخانہ خود گردید ،اکنوں دو گواہ نزد مدعی بر رسختن دانھا تاتخانہ مدعا علیہ و دو گواہ دیگر بر اقرار مدعی علیہ مستند وبر فعل سرقہ ہیچ گواہ نیست پس ہمیں گواہان سرقہ ثابت خواہد شد یانہ۔ اگر ثابت شود پس انداز مجہول است بچہ قدر ضمانت بر او لازم گردد۔

(الجواب ) قال فى الدر المختار وصح رجوعه عن اقراره بها وان ضمن المال۔(۳) اس عبارت در مختار اور اس پر شامی نے جو کچھ لکھا ہے اس سے ثابت ہوتا ہے کہ اقرار کرنے کے بعد رجوع کرنے اور انکار کرنے سے قطع ید ساقط ہو جاتا ہے لیکن مال کی ضمان لازم ہے ، پس جو مقدار سارق بیان کرے بصورت نہ معلوم ہونے مقدار کے اس کے ذمہ وہی لازم ہے۔

## قیمت کفن میں سے چوری کرنا

(سوال ۱۶ ) ایک شخص نے کفن میں سے دام چرائے پھر ظاہر ہو گیا اس کی نسبت کیا حکم ہے۔

(الجواب ) وہ دام جو اس نے چرائے مالکان کفن یعنی اہل میت کو جنہوں نے کفن دیا ہو واپس کرے یا ان سے معاف کرالیوے اس گناہ سے پاک ہو جاوے گا۔

---

(۱) ردالمحتار كتاب السرقة ج ۳ ص ۲٦۹ ط.س. ج٤ ص٨٦. ظفير.
(۲) انما السرقة تظهر باحد الا مرين اما با لبينة او بالا قرار (عالمگیری مصری كتاب السرقة ج ۲ ص ۱۷۱ ط ماجدیه ۲ ص ۱۷۱) ظفير.
(۳) الدر المختار على هامش ردالمحتار كتاب السرقة ج ۳ ص ۲٦۹ ط.س. ج٤ ص٨٦. ظفير.

باب چہارم

## حد شرب
## (شراب وغیرہ پینے کی سزا اور اس کے متعلق احکام و مسائل)

### شرابی کی سزا کا ثبوت

(سوال ۱) شارب الخمر کے لئے اسی ۸۰ کوڑے کا حکم کون سی حدیث سے مستفاد ہوتا ہے، نبی کریم ﷺ کے زمانہ میں تو نعال اور کھجوروں کی شاخوں کی سزا دی گئی ہے جیسا کہ عبداللہ بن جندب کی حدیث میں مصرح موجود ہے۔

(الجواب) دلیل اس کوڑے کی اجماع صحابہؓ سے اور فتح القدیر میں اس کی پوری بحث کی ہے اور احادیث اور آثار سے ثابت کیا ہے فلیر اجع منه۔(۱)

### شرابی کو کیا سزا دی جائے

(سوال ۲) تین لوگوں نے بظاہر شراب پی ہے ان کے لئے کیا سزا ہونی چاہئے۔

(الجواب) اگر دو عادل گواہوں سے کسی شخص کا شراب پینا ثابت ہو جاوے تو شریعت میں اس کی سزا اسی ۸۰ کوڑے ہیں۔(۲) مگر یہ سزا حکومت اسلامی ہونے کی صورت میں حاکم اسلام یعنی قاضی جاری کر سکتا ہے اور اب چونکہ حکومت اسلامی نہیں ہے تو یہ حد بھی جاری نہ ہوگی۔ (لہذا ان لوگوں کو تنبیہ برادری کے طریقے سے کی جاوے یعنی اول ان سے توبہ کرائی جاوے اور اگر وہ توبہ نہ کریں تو ان سے تعلقات برادرانہ منقطع کرا لئے جاویں۔ فقط۔

### غیبت سود خوری کی سزائیں

(سوال ۳) غیبت، لواطت، سود خوری، شراب نوشی جوا کے لئے شریعت میں کوئی حد مقرر ہے یا نہیں۔

(الجواب) غیبت کا کفارہ یہ ہے کہ جس کی غیبت کی ہے اس سے معافی کراوے اور توبہ کریں اور لواطت میں اگر دار الاسلام ہو تو تعزیر ہے،(۳) اور سود خواری میں سود کا واپس کرنا اور توبہ کرنا بھی کفارہ ہے۔ فقط۔

---

(۱) وحد الخمر و السكر في الحر ثمانون سوطاً لاجماع الصحابة يفرق على بدنه كما في حد الزنا هدايه لا يجزى ضرب شارب الخمر و كذا غيره ممن وجب عليه الحد بالنعال وان كانوا يضربون في العهد النبوى بالنعال والعصا والايدى لانعقاد الاجماع من الصحابة ومن بعدهم على تركه (حاشيه هدايه ج ۳ ص ۵۰۸ باب حد الشرب) ظفير

(۲) ولا يثبت الشرب بها اى بالرائحة بل بشهادة رجلين الخ او يثبت باقراره مرة صاحيا ثمانين سوطا للحر وفرق على بدنه كحد الزنا (الدر المختار على هامش ردالمحتار كتاب الحدود باب حد الشرب ج ۳ ص ۲۲٦ و ج ۳ ص ۲۲۷ ط.س. ج ٤ ص ۷۰ ظفير (۳) في دار الاسلام لانه لا حد بالزنى في دار الحرب (الدر المختار على هامش ردالمحتار كتاب الحدود ج ۳ ص ۱۹۵ ط.س. ج ٤ ص ۵) ظفير (٤) ولا يحد بوطئ بهيمة بل يعزر وتذبح ثم تحرق ويكره الانتفاع بها حية وميتة الخ او بوطئ دبر و قالا ان فعل بالاجانب حد وان في عبده اوامة او زوجته فلا حد اجماعا بل يعزر الخ وفي الفتح يعزر ويسجن حتى يموت او يتوب (در مختار) قوله اوبوطئ دبر اعلفه فشمل دبر الصبى والزوجة (ردالمحتار كتاب الحدود ومطلب في وطئ الدابة ج ۳ ص ۲۱۳ ط.س. ج ٤ ص ۲٦) ظفير۔

## شرابی سے تعلقات

(سوال ٤) ایک شخص مسلمان شراب پیتا ہے مسلمانوں کو اس سے برتاؤں کرنا کیسا ہے۔

(الجواب) ایسے شخص سے ملنا جلنا اور تعلقات رکھنا درست نہیں ہے۔(۱)

## شرابی اور اس کے حامیوں کی کیا سزا ہے

(سوال ٥) ایک شخص عرصہ پندرہ سولہ سال سے شراب پیتا ہے۔ اور باوجود فہمائش کے باز نہیں آتا آخر مسلمانوں نے متفق ہو کر اس کو مسلمانوں کی جماعت سے خارج کر دیا، چھ سات آدمی اس کے طرف دار ہیں، اب لوگ کہتے ہیں کہ یہ رات دن پینے والا شراب کا معذور اور بیمار ہے نہ پینے سے بیمار ہو کر مر جائے گا ایسے شخص کے واسطے شرعاً کیا حکم ہے اس کو شریک کرنے کی کیا صورت ہے اور کچھ نقد روپیہ کی سزا مسلمان دے سکتے ہیں یا نہیں اور جو لوگ اس کے طرف دار ہیں ان کے لئے کیا حکم ہے۔

(الجواب) اس زمانہ میں شرعی حد تو جاری نہیں ہو سکتی،(۲) مسلمانوں کا کام یہی ہے کہ اگر کوئی مسلمان فعل چوری یا بدکاری یا شراب خواری کرے تو اس کو سمجھا دیں اور توبہ کرا دیں پھر بھی اگر نہ مانے تو وہ جانے اسی پر مواخذہ ہے سمجھانے والے بری الذمہ ہیں اور جرمانہ مالی کرنا درست نہیں ہے ہاں یہ ضرور ہے کہ مسلمانان اس سے نفرت رکھیں اور خوشی اس سے نہ ملیں اگر کوئی مجبوری یا فتنہ ہو تو خیر ورنہ بہتر یہی ہے کہ اس سے قطع تعلق رکھیں اور جب تک وہ توبہ نہ کرے اس سے خوشی ملنا جلنا اختیار نہ کریں باقی مجبوری کو جو کچھ مصلحت و مناسب وقت ہو کریں اور خاموش ہو رہیں اس سے زیادہ مسلمانوں کے اختیار میں کچھ نہیں ہے کہ اپنی ناراضی اس سے ظاہر کر دیں اور ہو سکے تو قطع تعلق کر دیں۔

## شراب اور بھنگ کے استعمال میں فرق ہے یا نہیں

(سوال ٦) شراب اور بھنگ پینے والے کی حد شرعی ایک ہے یا علیحدہ علیحدہ۔

(الجواب) حد شرعی تو اس ملک میں بوجہ نہ ہونے حکومت اسلام کے جاری نہیں ہو سکتی ویسے حرمت کے حکم میں دونوں برابر ہیں۔(۳) اور دونوں فاسق ہیں توبہ کریں۔ فقط۔

---

(۱) حد اسی ۸۰ کوڑے کے لئے دارالاسلام ہونا شرط ہے ہندوستان جیسے ملک میں اخلاقی سزا ترک تعلقات ہی ہو سکتی ہے لانہ لا حد فی دار الحرب (الدر المختار علی هامش ردالمحتار کتاب الحدود ج۳ ص۱۹۵) ظفیر

(۲) (الدر المختار علی هامش ردالمحتار کتاب الحدود ج ۳ ص ۱۹۵ ط.س. ج٤ ص٥).

(۳) وعند محمد ما اسکر کثیره فقلیله حرام وهو نجس ایضا قالوا وبقول محمد ناخذ الخ (ردالمحتار باب حد الشرب ج ۳ ص ۲۲۵ ط.س. ج٤ ص ۳۸۰. ظفیر

## باب پنجم

# حد قذف

## (کسی پاک دامن کو زنا کی تہمت لگانا اور اس کی سزا سے متعلق احکام و مسائل)

### کیا زنا کے ثبوت کے لئے چار گواہ ضروری ہیں

(سوال ۱) زنا کے ثبوت کے لئے چار گواہوں کا ہونا ضروری ہے یا نہ۔

(الجواب) ضروری ہے۔ (۱)

### چار سے کم گواہوں سے زنا ثابت نہیں

(سوال ۲) اگر چار گواہ نہ ہوں تو زنا ثابت ہو سکتا ہے یا نہ۔

(الجواب) نہیں۔ (۲)

### صرف والدین کے کہنے سے زنا ثابت نہیں ہوتا

(سوال ۳) زانیہ کے والدین اگر یہ کہہ دیں کہ ہم نے اپنی آنکھ سے زنا کرتے دیکھا تو زنا ثابت ہوگا یا نہیں۔

(الجواب) نہیں۔ (۳)

### جب قاذف چار گواہ نہ پیش کر سکے

(سوال ٤) اگر تہمت لگانے والا چار گواہ نہ لا سکا تو حد قذف کا مستحق ہے یا نہ۔

(الجواب) ہے۔

### تہمت زنا لگانے والے کی سزا

(سوال ٥) ایک شخص ایک عورت پر الزام لگاتا ہے اور یہ بھی کہتا ہے کہ ہم نے آنکھ سے نہیں دیکھا، غرض کہ الزام ثابت نہیں ہے ایسے شخص کے لئے کیا حکم ہے۔

(الجواب) مسئلہ یہ ہے کہ شوہر عورت کے جو اولاد ہو اس کا نسب اس کی شوہر سے ثابت ہوتا ہے، غیر کی طرف نسب نہیں ہو سکتا جیسا کہ حدیث شریف میں وارد ہے الولد للفراش وللعاهر الحجر۔ (۴) یعنی اولاد اسی شخص کی طرف منسوب ہوگی جس کی وہ زوجہ ہے اور تہمت لگانا بدون تحقیق کے کسی شخص پر جائز نہیں ہے، حدیث شریف میں اس کی ممانعت وارد ہے اور تہمت لگانے والا سخت گناہ گار ہے بلکہ حکم شریعت کا یہ ہے کہ اگر تہمت لگانے والا گواہ نہ پیش کر سکے تو اس پر حد قذف واجب ہوتی ہے۔ (۵) فقط۔

---

(۱) ویثبت الزنا عند الحاکم ظاهرا بشهادة اربعة يشهدون عليه بلفظ الزنا (عالمگیری مصری کتاب الحدود ج ۲ ص ۱٤۳ ط. ماجدیه ج۱ ص ۱٤۳۔

(۲) لا تقبل الشهادة على الزنا الا شهادة اربعة احرار مسلمين (عالمگیری مصری کتاب الحدود ج ۲ ص ۱۵۱ ط. ماجدیه ج۱ ص ۱۵۱)۔

(۳) وان شهد على الزنا اقل من اربعة بان شهد واحد او اثنان او ثلاثة لا تقبل الشهادة (عالمگیری مصری کتاب الحدود ج ۲ ص ۱۵۱ ط. ماجدیه ج۱ ص ۱۵۱) ظفیر۔

(٤) مشکوٰة شریف ج ۲ ص ۲۸۷ کتاب اللعان۔

(٥) اذا قذف الرجل رجلا محصنا او امرأة محصنة لخ وطا لب المقذوف بالحد حده الحاکم ثمانين سوطا ان كان القاذف حرا وان كان عبدا حده اربعين سوطا (عالمگیری مصری کتاب الحدود ج ۲ ص ۱٦۰)۔

## تہمت زنا اور اس کی سزا

(سوال ٦) ایک شخص نے ایک عابد متقی ذی عصمت پر زنا کی تہمت لگائی اور گواہ پیش نہ کر سکا، صرف ایک شخص نے اتنا کہا کہ فلاں مرد اور عورت کو راستہ سے گزرتے ہوئے دیکھا؟

(۲) اس ملک میں بادشاہ اسلام اور قاضی نہیں ہے جس کی طرف سے حدود شرعیہ نافذ ہوں تو ایسے کے لئے عند الشرع کیا حکم ہے۔

(الجواب) اس صورت میں زنا ثابت نہیں ہے۔(۱)

(۲) اس ملک میں حدود جاری نہیں ہو سکتے لہذا وہ تہمت لگانے والا توبہ کرے اور مقذوف سے معافی مانگے۔(۲) فقط۔

## بلا ثبوت تہمت زنا کا حکم

(سوال ۷) جو شخص بلا ثبوت شرعی کسی مسلم پر تہمت زنا و افعال خبیثہ لگائے تو اس کا کیا حکم ہے اور اس کو شہرت دیتا پھرے۔

(الجواب) بدون ثبوت شرعی کے کسی مسلمان پر تہمت زنا و افعال خبیثہ لگانا حرام اور معصیت کبیرہ ہے اور اگر حکومت اسلامیہ ہو تو قاذف پر حد قذف لازم ہوتی ہے۔(۳) و تفصیلہ فی کتب الفقہ، فقط۔ (اور جو لوگ اس طرح کی غلط چیزوں کی شہرت کرتے ہیں وہ سخت گنہگار ہیں۔(۴) ظفیر)

## تہمت لگانے والے کے ساتھ کیا کیا جائے

(سوال ۸) ایک عورت سن رسیدہ ۹ سال سے بیوہ ہو گئی ہے، چال چلن اس کا بہت اچھا ہے مگر کوئی دوسرا مرد اس کے گھر میں نہیں ہے اس لئے وہ ایک مرد نوکر رکھ کر زراعت کا کام کراتی تھی چند لوگ اس کے دشمن پہلے سے ہیں، انہوں نے بلا دیکھے اس نوکر سے تہمت لگائی اور جامع مسجد میں بروز جمعہ نوکر کے ہاتھ پر قرآن شریف رکھ کر پوچھا، اس نے قسم کھا کر کہا کہ ہماری ماں کی عمر کی عورت ہے، میں بھی اس کو ماں سمجھتا ہوں۔ لوگوں نے اس کو سچا سمجھ کر چھوڑ دیا اور مخالفین سے رنجیدہ ہو گئے، دو تین ماہ کے بعد مسماۃ نے اس نوکر کو چھوڑ دیا، تب دشمنوں نے اس نوکر کو بھکار کر کہلا دیا کہ ہماری آشنائی اس عورت سے تھی، پنچائت قائم کر کے اس نوکر کے کہنے پر

---

(۱) قال اللہ تعالیٰ لو لا جاؤا علیہ باربعة شهداء فاذلم یاتوا بالشهداء فاولئك عنداللہ هم الكاذبون (سورة النور رکوع ۳)

(۲) تہمت لگانے والے کی سزا اسی ۸۰ کوڑے ہے ارشاد ربانی ہے والذین یرمون المحصنٰت ثم لم یاتوا باربعة شهداء فاجلدوهم ثمانین جلدة ولا تقبلوا لهم شهادة ابدا واولئك هم الفاسقون (سورة النور ۱)

(۳) ارشاد ربانی ہے والذین یرمون المحصنت ثم لم یاتوا باربعة شهداء فاجلدوهم ثمانین جلدة ولا تقبلوا لهم شهادة ابدا واولئك هم الفاسقون (سورة النور ۱) لا حد لا حد فی دار الحرب (الدر المختار علی هامش ردالمحتار كتاب الحدود ج۳ ص ۱۹۵ ط.س. ج ٤ ص ٥) ظفیر۔

(٤) ان الذین یحبون ان تشیع الفاحشة فی الذین آمنوا لهم عذاب فی الدنیا والآخرة (سورة النور رکوع ۲) ظفیر۔

عورت بیوہ کے پچاس جوتہ مار کر منہ پر کالک لگا کر ذات سے نکال دیا، اس صورت میں ان لوگوں کے لئے شرعاً کیا حکم ہے۔

(الجواب) تہمت لگانے والا شخص اور اس کے بھکانے والے فاسق و عاصی ہیں ان کے قول کا اعتبار نہیں ہے اور ان کے کہنے سے عورت مذکورہ کو برادری سے خارج کرنا اور پانی وغیرہ بند کر دینا درست نہیں ہے ان ظالموں کو ایسے ظلم سے توبہ کرنی چاہئے اور اس قدر ظلم اس عورت بیوہ پر ناحق نہ کرنا چاہئے اور توبہ کرنی چاہئے۔(۱)

## تہمت لگانے کے بعد کہنا کہ میں نے غلط کہا تھا

(سوال ۹) نوری نے مسجد میں بیان کیا کہ ہم خان محمد کے پیچھے نماز نہیں پڑھیں گے کیونکہ وہ ولد الزنا ہے اس وجہ سے کہ اس کی ماں کو اس کے پہلے شوہر نے طلاق نہیں دی تھی اور اس کے والد نے اس سے نکاح کر لیا چونکہ یہ نکاح صحیح نہیں ہوا اس لئے اس کے ماں باپ دونوں زانی اور اولاد ولد الزنا ہوئے اور ولد الزنا کے پیچھے نماز درست نہیں ہے۔ پھر نوری نے اس بات کا اقرار کیا کہ ہم نے رنج و غصہ کی وجہ سے ایسا کہا ہم سے قصور ہوا، اس صورت میں نوری کے لئے کیا حکم ہے۔

(الجواب) اگر حدود جاری ہوتی تو نوری مستحق حد قذف تھا، (۲) اب صرف توبہ کرنا چاہئے اور خان محمد وغیرہ سے قصور معاف کرائے کیونکہ اپنے بیان سابق کی نوری نے خود تکذیب کی لہذا جھوٹا ہونا اس کا محقق ہو گیا۔

(۱) اگر اسلامی حکومت ہوتی تو ان پر حد قذف کے اسی ۸۰ کوڑے لگتے کیوں کہ ارشاد ربانی ہے والذین یرمون المحصنت ثم لم یاتوا باربعة شهداء فاجلدوهم ثمانين جلدة ولا تقبلوا لهم شهادة ابداً واولئك هم الفاسقون (سورة النور رکوع ۱) ظفیر۔

(۲) القذف في الشرع الرمى بالزنا الخ اذا قذف الرجل رجلاً محصناً او امرأة محصنة بصريح الزنا الخ وطالب المقذوف بالحد، حده الحاكم ثمانين سوطاً ان كان القاذف حراً وان كان عبداً حده اربعين سوطاً كذا في فتح القدير (عالمگیری كتاب الحدود و باب سابع ج ۲ ص ۱۶۰ ط ماجدیه ج۱ ص ۱۶۰) ظفیر۔

باب ششم

# تعزیر

## حدود کے علاوہ دوسرے مختلف جرائم اوران کی سزا سے متعلق احکام ومسائل

### جس جانور کے ساتھ آدمی نے جماع کیا اس جانور اور آدمی کا حکم

(سوال ۱) اگر کسی نے جانور کے ساتھ جماع کیا تو اس شخص کے بارے میں شرعی حکم کیا ہے، اور جانور کا گوشت کھانا کیسا ہے۔

(الجواب) شامی میں ہے ویعزرو تذبح البھیمة وتحرق علی وجه الا ستحباب ولا یحرم اکل لحمھا الخ(۱) یعنی اگر جانور کے ساتھ کسی نے جماع کیا تو وہ شخص تعزیر دیا جاوے کوڑے مارا جاوے، یہ حکم حاکم کے لئے ہے، اور اس جانور کو ذبح کیا جاوے، یعنی کھایا نہ جاوے لیکن یہ حکم علی وجہ الاستحباب ہے اور اگر اس کا گوشت بعد ذبح کے کھالیوے تو درست ہے مگر اچھا نہیں اور جیسا کہ فقہاء نے اس کے گوشت کو جلانے کا حکم لکھا ہے، اسی طرح اس گوشت کو دفن کر دینا بھی درست ہے فقط۔

### ماکول اللحم کے ساتھ وطی کی گئی اس کا اور وطی کرنے والے کا حکم

(سوال ۲) زید نے بہیمہ ماکول اللحم سے وطی کی تو اس شخص پر شرعاً کیا تعزیر ہے اور اس بہیمہ ماکول اللحم کا کیا حکم ہے آیا اس کا کھانا اور دودھ پینا اور اس کے بچہ سے انتفاع لینا شرعاً جائز ہے یا نہیں۔

(الجواب) جانور کی وطی سے تعزیر لازم ہے اور مقدار تعزیر حاکم کی رائے پر مفوض ہے اور اس بہیمہ کو ذبح کر کے جلا دینا مستحب ہے اس کا گوشت کھانا اور دودھ پینا مکروہ ہے لیکن حرام نہیں ہے اور بچہ سے انتفاع درست ہے قال فی ردالمحتار یعزر و تذبح البھیمة وتحرق علی وجه الاستحباب ولا یحرم اکل لحمھا ج۱ ص ۱۱۳۔

### حاملہ بکری سے وطی کی تو وہ حرام نہیں ہوئی

(سوال ۳) بکری حاملہ سے کسی نے وطی کی وہ بکری حلال رہی یا حرام ہو گئی اگر اس کو ذبح کر کے جلایا جائے تو وضع حمل اور رضاعت کا انتظار کرنا ہوگا یا نہیں۔

---

(۱) ولا یحد بوطئہ بھیمة بل یعزرو تذبح ثم تحرق ویکرہ الا نتفاع بھا حیة میتة (در مختار) ولیس بواجب کما فی الھدایه وغیرھا وھذ اذا کانت مما لا یوکل فان کانت تو کل جازاکلھا عندہ وقالا تحرق ایضا ( ردالمحتار باب الوطئ الذی یوجب الحد ج ۳ ص ۲۱۳ ط.س. ج٤ ص۲٦)

(الجواب) ردالمختار میں ہے ویعزر و تذبح البھیمة وتحرق علی وجه الا ستحباب ولا یحرم اکل لحمھا شامی (۱) ج اص ۱۱۲ اس عبارت سے واضح ہے کہ اس بکری کا کھانا حرام نہیں مگر بہتر یہ ہے کہ نہ کھاویں اور ذبح کر کے جلادیں اور اگر وہ حاملہ ہے تو بہتر ہے کہ انتظار وضع حمل رضاع کا نہ کریں تب بھی گناہ نہیں ہے۔

## نابالغ بچہ یا بکری کے ساتھ وطی کرنے والے کی سزا

(سوال ٤) صبی غیر بالغ یا بز وطی کردہ ورائے ایں امر شخص واحد است و صبی واطی منکر است آیا حکم شاة چہ باشد و تعزیر بر اں واطی آید یانہ۔

(الجواب) در مختار میں ہے ویعزر و تذبح البھیمة وتحرق علی وجه الا ستحباب ولا یحرم اکل لحمھا به الخ شامی (۲) ج اص ۱۱۲۔ ترجمہ یہ ہے اور تعزیر کیا جاوے وطی کرنے والا بہیمہ سے اور وہ بہیمہ ذبح کیا جاوے اور جلادیا جاوے بطریق استحباب نہ بطریق وجوب اور نہیں حرام ہے کھانا اس جانور کا بسبب وطی کے، لیکن یہ حکم جب ہے کہ وطی بہیمہ کی دو گواہوں سے یا اقرار سے ثابت ہو جاوے اور ایک کی گواہی سے کچھ حکم ثابت نہ ہوگا۔ فقط۔

## چور سے مالی جرمانہ لینا شرعاً جائز ہے یا نہیں

(سوال ٥) ایک شخص نے کسی شخص کے روپیہ چوری کئے ظاہر ہونے پر اس سے کل روپیہ وصول کیا گیا بستی کے سربر آوردہ لوگ اس بات پر متفق ہوئے کہ علاوہ مال مسروقہ کے مبلغ پچیس روپیہ بطور جرمانہ کے ادا کرے اور یہ روپیہ اس مدرسہ میں صرف کیا جاوے جو اس بستی میں مدت سے قائم ہے اس نے اس روپیہ کو ادا کر دیا، دریافت طلب امر یہ ہے کہ اس روپیہ کو مدرسہ میں صرف کرنا جائز ہے یا ناجائز ہے، علاوہ اس کے جس شخص کا روپیہ چوری کیا گیا تھا اس نے مبلغ ۱۳ روپیہ اس شخص نے بھی بطور خود دیئے ان کا روپیہ کا کیا حکم ہے۔

(الجواب) جرمانہ مالی شرعاً جائز نہیں ہے کما فی الشامی . و الحاصل ان المذھب عدم التعزیر با خذ المال الخ۔ (۳) پس صرف کرنا اس پندرہ روپے کا مدرسہ میں جائز نہیں ہے بلکہ اس روپیہ کو واپس کرنا چاہئے، پھر اگر وہ خوشی سے دیوے تو مدرسہ میں صرف کرنا درست ہے اور عـہ ۱۳ جو مالک نے اپنے پاس سے خوشی سے دیئے ان کا لینا درست ہے۔

(۱) ردالمحتار ابحاث الغسل ج ۱ ص ۱۵٤ ط.س. ج۱ ص۱٦٦
(۲) ردالمحتار ابحاث الغسل ج ۱ ص ۱۵٤ ط.س. ج۱ ص۱٦٦
(۳) الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب التعزیر ص ۲٤۷ ط.س. ج٤ ص ٦۱ مطلب فی التعزیر باخذ المال لا با خذ مال فی المذھب بحر وفیه عن البزازیه وقیل یجوز و معناه ان یمسکه مدة لینزجر ثم یعیده له فان یئس من توبته صرفه الی مایری وفی المجتبی انه کان فی ابتداء الا سلام ثم نسخ (در مختار) قوله فی المذھب قال فی الفتح وعن ابی یوسف یجوز التعزیر للسلطان باخذ المال وعندھما وباقی الا ئمة لا یجوز ( ردالمحتار مطلب فی التعزیر باخذ المال ج ۳ ص ۲٤٦ ط.س. ج٤ ص ٦۱) ظفیر.

## اکابر اہل سنت کی شان میں بد زبانی کی سزا

(سوال ۶) کسی طالب علم نے جب امام کو مرجی اور مولانا اشرف علی صاحب کو ہٹ دھرم بد مذہب کہا تو مدرسہ کے ایک سرپرست نے اس کو تھپڑ مارا، کیا اس سے قصاص لیا جائے گا۔

(الجواب) ایسے بد زبان کو تعزیراً ضرب کرنا اور تھپڑ مارنا چاہئے ہی تھا۔(۱)

## قاضی شرعی کے سوا دوسرا آدمی حد شرعی قائم نہیں کر سکتا

(سوال ۷) یہاں پر قاضی شرعی تو ہے نہیں اگر کوئی عالم زانی و زانیہ کو زجراً سو دو سو جوتے وغیرہ مارنے کا حکم دیوے تو جائز ہے یا نہیں۔

(الجواب) اس صورت میں قاضی شرعی کے سوا دوسرا شخص حد شرعی قائم نہیں کر سکتا۔(۲)

## بھانجی کے ساتھ زنا کی سزا

(سوال ۸) ایک شخص نے اپنی ہمشیرہ کی لڑکی سے زنا کیا اس کے ساتھ کھانا پینا برتاؤ جائز ہے یا نہیں اور جو لوگ اس کے ہمراہی ہیں ان کے لئے کیا حکم ہے۔

(الجواب) اس شخص سے توبہ کرائی جاوے اور تنبیہ کی جاوے اگر وہ توبہ نہ کرے تو اس سے علیٰحدگی اختیار کرنی چاہئے اور جو لوگ اس کے معاون ہیں گناہ گار ہیں۔(۳) فقط۔

## استاذ کو گالیاں دینے کی سزا

(سوال ۹) شخصے استاذ خود را بایں طور حقارت نمود کہ تو لئن خنزیر یا لئن کلب است قائل این الفاظ را چہ حکم است نکاح بدستور است یا نہ۔

(الجواب) شخص مذکور فاسق و عاصی و واجب التعزیر است اما تکفیر نہ کردہ خواہد شد و حکم فسخ نکاح وغیرہ احکام ارتداد برو جاری نخواہند شد۔(۴)

---

(۱) وعزر كل مرتكب منكر او مؤذى مسلم بغير حق بقول او فعل (الدر المختار على هامش ردالمحتار باب التعزير ج ۳ ص ۲۵۱ ط.س. ج ٤ ص ٦٦) ظفير.

(۲) في الفتح ما يجب حقا للعبد لا يقيمه الا الامام لتوقفه على الدعوى الخ (الدر المختار على هامش ردالمحتار باب التعزير ج ۳ ص ۲۵۰) باقی حد تو یہ ہندوستان میں نہیں ہے لا نه لا حد في دارالحرب (ايضا كتاب الحدود ج ۳ ص ۱۹۵ ط.س. ج ٤ ص ۵) ظفير. (۳) مسلمان حکومت ہوتی تو باضابطہ حد جاری ہوتی مگر یہاں نہیں لانه لا حد في دارا لحرب (ايضا) حدیث نبوی ہے من وقع على ذات محرم فاقتلوه رواه الترمذي (مشكوة باب التعزير ج ۳۱۷ ط.س. ج ٤ ص ۵) ظفير.

(٤) وعزر كل مرتكب منكر او مؤذى مسلم بغير حق بقول او فعل الخ وعزر الشاتم الخ يا خبيث يا سارق يا فاجر يا مخنث الخ (الدر المختار على هامش ردالمحتار باب التعزير ج ۳ ص ۲۵۱ ط.س. ج ٤ ص ٦٦) ظفير

## رمضان کے دنوں میں علی الاعلان کھانا کھانے والا

(سوال ۱۰) ایک مسلمان نے ماہ رمضان میں دن کے وقت اپنی زوجہ کے تیجہ کے دن کھانا پکوا کر اپنے اقارب و اہل محلہ کو کھانا کھلایا اعلانیہ طور پر اور حقہ پان سے بہت تواضع اور مدارات کی، ایسا شخص مرتکب کبیرہ ہے یا کافر اور جس نے اس سے بیعت کی تھی وہ قائم رہی یا نہ، اس سے مرید ہونا اور اس کے پیچھے نماز پڑھنا کیسا ہے اور اس کے پاس بیٹھنا اٹھنا کیسا ہے اور توبہ اس کی مجمع عام یا جامع مسجد میں ہوگی یا کیا۔

(الجواب) وہ شخص مرتکب گناہ کبیرہ ہوا۔ اور فاسق ہے(۱) کافر نہیں ہے اور قابل بیعت ہونے کے نہیں ہے۔ اور جن لوگوں نے اس سے بیعت کی وہ بیعت جائز اور درست نہیں ہے۔ وہ لوگ اس فاسق کو پیر نہ سمجھیں۔ اور کوئی مسلمان اس کو پیر نہ بناوے اور اس کو امام نہ بناوے اور اس کے ساتھ صحبت نہ رکھے جب تک وہ توبہ نہ کرے اس سے قطع تعلق کر دینا چاہئے، توبہ مجمع عام میں یا مجمع خاص میں، جامع مسجد ہو یا غیر جامع مسجد میں توبہ ہر طرح قبول ہوتی ہے۔ فقط۔

## اکابر ائمہ کی توہین کرنے والا مستحق تعزیر

(سوال ۱۱) جو شخص ائمہ اربعہ خصوصاً امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ تعالیٰ کو گمراہ و بے دین کہے یا امام بخاری کی توہین کرے یا کسی صحابی کی توہین کرے اس کے بارے میں کیا حکم ہے۔

(الجواب) وہ شخص جو ایسا عقیدہ رکھے اور ائمہ دین خصوصاً امام الائمہ امام ابو حنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ و امام المحدثین امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ سے بدظن ہو اور یا کسی صحابی کی توہین کرے مبتدع اور فاسق بے دین ہے اور مستحق تعزیر ہے۔(۲) فقط۔

## زانی سے مالی جرمانہ لینا درست نہیں

(سوال ۱۲) اگر کسی زانی پر زنا کی وجہ سے پنچ جرمانہ کرے تو اس جرمانہ کو نیک کام مثلاً مسجد کی تعمیر وغیرہ میں صرف کرنا جائز ہے یا نہیں۔

(الجواب) مالی جرمانہ کرنا شریعت میں جائز نہیں ہے، پس جو روپیہ پیسہ جرمانہ میں لیا جاتا ہے مالک کو واپس کرنا چاہئے۔ وہ اپنی خوشی سے تعمیر مسجد میں لگائے تو جائز ہے۔ في الشامي جلد نمبر ۳ في البزازيه ان معنى التعزير باخذ المال (على القول به اساك شئى من ماله عند مدة لينجز ثم يعيده الحاكم اليه لاان يا خذ الحاكم لنفسه اولبيت المال كما يتو همه الظلمة . ظفير) (الى قوله) اذ لا يجوز لا حد من المسلمين احذ مال احد بغير سبب شرعي (۳)

(۱) وكل مرتكب معصية لا حد فيها فيها التعزير اشباه (در مختار) والمفطر فى رمضان يعزر و يحبس ( ردالمحتار باب التعزير ج ۳ ص ۲۵۱ ط.س. ج۴ ص۶۶) ظفير.
(۲) وترد شهادة من يظهر سب السلف لا نه ظاهر الفسق الخ او يظهر سب السلف يعنى الصالحين منهم وهم الصحابة والتابعون ( ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۴۰۵ ط.س. ج۴ ص۲۳۷) ظفير وعزر كل مرتكب منكر و موذى مسلم بقول او فعل (الدر المختار على هامش ردالمحتار باب التعزير ج ۳ ص ۲۵۱ ط.س. ج۴ ص۶۶) ظفير
(۳) دیکھئے ردالمحتار مطلب فى التعزير با خذ المال ج ۳ ص ۲۴۶ ط.س. ج۴ ص ۶۱ . ظفير

### ہنود کا کھانا کھانے پر تعزیر نہیں

(سوال ۱۳)اگر کوئی مسلمان ہنود کا کھانا کھالے جس پر خنزیر یا مردار یا جھٹکا کھانے کا اشتباہ ہو اس پر شرعاً کیا تعزیر ہے۔

(الجواب) مسلمانوں کو ایسے شخص کے کھانے سے احتراز مناسب ہے لیکن پہلے جو کھالیا اس پر کچھ تعزیر وغیرہ نہیں ہے۔ آئندہ احتیاط رکھنی چاہئے۔ فقط۔

### متبع شریعت معزز کو حرام زادہ وغیرہ کہنے سے مستحق تعزیر ہوگا

(سوال ۱۴) زید اور بکر میں تکرار ہوا، زید نے بکر کو یہ گالی دی کہ تم اور تمہارے شہر کے باشندے کل حرام زادہ ولد الزنا ہیں حالانکہ بکر متبع شریعت اور معزز ہے آیا زید کیلئے تعزیر و تادیب شرعاً ہے یا نہیں۔

(الجواب) اس صورت میں زید پر تعزیر کی جاوے گی اور زید مستحق تعزیر ہے، لیکن وجوب تعزیر ایسی صورت میں دعویٰ پر موقوف ہے اور قاضی یا حاکم بعد دعویٰ کے اس کو جاری کر سکتا ہے، بہر حال زید اس میں عاصی ہوا توبہ کرے اور بکر سے معاف کراوے ورنہ بکر کے دعویٰ پر حاکم زید کو تعزیر کرے گا۔(۱)

### رعایا سے جرمانہ لینا شرعاً درست نہیں ہے

(سوال ۱۵) زمین دار لوگ اپنی رعایا سے جرمانہ لیتے ہیں فی روپیہ چار آنہ کے حساب سے لیتے ہیں یہ جرمانہ لینا شرعاً جائز ہے یا نہیں۔

(الجواب) یہ جرمانہ لینا شرعاً درست نہیں ہے کما فی الشامی لا یجوز لا حد من المسلمین نفس منہ الحدیث (۲) او کما قال صلی اللہ علیہ وسلم۔

### جانور سے وطی کرنے کی سزا

(سوال ۱۶) اگر کوئی شخص جانور بکری سے جماع کرے تو اس کی نسبت کیا تعزیر شرعی ہے اور اس کے گوشت کو کھانا کیسا ہے۔

(الجواب) وہ شخص توبہ کرے اور اس کا گوشت کھایا نہ جاوے اس کو ذبح کر کے جلادیا جاوے۔(۳)

---

(۱)اذا شتم اصله عزر بطلب الو لد كيا ابن الفاسق يا ابن الكا فروانه يعزر بقوله يا قحبه الخ يا حرا مزاده معناه المتولد من الوطؤ الحرام ( ردالمحتار علی هامش ردالمحتار باب التعزير ج ۳ ص ۲۵۵ .ط.س.ج٤ص۷۰) لكن فی الفتح مايجب حقا للعبد لا يقيمه الا الا مام لتوقفه على الدعوى الا ان يحكما فيه (ايضا ج ۳ ص ۲۵۰ .ط.س ج٤ص٦٥) ظفير.

(۲)اذ لا يجوز لا حد من المسلمين اخذمال بغير سبب شرعی الخ والحاصل ان المذهب عدم التعزير با خذ المال ( ردالمحتار باب التعزير مطلب فی التعزير باخذ المال ج ۳ ص ۲٤٦ .ط.س.ج٤ص٦١) ظفير.

(۳)لا يحد بوطؤ بهيمة بل يعز ر و تذبح وتحرق ويكره الا نتفاع بها حية وميتة ای يقطع امتداد التحدث به كلما رويت وليس بواجب كما فی الهدايا وغيرها وهذا اذا كانت عما لا يو كل فان كانت تو كل جاز ا كلها عنده وقالا تحرق ايضا ( ردالمحتار مطلب فی وطئ الدابة ص ۲۱۳ .ط.س.ج٤ص٢٦) ظفير.

## نماز کی پابندی نہ کرنے پر مالی جرمانہ لینا جائز نہیں

(سوال ۱۷ )اگر میت کے ورثہ نماز پنجگانہ کے پابند نہ تھے تو اس وجہ سے میر محلہ یا متولی بغیر جرمانہ مالی لئے میت مسلمان کو دفن کرنے کی اجازت نہیں دیتے، جرمانہ مالی لے کر میت کو دفن کرنے کی اجازت دیتے ہیں اس صورت میں جرمانہ مالی لینا کیسا ہے اور لینے والا کیسا ہے اور جرمانہ مالی کو مسجد کے کاموں میں صرف کرنا درست ہے یا نہیں۔

(الجواب ) گناہ اس میر محلہ و متولی پر ہے جو جرمانہ لیتا ہے اور بدون جرمانہ لئے میت مسلمانوں کو دفن کرنے کی اجازت نہیں دیتا اور جرمانہ لینا شریعت میں حرام ہے اور لینے والا فاسق ہے اور اس روپیہ جرمانہ کو مسجد کے کاموں میں صرف کرنا درست نہیں ہے۔(۱)

## جس عورت نے چھپ کر رات میں لچے سے ملاقات کی اس کی سزا

(سوال ۱۸ )دو شخص نمازیوں نے اپنے محلہ دار کے کہنے کی وجہ سے رات کو چھپ کر دیکھا کہ اس محلہ دار کی عورت نے ایک شخص لچے سے بہت خوشی سے ہاتھ ملایا اس پر ان دونوں کو بہت مارا اس صورت میں اس عورت اور مرد کے لئے کیا حکم ہے۔

(الجواب )جب کہ ان نمازیوں نے اس عورت کو اجنبی مرد فاسق کے ساتھ اس انبساط واختلاط کے ساتھ دیکھا تو ان کو تنبیہ کرنا اور مارنا اس فاسق و فاسقہ کا درست تھا جیسا کہ در مختار میں باب التعزیر میں ہے ویقیمہ کل مسلم حال مبا شرت المعصیة الخ۔(۲)اور عاصی ہوتا اس عورت اور مرد کا اس حالت میں ظاہر ہے اس سے وہ دونوں توبہ کریں۔(۳)لیکن اتنی بات دیکھ کر حکم زنا کا نہیں ہو سکتا اور ثبوت زنا اس سے نہیں ہوتا اور اس عورت کا نکاح اس کے شوہر سے قائم ہے۔(۴)

## جانور سے وطی کرنے پر تعزیر

(سوال ۱۹۹ )زید نے بکری سے وطی کی اس بکری کی نسبت کیا حکم ہے اس کا گوشت کھا سکتے ہیں یا نہیں اور دودھ پی سکتے ہیں یا نہیں۔واطی کے لئے کیا حکم ہے،بعض کہتے ہیں کہ بکری کو ذبح کر کے دفن کی جاوے اور قیمت اس کی واطی سے وصول کی جاوے۔

(الجواب ) جانور سے وطی کرنے والے پر تعزیر ہے جو کچھ حاکم مناسب سمجھے اور دوسرے بکری کو ذبح کر کے جلا دینے کا حکم ہے احتیاطاً اور گوشت کھانا اس کا اور دودھ پینا حرام نہیں ہے اور رکھنا درست ہے۔اور قیمت اس کی واطی کے ذمہ نہیں ہے،کیونکہ مالک کو اختیار ہے کہ اس بکری کو رکھے ذبح نہ کرے،البتہ بہتر یہ ہے کہ ذبح کر کے

---

(۱)والحاصل ان المذهب عدم التعزير باخذالمال الخ اه. لا يجوز لا حد من المسلمين اخذ مال احد بغير سبب شرعي (ردالمحتار مطلب في التعزير با خذ المال ج ۳ ص ۲٤٦ و ج ۳ ص ۲٤۷ .ط.س. ج٤ ص ٦۱ ظفير.

(۲)الدر المختار على هامش ردالمحتار باب التعزير ج ۳ ص ۲۵۰ .ط.س. ج٤ ص ٦٦ . ظفير

(۳) يعزر المولى عبده والزوج زوجته على تركها الزينة الخ والخروج من منزلها الخ و كشفت وجهها لغير محرم او كلمة (ايضا ج ۳ ص ۲٦۰ .ط.س. ج٤ ص ۷۷) ظفير

(٤)

اس کو جلادیا جاوے ، ردالمحتار یعنی شامی میں ہے ویعزر وتذبح البهيمة وتحرق على وجه الاستحباب ولا يحرم اكل لحمها به الخ(۱)(بکری کی قیمت کا مطالبہ وطی کرنے والے سے بکری والا کر سکتا ہے اور اس کی قیمت دینی چاہئے۔(۲)ظفیر)

## جانور سے وطی کا ارادہ کیا مگر دخول نہیں ہوا تو گوشت بلا کراہت حلال ہے

(سوال ۲۰)زید نے بارادہ وطی کسی حلال جانور مثلاً گائے یا بکری وغیرہ کو ہاتھ لگایا حتی کہ زید نے اپنے ذکر کو جانور کے زج سے بلا فصل کسی شئی کے ملحق کردیا لیکن دخول نہیں ہوا یا اس نے مطلقاً وطی کرلی تو اب حالت مذکورہ زید یا دیگر مسلمان کو جانور موصوفہ کا شیر یا گوشت یا اس کی بیع حلال ہے یا نہیں۔اور کیا زید کو گناہ مذکورہ کے معافی کے واسطے استغفار کافی ہوسکتی ہے یا اس کو کفارہ بھی دینا پڑے گا۔ تو اس کا کفارہ کیا ہوگا۔

(الجواب)اگر دخول نہیں ہوا ہے تو اس کا گوشت ودودھ بلا کراہت حلال ہے اور اگر دخول ہوگیا تو بہتر یہ ہے کہ اس جانور کو ذبح کر کے اس کا گوشت دفن کردیا جاوے اور اس کو کوئی نہ کھائے اور اس کو کھالیا تو حرام نہیں ہے مگر اچھا نہیں ہے۔ کذا فی الشامی اور زید اس فعل شنیع سے توبہ کرے توبہ کرنا معافی گناہ کے لئے کافی ہے اور کچھ کفارہ سوائے توبہ کے نہیں ہے۔(۳)

## مسلمان کو گالی دینے والا مستحق تعزیر ہے

(سوال ۲۱)ایک شخص نے ایک مسلمان باشرع قوم سید کو سب وشتم کیا و کئے پر سیدوں کا نام لے کر گالیاں دینی شروع کی اور باز نہیں آیا، ایسے شخص کے حق میں شرعاً کیا حکم ہے۔

(الجواب)وہ شخص فاسق ہے اور شریعت اسلام میں وہ مستحق تعزیر ہے کما ورد سباب المسلم فسوق وقتاله كفر (۴) وقال الله تعالىٰ ولا تلمزوا انفسكم ولا تنابزوا بالالقاب بئس الاسم الفسوق بعد الايمان ومن لم يتب فاولئك هم الظلمون۔(۵)پس معلوم ہوا کہ شخص مذکور ظالم وفاسق ہے توبہ کرے اور اس سید مظلوم ومشتوم سے قصور معاف کرادے۔

---

(۱)ردالمحتار ابحاث الغسل ج ۱ ص ۱۵۴ ط.س.ج۱ص۱۶۶۔

(۲)ولا يحد بوطئ بهيمة بل يعزر وتذبح ثم تحرق ويكره الانتفاع بها حية وميتة وفي النهر الظاهر انه يطالب ندبا لقولهم تضمن الخ(در مختار) هذا اذا كانت مما لا يوكل فان كانت توكل جاز اكلها عنده وقالا تحرق ايضاً فان كانت الدابة لغير الواطي يطالب صاحبها ان يدفعها اليه بالقيمة ثم تذبح هكذا قالوا ولا يعرف ذلك الا سماعا فيحمل عليه زيلعي ونصر قوله الظاهر ان يطالب ندبا الخ الى قولهم يطالب صاحبها ان يدفعها الى الواطي ليس على طريق الجبر وعبارة النهر انه يطالب على وجه الندب ولذاقال في الخانية كان لصاحبها ان يدفعها اليه بقيمته اه وعبارة البحر والظاهرانه لا يجبر على دفعها ردالمحتار باب التعزير ج ۳ ص ۲۱۳ وج ۴ ۲۱۴. ط.س.ج۴ص۲۶) ظفير.

(۳)لا يحد بوطئ بهيمة بل يعزر وتذبح ثم تحرق ويكره الانتفاع بها حية وميتة (الدر المختار على هامش ردالمحتار باب التعزير ج ۲ ص ۲۱۳. ط.س.ج۴ص۲۶) ظفير

(۴)مشكوة باب حفظ اللسان ص ۴۱۱ ظفير

(۵)سورة الحجرات. ۲

## جس نے سور کا دودھ استعمال کیا اس کی سزا

(سوال ۲۲) محبوب پٹیل نے چالیس روز تک سور کا دودھ دوائی میں استعمال کیا ہے اس کے لئے شرعاً کیا سزا ہے۔

(الجواب) اس شخص سے جس سے یہ قصور سرزد ہوا توبہ کرالی جاوے کہ آئندہ کبھی وہ ایسا نہ کرے گا تو اللہ تعالیٰ اس کا پچھلا گناہ معاف فرمادے گا، مسلمانان کو چاہئے کہ اس سے پختہ توبہ کرالیویں اگر وہ توبہ کرلے تو اس سے میل جول قائم رکھیں۔

## جرمانہ کی رقم مجرم کی رضا سے کسی بھی مد میں خرچ کرسکتے ہیں

(سوال ۲۳) ایک شخص نے نماز پڑھنے سے انکار کیا خلافت نے اس پر عـــہ جرمانہ کیا تو یہ روپیہ مسجد یا مدرسہ یا خلافت کے صرف میں آسکتا ہے یا نہ۔

(الجواب) اس کی رضا و خوشی سے جس مد میں وہ کہے صرف ہوسکتا ہے۔(۱)

## تارک نماز تعزیر کا مستحق ہے

(سوال ۲۴) تارک جماعت و نماز کے لئے ہر ایک شہر میں نماز کمیٹیوں نے جو جرمانہ مقرر کر رکھا ہے یہ جائز ہے یا نہیں۔

(الجواب) ترک نماز کی وجہ سے ہر ایک تعزیر سخت سے سخت دینا جائز ہے یہاں تک کہ تارک نماز کو تعزیراً قتل کردینا بھی ائمہ سے منقول ہے پس جس طریق سے بے نمازی کو پابند نماز بنا سکیں وہ ضروری ہے اور ظاہر ہے کہ عوام کو سوائے جرمانہ کے اور کسی طریق سے تنبیہ ہونا دشوار ہے اور ہر ایک تعزیر کو ہر ایک شخص جاری بھی نہیں کرسکتا اور جرمانہ مالی بکیفیت خاص ائمہ سے منقول ہے قال فی الشامی وافاد فی البزازیة ان معنی التعزیر بأخذ المال علی القول به امساك شئی من ماله عند مدة لینز جر ثم یعیده الحاکم الیه الخ وفی المجتبی لم یذکر کیفیة الا خذ واری ان یا خذها فیمسکها فان یئس من توبة یصرفه الی مایری الخ۔(۲)

## بیوی سے زنا کرانے والے کی سزا

(سوال ۲۵) ایک شخص اپنی عورت سے اپنے گھر میں عام پیشہ کراتا ہے۔ تمام اہل شہر جانتے ہیں، شرعاً اس کی کیا سزا ہوسکتی ہے۔

(الجواب) ایسی حالت میں مسلمانوں کے اختیار میں سوائے اس کے اور کیا سزا ہے کہ ان دونوں سے قطع متارکت

---

(۱) وکل مرتکب معصیة لا حد فیها ، فیها التعزیر اشباه (در مختار) قال فی فتح القدیر ویعزر من شهد شرب الشار بین والمجتمعون علی شبه الشرب وان لم یشربوا ومن معه رکوة خمرا لخ ویا کل الربوا والمغنی والمخنث والنائحة یعزرون ویحبسون حتی یحدثو التوبة الخ (ردالمحتار باب التعزیر ج ۳ ص ۲۵۱ ط.س. ج۴ ص۶۷) ظفیر۔

(۲) فی البزازیة ان معنی التعزیر با خذ المال علی القول به امساك شئی من ماله عنه مدة لینزجر ثم یعید ه الحاکم الیه (ردالمحتار مطلب فی التعزیر باخذالمال ج ۳ ص ۲۴۶ ط.س. ج۴ ص ۶۱)۔

(۳) دیکھئے ردالمحتار مطلب فی التعزیر با خذ المال ج ۳ ص ۲۴۶ ط.س. ج۴ ص ۶۱) لیکن صحیح یہ ہے کہ مالی جرمانہ جائز نہیں اگر مالی جرمانہ کیا ہے تو اسے واپس کردینا ہوگا علامہ شامی اس بحث کو ختم کرکے لکھتے ہیں والحاصل ان المذهب عدم التعزیر باخذ المال (ایضا ج ۳ ص ۲۴۷ ط.س ج۴ ص ۶۱) خود مفتی علام بھی یہی فتویٰ دے رہے ہیں۔ جیسا کہ گذرا غالباً یہاں منشاء یہی ہوگا کہ لے لیا جائے اور کچھ دنوں کے بعد واپس کردیا جائے تاکہ تنبیہ ہو جائے جیسا کہ ایک جواب میں صراحت بھی فرمادی ہے

کردی جاوے اور ان کی خوشی و غمی میں بالکل شرکت نہ کی جاوے اور ہر طرح ان کو مجبور کیا جاوے کہ وہ اس حرکت شنیعہ کو چھوڑ دیں اور توبہ کریں۔(۱) (کیونکہ ہندوستان میں زنا کی سزا رجم جاری نہیں کی جاسکتی ہے کہ غیر مسلم ملک ہے۔ ظفیر۔)

## مالی جرمانہ کا شرعی حکم

(سوال ۲۶) ایک گروہ مسلمانوں کا یہ اعلان کرے کہ جو شخص کسی گناہ کبیرہ کا مرتکب ہوگا وہ ہماری برادری سے علیحدہ ہوگا مگر یہ کہ اس کبیرہ سے توبہ کرے اور پختگی و اعلان اور کچھ رقم تجویز کردہ اہل برادری کو دے جس کو برادری اپنی رائے سے کسی مصرف حسن میں صرف کرے گی یہ جائز ہے یا نہ۔

(الجواب) یہ اعلان اور معاہدہ تو بہت اچھا ہے کہ جو شخص گناہ کبیرہ کا مرتکب ہو وہ برادری سے خارج ہے مگر یہ کہ اس گناہ سے توبہ کرے لیکن جرمانہ مالی عند الحنفیہ جائز نہیں ہے اور اگر بغرض تنبیہ کسی مرتکب کبیرہ وتارک نماز کی مثلاً ایسا کیا جاوے تو اس کے جواز کی یہ صورت ہے کہ اس جرمانہ کو علیحدہ رکھا جاوے اور پھر کسی وقت اسی شخص کو واپس دیا جاوے جس سے لیا ہے یا اس کی اجازت سے جس کار خیر میں وہ کہے صرف کر دیا جاوے۔(۲)

## نماز جنازہ کی پابندی نہ کرنے پر مالی جرمانہ کرنا کیسا ہے

(سوال ۲۷) جو شخص میت کی تجہیز و تکفین میں شریک نہ ہو اس پر جرمانہ کرتے ہیں۔

(۲) فرض نماز پڑھے یا نہ پڑھے اس پر کچھ انتظام برادری کا نہیں ہے۔

(۳) جو نماز جنازہ نہ پڑھے اس پر بھی جرمانہ کرتے ہیں۔

(۴) کسی سے جرمانہ لے کر دیگ وغیرہ برتن خریدنا جو برادری کے کام میں آتے ہیں اور اس کا پکا ہوا کھانا جائز ہے یا نہ۔

(الجواب) (از نمبر ۱ تا نمبر ۴) یہ کام اچھا ہے کہ برادری کے لوگوں کو نماز کی تاکید کی جاوے اور ترک نماز پر ان کو تنبیہ کی جاوے خواہ جنازہ کی نماز ہو یا فرائض پنجگانہ بلکہ فرائض پنجگانہ کی زیادہ تاکید کرنی چاہئے اور اس کے ترک پر زیادہ تنبیہ کرنی چاہئے اور میت کی شرکت بھی کار ثواب ہے اس کی تاکید بھی اچھا کام ہے مگر جرمانہ مالی کرنا شریعت میں نہیں ہے اگر بغرض تنبیہ کیا گیا تو اس کو انہیں دینے والوں کو واپس کرنا چاہئے یا ان کی دوبارہ اجازت خوشی دینے سے کسی نیک کام میں صرف کر دیا جاوے اور ظروف خریدنا بھی ان کی اجازت اور خوشی سے درست ہے لیکن جبر نہ لیا جاوے اور جبریہ اجازت کا کچھ اعتبار نہیں ہے۔(۳)

---

۱) لانہ لا حد فی دار الحرب (الدر المختار علی هامش ردالمحتار کتاب الحدود ج ۳ ص ۱۹۵ .ط.س. ج ٤ ص ۵) ظفیر

۲) لا با خذ المال فی المذهب بحر وفیه عن البزازیه وقیل یجوز و معناه ان یمسکه مدة لینزجر ثم یعیده الیه الخ (الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب التعزیر ج ۳ ص ۲٤۲ .ط.س. ج ٤ ص ٦۱) ظفیر.

۳) لا باخذ المال فی المذهب وفیه عن البزازیه وقیل یجوز ومعناه ان یمسکه ثم یعیده الیه (در مختار) والحاصل ان المذهب عدم التعزیر باخذ المال (ردالمحتار باب التعزیر ج ۳ ص ۲٤٦ و ج ۳ ص ۲٤۷ .ط.س. ج ٤ ص ٦۱) ظفیر

## اغلام کی سزا

(سوال ۲۸) دو امرد نابالغ اغلام کرتے ہوئے چھ آدمیوں نے پکڑا، ان دونوں کو کیا تعزیر دی جاوے۔

(الجواب) آپ لوگ کچھ حد اور تعزیر نہیں لگا سکتے یہ کام حاکم اسلام کا ہے۔(۱)

## علاتی بہن کا بوسہ لینے کی سزا

(سوال ۲۹) ایک لڑکے نے اپنی علاتی بہن کا بوسہ لیا دونوں کو یہ تسلیم ہے، ان کے لئے کیا سزا ہے، عرصہ ایک ایک سال سے برادری سے علیحدہ ہیں اور لڑکی کا نکاح دوسرے لڑکے سے کر دیا تھا۔

(الجواب) علاتی بھائی بہن میں آپس میں ایسے ہی حرمت ہے جیسا کہ حقیقی بھائی بہن میں پس ان دونوں کو توبہ کرنی چاہئے اور آئندہ کو ایسا فعل نہ کرنا چاہئے اور کچھ سزا سوائے توبہ کے نہیں ہے ان سے توبہ کرالی جاوے اور برادری میں شامل کر لیا جاوے۔(۲)

## جانور سے وطی کر کے اسے فروخت کر دیا رقم کیا کرے

(سوال ۳۰) زید نے ایک گائے سے وطی کر کے اس کو فروخت کر دیا اس روپیہ کو کس مصرف میں صرف کیا جائے اس روپیہ کو صدقہ کر سکتے ہیں یا نہیں اور زید کو کیا سزا دی جائے گی۔

(الجواب) شامی میں ہے کہ جس جانور سے وطی کی گئی ہو مستحب یہ ہے کہ اس کو ذبح کر کے اس کے گوشت کو جلا دیا جاوے اور کسی کو نہ دیا جاوے نہ صدقہ کیا جاوے اور وطی کرنے والے کو تعزیر دی جاوے اور کھانا اس جانور کا حرام نہیں ہے بلکہ مکروہ ہے اور اچھا نہیں ہے۔ و یعزر وتذبح البهيمة وتحرق على وجه الاستحباب ولا يحرم اكل لحمها به الخ(۳) پس جملہ ولا یحرم اکلها سے ظاہر ہے کہ جانور مذکور ملک مالک سے خارج نہیں ہوا اور یہ ذبح کر کے اس کے گوشت کا جلانا استحباباً ہے اور کھانا اس کا حرام نہیں ہے، پس اگر مالک جانور نے جانور مذکور کو فروخت کر دیا تو وہ قیمت اس کی ملک ہے اس کو خواہ اپنے تصرف میں لاوے یا صدقہ کر دے، اور بہتر صدقہ کر دینا معلوم ہوتا ہے تاکہ گناہ مذکور کا کفارہ ہو جاوے اور وہ شخص توبہ کرے اور سزا اس کی یہی کافی ہے کہ اس سے توبہ کرالی جاوے اور وہ شخص قیمت مذکور کو صدقہ کر دیوے۔

---

(۱) لانه لا حد فی دار الحرب (الدر المختار علی هامش ردالمحتار كتاب الحدود ج ۳ ص ۱۹۵ ط.س. ج۴ ص۵) تعزیر کے سلسلے میں ہے ويقيمه كل مسلم حال مباشرة المعصية واما بعده فليس ذلك لغير الحاكم والزوج والمولى (ايضا باب التعزير ج ۳ ص ۲۵۰ ط.س. ج۴ ص۶۵) باقی اغلام کی سزا اسلام میں سخت هے ولا يحد الخ بوطئو دبر و قالا ان فعل فی الا جانب حدو ان فی عبده او امته او زوجته فلا حد اجماعا بل یعزر قال فی الدر بنحو الا حراق بالنار هدم الجدار والتنكيس من محل مرتفع باتباع الا حجار وفي الحاوی والجلد اصح، وفي الفتح يعزر و يسجن حتى يموت اويتوب ولو اعتاد اللواطة قتله الا مام سياسة (الدر المختار على هامش ردالمحتار باب الوطئو الذی يو جب الحدو ما لا يوجبه ج ۳ ص ۲۱۴ ط.س. ج۴ ص۲۶) اس مسئلہ پر دیکھئے خاکسار کی کتاب "نسل کشی" ظفیر۔

(۲) ویعزر من شهد شرب الشاربين الخ و كذا من قبل اجنبية او عانقها او مسها بشهوة (ردالمحتار باب التعزير ج ۳ ص ۲۵۱ ط.س. ج۴ ص۶۷) ظفیر۔

(۳) ردالمحتار ابحاث الغسل ج ۱ ص ۱۵۴ ط.س. ج۴ ص۱۶۶ ظفیر۔

## میلاد مروجہ نہ کرنے کی سزا دینا درست نہیں

(سوال ۳۱) مسلمانوں کی پنچایت میں ایک شخص پر بوجہ ایک جرم کے یہ بات مقرر کی گئی کہ شخص مذکور دس فقیروں کو کھانا کھلاوے اور ایک میلاد شریف کرے تب برادری میں شامل ہو سکتا ہے۔ اس پر ایک ثالث نے کہا کہ یہ سب لغو اور غلط ہے میلاد شریف ہمارے فلانے میں گیا، تم فقیر کو ہرگز نہ کھلاؤ نہ میلاد کرو اس صورت میں مانع کے لئے کیا حکم ہے اور میلاد شریف کو گالی دینے والا کس سزا کا مستوجب ہے؟

(الجواب) شریعت میں یہ سزا کسی مجرم کی نہیں بتلائی گئی کہ دس فقیروں کو یا پچاس فقیروں کو کھانا کھلاؤ، یہ پنچایت کی از خود تراشیدہ رسم ہے، یہ شریعت کا حکم نہیں ہے اور شریعت میں جرمانہ کرنا بھی درست نہیں ہے جو کہ عام جاہلوں کی برادری میں مروج ہے۔(۱)

اسی طرح میلاد شریف مروجہ کی مجلس منعقد کرنے کو علماء نے بدعت اور مکروہ کہا ہے۔(۲)

لہذا برادری کو کسی مجرم کے جرم کا کفارہ مقرر کرنا کہ جاؤ دس محتاجوں کو کھانا کھلاؤ اور میلاد شریف کرو غلط ہے۔ اور یہ حکم شریعت سے نہیں ہے پس ایسے حکم کو رد کرنا یہ تو عین مطابق شریعت کے ہے لیکن اس شخص مانع میلاد وغیرہ کو ایسا لفظ کہنا نہ چاہئے تھا جو کہ شرعاً و عرفاً قبیح ہے بلکہ اس کو یہ کہنا چاہئے تھا کہ یہ حکم خلاف شریعت ہے اس لئے اس پر عمل درآمد نہ کیا جاوے اور ایسی گستاخی اور عامی جاہلانہ لفظ کا استعمال نہ کرنا چاہئے تھا اس سے توبہ کرے۔ فقط۔

## صحیح العقیدہ مسلمان کو بلا تحقیق قادیانی کہنا صحیح نہیں ہے۔

(سوال ۳۲) زید نے بکر کی نسبت کہ جو شہر کا امام اور تمام مسلمانوں کا دینی پیشوا اور پکا حنفی ہے یہ الزام جھوٹا الزام لگایا کہ وہ قادیانی ہو گیا ہے مسلمانوں کو اس کے پیچھے نماز پڑھنا اور نکاح وغیرہ پڑھوانا نہیں چاہئے، اور اس افتراء اور بہتان کی شہادت چند سامعین نے ایک مجمع کثیر کے سامنے کہ جس میں ہزاروں آدمی مجتمع تھے دی، پس زید کو اس کی سزا شرعاً کیا ہونی چاہئے۔

(الجواب) کسی مسلمان سنی حنفی پر بلا تحقیق ایسی تہمت لگانا کہ وہ قادیانی ہو گیا ہے یا قادیانی ہے گویا اس کو کافر کہنا ہے اور حدیث شریف میں ہے کہ اگر کسی کو کافر کہا جاوے اور وہ ایسا نہ ہو تو وہ اسی پر لوٹتا ہے جس نے کہا۔ عن ابن عمر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایما رجل قال لا خیہ کافر فقد باء بھا احد ھما متفق علیہ۔(۳) اور نیز حدیث شریف میں ہے سباب المسلم فسوق وقتالہ کفر۔(۴) الغرض زید اس صورت میں فاسق ہے اس کو توبہ کرنی چاہئے اور جس کو تہمت لگائی ہے اس سے معافی کرانی چاہئے۔ قال اللہ تعالیٰ یا ایھا الذین آمنوا لا یسخر قوم من قوم عسی ان یکونوا خیرا منھم (الی قولہ تعالیٰ) بئس الاسم الفسوق

(۱) لا یجوز لا حد من المسلمین اخذ مال احد بغیر سبب شرعی (ردالمحتار باب التعزیر ج ۳ ص ۲۴۰ ط.س. ج ۴ ص ۶۱) ظفیر (۲) من احدث فی امرنا ھذا مالیس منہ فھو رد (مشکوٰۃ ص ۲۷) ظفیر
(۳) مشکوٰۃ باب حفظ اللسان ص ۴۱۱ ظفیر (۴) مشکوٰۃ باب حفظ اللسان ص ۴۱۱ ظفیر

بعد الایمان ومن لم یتب فاولئك هم الظلمون۔(۱)

## ہندوستان میں شرعی سزا کا اجراء بحالت موجودہ نہیں ہو سکتا

(سوال ۳۳) زید غرور اور تکبر و حسد کی وجہ سے عمرو غریب الوطن کا جانی دشمن ہو گیا حتیٰ کہ اس نے چند دیگر بد معاش اشخاص کو ہمراہ لے کر بوقت نصف شب عمرو پر حملہ قاتلانہ کیا اور اس کی اہلیہ کو بھی جبراً گھسیٹ کر باہر لے گئے عمرو اگرچہ بری طرح زخمی ہوا مگر حق تعالیٰ کے فضل سے جان سلامت رہی اور اس کی اہلیہ کو بھی قادر مطلق نے ظالموں کے ہاتھ سے نجات دی زید ایک دوسرے ہمراہی سمیت گرفتار ہو کر حوالہ پولیس ہوا اب ان کے بعض اقارب نے عمرو سے راضی نامہ کرنا چاہا مگر عمرو نے رواجی راضی نامہ سے انکار کرتے ہوئے شرعی فیصلہ کو منظور کیا لیکن یہ انہوں نے قبول نہ کیا آخر ان دونوں کو سزا میں قید و جرمانہ ہوا، آیا ایسے شریر و سرکش کو جو پہلے بھی چوری وغیرہ کا عادی تھا مناسب چارہ جوئی کر کے سزا دلانا بہتر تھا یا چپکے سے معاف کر دینا۔ اور جو زید کے لئے امداد اور کوشش کر رہے ہیں ان کا یہ فعل آیات ذیل کے خلاف ہے یا نہیں یا ایها الذین امنو لا تتخذو ا ابا ئکم واخوانکم اولیاء الخ لاتجد قوما یئومنون باللہ والیوم الآخر دون من حاد اللہ ورسولہ الایۃ بینوا وتوجروا۔

(الجواب) راضی نامہ اور معافی کی کوشش کرنے کا مطلب یہی ہوتا ہے کہ ظالم اپنے ظلم سے نادم ہو کر عفو تقصیر مظلوم سے کراتا ہے اور عفو کے مستحق ہونے میں کچھ کلام نہیں۔(۲) قاتل کو معاف کر دینے کا ذکر خدائے تعالیٰ نے فرمایا فمن عفی له من اخيه شئی الایۃ۔(۳) پس جب کہ قتل سے بھی معافی ہو سکتی ہے اور بہتر ہے تو قتل سے کم ظلم میں بدرجہ اولیٰ معافی بہتر ہے غرض اس سے یہ ہے کہ ظالم جب کہ نادم ہوا اور اس نے اظہار ندامت کی اور توبہ کی جیسا کہ اس کے معافی چاہنے سے ظاہر ہوا ہے تو مظلوم کو معاف کر دینا بہتر ہے اور اگر وہ معاف نہ کرے جو کہ اس کی اختیار میں ہے تو پھر شرعی سزا ہونی چاہئے مگر ظاہر ہے کہ شرعی سزا جاری نہیں ہے۔(۴) اور حاکم جو سزا دے گا وہ شرعی نہ ہو گی لہذا اگر قانونی سزا سے جو کہ شرعی سزا نہیں ہے، برات اور رہائی کی کوشش کی جائے تو اس میں کچھ معذوری شرعی معلوم نہیں ہوتا اور جب کہ مضروب شرعی فیصلہ پر راضی نہ ہوا تو یہ اس نے تجاوز عن الحق کیا اب اس کو یا اس کے طرف داروں کو کیا حق ہے کہ رہائی کی کوشش کرنے والوں پر اعتراض کریں اور اس کو مطعون کریں،، الحاصل سزا قانونی سے (جو کہ من وجہ بلکہ من کل وجہ ظلم ہے اور من لم يحكم بما انزل الله میں داخل ہے) بچانے کی کوشش کرنے والوں کو ان آیات کی وعید میں داخل کرنا جو کہ کفار محاربین خدائے تعالیٰ و محاربین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بارہ میں ہے صحیح نہیں ہے۔

---

(۱) سورۃ الحجرات ۲۔
(۲) وهو ای التعزیر حق العبد غالب فیه فیجوز فیه الا براء والعفو (الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب التعزیر ج ۳ ص ۲۵۷۔ ط.س. ج ٤ ص ۷۳) ظفیر۔
(۳) سورۃ البقر ۲۲۔
(٤) کیونکہ یہاں اسلامی حکومت نہیں، لانه لا حد فی دار الحرب (الدر المختار علی هامش ردالمحتار کتاب الحدود ج ۳ ص ۱۹۵ ط.س. ج ٤ ص ۵) ظفیر

## میاں بیوی کے جھگڑے میں مالی جرمانہ شرعاً درست نہیں ہے

(سوال ۳۴) زید نے خالد کی لڑکی زبیدہ سے نکاح کیا اور زید نے خالد کو بوقت نکاح یہ اقرار لکھ دیا کہ میں اپنی منکوحہ کو اپنے خسر خالد کے شہر اور گھر سے باہر نہ لے جاؤں گا مجھے لے جانے کا حق نہیں ہے وہ جہاں چاہے اس کا نان و نفقہ میں دیتا رہوں گا اب زید اپنی منکوحہ کو باہر لے جا سکتا ہے یا نہیں اور زید نے یہ اقرار بھی تحریر کر دیا کہ اگر میں اپنی منکوحہ زبیدہ پر دوسرا نکاح کر دوں تو پانچ سو روپیہ سرکار میں اور پنچوں میں جرمانہ کے ادا کروں گا زید کو دوسری عورت سے نکاح کرنے پر جرمانہ دینا اور لینا شرعاً درست ہے یا نہیں۔

(الجواب) بہتر یہ ہے کہ اگر شوہر کو وہاں رہنے میں اور اپنی زوجہ کو وہاں رکھنے میں کچھ عذر اور حرج نہیں ہے تو حکم حدیث شریف احق الشرط ان توفوا به ما استحللتم به الفروج۔(۱) اپنے وعدہ اور شرط کو پورا کرے لیکن اگر وہ اپنی زوجہ کو رخصت کرا کر لے جاوے تو اس پر کچھ مواخذہ نہیں ہے اور اس کو اس کا حق ہے کما قال اللہ تعالیٰ الرجال قوامون علی النساء۔(۲) کابین نامہ ایک وعدہ ہے اگر شوہر کو کچھ عذر نہ ہو تو اس کو پورا کرنا بہتر ہے اور اگر وہ اپنے وطن میں لے جاوے تو یہ بھی جائز ہے اور شوہر کو اس کا حق ہے اور پانچ سو روپیہ لینا اس سے بصورت نکاح ثانی کرنے کے درست نہیں ہے کیونکہ یہ شرط جائز نہیں ہے۔(۳) اور مالی جرمانہ شرعاً درست نہیں ہے۔

## مسلمان کو حرام زادہ کہنا حرام ہے

(سوال ۳۵) مسلمان را حرام زادہ گفتن و لعنت کردن چیست بر آں حسب شرع چہ وعید۔

(الجواب) حرام است و در احادیث بر آں وعید وار داست۔(۴)

## عورت اگر شوہر کا حکم نہ مانے تو کیا سزا دی جائے

(سوال ۳۶) عورت باوجود شوہر کی سختی کے بے پردہ پھرنے سے باز نہ آوے تو اس کے لئے کیا سزا ہے۔

(الجواب) شوہر جب کہ اس کو بے پردہ پھرنے سے منع کرتا ہے اور وہ نہیں مانتی تو شوہر عند اللہ گناہ سے بری ہے اور عورت گنہگار ہے۔ (مرد کا فرض ہے سختی سے روکے اور تنبیہ کرے شوہر کو تعزیر کا حق ہے۔(۵) ظفیر)

---

(۱) مشکوٰۃ باب اعلان النکاح ص ۲۷۱ ظفیر

(۲) سورۃ النساء. ٦.

(۳) لا یاخذ المال فی المذهب (الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب التعزیر ج ۳ ص ۲۴٦ ط.س. ج٤ ص ٦١) ظفیر.

(٤) کل من ارتکب منکراً و آذی مسلماً بغیر حق بقول او فعل اواشارة یلزمه التعزیر ( ردالمحتار باب التعزیر ج ۳ ص ۲۵۵ ط.س. ج٤ ص ٦٦) ظفیر.

(۵) ویقیمه (ای التعزیر ) کل مسلم حال مباشرة المعصیة واما بعده فلیس ذلك لغیر الحاکم والزوج والمولی (در مختار) ای التعزیر الواجب حقا لله تعالی لانه من باب ازالة المنکر قال صلی الله علیه وسلم من رای منکم منکراً فلیغیره بیده فان لم یستطع فبلسانه الحدیث ( ردالمحتار باب التعزیر ج ۳ ص ۲۵۰ ط.س. ج٤ ص ٦۵) یعزر المولی عبده والزوج زوجته ولو صغیرة علی ترکها الزینة الشرعیة وترکها غسل الجنابة وعلی الخروج من المنزل لو بغیر حق (در مختار ) اشارالی ان تعزیر الزوج لزوجة لیس خاصا بالمسائل الاربعة المذکورة فی المتون ولذا قال فی الولوالجیة له ضربها علی هذه الاربعة وما فی معناها ( ردالمحتار باب التعزیر ج ۳ ص ۲٦۰ ط.س. ج٤ ص ۷۷) ظفیر.

## مسلمان پر جھوٹا الزام لگانا حرام ہے

(سوال ۳۷) مسلمان کو مسلمان پر جھوٹا الزام لگانا کیسا ہے اور الزام لگانے والے کے لئے کیا سزا ہے۔

(الجواب) کسی مسلمان پر جھوٹا الزام لگانا حرام ہے تہمت لگانے والا فاسق ہے، توبہ کرے اور معاف کراوے ورنہ عذاب آخرت میں گرفتار ہوگا۔(۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

## بلا حجت شرعیہ تہمت زنا لگانا فسق ہے

(سوال ۳۸) ایک استاد و شاگرد میں کچھ تخالف ہوا اور استاد نے درپے ضرر شاگرد ہو کر اس پر تہمت زنا بلا حجت شرعیہ لگائی اور سب و شتم و فواحش سے پیش آیا تو استاد پر حد قذف ہے یا تعزیر واجب ہے۔

(الجواب) سب و شتم کرنا و تہمت زنا و فواحش کسی مسلمان کو لگانا بلا حجت شرعیہ کے فسق ہے اور موجب تعزیر ہے و عزر کل مرتکب منکر او موذی مسلم بغیر حق بقول او فعل الخ در مختار(۲) وزاد بعضهم ان الحد مختص بالامام والتعزير يفعله الزوج والمولى و كل من راى احدا يباشر المعصية الخ شامی۔(۳)

## سیاستہ و تہدید اجرمانہ کرنا کیسا ہے

(سوال ۳۹) ہندہ زید کی زوجہ منکوحہ تھی۔ ہندہ کی عفت و دیانت و اطاعت و خانہ داری وغیرہ پوری طرح ثابت ہے، زید نے بلاوجہ بوجہ محض ادائے نفقہ سے بچنے کے لئے اور ہندہ کو اپنے ترکہ سے محروم کرنے کے لئے ہندہ کو طلاق دی ہے تو کیا اعلیٰ حضرت شاہ دکن حیثیت فرماں روائے اسلامی و حکیم السیاستہ ہونے کے زید پر عبرۃً و سیاستہ و تہدید اجرمانہ یا کوئی سزا مناسب وقت و حالات نافذ فرما سکتے ہیں تاکہ عبرۃً آئندہ ظالم شوہروں کو جرات نہ ہو کہ وہ مظلومہ عاصمہ زوجات کی صنف ضعیف کے حقوق شرعی اپنی اغراض نفسانی سے بحیل شرعی تلف کرنے کی طرف تقدیم کریں، کیا ایسی تعزیر و تنبیہ و محظور و ممنوع شرعی تو نہیں ہے اور کیا ناظم صاحب دار القضاء شاہ وقت کے ملاحظہ ساطعہ میں انتظاماً کوئی تعزیر و تہدید مثل جرمانہ وغیرہ کی تجویز پیش فرما سکتے ہیں۔

(الجواب) نصوص آیات و احادیث سے طلاق کا مباح ہونا ثابت ہے اس لئے صاحب در مختار نے اباحت اور حظر کو نقل کر کے صحیح اباحت کو قرار دیا۔ حیث قال وايقاعه مباح عند العامة لا طلاق الا يات وقيل قائله الكمال الا صح حظره اى منعه الا لحاجة كريبة و كبر و المذهب الا ول كما فى البحر(۴) البتہ صاحب ردالمحتار شامی کی تحقیق سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ صاحب فتح القدیر کمال ابن ہمامؒ کے قول کو راجح سمجھتے ہیں کہ اصل طلاق میں حظر ہے اور بلاوجہ ارتکاب اس کا محظور و ممنوع ہے حیث قال واما الطلاق فان الا صل فيه الحظر بمعنى انه محظور الا لعارض يبيحه وهو من قولهم الا صل فيه الحظر. والاباحة للحاجة الى الخلا ص فاذا كان بلا سبب اصلالم يكن فيه حاجة الى الخلاص بل يكون حمقا وسفا هة رائى ومجرد كفران النعمة واخلاص الا يذا ء بها وبا هلها واولادها الى ان قال فحيث تجرد عن الحاجة المبيحة له

(۱) قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يرمى رجل رجلا بالفسوق ولايرميه بالكفر الا ارتدت عليه ان لم يكن صاحبه كذلك رواه البخارى (مشكوة باب حفظ اللسان ص ۴۱۱) ظفير. (۲) الدر المختار على هامش ردالمحتار باب التعزير ج ۳ ص ۲۵۱ ط.س. ج ۴ ص ۶۶. ظفير (۳) ردالمحتار باب التعزير ج ۳ ص ۲۴۵. ط.س. ج ۴ ص ۶۲. ظفير
(۴) الدر المختار على هامش ردالمحتار كتاب الطلاق ج ۲ ص ۵۷۱. ط.س ج ۳ ص ۲۲۷ ظفير

شرعا يبقى على اصله من الحظر و لهذا قال الله تعالى فان اطعنكم فلا تبغوا عليهن سبيلا اے لا تطلبوا الفراق وعليه حديث ابغض الحلال الى الله الطلاق قال في الفتح ويحمل لفظ المباح على ما ابيح في بعض الا وقات اعنى او قات تحقق الحاجة المبيحة الخ شامي (۱) جلد ثانی. پس بناء علیہ اگر ایسے موذی شخص کو جو بلاوجہ شرعی محض ایذاء رسانی کے لئے طلاق دینے کو اپنی عادت مقرر کرلے، حاکم اسلام کی طرف سے کوئی تہدید و توبیخ ہو تو یہ مستحسن ہوگا اور قاضی شرعی اگر مناسب سمجھیں تو کوئی تعزیر ایسے شخص کو دلا سکتے ہیں۔ فقط۔

## مسلمان کو گالی دینا اور طعن تشنیع کرنا

(سوال ۴۰) زید نے بلا قصور عمرو کو گالی دی اور یہ کہا کہ تم مسلمان نہیں اور مسلمان ہونے کی تم میں کیا علامت ہے بلکہ تمہارے تمام موضع میں کوئی مسلمان نہیں حالانکہ اکثر آبادی مسلمانوں کی ہے جن میں بعض علماء بھی ہیں، کیا ایسی صورت میں زید پر تعزیر واجب نہیں ہوگی اور اس کے پیچھے اقتداء بھی جائز ہے یا نہیں۔

(الجواب) زید اس صورت میں فاسق اور ظالم ہے حدیث شریف میں ہے سباب المسلم فسوق وقتاله كفر۔(۲) یعنی مسلمان کو گالی دینا فسق ہے اور اس سے مقاتلہ کرنا کفران نعمت ہے یا استحلال قتال مسلم کفر ہے۔ اور اگر مراد اس شخص کی حقیقت میں مسلمانوں کو بے ایمان اور کافر کہنا ہے تو اس میں اس کے کفر کا خوف ہے جیسا کہ حدیث شریف میں ہے کہ جو شخص کسی مسلمان بھائی کو کافر کہے تو وہ کفر یا اس کا گناہ اس پر عود کرتا ہے،(۳) الغرض زید کو ہنوز توبہ کرنی چاہئے اور کبھی ایسا کلمہ زبان سے نہ نکالنا چاہئے باقی حد تعزیر بوجہ حکومت اسلامی نہ ہونے کے اس زمانہ میں جاری نہیں ہو سکتی۔(۴) فقط۔

## گھوڑی کے ساتھ جماع اس کی سزا اور گھوڑی کا حکم

(سوال ۴۱) جو شخص گھوڑی سے زنا کرے اس کو کیا سزا ہونی چاہئے اور اس گھوڑی کو کیا کیا جائے۔

(الجواب) گھوڑی کو ذبح کرکے جلادیا جائے اور اس شخص کو تعزیر کی جاوے۔(۵)

---

(۱) دیکھئے ردالمحتار للشامی کتاب الطلاق ج ۲ ص ۵۷۲ ط.س. ج۳ص ۲۲۷. ظفیر.

(۲) مشكوة شريف باب حفظ اللسان ص ۴۱۱. ظفیر.

(۳) قال النبي صلى الله عليه وسلم ايما رجل قال لاخيه كافر فقد باء بها احدهما متفق عليه (مشكوة باب حفظ اللسان ص ۴۱۱ ظفیر.

(۴) لانه لا حد في دار الحرب (الدر المختار على هامش ردالمحتار كتاب الحدود ج ۳ ص ۱۹۵ ط.س. ج۴ص۵) اس میں شبہ نہیں کہ اس طرح کے کلمات قابل تعزیر ہیں فيعزر بشتم ولده الخ ويقذف مسلم بيا فاسق الخ وعزر الشاتم بيا كافر هل يكفر ان اعتقد المسلم كافرا نعم والا لا به يفتى (الدر المختار على هامش ردالمحتار باب التعزير ج ۳ ص ۲۵۲ وج ۳ ص ۲۵۳ ط.س. ج۴ص۶۷) ظفیر. (۵) ولا يحد بوطئ بهيمة بل يعزر وتذبح ثم تحرق ويكره الا نتفاع بها حية وميتة (الدر المختار على هامش ردالمحتار باب الوطئ الذي يوجب الحد وما لا يوجب ج۳ ص ۲۱۳ ط.س. ج۴ص۲۶) ظفیر.

## چچی کے ساتھ نکاح کرادینے میں مالی جرمانہ جائز نہیں

(سوال ۴۲) بکر اور خالد گواہان نکاح پر اس جرم میں کہ انہوں نے چچی سے نکاح کرادیا پنچائت نے جرمانہ کیا یہ جائز ہے یا نہ۔

(الجواب) بکر اور خالد پر شرعاً نکاح مذکور کے گواہ ہونے سے کچھ جرم اور گناہ عائد نہیں ہوتا ان پر اور زید پر جو جرمانہ کیا گیا وہ ناجائز ہے وہ جرمانہ اس کو واپس ملنا چاہئے۔(۱)

## اگر کوئی اپنی عورت کو زدوکوب کرے تو اس کی سزا

(سوال ۴۳) ایک شخص نے اپنی عورت کو زدوکوب کی اور بہت دور تک بال پکڑ کر اور برہنہ کر کے گھسیٹا یہ شخص ظالم ہے یا نہیں اور اس کے لئے شرعاً کیا حکم ہے اس کی ساتھ متارکت کرنی چاہئے یا نہیں۔

(الجواب) ایسا شخص ظالم ہے بے شک اگر وہ توبہ نہ کرے تو اہل دیہات اس کو تنبیہ کریں اور کھانا پینا اس کے ساتھ چھوڑ دیں تاکہ وہ آئندہ ایسی حرکت نہ کرے۔(۲) فقط

## ہندوستان میں حدود جاری نہیں ہو سکتی تعزیر کی جا سکتی ہے

(سوال ۴۴) زید نے عمر پر تہمت زنا لگائی اور پھر چار گواہ نہ پیش کر سکا، اس پر مولوی صاحب نے حد قذف کی بناء پر مسلمانوں کو اس سے اجتناب کا حکم دیا یہ حکم صحیح ہے یا نہیں، اگر کوئی شخص یہ کہے کہ ہم اس حکم پر عمل نہیں کر سکتے کیونکہ مسلمان بادشاہ موجود نہیں ہے اس کا کیا حکم ہے۔

(الجواب) یہ صحیح ہے کہ ہندوستان میں بوجہ نہ ہونے سلطنت اسلامیہ کے کوئی حد جاری نہیں ہو سکتی۔(۳) لیکن تنبیہاً و تعزیراً اس قسم کے برادری کی سزا دی جا سکتی ہے جس سے مجرم کو تنبیہ ہو اور آئندہ وہ مرتکب اس جرم کا...... نہ ہو اور دوسروں کو بھی عبرت ہو۔ لہذا یہ حکم ان مولوی صاحب کا مناسب ہے اس میں کچھ ممانعت نہیں ہے اور اس کو ماننا چاہئے۔

## جو چور نہیں ہے اسے چور کہنے والا مستحق تعزیر ہے

(سوال ۴۵) ایک شخص چور نہیں ہے اگر اس کو چور کہے تو کہنے والے پر شرعاً کیا حد آئے گی۔

(الجواب) ایسا شخص مستحق تعزیر ہے لیکن یہ فعل امام کے ساتھ مختص ہے اس زمانہ میں اس کا اجراء نہیں ہو سکتا وعزر الشاتم بیا کافر الخ ویا سارق الخ ۔(۴) فقط۔

(۱) فی البزازیة ان معنی التعزیر با خذ المال علی القول به امساك من ماله عند مدة لینز جر ثم یعیده الحاکم الیه لا ان یاخذ لنفسه او لبیت المال کما یتوهم الظلمة اذ لا یجوز لا حد من المسلمین اخذ مال احد بغیر سبب شرعی ( ردالمحتار باب التعزیر مطلب فی التعزیر باخذ المال ج ۳ ص ۲۴۶ ط.س. ج۴ ص ۶۱ ) ظفیر۔

(۲) وبهذا ظهرانه لا یجب علی الزوج ضرر زوجته اصلا ادعت علی زوجها ضر بافاحشا و ثبت ذلك علیه عزر (در مختار) قوله ضربا فاحشا قید به لا نه لیس له ان یضربها فی التادیب ضربا فاحشا وهو الذی یکسر العظم و یحرق الجلد او یسوده کما فی التاتارخانیة قال فی البحر و صر حوا بانه اذا ضربها بغیر حق وجب علیه التعزیر ا ھ ای وان لم یکن فاحشا ( ردالمحتار باب التعزیر ج ۳ ص ۲۶۲ ط.س. ج۴ ص۷۹ ) ظفیر. (۳) لانه لا حد فی دارالحرب (الدر المختار علی هامش ردالمحتار کتاب الحدود ج ۳ ص ۱۹۵ ط.س. ج۴ ص۵ ) ظفیر. (۴) دیکھئے الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب التعزیر ج ۳ ص ۲۵۳ ط.س ج۴ ص۶۹ ) ظفیر

## غیر کی عورت بھگا کر لے جانے اور غائب کرنے کی سزا

(سوال ٤٦) زید نے ہندہ کو بھگا کر کہیں چھوڑ دیا اور یہ معلوم نہیں کہ وہ زندہ ہے یا مر گئی، زید کا بیان ہے کہ ہندہ غائب ہو گئی، مجھے معلوم نہیں کہاں گئی اس عورت کا شوہر اور برادری کے لوگ یہ چاہتے ہیں کہ دو سو روپیہ لے کر اس شخص کا جرم معاف کر دیں یہ شخص دو سو روپیہ کی رقم گاؤں کے پدہان کو دے چکا ہے لیکن ان لوگوں کو نہیں پہنچی، اب یہ دو سو روپیہ اور مانگتے ہیں، زید اپنی خطاء سے تائب ہے اور وہ معافی مانگ چکا ہے لیکن یہ لوگ نہیں مانتے، آیا شرعاً زید کے ذمہ دو سو روپیہ واجب ہیں یا نہیں اور اس کا یہ جرم جب کہ وہ معافی چاہتا ہے معاف ہو سکتا ہے یا نہیں۔

(الجواب) شرعی حیثیت سے زید کے ذمہ کوئی جرمانہ وغیرہ نہیں ہے جب وہ اپنے قصور سے تائب ہو کر اپنے جرم پر معافی خواہ ہے تو اب برادری کو اس پر کوئی سختی کرنے کا حق نہیں ہے قال علیه السلام التائب من الذنب کمن لا ذنب له۔(۱) لیکن اس میں شبہ نہیں کہ زید نے جس فعل شنیع کا ارتکاب کیا ہے شرعی اور سیاسی حیثیت سے اس کا اقتضا تعزیر ہے کما هو مصرح فی کتب الفقه (۲) چنانچہ اگر حکومت اسلام ہوتی تو یہ مستحق تعزیر تھا مگر اب یہ صورت نہیں۔ لہذا توبہ کے بعد برادری بھی اس کے قصور کو معاف کر دے مگر جرمانہ کی کوئی شرعی حیثیت نہیں۔ فقط۔

## والدہ کے ساتھ نکاح کرنے والے کی سزا

(سوال ٤٧) اگر کوئی شخص اپنی والدہ کے ساتھ نکاح کر لے تو بعد وطی کرنے کے اس پر تعزیر لازم ہے یا نہیں۔

(الجواب) حدیث شریف میں ہے کہ سوتیلی والدہ یعنی باپ کی زوجہ سے نکاح کرنے پر تعزیر آئی ہے کہ آنحضرت ﷺ نے اس کو قتل کرنے کا حکم فرمایا۔(۳) چہ جائے کہ کوئی حقیقی والدہ سے ایسا فعل کرے تو بدرجہ اولی سخت تعزیر کا مستحق ہے۔(۴)

## عند الحنفیة مالی جرمانہ جائز نہ ہونے کی دلیل

(سوال ٤٨) جرمانہ مالی عند الحنفیہ جائز نہ ہونے کی کیا دلیل ہے؟ مرتکب کبیرہ سے بطور جرمانہ جو اہل برادری لیتے ہیں وہ گناہ کا جرمانہ نہیں لیتے گناہ کا جرمانہ تو صرف توبہ ہے، یہ مالی جرمانہ اس امر کا ہے کہ مجرم جو برادری سے علیٰحدہ کر دیا گیا تھا اب توبہ کر کے داخل برادری ہونا چاہتا ہے تو اہل برادری ایک رقم اپنے میں داخل ہونے کے لئے تجویز کر کے خود لیتے ہیں اور جس مصرف میں چاہتے ہیں صرف کرتے ہیں یہ جائز ہے یا نہیں۔ اگر جائز نہیں تو

---

(۱) والحاصل ان المذهب عدم التعزیر با خذ المال (ردالمحتار باب التعزیر ج ۳ ص ۲٤۷ ط.س. ج٤ ص ٦۱) ظفیر۔
(۲) خدع امرأة انسان واخرجها وزوجها یحبس حتی یتوب او یموت لسعیه فی الارض بالفساد (در مختار) قوله حتی یتوب اویموت عبارة غیره حتی یردها وفی الهندیة وغیرها قال محمد احبسه ابدا حتی یردها اویموت (ردالمحتار باب التعزیر ج ۳ ص ۳٦٤ ط.س. ج٤ ص ۸۱) ظفیر۔
(۳) عن البراء بن عازب قال مربی خالی ابو برده و معه لواء فقلت این تذهب قال بعثنی رسول الله صلی الله علیه وسلم الی رجل تزوج امرأة ابیه براسه رواه الترمذی والنسائی فامرنی ان اضرب عنقه و اخذ ماله (مشکوة باب المحرمات ص ۲۷٤) ظفیر (٤) کل مرتکب معصیة لا حد فیها فیها التعزیر (الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب التعزیر ج ۳ ص ۲۵۱ ط.س. ج٤ ص ٦۷) ظفیر۔

اگر مجرم ہی سے کسی مصرف حسن میں وہ رقم تجویز کردہ صرف کرادی جائے تو جائز ہے یا نہیں۔

(الجواب) در مختار باب التعزیر میں ہے لا یا خذ المال فی المذهب بحر وفیه عن البزازیة وقیل یجوز معناه ان یمسکه مدة لینزجر ثم یعیده له فان ینس من توبة صرفه الی مایری وفی المجتبی انه کان فی ابتداء الاسلام ثم نسخ(۱) حاصل یہ ہے کہ اب جرمانہ مالی جائز نہیں ہے اگر بغرض زجرو تنبیہ لیوے تو پھر اس کو واپس کردے اور جس کو فیس کہا جاتا ہے وہ بھی اسی جرمانہ میں داخل ہے اور ناجائز ہے اور اگر مجرم خوشی خاطر بلا جبر و اکراہ کسی مصرف میں اس رقم کو صرف کرے تو جائز ہے مگر اس کو پورا اختیار ہونا اور مالک ہونا سنادیا جائے پھر وہ خواہ خود رکھے یا کسی مصرف میں صرف کرے۔

## جرمانہ کی رقم واپس کی جائے

(سوال ۴۹) ایک شخص سے بورڈنگ میں اس لئے جرمانہ لیا کہ اس نے وقت معین پر کھانے کا روپیہ ادا نہیں کیا تو جرمانہ لینا درست ہے یا نہیں؟

(الجواب) جرمانہ مالی شرعاً درست نہیں ہے اور اگر جرمانہ کی رقم لی جاوے تو اس کو واپس کرنا چاہئے۔(۲)

## امام اعظمؒ کے نزدیک مالی جرمانہ

(سوال ۵۰) جو مقدمات پنچائت سے طے ہوتے ہیں جس کا قصور ہوتا ہے اس پر برادری کو جرمانہ کرنا جائز ہے یا نہیں۔

(۲) اس جرمانہ کو مسجد میں خرچ کرنا جائز ہے یا نہیں۔

(۳) اگر اس جرمانہ سے پانی بھرنے والے کو اجرت دی جائے تو اس پانی سے وضو کرنا درست ہے یا نہیں۔

(۴) بے نمازی پر جرمانہ کرنا جائز ہے یا نہیں؟ اگر ناجائز ہے تو بے نمازی پر کیا دباؤ ڈالا جائے کہ وہ نماز پڑھنے پر مجبور ہوں۔

(الجواب) (۱، ۲، ۳) جرمانہ مالی کرنے کو امام صاحب کے مذہب میں ممنوع لکھا ہے اور امام ابو یوسفؒ بغرض زجرو تنبیہ جائز فرماتے ہیں۔(۳) مگر اس کا مطلب یہ ہے کہ بعد میں اسی کو دے دیا جائے یا اس کی اجازت اور خوشی سے کسی نیک کام مسجد وغیرہ میں صرف کردیا جائے، پس اگر ایسا ہو تو اس پانی سے وضو کرنا درست ہے۔

(۴) بے نمازی کو ایسا مجبور کیا جائے کہ وہ ترک نماز سے باز آجائے مثلاً یہ کہ اس سے بالکل تعلقات منقطع کر لئے جائیں اور اس کو برادری سے خارج کردیا جائے اور تعزیر کی جائے۔

---

(۱) الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب التعزیر ج۳ ص ۲۴۶ ط.س. ج۴ ص ۶۱) ظفیر.

(۲) لا یاخذ المال فی المذهب وفیه عن البزازیه وقال یجوز و معناه ان یمسکه مدة لینزجر ثم یعیده له (الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب التعزیر ج ۳ ص ۲۴۶ ط.س. ج۴ ص ۶۱) ظفیر

(۳) لا یاخذ المال فی المذهب قال فی الفتح عن ابی یوسف یجوز التعزیر للسلطان باخذ المال وعندهما وباقی الائمة لا یجوز اه وظاهره ان ذلك روایة ضعیفة عن ابی یوسف قال فی الشرنبلالیة ولا یفتی بهذا لما فیه من تسلیط الظلمة علی اخذ مال الناس فیأکلونه اه (ردالمحتار باب التعزیر ج ۳ ص ۲۴۶ ط.س. ج۴ ص ۶۱) ظفیر

## توبہ سے گناہ معاف ہو جاتے ہیں

(سوال ۵۱) اگر کوئی جانور سے زنا کر کے توبہ کر لے تو گناہ معاف ہو جائے گا یا نہیں۔

(الجواب) توبہ سے وہ گناہ معاف ہو جائے گا، آئندہ ایسا نہ کرے۔(۱)

## تعزیر کی مختلف صورتیں

(سوال ۵۲) کسی ایک عاصی کو یہ سزا دی جا سکتی ہے کہ علاوہ سلام و کلام ترک کرنے کے اس سے خرید و فروخت بھی بند کر دی جائے کہ اس کو ایک پیسے کا ستو بھی نہ ملے۔

(الجواب) تعزیرات حسب مصالح مختلف طرق سے ہوتی ہے اور غرض یہ ہوتی ہے کہ ان کو آئندہ کے لئے نصیحت ہو اور دوسروں کے لئے عبرت۔ چنانچہ ترک نماز پر ان کے قتل کر دینے تک کی اور پہاڑ سے گرا دینا تک کی اجازت ہے اور حکم ہے اور جائے غور ہے کہ جب کسی شخص سے متارکت اور مقاطعت کا حکم کسی معصیت کی وجہ سے ہو گا تو اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ یعنی تارک اس سے نہ کوئی معاملہ کرے نہ سلام و کلام کرے، نہ بیع و شراء کرے اور ہر ایک مسلمان اس کا مخاطب ہے پھر اعتراض کس پر ہے جو کوئی بیچتا ہے وہ اپنا فرض ادا کرتا ہے و لا تجالسوھم و لا تنا کحو ھم وغیرہ الفاظ حدیث ہیں جو کہ اہل اہوا کے بارہ میں وارد ہوئی ہیں۔(۲)

## گالی دینے کی سزا

(سوال ۵۳) گالی دینے والے پر شرعی الزام لگ سکتا ہے یا نہیں؟

(الجواب) وہ گناہ گار ہوتا ہے، توبہ کرے اور جس کو گالی دی ہے اس سے بھی معاف کرانا ضروری ہے۔(۳)

## تعزیر عام مسلمانوں کا حق ہے یا نہیں

(سوال ۵۴) عالمگیری ردالمحتار وغیرہا میں ہے کہ بعد ارتکاب معصیت فقط قاضی کو تعزیر کا اختیار ہے ہر شخص کو نہیں، پس مقاطعت و متارکت کا مجاز ہر شخص ہر وقت کیسے ہو سکتا ہے۔

(الجواب) اصل یہ ہے کہ یہ جملہ و لا تجالسو ھم ولا تنا کحو ھم ۔(۴) کے مخاطب عام مسلمین ہیں اس میں قاضی اور حاکم کی تخصیص نہیں ہے یہ از قبیل امر بالمعروف و نہی عن المنکر ہے اور علاوہ بریں جب قاضی اور حاکم اسلام نہ ہو تو پھر زجر کی صورت اس کے سوا اور کیا ہو سکتی ہے کہ اہل اسلام اتفاق کر کے مجرم کو اس کے جرم سے باز آنے کی کوشش کریں۔

---

(۱) التائب من الذنب کمن لا ذنب له (مشکوة شریف ص ) ظفیر۔

(۲) والتعزير ليس فيه تقدير الخ ويقيمه كل مسلم حال مباشرة المعصية الخ الدر المختار على هامش ردالمحتار باب التعزير ج۳ ص ۲٤۷ و ج ۳ ص ۲۵۰ ط.س. ج٤ ص٦۲) ظفیر۔

(۳) وعزر كل مرتكب منكرا او موذى مسلم بغير حق بقول او فعل (الدر المختار على هامش ردالمحتار باب التعزير ج ۳ ص ۲۵۱ ط.س. ج٤ ص٦٦) ظفیر۔

(٤)

## علماء حق کو سور کہنے والا فاسق ہے

(سوال ۵۵) اگر کوئی شخص علمائے دین کو سور کہے تو شریعت میں اس کے لئے کیا تعزیر ہے۔

(الجواب) وہ شخص فاسق ہے توبہ کرے۔(۱)

## چماری کے ساتھ خلاملار کھنے والا کافر نہیں گناہ گار ہے

(سوال ) ایک شخص نے ایک چماری کو عرصہ ۵ ماہ تک اپنے گھر میں رکھ کر خوب خلاملار کھا اسی عرصہ میں دونوں پر مقدمہ قائم ہو گیا اور چماری چماروں کو مل گئی، اور شخص مذکور نے اور اس کے بھائی نے ایک ساتھ کھانا کھایا تو وہ شخص اور اس کا بھائی دونوں مسلمان ہیں یا کافر ہو گئے، یہاں پر اس شخص سے مسلمانوں نے پانچ روپیہ تاوان لے کر مسجد میں داخل کئے ہیں۔ یہ جائز ہے یا نہیں۔

(الجواب) وہ شخص جس نے چماری کے ساتھ خلاملار کھا وہ گناہ گار ہوا، اس کو توبہ کرنی چاہئے اور وہ کافر نہیں ہوا مسلمان ہی ہے اور اس کا بھائی بھی مسلمان ہے، صرف اسی شخص کو توبہ کرنی چاہئے اور نماز و روزہ کرنی چاہئے۔(۲) اور وہ روپیہ جو تاوان کا اس سے لیا گیا وہ اسی کو واپس کرنا چاہئے، یہ لینا درست نہ تھا لیکن اب اگر وہ خوشی سے مسجد میں دے دیوے تو مسجد میں صرف کرنا اس کا درست ہے اور توبہ کے بعد اس شخص کے ساتھ کھانا پینا درست ہے، فقط۔

## کسی مسلمان پر غلط مقدمہ کرنے والے کا حکم

(سوال ۵۶) ایک پٹھان جو بعہدہ مجسٹریٹی ملازم سرکار برطانیہ ہے، صوم وصلوٰۃ کا پابند نہیں، تارک جمعہ و جماعت ہے، حلق لحیہ کا عادی، زنا و شراب سے غیر محترز۔ عیاش، رعونت پسند، بے مروت ہے اس نے ایک سید نجیب الطرفین رئیس پر جو پابند صوم وصلوٰۃ اور متبع شریعت ہے، بایں طور کے عدالت میں دعوی دائر کیا ہے کہ سید ممدوح نے مجھے ایک مجمع میں منافق، بے ایمان شیطان کہا ہے، ان الفاظ سے میری عزت و شہرت کو بٹہ لگا ہے اس لئے استدعا ہے کہ ڈگری دس ہزار روپیہ معہ خرچہ بحق مدعی بر خلاف مدعا علیہ صادر فرمائی جاوے، سید ممدوح کا جواب ہے کہ بے ایمان تو میں نے نہیں کہا یہ مدعی کا افتراء ہے چونکہ مدعی کو میرے ساتھ دشمنی ہے اس لئے میرے قریبی رشتہ دار کی تلاشی کرائی اور وہ بیکار ثابت ہوا۔ تحقیقاتی کمیٹی کے مجمع میں میرے آنے پر مدعی نے میرے زانو پر ہاتھ لگاتے ہوئے خندہ روئی سے ہاتھ بڑھایا میں نے اپنا ہاتھ نہ دیتے ہوئے کہا کہ بس دو روٹی اچھی نہیں۔ میرے اس کہنے پر مدعی نے اشتعال آمیز لہجہ میں ڈانٹ کر کہا کہ کسی منافق اور شیطان نے تلاشی کرائی ہے۔ میں نے اس کے جواب میں اس کے کہے ہوئے الفاظ بایں طور کہے کہ تو اپنے منہ سے منافق بن یا شیطان، یا جو کچھ بن۔ تلاشی تو نے کرائی ہے اور بس۔ اس بارے میں فیصلہ شرعی کیا ہے۔

---

(۱) لا بیا حمار یا خنزیر الخ واستحسن فی الهدایه التعزیر لو المخاطب من الا شراف وتبعه الزیلعی وغیره (در مختار) ذکر فی شرحه علی الملتقی ایضا انه لو علی وجه المزاح یعزر فلو بطریق الحقارة کف لان اهانته اهل العلم کفر علی المختار ( ردالمحتار باب التعزیر ج ۳ ص ۲۵۵ و ج ۳ ص ۲۵۶ ط.س. ج ٤ ص ۷۱)

(۲)

(الجواب) اگر مقذوف میں یہ امور موجود ہیں جو سوال میں درج ہیں تو اس کا قاذف مستحق تعزیر نہیں ہے کما فی الدر المختار وبقذف مسلم بیا فاسق الا ان یکون معلوم الفسق کمکاس مثلاً (۱) بلکہ ان امور سے خود اس پر تعزیر ہے چنانچہ مسلم کو ناحق تکلیف پہنچانا زبان سے یا کسی کارسازی سے اور شراب خوری کی مجلس میں حاضر ہو جانا اور شراب کے برتنوں اور لوازم کو ساتھ رکھنا یا رمضان شریف کے ایام میں دن کو اپنے پاس ناشتہ جیسی چیزوں کا رکھنا بھی موجب تعزیر ہے کما فی الدر المختار والشامی وعزر کل مرتکب منکر او موذی مسلم بغیر حق بقول او فعل الخ ویعزر من شرب الشاربین الخ (۲) ج ۳ ص ۱۸۷ فقط۔

## سحر کرنے والے کا حکم اور اس کا ثبوت

(سوال ۵۷) دو آدمیوں نے ایک شخص پر سحر کرایا۔ وہ شخص فوت ہو گیا لیکن عامل صاحب کہتے ہیں کہ اب ان سحر کرنے والوں پر سحر کرانا خلاف شرع ہے شرعاً اس بارہ میں کیا حکم ہے۔

(الجواب) اس صورت میں ان عامل صاحب کا یہ کہنا کہ یہ خلاف شرع ہے صحیح ہے کیونکہ شرعی قاعدہ سے ثبوت اس امر کا نہیں ہوا کہ اس شخص نے سحر کیا ہے، کیونکہ شرعی قاعدہ ثبوت کا یہ ہے کہ یا وہ ساحر خود اقرار کرے یا دو معتبر گواہوں کی شہادت سے ان کے سامنے اس کا کرنا ثابت ہو جاوے، شامی میں منقول ہے قال ابو حنیفةؒ الساحر اذا اقر بسحرہ او ثبت بالبینة یقتل ویستتاب منه۔ (۳) فقط

## خنزیر اور کتا کا بچہ کہنا قابل تعزیر ہے نکاح فسخ نہیں ہوتا

(سوال ۵۸) یکے شخص استاد خود رابایں طور حقارت نمود کہ تو ابن خنزیر یا ابن کلب است قائل ایں الفاظ را چہ حکم است نکاح بدستور است یا نہ۔

(الجواب) شخص مذکور فاسق وعاصی وواجب التعزیر است۔ (۴) اما تکفیر نہ کردہ خواہد شد و حکم فسخ نکاح وغیرہ احکام ارتداد بروجاری نخواہد شد۔

## شادی میں خلاف شرع امور کرنے والے کا حکم

(سوال ۵۹) ایک شخص ان رسومات پر جو تقریب بیاہ شادی وغیرہ میں خلاف شرع مروج ہیں اصرار کرتا ہے اور برادری کی مقرر کردہ جماعت ان کو خلاف امور سے روکتے ہیں ہر امکانی کوشش کر چکی ہے مگر وہ باز نہیں آتا، لہذا ایسے شخص کے متعلق کیا شرعی سزا ہو سکتی ہے۔

## (۲) پردہ پر عمل نہ کرنے والا دیوث ہے

(سوال ۶۰) اگر کوئی شخص باوجود سمجھانے کے بھی پردہ پر عامل نہیں ہوتا اور اپنے گھر کا انتظام نہیں کرتا تو ایسے شخص کے متعلق شریعت مطہرہ کیا سزا تجویز کرتی ہے۔

---

(۱) الدر المختار علی ھامش ردالمحتار باب التعزیر ج ۳ ص ۲۵۱ و ج ۳ ص ۲۵۲ ط.س ج ٤ ص ٦٧) ظفیر
(۲) ردالمحتار باب التعزیر ج ۳ ص ۲۵۱ ط.س ج ٤ ص ٦٦ ظفیر (۳) دیکھئے ردالمحتار باب المرتد مطلب فی الساحر والزندیق ج ۳ ص ٤٠٨ ط.س ج ٤ ص ٢٤٠ ظفیر (٤) لا یعزر بیا حمار یا خنزیر یا کلب واستحسن فی الھدایة التعزیر والمخاطب من الاشراف وتبعه الزیلعی وغیرہ (در مختار) وقیل فی عرفنا یعزر لانه یعد شیئا (ردالمحتار باب التعزیر ج ۳ ص ۲۵۵ ط.س ج ٤ ص ۷۱) ظفیر

## (۳) ایسا آدمی مستحق تعزیر ہے

(سوال ۶۱) بعض لوگ دینوی عار یا اپنی خود غرضی اور ذاتی مفاد کی وجہ سے سر تابی کرتے ہیں، ایسے لوگوں کے لئے شرعاً کیا سزا ہے۔

## (۴) کسی کی بیوی کو بھگانے اور بیچنے والے کی سزا

(سوال ۶۲) ایک شخص نے کسی کی بیوی کو بھگا کر فروخت کر دیا، شریعت بائع مشتری کے لئے کیا سزا تجویز کرتی ہے اور مشتری کی جو اولاد ہو گی وہ کیسی ہو گی؟ ترکہ کی مستحق ہو گی یا نہیں۔

## (۵) کسی منکوحہ کا بلا طلاق دوسرے شخص کے ساتھ نکاح کرنے والے کی سزا

(سوال ۶۳) جو شخص اپنی دختر کا نکاح کر دینے کے بعد بلا طلاق شوہر کے دوسرے شخص سے نکاح کر دے اس کے لئے کیا حکم ہے۔

## (۶) جھوٹا دعویٰ کرنے والا مستحق تعزیر ہے

(سوال ۶۴) ایک بیوہ کا نکاح زید سے ہو گیا تھا، ایک دوسرے شخص نے عدالت میں یہ جھوٹا دعویٰ دائر کیا کہ زید سے اس کا نکاح نہیں ہوا بلکہ عمر سے ہوا اور چند مسلمانوں نے جھوٹی شہادت دی، حلف اٹھائے عورت عدالت میں حاضر ہوئی، آیا جھوٹا دعویٰ کرنے والوں اور جھوٹی شہادت دینے والوں کے لئے شریعت میں کیا سزا ہے۔

(الجواب) جو امور شادی بیاہ وغیرہ میں خلاف شرع مروج ہیں وہ سب منکر بشرطیکہ کہ خلاف شرع اور منکرات کے مرتکب کو شرعاً تعزیر کی سزا دی جاتی ہے کما فی الدر المختار وعزر کل مرتکب منکرا و موذی مسلم بغیر حق بقول او فعل الخ۔(۱) یعنی ہر مرتکب معصیت کے لئے تعزیر ہے پس جو شخص خلاف شرع امور پر اصرار کرتا ہے اس کو اپنی برادری تعزیر کی سزا دے سکتی ہے اس لئے کہ تعزیر میں بوقت مباشرت معصیت ہے ہر مسلم کو حق ہے کہ تعزیر قائم کرے کما فی الدر المختار ویقیمه کل مسلم حال مباشرة المعصية تنبيه واما بعده فليس ذلك بغير الحاكم والزوج والمولىٰ الخ ۔(۲) یعنی حقوق اللہ (کما حمل علیها فی الشامی عبارة القنية المارة آنفا)(۳) میں بوقت ارتکاب معصیہ ہر مسلم مرتکب معصیت پر تعزیز قائم کرنے کا مجاز ہے الخ وفی الشامی الفرق بين الحدو التعزير ان الحد مقدرو التعزير مفوض الى راى الامام وان الحديد رأ بالشبهات والتعزير يجب معها وان الحد لا يجب على الصبى والتعزير شرع عليه والرابع ان الحد يطلق على الذمى والتعزير يسمى عقوبة له لان التعزير شرع للتطهير تاتارخانيه وزاد بعض المتاخرين ان الحد مختص بالا مام والتعزير يفعله الزوج و المولى وكل من رأى احدايبا شر المعصية (۴) ج ۳ ص ۱۹۳ بعد اقتضائے معصیت بھی زوج اور مولی نیز باپ بذریعہ خود تعزیر دے سکتے

(۱) الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب التعزیر ج ۳ ص ۲۵۱ ط.س. ج ۴ ص ۶۶ ظفیر
(۲) الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب التعزیر ج ۳ ۲۵۰ ط.س. ج ۴ ص ۶۵ ظفیر
(۳) قوله ویقیمه الخ ای التعزیر الواجب لله تعالى لانه من باب ازالة المنكر ( ردالمحتار باب التعزیر ج ۳ ص ۲۵۰ ط.س. ج ۴ ص ۶۵) ظفیر (۴) ردالمحتار باب التعزیر ج ۳ ص ۲۴۷ ط.س ج ۴ ص ۶۲ ظفیر

ہیں اور تعزیر مجرم اور جرم کی حیثیت کے موافق مختلف صورتوں سے قائم ہو سکتی ہے کسی صورت میں حبس، کسی کسی میں قتل، کسی میں محض گوشمالی وغیرہ کے ذریعہ سے تعزیر قائم کی جائے گی۔(۱) تعزیر بالمال میں اختلاف ہے جو جواز کے قائل ہیں وہ اس کے معنی یہ کہتے ہیں کہ اس سے مال کو لے کر اپنے پاس اس وقت تک رکھے کہ وہ مجرم تائب ہو جاوے جب وہ تائب ہوا اور اس جرم کے ارتکاب میں بالکل رک گیا تو جرمانہ اس کو واپس کرنا چاہئے اور اگر وہ نہ رکے تو جرمانہ کو دوسرے کاموں میں صرف کر سکتے ہیں۔ کما فی الدر المختار لا باخذ المال فی المذهب بحرو فيه عن البزازية وقيل يجوز ومعناه ان يمسكه مدة لينزجر ثم يعيده له فان يئس من توبته صرفه الى ما يرى وفى المجتبى انه كان فى ابتداء الا سلام ثم نسخ۔(۲)

(۲) ایسا شخص شرعاً دیوث کہلاتا ہے جو مستحق تعزیر ہے کما فی الدر المختار۔(۳)

(۳) یہ شخص بھی مستحق تعزیر ہے کما مر فی نمبر ۱، وعزر کل الخ۔

(۴) دونوں اشد تعزیر کے مستحق ہیں۔ کما فی الدر المختار۔(۴) ويكون التعزير بالقتل كمن وجد رجلاً مع امرأة لا تحل له الخ۔(۵) اور بدون نکاح شرعی کے جو اولاد ہوئی وہ ولد الزنا ہے۔

(۵) مثل نمبر ۴ کے اس کا حکم بھی ہے اور اس عورت کو اس کے شوہر کے پاس پہنچا دیا جاوے یا شوہر سے طلاق لے کر حسب قاعدہ دوسرے شخص سے نکاح کیا جاوے۔(۶)

(۶) وہ فاسق ہو گئے اور ان پر بھی شرعاً تعزیر ہے۔(۷)

## شہادت شرعیہ کے بغیر وطی ثابت نہیں

(سوال ۶۵) ایک شخص کہتا ہے کہ میں نے فلاں شخص کو بچشم خود دیکھا ہے کہ وہ بھیڑ سے جماع کر رہا ہے، بجز ایک شخص کے اور شاہد کوئی نہیں ہے، متہم شخص منکر ہے، شرعاً کیا حکم ہے۔

(الجواب) اس صورت میں شہادت شرعیہ موجود نہیں ہے جس سے زنا مذکور ثابت ہوتا اور وہ شخص منکر ہے تو اس پر کچھ تعزیر نہیں ہے۔(۸) اور اس جانور کو بھی کچھ نہ کیا جاوے۔ اگر زنا ثابت ہو جاتا تو حکم یہ تھا کہ اس جانور کو ذبح کر کے جلا دیا جاوے اور زانی کو تعزیر دی جاوے مگر اب جب کہ زنا ثابت ہی نہیں تو کچھ بھی سزا جاری نہ ہو گی۔ فقط۔

(۱) تاديب دون الحد الخ ويكون به وبالحبس بالصفع على العنق وفرك الا ذن و وبالكلام العنيف الخ (الدر المختار على هامش رد المحتار باب التعزير ج ص ۲۴۶ .ط.س. ج۴ص ۶۰ . ظفير.(۲) الدر المختار على هامش ردالمحتار باب التعزير ج ۳ ص ۴۶ . .ط.س.ج۴ص ۶۱ ظفير.(۳) وكل مرتكب معصية لاحدفيهافيهاالتعزير (الدر المختار على هامش ردالمحتار باب التعزير ج ۳ ص ۲۵۱ .ط.س.ج۴ص ۶۷ .ظفير.(۴) وفى الا شباه خدع انسان امرأة انسان واخرجها وزوجها يحبس حتى يتوب اويموت لسعيه فى الارض بالفساد (الدر المخار على هامش ردالمحتار باب التعزير ج ۲ ص ۲۶۴ .ط.س. ج۴ص ۸۱) ظفير (۵) ايضاً ج ۳ ص ۲۴۷ و ج ۳ ص ۲۴۸ .ط.س.ج۴ص ۶۲ . ظفير.

(۶) اما نكاح منكوحة الغير ومعتدته الخ فلم يقل احد بجوازه اصلاً (ايضاً باب المهر ج ۲ ص ۴۸۲ .ط.س. ج ۳ ص ۵۱۶) ظفير.(۷) وكل مرتكب معصية لا حد فيها ، فيها التعزير (الدر المختار على هامش ردالمحتار باب التعزير ج ۳ ص ۲۵۱ .ط.س. ج۴ص ۶۷) ظفير.(۸) والشهادة على الشهادة وشهادة رجل وامرأتين كما فى حقوق العباد (در مختار) قوله شهادة رجل و امرأتين صرح به الزيلعى وكذا فى التتار خانيه و فى الجوهره لا تقبل فى التعزير شهادة النساء مع الرجال عنده لانه عقوبة وعندهما تقبل لانه حق آدمى (ردالمحتار باب التعزير ج ۳ ص ۲۵۸ .ط.س. ج۴ص ۷۴) ظفير

## طلاق کے چھ ماہ بعد دوسرا نکاح کرنے پر کوئی سزا نہیں

(سوال ٦٦) زید نے اپنی عورت ہندہ کو تین طلاقیں دے دیں۔ ہندہ نے تقریباً چھ ماہ بعد نکاح ثانی کر لیا تین سال بعد ایک مفسد نے عدالت میں مخبری کی کہ ہندہ نے ناجائز طور پر نکاح ثانی کیا ہے، کیا ہندہ اور اس کا شوہر لائق تفریق ہیں اور کیا شرعاً ان کو کوئی سزا دینا چاہئے۔

(الجواب) اس صورت میں ہندہ کا نکاح ثانی صحیح ہے اور تفریق زوجین میں نہیں ہو سکتی، یعنی بدون طلاق دینے شوہر کے کسی کو تفریق کی اجازت نہیں ہے اور شرعاً شوہر ثانی اور ہندہ پر کوئی تعزیر نہیں ہے۔(۱)

## افعال شنیعہ کا اقرار فسق پر دلیل ہے

(سوال ٦٧) ایک شخص نے متعدد اوقات میں چند اشخاص کے روبرو اقرار کیا کہ میں نے فلاں عورت کو کئی دفعہ برہنہ کر کے دیکھا ہے اور ایک شخص کے سامنے زناء کا بھی اقرار کیا اس صورت میں اگر زنا ثابت نہیں ہے تو اس پر توبہ لازم ہے یا نہیں۔

(الجواب) خود اس کا اقرار افعال شنیعہ کا اس کے فسق کے لئے کافی ہے اور ایسا شخص واجب التعزیر ہے۔(۲) اس کو توبہ کرنی چاہئے قال الله تعالیٰ ومن یفعل ذلك یلق اثا ما یضا عف له العذاب یوم القیامة ویخلد فیه مهانا الا من تاب وامن وعمل عملاً صالحا فاولئك یبدل الله سینا تهم حسنات وكان الله غفوراً رحیماً ۔(۳) فقط۔

## بلا قصور مارنے اور گالی دینے والی کی سزا

(سوال ٦٨) چند عورتیں آپس میں لڑ رہی تھیں کہ ایک شخص نے ایک عورت کے لڑکے کے جو کہ قرآن شریف کی تلاوت کر رہا تھا چار لکڑیاں ماریں اس کی ماں چھڑانے آئی تو اس کے انگوٹھے پر ایک لکڑی ماری اور برہنہ ہو گیا اور بہت گالیاں وغیرہ بکیں ایسے شخص کو کیا سزا دینی چاہئے۔

(الجواب) وہ شخص فاسق وعاصی ہوا اور اس پر مواخذہ اخروی قائم ہے تاوقتیکہ وہ معاف نہ کراوے اور اگر سلطنت اسلامی ہوتی تو حاکم اسلام جو کچھ مناسب سمجھتا اس کو تعزیر بھی دیتا۔(۴)

(۱) اس لئے کہ جب طلاق کے بعد عدت گذر چکی عورت کو شادی کا پورا حق حاصل ہے میاں بیوی میں کوئی بھی شرعی طور پر مجرم نہیں ظفیر۔
(٢) وعزر كل مرتكب منكر او مو ذی مسلم بغير حق بقول اوفعل (الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب التعزير ج ٣ ص ٢٥١ ط.س. ج٤ ص ٦٦) ظفير
(٣) سورة الفرقان. ٦.
(٤) وعزر كل مرتكب منكر او موذی مسلم بغير حق بقول او فعل الخ وبشتم مسلم (الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب التعزير ج ٣ ص ٢٥١ و ج٣ ص ٢٥٢ ط.س. ج٤ ص٦٦) والتعزير ليس فيه تقدير هو مفوض الى رائى القاضى وعليه مشا ئخنا لان المقصود منه الزجر واحوال الناس فيه مختلفة (ايضاً ج ٣ ص ٣٤٧ ط.س. ج٤ ص ٦٢. ظفير.

## دنیاوی خواہشات کو دین پر ترجیح دینا معصیت ہے

(سوال ۶۹) کیا شرعاً زید کو دنیاوی خواہشات کو دین کے مقابلہ میں مقدم رکھنے کے جرم میں کوئی تعزیر مل سکتی ہے یا نہیں۔

(الجواب) دنیاوی خواہشات کو دین پر ترجیح دینا معصیت اور اتباع خواہش نفس ہے اور اس پر مواخذہ ضروری ہے دنیا میں اس پر کوئی تعزیر مقرر نہیں ہے۔(۱)

## باہم مار پیٹ کرنا اور اس کی سزا

(سوال ۷۰) قاضی صاحب کے لڑکے نے میرے مکان کے اندر پانی پھینکا اور وہ چھینٹے میرے اوپر پڑے، یہ حرکت اچھی نہ تھی، فدوی نے اپنا بچہ سمجھ کر بطور نصیحت دو طمانچہ مارا تاکہ آئندہ ایسی حرکت نہ کرے اور کسی برائی یا دشمنی کی نظر سے اس کو نہ مارا اور یہ حال میں نے قاضی صاحب سے عرض کر کے ان سے معافی چاہی انہوں نے بنظر انصاف مجھ سے کچھ شکایت نہ کی لیکن بعض لوگوں نے دشمنی کی نظر سے بروز جمعہ میری عدم موجودگی میں اس طور سے اعلان کیا کہ گلاب خاں مستری نے قاضی صاحب کے لڑکے کی چھاتی پر چڑھ کر مارا ہے اور مولوی عاشق علی صاحب کو جوتوں سے مارا ہے (حالانکہ یہ دونوں باتیں غلط ہیں) اس جرم میں اگر کوئی مسلمان گلاب خان سے سلام و کلام بلکہ کسی طرح کا تعلق نہ رکھے اور مسلمانوں کے قبرستان میں اس کو دفن نہ کریں اس صورت میں شرعاً کیا حکم ہے۔

(الجواب) جو صورت سوال میں درج ہے اس کے موافق اول تو گلاب خان سے کوئی فعل ایسا نہیں ہوا کہ موجب تعزیر ہو کیونکہ اگر گلاب خان نے قاضی صاحب کے لڑکے کو اس کی قصور پر صرف طمانچہ مارا تو یہ کوئی ایسا قصور نہیں ہے جس کی وجہ سے وہ مستحق تعزیر ہو اور اگر بالفرض اس سے قصور ہوا تو اس نے معافی چاہ لی، اور معافی مانگ لی۔ اب اس کو برادری سے خارج کرنا اور اس کے ساتھ معاملہ مذکور کرنا اور اعلان مذکور کرنا درست نہیں ہے، سب اہل اسلام کو چاہئے کہ گلاب خان کے ساتھ شریک رہیں اور اس کو برادری سے اور مسلمانوں کی جماعت سے خارج نہ جانیں یہ بڑا ظلم ہے جو اس کے بارے میں تجویز کیا گیا ہے، غایت یہ ہے کہ اگر کسی زعم میں گلاب خان سے قصور ہوا ہے تو اس سے توبہ کرالیں۔ اور وہ معافی چاہ ہے اس کے بعد اس سے کچھ علیحدگی نہ رکھی جاوے۔ فقط۔

## باربار ہدایت کے باوجود نماز کا پابند نہ ہو

(سوال ۷۲) جو شخص باربار۔ ہدایت و تدارک سے پابند نماز نہ ہو اس کے ساتھ کیا معاملہ کرنا چاہئے۔

(الجواب) مسلمانوں کا کام نصیحت کرنا ہے اگر وہ نہ مانے تو عاصی و فاسق ہے تعزیر اگرچہ واجب ہے لیکن اس زمانہ میں بوجہ نہ ہونے حاکم اسلام کے اجزاء تعزیر کی کوئی صورت نہیں ہے، اور اگر کسی تنبیہ سے وہ باز آجائے تو فبہا ورنہ اس سے مقاطعت کردیں۔

---

(۱) وکل مرتکب معصیة لاحد فیها فیها التعزیر (درمختار) قال فی الفتح ویعزر من شهد شرب الشاربین والمجتمعون علی شبه الشرب وان لم یشربوا لخ وکذا المسلم یبیع الخمرو ویاکل الربوا ( ردالمحتار باب التعزیر ج ۳ ص ۲۵۱ ط.س. ج ٤ ص ٦٦ ) والتعزیر لیس فیه تقدیر بل هو مفوض الی رائی القاضی وعلیه مشا ئخنا زیلعی لان المقصود منه الزجرواحوال الناس فیه مختلفة الخ (الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب التعزیر ج ۳ ص ۲٤۷ ) ظفیر

# کتاب السیر
# (جہاد سے متعلق احکام ومسائل)

باب اول

## دار الحرب ودار الاسلام اور ان سے متعلق احکام ومسائل

### خلفاء راشدین نے غزوات میں شرکت فرمائی ہیں

(سوال ۱) خلفاء راشدینؓ نے آنحضرت ﷺ کے زمانے میں غزوہ کیا ہے یا نہیں، اور فتح ہوئی یا آیا۔

(الجواب) خلفاء راشدین کے زمانہ میں بہت سی فتوحات ہوئی ہیں جو تاریخ وسیر میں بالتفصیل مذکور ہیں جس کو شوق ہو تاریخ کی کتابوں میں دیکھ لے۔ فقط۔ (خود عہد نبوی میں بھی غزوات میں شریک ہوتے رہے۔ ظفیر)۔

### دار الحرب میں جمعہ وعیدین وپنجگانہ پڑھنی درست ہے

(سوال ۲) ہندوستان بعد سلطنت اسلام کے دار الحرب ہو یا نہیں؟

(۲) دار الحرب میں پنجگانہ نماز پڑھنی درست ہے یا نہیں؟

(۳) دار الحرب میں جمعہ وعیدین کی نماز پڑھنا درست ہے یا نہیں؟

(الجواب) درست ہے (۲) درست ہے (۳) درست ہے۔(۱)

### ہندوستان کے کافر کیا ہیں

(سوال ۳) ہندوستان کے کافر ذمی ہیں یا حربی

### ہندوستان کیا ہے

(سوال ٤) ہندوستان دار الحرب ہے یا دار الاسلام؟

(۲) اگر کسی کافر حربی کو مسلمان نے نوکر رکھا تو اس پر حکم ذمی کا ہوگا یا نہیں؟

(الجواب) ہندوستان دار الحرب ہے اور ہندوستان کے کافر مستامن وذمی ہیں اور دار الاسلام میں کافر حربی مستامن ہو کر رہ سکتا ہے اور کافر حربی کو اگر مسلمان نے امن دے کر رکھا تو وہ مستامن ہے۔(۲) (ہندوستان کے دار الحرب ہونے کا فتویٰ سب سے پہلے حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلویؒ نے دیا۔ پھر حضرت مولانا رشید احمد گنگوہیؒ نے سن ۱۸۵۷ء میں حاجی امداد اللہ مہاجر مکی کی امارت میں حضرت مولانا محمد قاسم نانوتویؒ، حضرت گنگوہیؒ، حافظ ضامن شہیدؒ، مولانا محمد منیر نانوتویؒ اور دوسرے علماء نے انگریزی اقتدار کا مقابلہ کیا اور شاملی کے میدان میں داد شجاعت دی اور اسکے بعد برابر ہندوستان کو دار الحرب قرار دیتے رہے، شیخ الہند مولانا محمود حسن عثمانی نے تحریک

(۱) واما بلاد علیها ولاة کفار فیجوز للمسلمین اقامة الجمع والا عیاد الخ ( ردالمحتار کتاب القضاء ج ۳ ص ٤۲۷ ط.س. ج۵ ص ۳٦۹) ظفیر. (۲) قالا بشرط واحد لا غیر، وهو اظهار حکم الکفر وهو القیاس الخ حاصله انه لما صار دار حرب صار فی حکم ما استولوا علیه فی دارهم ( ردالمحتار فصل فی استیمان الکافر ج ۳ ص ۳٤۹ ط.س. ج٤ ص ۱۷۵) ظفیر.

(ریشمی رومال) آزادی کے لئے جاری کی، مولانا عبید اللہ سندھی اور مولانا منصور انصاری جلاوطن ہوئے، خود شیخ الہند اور مولانا حسین احمد مدنی و حکیم نصرت حسین وغیرہ کو حکومت ہند نے مالٹا میں کئی سال قید رکھا، اگست سن ۱۹۴۷ء میں ملک آزاد ہوا مگر آزادی کے بعد یہاں مسلمانوں پر جو مظالم ہوئے اور جیسی قتل و خون ریزی ہوئی اس کی کوئی مثال تاریخ میں نہیں ملتی، اسی وجہ سے شیخ الاسلام مولانا مدنی نے آزادی کے بعد بھی اس ملک کو اس کے حالات کی وجہ سے دارالحرب ہی کہا۔ اور بعضوں نے دارالحرب کی ایک قسم دارالامان قرار دیا، بہر حال اب ملک آزاد ہے مگر مسلمانوں اور اسلام کے حصہ میں آزادی کا کوئی ثمرہ نہیں، مسلم کی جان و مال عزت و آبرو ابھی تک محفوظ نہیں، اور حکومت کی نظر میں اس کی کوئی قدر و قعت نہیں، بعض مخصوص مسلمانوں نے آزادی سے ضرور فائدہ اٹھایا مگر یہ انفرادی ہے اور ایسا پہلی حکومت میں بھی ہوا، ملت اسلامیہ سوگوار ہی ہے آئندہ خدا شاید کوئی صورت پیدا کرے، لعل اللہ یحدث بعد ذلک امرا۔ ظفیر۔

## جہاد میں شرکت کے لئے والدین کی اجازت

(سوال ۵) بلا اجازت والدین کے جہاد کے لئے جانا جائز ہے یا نہیں؟

(الجواب) اگر جہاد فرض عین ہو جائے تو بلا اجازت جانا درست ہے ورنہ نہیں۔ اور تفصیل اس کی کتب فقہ میں ہے۔(۱)

## دارالحرب کی تعریف میں امام اعظمؒ اور صاحبینؒ کا اختلاف ہے

(سوال ۶) احناف کے نزدیک تعریف دارالحرب کیا ہے، ہندوستان دارالحرب ہے یا نہیں، دارالحرب سے ہجرت لازم ہے یا نہیں۔

(الجواب) تعریف دارالحرب میں اختلاف امام اعظمؒ و صاحبینؒ کا ہے۔ کما ھو مسطور فی کتب الفقہ، بناء اختلاف فی تعریف دارالحرب کما ہو مذکور فی کتب الفقہ، ہندوستان کے دارالحرب ہونے میں اختلاف ہے۔(۲) اور ہجرت دارالحرب سے مطلقاً لازم نہیں ہے۔(۳)

## اوقاف پر قبضہ کرنے سے حکومت مالک نہیں ہوگی

(سوال ۷) کافر گورنمنٹ استیلاء کر کے مسلمانوں کی مملوکہ جائدادوں کو اور اوقاف پر قبضہ کرے تو وہ مالک ہو جاتی ہے؟

---

(۱) لا یفرض علی صبی وبالغ لہ ابوان او احد ھما لا ن طاعتھما فرض عین وقال علیہ الصلوٰۃ والسلام للعباس بن مرداس لما اراد الجھاد الزم امک فان الجنۃ تحت رجل امک وفیہ لا یحل سفر فیہ خطر الا باذنھما (الدر المختار علی ھامش ردالمحتار کتاب الجھاد ج ۳ ص ۳۰۴ ط.س ج ٤ ص ۱۲٤) ظفیر

(۲) لا تصیر دار الا سلام دار حرب الا بامور ثلاثۃ باجراء احکام اھل الشرک و باتصا لھا بدار الحرب بان لا یبقی فیھا مسلم او ذمی آمنا بالا مان الا ول علی نفسہ (در مختار) ای بان یغلب اھل الحرب علی دار من دار نا اوار تداھل مصر و غلبوا و اجروا احکام الکفر او نقض اھل الذمۃ العھد وتغلبوا علی دارھم ففی کل من ھذہ الصور لا تصیر دار حرب الا بھذہ الشروط الثلاثۃ وقالا بشرط واحد لا غیر وھو اظھار حکم الکفر و ھو القیاس ھندیہ (ردالمحتار فصل فی استئمان الکافر ج ۲ ص ۳٤۹ ط.س ج ٤ ص ۱۷٤) ظفیر

(۳) اما فی بلاد علیھا ولاۃ کفار فیجوز للمسلمین اقامۃ الجمع والا عیاد و یصیر القاضی قاضیا بتراضی المسلمین ویجب علیھم طلب وال مسلم اھ (ردالمحتار فصل فی استئمان الکافر ج ۳ ص ۳۵۰) ظفیر

(۲) جب کہ مسلمان اس کافر حکومت کے ہاتھ سے چھڑانے پر قادر نہیں ہوئے تو اس حالت میں اگر گورنمنٹ نے ایک شخص کی جائداد دوسرے کے وقف کو کسی کے ہاتھ فروخت کر دیا تو اس خریدار کو باوجود اس علم کے کہ یہ فلاں شخص کی مغصوبہ جائداد ہے یا وقف ہے، خریدنا اور اس سے نفع اٹھانا جائز ہے یا نہ؟

(الجواب) اوقاف میں یہ حکم جاری نہ ہوگا کیونکہ **الوقف لا یملک ولا یملک** مطلق ہے۔(۱) اور نیز قید وان تغلبوا علی اموالنا الخ سے اوقاف خارج ہوگئے۔

(۳) جائداد مملوکہ میں یہ قاعدہ جاری ہوگا کہ بعد تسلط کفار مشتری کے حق میں تصرف جائز ہے۔(۲) لیکن اوقاف میں یہ قاعدہ جاری نہ ہوگا، اوقاف کے مصارف میں صرف کرنا لازم ہوگا۔(۳) فقط۔

## ہندوستان کا حکم مختلف دور میں

(سوال ۸) جب پنجاب میں سلطنت سکھوں کی تھی تو جو ملک ان کے زیر حکومت تھا تو وہ دارالحرب تھا یا دارالاسلام اور جب برطانیہ کی حکومت ہوئی تو کیا حکم رہا۔

(الجواب) چونکہ ہندوستان در زمانہ سلطنت شاہان اسلام دارالاسلام بود۔ بعد ازاں سکھان یا نصاریٰ تسلط شدند، پس در بودن آں دارالحرب اختلاف است لہذا در مسئلہ ربوا وغیرہ احتیاط باید کرد (مگر مفتی علام مختلف جگہ ہندوستان کو دارالحرب قرار دے چکے ہیں اور علمائے دیوبند کا حکومت انگریز دارالحرب ہونے کا متفقہ فیصلہ تھا بلکہ آزادی کے بعد بھی بعضوں نے دارالحرب ہی قرار دیا واللہ اعلم۔ ظفیر)

## اگر کفار مسلمانوں کے اموال پر غالب آجائیں تو وہ اس کے مالک ہو جاتے ہیں

(سوال ۹) گورنمنٹ نے جب سے اپنا تسلط ہندوستان وغیرہ پر کیا ہے اور مسلمانوں کی ملکیت توڑ کر اپنی ملکیت قائم کر دی ہے مثلاً آراضی درخت وغیرہ تو اب یہ چیزیں گورنمنٹ کسی مسلمان کو دے دے مثلاً زمین کاشتکاری کے لئے اور درخت بیع کے لئے اور پہاڑ تجارت شہد وغیرہ کے لئے اور رقم بخشش کے طور پر مسلمان کو لے کر فائدہ اٹھانا جائز ہے یا نہیں۔

(الجواب) کتب فقہ میں آیا ہے کہ اگر کفار مسلمانوں کے اموال پر غالب آجائیں اور اس کو اپنی حفاظت میں لے

---

(۱) فاذا تم (الوقف) ولزم لا یملک ولا یملک ولا یعار ولا یرهن (در مختار) قوله لا یملک ای لا یکون مملو کا لصاحبه ولا یملک اے لا یقبل التملیك لغیر با لبیع ونحوه (ردالمحتار کتاب الوقف ج ۳ ص ۵۰۷ ط.س. ج ۴ ص ۳۵۱ ۳۵۲).

(۲) وان غلبوا علی اموالنا ولو عبداً مومناً واحرزوها به واهم ملکوها (در مختار) لقوله تعالی الفقراء المهاجرین سماهم فقراء فدل علی ان الکفار ملکوا اموالهم التی ها جروا عنها الخ (ردالمحتار کتاب الوقف ج ۳ ص ۳۳۷ ط.س. ج ۴ ص ۱۶۰) ظفیر. (۳) فان شرائط الوقف معتبرة اذا لم تخالف الشرع وهو مالك فله ان یجعل له حیث شاء مالم یکن معصیة وله ان یخص صنفا (رد المحتار کتاب الوقف ج ۳ ص ۴۹۹. ط.س. ج ۴ ص ۳۴۳).

(۴) لا تصیر دارالاسلام دار حرب الا بامور ثلاثة باجراء احکام اهل الشرك وباتصالها بدارالحرب وبان لا یبقی فیها مسلم او ذمی آمنا بالا مان الا ول علی نفسه ودارالحرب تصیر دار الا سلام باجراء احکام اهل الا سلام فیها کجمعة وعید وان بقی فیها کافر اصلی وان لم تتصل بدارالا سلام (الدر المختار) قال بشرط واحد لا غیر وهو اظهار حکم الکفر وهو القیاس ویتفرع علی کونها صارت دارحرب ان الحدود والقود لا یجری فیها وان الا سیر و المسلم یجوز له التعرض لما دون الفرج وتنعکس الا حکام اذا صارت دارا لحرب دارالاسلام قال بعض المتا خرین اذا تحققت الا مور الثلاثة فی مصر المسلمین ثم حصل لا هله الا مان ونصب فیه قاض مسلم ینفذ احکام المسلمین عادی الی دارالا سلام (ردالمحتار باب ایضا ج ۳ ص ۳۴۹ ط.س. ج ۳ ص ۱۷۴) ظفیر

لیں تو وہ ان کے مالک ہو جاتے ہیں پس صورت مسئولہ میں جب کہ انگریز یہاں ہندوستان میں مسلط ہو گئے تو وہ مالک ہو گئے ،اب ان کو اختیار ہے کہ جس کو چاہے ہبہ کر دیں ،لہذا مسلمانوں کے لئے اس کا لینا اور اس سے فائدہ اٹھانا جائز ہے۔ فی الخانية ولو استولی اهل الحرب علی اموالنا وحرز وها بدارهم ملكوها عندنا(۱) الخ خانیہ ج ۳ . كذا لو وهبه او یا خذه بقيمة الخ عالمگیری ۔فقط۔

## ہندوستان میں ہندو مسلم ذمی ہیں یا حربی

(سوال ۱۰) آج کل جو حالت ہندوؤں کی مسلمانوں کے ساتھ اکثر بلاد ہندوستان میں ہے وہ ظاہر ہے اور معلوم ہے قابل دریافت امر یہ ہے کہ ہندوستان کے اہل ہنود اب بھی ذمی کے حکم میں ہیں یا حربی کے ،ہم مسلمانوں کے اوپر ان کے ذمہ ہونے والے حقوق عائد ہوتے ہیں یا حربی والے۔

(الجواب) در حقیقت ہندوستان میں ہندو اور مسلمانوں کی شان مستامن کی سی تھی ،(۲) لیکن جب سے ہندوؤں نے جگہ جگہ مسلمانوں پر حملے شروع کر دیئے ہیں اور علی الاعلان مسلمانوں کے دشمن ہو گئے ہیں تو مسلمانوں کے ساتھ ان کا کوئی معاہدہ وغیرہ نہ رہا اور مصداق وهم بدء و اکم اول مرة۔(۳) کے ہو گئے۔

## دارالحرب میں دینی امور کے لئے امیر مقرر کرنا

(سوال ۱۱) دارالحرب میں دینی معاملات کے لئے امام وغیرہ مقرر کرنا کیسا ہے۔

(الجواب) دارالحرب یعنی اس ملک کے متعلق جس پر کفار کا تسلط ہو یہ تو فقہاء نے لکھا ہے کہ جمعہ وغیرہ کے انتظام کے لئے کوئی امام مقرر کر لیں اور اپنے معاملات باہمی کے فیصلہ کے لئے قاضی مقرر کر لیں۔(۴) باقی کفار و محاربین کے حملوں کی مدافعت کے لئے اور مسلمانوں کی جان و مال کی حفاظت کے لئے مسلمانوں کو حکام وقت کی طرف رجوع کرنا پڑے گا، کیونکہ ان کے پاس ایسی قوت نہیں ہے کہ مدافعت کر سکیں اور امور سیاسیہ کا انتظام کر سکیں فقط۔

---

(۱) فتاوی خانیہ باب الا ستیلاء ج ۳ ص وان غلبوا علی اموالنا واحرزوها بدارهم ملكوها (در مختار) وهو قول مالك واحمد ايضا فيحل الا كل والو طو لمن اشتراه منهم كما فی الفتح لقوله تعالى للفقراء المهاجرين سما هم فقيرا فدل على ان الكفار ملكوا اموالهم التی هاجروا عنها ( ردالمحتار باب استیلاء الكفار ج ۳ ص ۳۳۶ وج ۳ ص ۳۳۷ .ط.س. ج ٤ ص ۱٦۰ ) ظفیر۔

(۲) هو من يدخل دار غيره بامان مسلما كان او حربيا دخل مسلم دارالحرب بامان حرم تعرضه شئی من دم و مال و فرج منهم (الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب المستامن ج ۳ ص ٤٤١ .ط.س. ج ٤ ص ۱٦٦) ظفیر۔ گویا مفتی علام انگریزی دور حکومت میں ہندو اور مسلمان دونوں کو مستامن کے درجہ میں سمجھتے تھے اور انگریزوں کو حکمراں اور کوئی شبہ نہیں کہ اس وقت انگریزوں کی ہی حکومت تھی انہوں نے قوت کے ذریعہ اس ملک پر قبضہ کیا تھا۔ ظفیر۔

(۳)

(٤) ولو فقد والٍ لغلبة كفار وجب المسلمین تعیین وال وامام للجمعة (درمختار) واما بلاد عليها ولاة كفار فيجوز للمسلمين اقامة الجمعه والا عياد ويصير القاضی قاضيا بتراضی المسلمين فيجب عليهم ان يلتمسوا واليا مسلما منهم اه وفی الفتح واذا لم يكن سلطان ولا من يجوز التقلد منه كما هو فی بعض بلاد المسلمين غلب عليهم الكفار كقرطبه الآن يجب على المسلمين ان يتفقوا علی واحد منهم يجعلونه واليا فيولی قاضيا فيكون هو الذی يقضی بينهم الخ ( ردالمحتار كتاب القضاء ج ٤ ص ٤٢٧ .ط.س. ج ٤ ص ۳٦۹ ) ظفیر۔

باب دوم

## عشر و خراج
## (عشر و خراج اور ان سے متعلق احکام و مسائل)

### خراجی زمین کی تعریف و شرائط

(سوال ۱) زمین خراجی کس کو کہتے ہیں اور اس کی کیا کیا شرائط ہیں؟

(الجواب) فی الدر المختار ما اسلم اهله طوعاً او فتح عنوة وقسم بين جيشنا والبصرة عشرية.(۱) بس ایسی زمین عشری ہے جب تک درمیان میں کسی غیر مسلم کی ملک نہ ہو جاوے۔

### جس قدر بھی غلہ ہوا ہی میں عشر واجب ہے

(سوال ۲) زمین دار کو جو اپنی زمین سے مقرر اجارہ غلہ یا نقد روپیہ کاشتکار سے وصول ہوتا ہے اور اس میں سے مال گذاری سرکاری دی جاتی ہے تو کس قدر غلہ کی مقدار پر عشر واجب ہے، اور ادائے مال گذاری کے بعد یا پہلے اور اگر غلہ اتنا ہو کہ سال بھر کا گذر مشکل ہو تو کیا تب بھی عشر دیا جاوے گا، اور یہ حکم زمین دار و کاشتکار دونوں سے متعلق ہے یا کسی ایک سے۔

(الجواب) قبل ادا کرنے مال گذاری سرکاری کے کل غلہ وصول شدہ میں واجب ہے۔ یہ حکم دونوں سے متعلق ہے جس قدر غلہ جس کے پاس رہے اس کے ذمہ اسی مقدار کا عشر ادا کرنا واجب ہے۔(۲)

### جملہ اجناس اور ترکاریوں میں عشر کا حکم

(سوال ۳) نقد روپیہ اور تمام اجناس ترکاری وغیرہ میں عشر واجب ہے یا نہیں۔

(الجواب) نقد کا حکم جدا ہے اس میں زکوۃ ہے بشرائط آں یعنی یہ کہ بقدر نصاب ہو اور سال گذر جاوے۔(۳) باقی جملہ اجناس و ترکاریوں میں عشر واجب ہے، جس قدر ہو اسی کا عشر ادا کرے۔

### غلہ وصول ہونے پر عشر ادا کرے

(سوال ٤) اگر کاشتکار سے غلہ وغیرہ زمین کا وصول ہوا تو اس صورت میں بھی عشر واجب ہوگا یا نہیں۔

(الجواب) غلہ وصول ہونے کی صورت میں عشر ادا کیا جاوے گا۔(٤)

---

(۱) الدر المختار علی ہامش ردالمحتار باب العشر والخراج ج ۳ ص ۲۵۰ و ج۳ ص ۳۵۱ ط.س ج٤ص۱۷۶)

(۲) وفی المزارعة ان كان البذر من رب الارض فعليه ولو من العامل فعليهما بالحصة (در مختار) والحاصل ان العشر عند الامام على رب الارض مطلقا وعندهما كذالك لو البذر منه ولو من العامل فعليهما وبه ظهران ما ذكره الشارح هو قولهما اقتصر عليه لما علمت من ان الفتوى على قولهما لصحة المزارعة الخ فی البدائع ان المزارعة جائزة عندهما والعشر يجب فی الخارج والخارج بينهما ويجب العشر عليهما ( ردالمحتار باب العشر ج ۲ ص ۷۵ و ج ۲ ص ۷۶ ط.س. ج۲ص ۳۳۵) ظفير (۳) شرط افتراضها عقل وبلوغ واسلام وحريه وسببه ملك نصاب حولى تام فارغ عن دين له مطالب من جهة العباد الخ (الدر المختار علی ہامش ردالمحتار كتاب الزكوة . ط.س. ج۲ص۲۵۸)

(٤) واما ان الملك غير شرط فيه بل الشرط ملك الخارج الخ ولان العشر يجب فی الخارج لا فی الارض فكان ملك الارض وعدمه سواء كما فی البدائع ( ردالمحتار باب العشر والخراج ج ۳ ص ۳۵۲ و ج ۳ ص ۳۵۳ .ط.س. ج٤ص۱۷۷)

## مصارف عشر کیا ہیں

(سوال ۵) عشر لینے کا مستحق کون ہوگا۔

(الجواب) جو مصرف زکوٰۃ کا ہے وہی عشر کا بھی ہے۔(۱)

## ارض مملوکہ مسلمین میں جہاں راجاؤں کو ٹیکس دیا جاتا ہے عشر واجب ہے

(سوال ٦) جو آراضی مملوکہ مسلمین ہیں اور راجاؤں کو باقی دینی پڑتی ہے اس میں عشر واجب ہے یا نہ۔

(الجواب) عشر واجب ہے۔(۲)

## عشری زمین اگر اجارہ پر دی جائے تو عشر کون ادا کرے

(سوال ۷) عشری زمین اگر اجارہ پر دے دی جائے تو اس صورت میں عشر مالک زمین ادا کرے یا کاشتکار۔

(الجواب) اس میں اختلاف ہے کہ عشر اس صورت میں مالک زمین پر ہے یا مستاجر یعنی کاشتکار پر، امام صاحب اول کے قائل ہیں۔ اور صاحبین دوسرے کے، حاوی میں ہے وبقولهما ناخذ شامی۔ یعنی حاوی میں صاحبین کے قول کو مختار کہا ہے بناء علیہ کاشتکار کل پیداوار کا عشر ادا کرے۔(۳) فقط۔

## بادشاہ اگر عشر نہ لے تو عشر ساقط نہیں ہوتا

(سوال ۸) ہماری زمین عشری ہے یا نہیں اگر ہے تو انگریز جو چار آنہ فی کنال ہم سے لیتے ہیں اس کو خراج کہا جائے گا یا اس کو اگر کہا جائے گا تو کس رو سے، اور ثانیاً یہ ہے کہ عشر کے لئے شرط زمین کا عشری ہونا کہ کسی بادشاہ اسلام نے اگر عشر رکھا ہو تو وہ عشری ہوگی اگر خراج رکھا ہے تو خراجی ہوگی، تو ہند اور پنجاب کی زمین پر کسی تواریخ سے معلوم نہیں ہوتا کہ فلاں بادشاہ نے یہاں عشر رکھا ہے خصوصاً جہانگیر و اکبر بادشاہ یا گذشتہ جو گذر چکے ہیں۔ ثالثاً یہ کہ دار الحرب ہے یا دار الاسلام۔ اگر دار الحرب ہے تو کیا دار الحرب میں عشر واجب ہے یا نہیں اور اگر دار الاسلام ہے تو کن شرائط سے دار الاسلام ہے، الغرض یہاں کے بعض علماء اس کے قائل ہیں کہ یہاں ہرگز عشر نہیں ہے اور بعض عشر کے قائل ہیں، آپ کی کیا رائے ہے۔

(الجواب) در مختار میں ہے وما اسلم اهله طوعاً او فتح عنوةً وقسم بين جيشنا الخ عشرية لانه اليق بالمسلم (۴) وفي ردالمحتار ولو قال بيننا يشمل ما اذا قسم بين المسلمين غير الغانمين فانه عشری لان الخراج لا يوظف على المسلم ابتداء قهستانى ...... شامى وفيه اى الدر المختار . ولو ترك العشراى السلطان لا يجوز اجماعا ويخرجه بنفسه للفقراء (۵) شامی در مختار میں ہے وذکرہ فی

(۱) اى مصرف الزكوة والعشر الخ هو فقير الخ ومسكين الخ وعامل الخ و مديون لا يملك نصابا فاضلا عن دينه الخ (باب المصرف ج ۲ ص ۷۹ ط.س ج ۲ ص ۳۳۹) ظفير

(۲) يجب العشر فى ارض غير خراج فى سقى سماء وسيح الخ ويجب نصفه فى سقى غرب ودالية الخ او سقاه بماء اشتراه (الدر المختار على هامش ردالمحتار باب العشر ج ۲ ص ٦٦ ط.س ج ۲ ص ۳۲۵) ظفير

(۳) والعشر على المؤجر كخراج موظف وقالا على المستاجر كمستعير مسلم وفى الحاوى و بقولهما ناخذ (در مختار) فلا ينبغى العدول عن الافتاء بقولهما ذلك (ردالمحتار باب العشر ج ۲ ص ۷۵ ط.س ج ۲ ص ۳۳٤) ظفير

(٤) الدر المختار على هامش ردالمحتار باب العشر والخراج ج ۳ ص ۳۵ ط.س ج ٤ ص ۱۷٦) ظفير

(۵) ردالمحتار باب العشر والخراج ج ۳ ص ۳۵۱ ط.س ج ٤ ص ۱۷٦) ظفير

الزکوة لا نه منها قال فی الفتح قیل ان تسمیته زکوٰة علی قولهما لا شتراطهما النصاب والبقاء بخلاف قوله ولیس بشیء اذا لا شك انه زکوٰة حتی یصرف مصارفها و اختلافهم فی اثبات، بعض شروط لبعض انواع الزکوٰة و نفیها لا یخرجه عن کونه زکوٰة الخ .(۱)ان عبارات سے چند امور معلوم ہوئے ایک یہ کہ مسلمان کی آراضی کا اصل وظیفہ عشر ہے، دوم یہ کہ اگر بادشاہ عشر نہ لیوے تو عشر ساقط نہیں ہوتا، بلکہ خود مالک زمین کو عشر نکالنا چاہئے اور فقراء کو دینا چاہئے، سوم یہ کہ عشر بھی زکوٰۃ ہے، پس جب کہ اصل وظیفہ مسلم کا عشر ہے تو جو آراضی مملوکہ مسلمین ہیں تو اصل میں وہ عشری تھی کہ سلاطین اہل اسلام نے ان کو فتح کر کے مسلمانوں کو دے دی تھی، یا ان کا حال سابق کچھ معلوم نہیں ہے ان دونوں صورتوں میں اگر در حقیقت کسی زمین میں عشر مقرر ہونا چاہئے اور بادشاہ اسلام نے یا غیر نے عشر مقرر نہ کیا تو اس سے عشر ساقط نہیں ہوتا اور وہ زمین عشری ہونے سے خارج نہیں ہوتی ہے اور جب کہ عشر بمنزلہ زکوٰۃ ہے تو جب کہ زکوٰۃ اموال پر ہر جگہ واجب ہے بلاد اسلام ہوں یا غیر اسی طرح عشر بھی ہر جگہ لازم ہوگا اور واضح ہو کہ زمین عشری سے اگر خراج لیا جاوے تب بھی عند اللہ عشر ساقط نہیں ہوتا ہے، لہذا صاحب زمین کو عشر نکال کر فقراء کو دینا چاہئے، الحاصل احوط بھی ہے کہ مسلمانان اپنی آراضی کی پیداوار زمین سے عشر ادا کریں۔ فقط۔

### عشری زمینوں میں دسواں حصہ ادا کرے

(سوال ۹) آراضی کی پیداوار میں کس حساب سے زکوٰۃ دینی چاہئے، دسواں حصہ یا کم وبیش خرچہ سال بھر کا نکال کر دی جاوے، یا کل پیداوار میں سے اجرت کٹائی وغیرہ نکال دی جاوے یا کیا۔ زکوٰۃ کے وقت مویشی زراعت بھی شمار ہوں گے یا نہیں، اگر پچاس تولہ چاندی اور سات تولہ سونا ہو تو کیا ان کی مجموعی رقم پر زکوٰۃ دی جاوے گی۔ یا جب تک ہر دو کا نصاب پورا نہ ہو جاوے۔ اور زکوٰۃ کس حساب سے دینی چاہئے، سادات کو زکوٰۃ دینا جائز ہے یا نہیں اور زکوٰۃ کے مستحق کون لوگ ہیں، ہر ایک کو کس قدر دینا چاہئے۔

(الجواب) عشری زمینوں میں اس زمانہ میں بھی عشر یعنی دسواں حصہ ادا کرنا ضروری ہے، اور مسلمانوں کے پاس جو زمین ہیں ان کو عشری سمجھنا چاہئے کیونکہ مسلمانوں کی آراضی کا اصل وظیفہ عشر ہے، اور عشر کل پیداوار میں سے دینا چاہئے، خرچہ کچھ نہیں نکالا جاتا، نہ اجرت کسی کی نکالی جاتی ہے، (۳) زراعت کے کام کے مواشی پر زکوٰۃ نہیں ہے، اسی طرح جو جانور گھر پر کھڑے ہو کر کھاتے ہیں ان پر بھی زکوٰۃ نہیں ہے، چاندی اور سونا دونوں ہوں تو دونوں کو جمع کر کے اگر نصاب پورا ہو جاوے مثلاً آدھا نصاب سونے کا ہو اور آدھا چاندی کا تو زکوٰۃ لازم ہے، اس زمانے میں نفع فقراء کا اس میں ہے کہ سونے کو بھی چاندی کی قیمت کر کے چاندی میں شامل کر کے زکوٰۃ دی جاوے، اور نصاب چاندی کا ۵۲ ½ تولہ اور ساڑھے سات تولہ سونا کا ہے، جس وقت نصاب پورا ہو جاوے

---

(۱) الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب العشر والخراج ج ۳ ص ۳۶۶ .ط.س. ج۲ص ۳۲۵) ظفیر .

(۲) ردالمحتار باب العشر ج ۲ ص ۶۵ و ج ۲ ص ۶۶ .ط.س. ج۲ص ۳۲۵ . ظفیر (۳) یجب العشر الخ فی مسقی السماء ای مطر وسیح الخ بلا شرط نصاب وبقاء یجب مع الدین الخ ویجب نصفه فی مسقی غرب ودالیة الخ بلا رفع مؤن الزرع وبلا اخراج البذر لتصریحهم بالعشر فی کل الخارج (در مختار) بلا رفع اجرة العمال ونفقة البقر و کری الانهار واجرة الحافظ ونحو ذالك (ردالمحتار باب العشر ج ۲ ص ۶۶ و ج۲ ص ۶۹ .ط.س. ج۲ص ۳۲۵) ظفیر

چالیسواں حصہ زکوٰۃ کا دینا چاہئے یعنی ہر سیکڑے میں سے ڈھائی واں حصہ دینا لازم ہے۔(۱) سادات کو زکوٰۃ دینا درست نہیں ہے، اگر ضرورت زیادہ ہو تو اس کے لئے شریعت میں یہ حیلہ ہے کہ کسی ایسے شخص کو جو غریب ہو صاحب نصاب نہ ہو اور سید نہ ہو اس کو زکوٰۃ دے دی جاوے اور مالک بنادیا جاوے۔ پھر وہ اپنی طرف سے سیدوں کو دے دے۔ یہ صورت جواز کی ہے، زکوٰۃ محتاجوں کو دینی چاہئے ایک شخص کو نصاب سے کم دینی چاہئے مثلاً ۵۲ ½ تولہ چاندی سے کم دی جاوے اگر کوئی شخص مقروض ہو اور کنبہ والا ہو اور ضرورت زیادہ ہو اس کو زیادہ دینا بھی جائز ہے۔ فقط۔

## عشری زمین میں دسواں حصہ اللہ واسطے نکالنا چاہئے

(سوال ۱۰) جو اراضی زیر تحت سرکار انگلشیہ ہے اور رعایا خراج اراضی سرکار انگریز بہادر کو ادا کرتی ہے تو اس اراضی کی پیداوار میں جو غلہ پیدا ہوتا ہے، اس غلہ کا کیا حکم ہے کہ کون سا حصہ زکوٰۃ ادا کیا جاوے، نیز خرچ زراعت و لگان سرکاری وغیرہ قبل ادائے زکوٰۃ منہا کیا جاوے یا نہ کیا جاوے۔

(الجواب) اگر وہ زمین عشری ہے تو دسواں حصہ اس میں سے اللہ واسطے نکالنا چاہئے، اور کل پیداوار سے نکالا جاوے خرچ زراعت و لگان سرکاری وغیرہ مجرا نہ کیا جاوے۔(۲) فقط۔

## پیداوار غلہ میں عشر کی مقدار

(سوال ۱۱) پیداوار غلہ سے کون سا حصہ زکوٰۃ ادا کرنا چاہئے۔ حضور نے اللہ واسطے تحریر فرمایا ہے، آیا اللہ واسطے کون سا حصہ یا کس قدر فی من ادا کرنا چاہئے۔

(الجواب) پہلے جواب میں یہ لکھ دیا تھا کہ زمین اگر عشری ہے تو دسواں حصہ اللہ واسطے دینا چاہئے یعنی اگر دس من غلہ ہو تو ایک من غلہ صدقہ کرنا چاہئے اور بیس من غلہ پیدا ہو تو دو من غلہ نکالنا چاہئے، اور محتاجوں کو دینا چاہئے۔(۳)

## بارانی و مالگذاری والی زمین میں عشر اور اس کی مقدار

(سوال ۱۲) جس زمین کی مال گذاری سرکار میں ادا کی جاتی ہے اور بارانی ہے اس کے غلہ میں سے عشر ادا کیا جاوے یا کیا اور خرچ زراعت و لگان سرکاری جو ادا کیا ہے مجرا ہو گا یا نہیں۔

(الجواب) اگر وہ زمین عشری ہے تو دسواں حصہ اس میں سے اللہ واسطے نکالنا چاہئے اور کل پیداوار زمین سے نکالا جاوے، خرچ زراعت و لگان سرکاری مجرا نہ کیا جاوے گا۔(۴)

---

(۱) نصاب الذهب عشرون مثقالا والفضة مائتا درهم كل عشرة دارهم وزن سبعة مثاقيل الخ والمعتبر وزنهما اداء و وجوبا لا قيمتهما واللازم فى مضروب كل منهما ومعموله ولو تبرا او حليا مطلقا وعرض تجارة قيمته نصاب من ذهب او ورق مقوما باحد هما ربع عشر فى كل خمس بحسابه ففى كل اربعين درهما درهم وفى كل اربعة مثاقيل قيراطان (الدر المختار على هامش ردالمحتار باب زكوة المال ج ۳ ص ۳۸ ط.س ج۲ص۲۹۵) ظفير. (۲) يجب العشر الخ فى مسقى سماء وسيح ويجب نصفه فى مسقى غرب ودالية الخ بالا رفع مئون الزرع وبلا اخراج البذر لتصريحهم بالعشر فى كل الخارج (الدر المختار على هامش ردالمحتار باب العشر ج ۲ ص ٦٦ و ج ۲ ص٦۹ ط.س ج۲ص۳۵۲) ظفير. (۳) دیکھئے شامی باب العشر ظفير ط.س ج۲ص۳۲۵. (٤) افادان ملك الارض ليس بشرط بوجوب العشر و انما الشرط ملك الخارج لانه يجب فى الخارج لا فى الارض (ردالمحتار باب العشر ج ۲ ص ٦۷) بلا رفع مئون الزرع و بلا اخراج البذر (در مختار) اى يجب العشر فى الاول ونصفه فى الثانى بلا رفع اجرة العمال ونفقة البقر و كرى الانها و اجرة الحافظ و نحو ذلك (ردالمحتار باب العشر ج ۲ ص ٦۹ ط.س ج۲ص۳۲۵) ظفير.

## عشر نکالنے میں اخراجات زراعت ولگان وضع ہوگا یا نہیں

(سوال ۱۳) جو آراضی زیر تحت انگلشیہ ہے اور رعایا خراج اراضی سرکار انگریز بہادر کو ادا کرتی ہے تو اس اراضی کی پیداوار میں جو غلہ پیدا ہوتا ہے اس غلہ کا کیا حکم ہے اور کون سا حصہ زکوۃ ادا کیا جاوے، و نیز خرچ زراعت و لگان سرکاری وغیرہ قبل ادا زکوۃ منہا کیا جاوے یا نہ کیا جاوے اور غلہ مذکور جس کی بابت سوال ہے وہ برسات سے سینچا گیا ہے، ڈول یا چرس یا نہر سے نہیں سینچا گیا۔

(الجواب) اگر وہ زمین عشری ہے تو دسواں حصہ اس میں سے اللہ واسطے نکالنا چاہئے اور کل پیداوار سے نکالا جاوے۔ خرچ زراعت ولگان سرکار وغیرہ مجرا نہ کیا جاوے۔(۱)

## غلہ کی پیداوار کا عشر

(سوال ۱۴) پیداوار غلہ سے کون سا حصہ زکوۃ ادا کرنا چاہئے، حضور نے اللہ واسطے فرمایا ہے آیا اللہ واسطے کون سا حصہ یا کس قدر فی من ادا کرنا چاہئے، بینوا توجروا۔

(الجواب) پہلے جواب یہ لکھ دیا تھا کہ زمین اگر عشری ہے تو دسواں حصہ اس کی پیداواری کا اللہ واسطے دینا چاہئے یعنی اگر دس من غلہ ہو تو ایک من غلہ صدقہ کرنا چاہئے اور بیس من غلہ پیدا ہو تو دو من غلہ نکالنا چاہئے اور محتاجوں کو دینا چاہئے۔(۲)

## عشری زمین کی تعریف اور عشر کس کے ذمہ ہے

(سوال ۱۵) زمین عشری کی کیا تعریف ہے اور کیا اپنی طرف سب زمین عشری ہے اور سب کا عشر دینا واجب ہے۔ حالانکہ سرکار بھی مال گذاری لیتی ہے اور جو زمین مہاجن سے مسلمان نے لی ہے اس کی آمدنی پر بھی عشر دیا جاوے اور عشر مالک کے ذمہ ہے یا کاشتکار کے، اگر مالک خود کاشت کرے تو کیا حکم ہے۔

(الجواب) عشری زمین کا مطلب یہ ہے کہ جس زمین میں عشر واجب ہو وہ عشری ہے جس وقت پورا حال معلوم نہ ہو جیسا کہ اس وقت ہے تو عموماً یہ حکم کیا جاتا ہے کہ مسلمانوں کی مملوکہ زمین کو عشری سمجھی جاتی ہے اور کفار کی مملوکہ آراضی خراجی، پس مسلمان کے پاس جو زمین مثلاً معافی کی چلی آتی ہے یا اس نے کسی مسلمان سے خریدی ہے وہ عشری ہے اور جو زمین کافر سے خریدی ہے وہ خراجی رہے گی۔ اور بعض حضرات نے ایسا بھی لکھا ہے کہ جب سرکار سب زمینوں کا محصول لیتی ہے تو سب خراجی ہی ہیں، مگر مقتضائے احتیاط یہ ہے کہ مسلمان اپنی آراضی مملوکہ میں عشر نکالیں، اگر زمین اجارہ پر دی گئی ہے تو امام صاحب کے نزدیک عشر مالک پر ہے، رقم اجارہ میں سے دسواں حصہ

(۱) یجب العشر الخ بلا رفع مئون الزرع و بلا اخراج البزر لتصریحهم بالعشر فی کل الخارج (در مختار) ای یجب العشر فی الاول ونصفه فی الثانی بلا رفع اجرة العمال ونفقة البقر وکری الانهار واجرة الحافظ ونحو ذلک (رد المحتار باب العشر ج ۲ ص ۶۹ ط.س. ج۲ ص۳۲۵) ظفیر

حصہ قبضہ کرے اگر مالک خود کاشت کرے تو تمام پیداوار کا دسواں حصہ نکالے۔ محصول سرکاری وغیرہ کچھ وضع نہ ہوگا۔(۱)

## بٹیداری والی زمین کا عشر کیا ہے اور کس کے ذمہ ہے

(سوال ۱۶) مسلمان مزارعین پر خواہ زمیندار ہوں یا کاشتکار پیداوار زراعت میں یکساں زکوٰۃ فرض ہے یا کچھ فرق ہے اور کس قدر زکوٰۃ دینی چاہئے۔

(الجواب) زمین کی پیداوار کی زکوٰۃ دسواں حصہ ہے، یہ عشر کہلاتا ہے، لیکن شرط یہ ہے کہ زمین عشری ہو خراجی نہ ہو، مزارعت کی صورت میں یعنی بٹائی کی صورت میں عشر دونوں پر ہے یعنی جس قدر غلہ مالک زمین کے حصہ میں آوے اس کا عشر وہ دیوے اور جس قدر کاشتکار کے حصہ میں آوے اس کا عشر وہ دیوے۔(۲)

## عشر نکالتے وقت سرکاری خراج منہانہ کیا جائے گا

(سوال ۱۷) ممالک متحدہ آگرہ و اودھ میں کوئی آراضی ایسی نہیں ہے جو پرمتہ مال گذاری سرکار سے مستثنیٰ ہو، پس حالت متذکرہ زمیندار یا کاشتکار کو پیداوار آراضی سے غلہ بقدر رقم مال گذاری سرکار یا لگان زمیندار خارج کر کے بقیہ غلہ پر زکوٰۃ دینی یا کل پیداوار پر بلا منہائے رقم مال گذاری وغیرہ۔

(الجواب) زمین عشری ہے تو کل پیداوار کا دسواں حصہ دینا چاہئے خرچ سرکاری وغیرہ منہانہ کیا جاوے۔(۳)

## خراجی زمین میں عشر کا

(سوال ۱۸) مولانا عبدالحی صاحب در مجموعہ فتاویٰ جلد دوم ص ۳۱۸ نوشتہ اند کہ ہر کہ در زمین مملوکہ خود بآب باراں کاشت کرد عشر غلہ بر وواجب الادا است مگر در صورتیکہ خراج زمین مذکورہ حکام وقت دادہ شود در آں وقت عشر ساقط است حکم عبارت ردالمحتار وغیرہا لا یجتمع العشر مع الخراج انتہی، تفصیل ایں مسئلہ چگونہ است وقولہ لا یجتمع مع الخراج چہ معنی دارد۔

(الجواب) معنی قولہ لا یجتمع العشر مع الخراج انه لا یوخذ من الارض الخراجیة العشر ولا من العشریة الخراج ولکن ان اخذ من العشریة الخراج فهل یسقط العشر فهو محل تامل پس ظاہر آں است کہ مولانا عبدالحی صاحب مرحوم حکم زمین خراجی نوشتہ اند کہ اگر از زمین خراجی حکام خراج گرفتند ادائے عشر لازم نہ خواہد شد لیکن اگر از زمین عشری۔

---

(۱) ارض العرب الخ وما اسلم اهله طوعا او فتح عنوة وقسم بین جیشنا الخ عشریة لانه الیق بالمسلم (درمختار) ای الارض التی اسلم اهلها قوله الیق بالمسلم ای کافیه من معنی العبادة وکذا هو الیها حیث یتعلق بنفس الخارج (ردالمحتار باب العشر والخراج ج ۳ ص ۳۵۰ و ج ۳ ص ۳۵۱ ط.س ج ٤ ص ۱۷٦) ظفیر۔

(۲) والعشر علی الموجر کخراج موظف وقالا علی المستاجر کمستعیر مسلم وفی الحاوی وبقولهما ناخذ وفی المزارعة ان کان البذر من رب الارض فعلیه ولو من العامل فعلیهما بالحصة (درمختار) قال فی النهر ولو دفع الارض العشریة مزارعة ان البذر من قبل العامل فعلی رب الارض وقالا فی الزرع لصحتها وقد اشتهر ان الفتوی علی الصحة الخ والحاصل العشر عند الامام علی رب الارض مطلقا وعندهما کذلک لو البذر منه ولو من العامل فعلیهما (ردالمحتار ج ۲ ص ۷۵ و ج ۲ ص ۷٦ ط.س ج ۲ ص ۳۳٤) ظفیر۔

(۳) یجب العشر فی الاول (ای ما سقی بماء المطر والسیح) ونصفه فی الثانی (ای فی مسقی غرب ودالیة) بلا دفع اجارة العمال ونفقة البقر وکری الانهار واجرة الحافظ ونحو ذلک (ردالمحتار باب العشر ج ۲ ص ٦۹ ط.س ج ۲ ص ۳۲۵)

خراج گرفتہ شد ظاہر آں است کہ دیانۃً بذمہ مالک ادائے عشر لازم است۔(۱) فقط۔

## سرکاری محصول سے عشر ساقط نہیں ہوتا

(سوال ۱۹) سرکار زمین سے جو محصول لیتی ہے اس سے عشر ساقط ہوتا ہے یا نہ۔

(الجواب) عشری زمین سے محصول لینا مسقط عشر نہیں ہے۔ ہذا ہوالاحتیاط۔ ہاں اگر زمین عشری ہی نہ ہو بلکہ خراجی ہو تو محصول دینا کافی ہے یعنی عشر اس میں واجب نہیں ہے۔(۲) فقط۔

## سرکاری جنگل، حکومت کی عطیہ زمین اور کافر سے خریدی ہوئی زمین کا حکم

(سوال ۲۰) میرے پاس تین قسم کی زمین ہے ان میں سے کون سی زمین پر خراج ہے اور کون سی زمین پر عشر یا کیا۔ قسم اول جنگل سرکاری پڑا ہوا تھا، سرکار میں درخواست کی گئی وہ مجھے ملی اور میری ملک میں ہے، قسم دوم ہے ایک کافر سے خریدی گئی ہے جو میری ملک ہے قسم سوم سرکاری زمین مثلاً ایک سال یا زیادہ کے لئے زراعت کے واسطے دی جاتی ہے۔

(الجواب) در قسم اول زمین عشر لازم است لان العشر الیق بالمسلم وما اسلم اهله طوعا او فتح عنوة وقسم بین جیشنا والبصرة ایضاً باجماع الصحابة عشریة لا نه الیق بالمسلم ای لما فیه من معنی العبادة ردالمحتار (۳) وفیه لو ان المسلم اوا لذمی سقا ها مرة بما ء العشر و مرة بماء الخراج فالمسلم احق بالعشر والذمی بالخراج الخ ۔(۴) ودر قسم دوم خراج است اواشتری مسلم من ذمی ارض الخراج تجب الخراج الخ در مختار۔(۵) در مختار ودر قسم سوم عشر در خارج لازم است لانهم صرحوا بان الملك غیر شرط فیه بل سبب وجوبه الارض النامیة وشرط ملك الخارج ای لا ملك الارض كما فی الار اضی الموقوفة كذافی ر د المحتار۔(۶) فقط۔

(۱) اخذ البغاة والسلا طین الجائرة زكاة الا موال الظاهرة كالسوائم والعشر والخراج لا اعادة علی اربابها ان صرف الماخوذ فی محله والا یصرف فیه فعلیهم فیما بینهم وبین الله اعادة الخراج لانهم مصارفه (در مختار) اما السلطان الجائر فله ولایة اخذها وبه یفتی الخ نعم ذكر فی المعراج عن كثیر من المشائخ بلخ انه كالبغاة لا نه لا یصرفه الی مصارفه وفی الهدایة انه الا حوط (ردالمحتار باب زكوة الغنم ج ۲ ص ۲۲ ط.س. ج۲ص۲۸۸)

(۲) اخذ البغاة والسلاطین الجائرة زكاة الا موال الظاهرة كالسوائم والعشر والخراج لا اعادة علی اربابها ان صرف الماخوذ فی محله والا یصرف فیه فعلیهم فیما بینهم وبین الله اعادة غیر الخراج (در مختار) قوله فعلیهم ای دیانة قال فی الهدایه وافتوبان یعیدوها دون الخراج لكن هذا فیما اخذه البغاة لتعلیلهم بان البغاة لا یا خذون بطریق الصدقة بل بطریق الاستحلال فلاب فونها الی مصارفها ا ه اما السلطان الجائر الخ ذكر فی المعراج عن كثیر من مشائخ بلخ انه كا لبغاة لا یصرفه الی مصارفه وفی الهدایة انه الا حوط (ردالمحتار باب زكوة الغنم ج ۲ ص ۳۲ ط.س. ج۲ص۲۸۸) ظفیر

(۳) ردالمحتار باب العشر و الخراج ج ۳ ص ۳۵۰ و ج ۳ ص ۳۵۱ ط.س. ج۴ص۱۷۶) ظفیر

(۴) دیکھئے ردالمحتار باب العشر و الخراج ج ۳ ص ۳۵۱ ط.س. ج۴ص۱۷۶) ظفیر

(۵) الدر المحتار علی هامش ردالمحتار باب العشر والخراج ج ۳ ص ۳٦٤ ط.س. ج۴ص۱۹۱ ظفیر۔

(۶) دیکھئے ردالمحتار باب العشر ج ۲ ص ٦٧ ط.س. ج۲ص۳۲۵۔ الفاظ یہ ہیں افادان ملك الارض لیس بشرط لو جوب العشر وانما الشرط ملك الخارج لا نه یجب فی الخارج لا فی الارض فكان ملكه لها وعد مه سواء الخ لان سببه الارض النامیة بالخارج تحقیقاً (ردالمحتار باب العشر ج ۲ ص ٦٧ ط.س. ج۲ص۳۲۵) ظفیر۔

## عشری وخراجی زمین کی تعریف

(سوال ۲۱) کون سی زمین عشری ہے اور کون سے خراجی اگر زمین عشری سے خراج سرکاری لے لیا جاوے تو عشر ساقط ہو جاتا ہے یا نہ۔

(الجواب) اراضی مملوکہ مسلمانان راکہ حال آنہا معلوم نیست احتیاط عشری باید شمرد و عشر از آنھا باید داد واز زمین عشری اگر خراج گرفتہ شود عشر ساقط نمی شود۔ فقط (عشری زمین وہ ہے جو ہمیشہ سے مسلمانوں کے قبضہ میں رہی ہو خواہ بخوشی ابتداء میں مسلمان ہوا ہو یا وہ قوت کے ذریعہ فتح حاصل ہوئی ہو اور مسلم فوج میں تقسیم کر دی گئی ہو اور کبھی غیر مسلم کی ملکیت میں نہ گئی ہو اور خراجی وہ زمین ہے جو کافروں کے قبضہ اور ملکیت میں رہی ہو یا چھوڑ دی گئی ہو خواہ مسلمانوں نے ان سے خرید لی ہو۔(۱) ظفیر)

## جو مسلمان عشر نہ نکالے

(سوال ۲۲) عشر نہ دینے والا دیندار مسلمان ہے یا کیا۔ بینوا توجروا۔

(الجواب) عشر نہ دینے والا باوجود وجوب عشر کے ایسا ہی گناہ گار ہے جیسا کہ زکوۃ نہ دینے والا گناہ گار اور فاسق ہوتا ہے۔ کافر نہیں ہے۔(۲) فقط۔

## زمین کی قسمیں اور ان کے عشر کا حکم

(سوال ۲۳) کیا فرماتے ہیں علمائے دین ان زمینوں کے بارے میں جو ہنوز تو آباد ہوئی ہیں یا ہو رہی ہیں جیسے ملک پنجاب میں نہر لائل پور و سرگودھا آباد شدہ و نہر منٹگمری اب آباد ہو رہی ہے کہ آیا ان زمینوں پر عشر ہے یا نہیں، باقی بحیثیت محنت و مشقت و محصول سرکاری کے لحاظ سے تو یہ زمین سے چاہے زائد ہیں، اس لئے کہ چاہی زمین کا محصول تو ۴ کنال ہے پنجاب میں اور ان زمینوں کا محصول عنصر کنال ہے و علی ہذا القیاس اضافہ محنت کہ کبھی انسان مربعہ کے کام سے تحصیل تفریح بالکلیہ نہیں کر سکتا، بینوا توجروا۔

(الجواب) شامی میں منقول ہے احتراز اعما وجد فی دارالحرب فان ارضها لیست ارض خراج او عشر الخ ۔(۳) اس روایت کے موافق عشر لازم نہیں، لیکن اگر ایسی اراضی دار اسلام میں ہوں گی تو عشر ہی ہوں گی ان میں عشر دینا لازم ہوگا، لہذا اگر احتیاطاً دیا جاوے تو عشر دیا جاوے۔(۴)

---

(۱) ارض العرب وهي من حد الشام والكوفة الى اقصى اليمن وما اسلم اهله طوعاً او فتح عنوة وقسم بين جيشنا والبصرة ايضا باجماع الصحابة عشرية لا نه اليق بالمسلم الخ وما فتح عنوة ولم يقسم بين جيشنا الا مكة اقر اهله عليه او نقل اليه كفار اخر او فتح صلحا خراجية لا نه اليق بالكافر (الدر المختار على هامش ردالمحتار باب العشر و الخراج ج ۳ ص ۳۵۰ و ج۳ ص ۳۵۲ ط.س. ج٤ ص۱۷٦) ظفير.

(۲) يجب العشر الخ (درمختار ط.س. ج۲ ص۳۲۵).

(۳) ردالمحتار باب الركاز ج ۲ ص ٦۱ ط.س. ج۲ ص ۳۲۰ ظفير.

(٤) فيدخل فيه المفاوز و ارض الموات فانها اذا جعلت صالحة للزراعة كانت عشرية او خراجية (ايضاً) پہلے مفتی علام عشری زمین میں عشر کو واجب اور ضروری قرار دیا کرتے تھے لیکن جب سے شامی کا یہ جزیہ ملا یا سامنے آیا اس وقت سے رائے بدل گئی۔ ظفیر۔

## ہندوستان میں عشری وخراجی زمین اور اس کا حکم

(سوال ۲۴) پنجاب میں ممات زمین کا احیاء انگریزوں نے پنجابیوں سے کرلیا ہے، نہریں انگریزی خرچ سے تیار ہوئی ہیں، آباد خود کاشتکار کرتے ہیں، بعض کاشتکاروں سے سرکار نے قیمت لے کر زمین ان کی ملک کردی ہے، بیع، ہبہ وغیرہ کا ان کو اختیار دے دیا ہے محصول معین لیتے ہیں اور جن سے قیمت وصول نہیں ہوئی سرکار نے ان کو موروثی قرار دیا ہے، ان کو بیع وغیرہ کا اختیار نہیں، ان سے محصول زیادہ لیتے ہیں یہ دونوں قسم کی زمین عشری ہے یا خراجی اور اجارہ کی صورت میں عشر مالک پر ہے یا مستاجر پر اور مزارعت کی صورت میں کس پر بینوا توجروا۔

(الجواب) اراضی دارالحرب کو علامہ شامی نے عشری اور خراجی ہونے سے خارج کیا ہے جیسا کہ وہ لکھتے ہیں ویحتمل ان یکون احترازا عما وجد فی دارالحرب فان ارضھا لیست ارض خراج او عشر الخ شامی باب الرکاز۔(۱) غالباً اسی بناپر قاضی ثناء اللہ پانی پتی نے مالابد منہ میں اراضی ہندوستان کو عشری قرار نہیں دیا، باقی اس میں کچھ شبہ نہیں کہ عشر دینا احوط ہے۔ اور زمین عشری کو اگر اجارہ پر دیا جاوے یا مزارعت پر تو اجارہ کی صورت میں امام صاحب موجر پر اور صاحبین مستاجر پر عشر واجب فرماتے ہیں والعشر علی الموجر الخ وقالا علی المستاجر وفی الحاوی وبقولھما ناخذ الخ۔(۲) اور مزارعت کی صورت میں عشر دونوں پر بقدر حصہ ہے۔ فقط۔

## سرکاری لگان دینے سے عشر ادا ہوتا ہے یا نہیں

(سوال ۲۶) یہاں کے لوگ عشر نہیں دیتے بلکہ یہ کہتے ہیں کہ ہم بادشاہ کو عشر دیتے ہیں، بتائیے کہ کفار یا بادشاہ کے عشر دینے سے ادا ہو جاتا ہے یا نہیں۔

(الجواب) عشر کے مصارف زکوٰۃ کے مثل ہیں مسلمان محتاجوں کو دینا چاہئے، کافروں کو دینے سے عشر ادا نہ ہوگا۔(۳)

## کفار سے خریدی ہوئی زمین میں عشر نہیں ہے

(سوال ۲۶) میرے باپ نے ۷۰ ایکھ زمین کفار سے خریدی تھی اس میں کچھ باغ ہے اور کچھ زمین ٹھیکہ پر دے رکھی ہے کچھ میں خود کاشت کرلیتا ہوں، اب یہ امر دریافت طلب ہے کہ اس زمین میں عشر آوے گا یا نہیں۔

(الجواب) کفار سے جو زمین خریدی جاوے وہ عشری نہیں ہے۔(۴) فقط

---

(۱) ردالمحتار باب الرکاز ج ۲ ص ۶۱۔ ط۔س۔ ج۲ص ۳۲۰ (۲) الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب العشر ج ۲ ص ۷۴ و ج۲ ص ۷۵۔ ط۔س۔ ج۲ص ۳۳۴۔ ظفیر (۳) اخذ البغاة والسلاطین الجائرة زکوة الاموال الظاهرة کالسوائم والعشر و الخراج لااعادة علی ربها ان صرف الماخوذ فی محله الخ وان لا یصرف فیه فعلیهم فیما بینهم وبین الله اعادة غیر الخراج (درمختار) اما السلطان الجائر الخ ذکر فی المعراج عن کثیر من مشائخ بلخ انه کالبغاة لانه لا یصرفه الی مصارفه وفی الهدایه انه الاحوط (ردالمحتار باب زکاة الغنم ج ۲ ص ۳۲۔ ط۔س۔ ج۲ص۲۸۸) ظفیر (۴) اواشتری مسلم من ذمی ارض خراج یجب الخراج ولو منعه انسان من الزراعة (در مختار وقد صح ان الصحابة اشتروا اراضی الخراج وکانوا یؤدون خراجها (ردالمحتار باب العشر و الخراج ج۳ ص ۳۶۴۔ ط۔س۔ ج۴ص ۱۹۱)

## عشر کے لئے صاحب نصاب ہونا ضروری ہے یا نہیں

(سوال ٢٧) کھیتی کا عشر صاحب نصاب پر واجب ہے یا سب پر۔

(الجواب) اگر زمین عشری ہے تو صاحب نصاب اور غیر صاحب نصاب دونوں عشر نکالے اور محتاجوں کو دے۔(١) اور جو فقیر مانگنے والے ہیں اگر وہ صاحب نصاب ہیں تو ان کو عشر وز کوۃ دینا درست نہیں ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

## پیداوار میں اخراجات وضع کر کے عشر نکالا جائے یا بغیر وضع کے

(سوال ٢٨) عشری زمین میں جو مزدوروں کو مزدوری ادا کی گئی ہے تو اس کا حساب عشر میں وضع کیا جاوے گا یا نہیں۔

(الجواب) عشر میں مزدوروں کی مزدوری اور دیگر اخراجات کا حساب نہیں ہوتا یعنی مزدوروں کی مزدوری وغیرہ کی وجہ سے عشر میں کمی نہ ہوگی لہذا دسواں حصہ اس میں سے دینا چاہئے، درمختار میں ہے بلا رفع مئون ...... وبلا اخراج البذر لتصريحهم بالعشر في كل الخارج الخ والله تعالىٰ اعلم۔(٢)

## زمینداروں کو جو مال گزاری ادا کرتے ہیں ان کی زمین کا عشر

(سوال ٢٩) عشری زمین کسے کہتے ہیں اور خراجی زمین کسے کہتے ہیں، جو لوگ زمینداروں کو مال گزاری ادا کرتے ہیں ان لوگوں پر کس حساب سے غلہ میں صدقہ واجب ہے۔

(الجواب) شامی کی تصریح سے معلوم ہوتا ہے کہ ہندوستان کی زمین عشری وخراجی نہیں ہیں، اگر احتیاطاً عشر دے تو بہتر ہے، اور جو لوگ زمیندار کو مال گزاری ادا کرتے ہیں اس میں اختلاف ہے کہ عشر کس پر واجب ہے، امام صاحب زمیندار پر عشر واجب قرار دیتے ہیں اور صاحبین مستاجر پر۔ اور درمختار میں ہے وبقولهما نا خذ. اور شامی نے بھی بعد تفصیل وتحقیق کے صاحبین کے قول کو ترجیح دی ہے اور مفتی بہ وماخوذ بہ کیا ہے حیث قال فلا ينبغي العدول عن الا فتاء بقولهما ذلك۔(٣)

## تمباکو میں بھی عشر ہے اگر زمین عشری ہو

(سوال ٣٠) اگر کسی شخص نے اپنی زمین میں تمباکو بویا تو اس کی پیداوار میں عشر لازم ہوگا یا نہ۔

(الجواب) اگر زمین عشری ہے تو عشر اس میں سے لازم ہوگا۔(٤)

---

(١) يجب العشر بلا شرط نصاب وبلا شرط بقاء حولان حول (درمختار) ثبت ذلك بالكتاب والسنة والاجماع والمعقول اے يفترض لقوله تعالى وآتو احقه يوم حصاده فان عامة المفسرين على انه العشر او نصفه وهو مجمل بينه قوله صلى الله عليه وسلم ما سقت السماء ففيه العشر وما سقى بغرب او دالية ففيه نصف العشر (ردالمحتار باب العشر ج ٢ ص ٦٦ و ج ٢ ص ٦٧ ط.س. ج٢ ص٣٢٦) ظفير.

(٢) الدر المختار على هامش رد المحتار باب العشر ج ٢ ص ٦٩ و ج ٢ ص ٧٠ ط.س. ج٢ ص٣٢٨. ظفير.

(٣) ردالمحتار باب العشر ج ٢ ص ٧٤ و ج ٢ ص ٧٥ ط.س. ج٢ ص٣٣٤. ظفير.

(٤) على انه عند ابى حنيفة يجب العشر في الخضروات (ردالمحتار باب العشر ج ٢ ص ٦٦ ط.س. ج٢ ص٣٢٧) ظفير

## جس کے پاس بقدر کفاف زمین ہو اس پر بھی عشر ہے

(سوال ۳۱) بکر اپنی تھوڑی سی مملوکہ زمین کو خود کاشت کرتا ہے اور وہ ذریعہ رزق اس کے بال بچوں کا ہے اس پر کھیتی کی پیداوار میں عشر واجب ہے یا نہیں۔

(الجواب) عشر و نصف عشر اس پر واجب ہے۔(۱)

## جس غلہ کا عشر نہ نکالا جاوے

(سوال ۳۲) زید نے غلہ کا دسواں حصہ زکوٰۃ نہیں نکالی تو وہ غلہ حرام ہو گیا یا حلال۔

(الجواب) وہ غلہ حلال ہے، زید زکوٰۃ نہ دینے سے گناہ گار اور فاسق ہو جاوے گا۔

## خراجی زمین میں عشر نہیں

(سوال ۳۳) کتاب الفاروق مصنفہ مولانا شبلی نعمانی کے ملاحظہ سے ظاہر ہوتا ہے کہ جس زمین پر خراج ہو اس پر عشر واجب نہ تھا۔ بینوا توجروا۔

(الجواب) فقہاء حنفیہ نے ایسا ہی لکھا ہے کہ جس زمین سے محصول لیا جاوے اس میں عشر نہیں ہے۔(۲) فقط۔

## عشر سے متعلق قرآن میں حکم

(سوال ۳۴) کیا فرماتے ہیں علماء دین متین اس مسئلہ میں کہ جس طرح صلوٰۃ اور زکوٰۃ کے متعلق قرآن شریف میں اقیموا الصلوٰۃ و اتوا الزکوٰۃ صراحت سے مذکور ہے اسی طرح عشر کے متعلق کوئی آیت کریمہ ہے یا نہیں، ہندوستان میں عشر واجب ہے کہ نہیں۔ بینوا توجروا۔

(الجواب) عشر کے وجوب کو مفسرین نے آیۃ و اتوا حقه، یوم حصاده.(۳) سے ثابت فرمایا ہے، لہذا زمین عشری میں عشر لازم ہوگا فقط واللہ اعلم۔

## اراضی ہندوستان میں عشر

(سوال ۳۵) ہندوستان میں عشر واجب ہے یا نہیں۔

(الجواب) روایات اس قسم کی بھی ہیں کہ عشر واجب نہ ہو اور عموم ادلہ اس کو مقتضی ہیں کہ عشر واجب ہو پس احوط یہ ہے کہ عشر دینا چاہئے۔(۴)

---

(۱) بلا شرط نصاب و بقاء (درمختار) فیجب فیما دون النصاب بشرط ان یبلغ صاعا وقیل نصفه وفی الخضروات التی لا تبقی وهو قول الامام وهو الصحیح (ردالمحتار باب العشر ج ۲ ص ۶۷. ط.س. ج۲ص۳۲۶) ظفیر

(۲) یجب العشر ارض غیر الخراج (در مختار) اشارالی ان المانع من وجوبه کون الارض خراجیة لا نه لا یجتمع العشر والخراج (ردالمحتار باب العشر ج ۲ص ۶۶. ط.س. ج۲ص۳۲۵.) ظفیر.

(۳) سورۃ الانعام رکوع ۱۷.

(۴) ویحتمل ان یکون احترازا عما وجد فی دارالحرب فان ارضها لیست ارض خراج او عشر (ردالمحتار باب الرکاز ج ۲ ص ۶۱. ط.س. ج۲ص ۳۲۰) یجب العشر فی ارض غیر خراج (در مختار) ای یفترض لقوله تعالی واتوا حقه یوم حصاده الخ وهو مجمل بینه قوله صلی اللہ علیه وسلم ما سقت السماء ففیه العشر و ما سقی بغرب اودالیة ففیه نصف العشر الخ (ردالمحتار باب العشر ج ۲ ص ۶۶. ط.س. ج۲ص۳۲۵) ظفیر.

## سالانہ لگان والی زمین کی پیداوار میں عشر

(سوال ۳۶) زید نے ایک زمیندار سے بیس روپیہ سالانہ لگان پر کاشت کرنے کے لئے زمین لی ہے اور پینتیس روپیہ اس کی سینچائی وغیرہ میں صرف ہوا ہے، پیداوار سو روپیہ کا ہے زید کو اس میں کس قدر زکوۃ دینی ہوگی۔

(الجواب) اس صورت میں اگر زمین عشری ہے تو دسواں حصہ پیداوار کا اس کو فقراء کو دینا چاہئے، جس قدر پیداوار ہوئی مثلاً سو روپیہ کے اس کا دسواں حصہ دینا ہوگا۔

## زمیندار کاشتکار دونوں پر بقدر حصہ عشر ہے

(سوال ۳۷) الف نے اپنی زمین جو بارانی ہے عمر کو اس شرط پر کاشت کو دے دی کہ کاشت پر تخم جس قدر خرچ ہوگا وہ ادا کروں گا اور پیداوار حصہ نصف نصف تقسیم کرلیں گے لگان سرکاری بھی الف ادا کرتا ہے، کل پیداوار زمین بالا سے بائیس من غلہ حاصل ہوا جو نصف حصہ ۱۱ من الف کو ملا، اجرت کلیانہ تقریباً ایک من اس کے علاوہ مشترک دی گئی گویا کل پیداوار زمین ہذا ۲۳ من ہوئے، کیا الف پر عشر واجب ہے اور کس قدر، ساری پیداوار کا عشر الف مالک زمین ہی ادا کرے یا صرف اپنے اپنے حصہ کا دیں گے یا لگان والی زمین کی وجہ سے عشر ساقط ہو جائے گا۔

(الجواب) زمین عشری میں اگر وہ زمین زراعت پر دی جاوی جیسا کہ صورت مسئولہ میں ہے عشر زمیندار و کاشتکار پر بقدر اپنے اپنے حصہ کے واجب ہوتا ہے اور ایک من جو اجرت میں مشترک صرف ہوا ہے اس کا عشر دونوں پر واجب ہے۔(۲) اور یہ بھی فقہاء نے لکھا ہے کہ جو زمین خراجی ہو اس میں عشر واجب نہیں ہوتا ہے۔(۳) فقط

## ہندوستان کی زمین عشری ہے یا خراجی

(سوال ۳۸) ہندوستان کی زمین عشری ہے یا خراجی اس میں قول فیصل کیا ہے

(الجواب) شامی کی عبارت سے معلوم ہوتا ہے کہ ہندوستان کی زمین نہ عشری ہے نہ خراجی وعبارتہ فان ارضھا لیست ارض خراج اوعشر الخ. ص ٤٥ شامی جلد ثانی باب العاشر۔ فقط۔

## بٹائی والی زمین میں عشر

(سوال ۳۹) ہندوستان میں جو لوگ زمیندار ہیں اور خود کاشت نہیں کرتے، رعایا کاشت کرتی ہے، زمیندار کو جو روپیہ رعایا سے ملتا ہے اسی میں سے مال گذاری سرکاری ادا کر کے باقی زمین دار اپنے صرف میں لاتے ہیں، ایسے زمینداروں پر بعد ادا مال گزاری کے کیا اور بھی کوئی حق شرعی خراج وغیرہ ادا کرنا لازم ہے یا کیا؟

(الجواب) جن آراضی میں خراج یعنی محصول سرکاری دیا جاتا ہے ان میں عشر یعنی دسواں حصہ دینا ضروری نہیں ہے، اگر دیوے بہتر ہے اور تفصیل اس کی یہ ہے کہ دوسروں سے کاشت کرانے کی دو صورتیں ہیں ایک یہ کہ نقد

---

(۱) یجب العشر ویجب نصفه فی مسقی غرب او دالیة ای دولاب لکثرة المؤنة الخ او سقاه بماء اشتراه (الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب العشر ج ۲ ص ٦٨ و ج ۲ ص ٦٩. ط.س. ج۲ ص ۳۲۵) اس سے معلوم ہوا کہ اگر سینچائی قیمتاً ہوئی ہے تو نصف عشر یعنی بیسواں حصہ دینا ہوگا۔ ظفیر۔ (۲) وفی المزارعة ان کان البذر من رب الارض فعلیه ولو من العامل فعلیهما بالحصة (الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب العشر ج ۲ ص ٧٥ ط.س. ج۲ ص ۳۳۵) ظفیر۔

(۳) لئلا یجتمع والخراج (الدر المختار علی هامش ردالمحتار ج۲ ص ٦٦ ط.س. ج۲ ص ۳۲۵) ظفیر۔ (٤) رد المحتار باب الرکاز ج ۲ ص ٦١ ط.س. ج۲ ص ۳۲۰) ظفیر

روپیہ پر بطریق اجارہ زمین دی جاوے، دوسرے یہ کہ بٹائی غلہ پر دی جاوے ثانی صورت میں اگر تخم مزارع کا ہے تو ہر یک مالک و مزارع اپنے اپنے حصہ کے غلہ میں دسواں حصہ دیویں اور پہلی صورت میں اجر مستاجر پر ہے اور قول صاحبین کا ہے اور اس پر در مختار میں فتویٰ نقل کیا ہے۔ والعشر علی الموجر کخراج موظف وقالا علی المستاجر کمستعیر مسلم وفی الحاوی وبقولهما ناخذ و فی المزارعة ان کان البذر من رب الارض فعلیه ولو من العامل فعلیهما بالحصة (۱) وفی الشامی قوله ارض غیر الخراج ، اشار الی ان المانع من وجوبه کون الارض خراجیة لانه لا یجتمع العشر و الخراج الخ۔(۲) ج ۲ ص ۴۹ باب العشر

## باغ میں عشر ہے یا نہیں

(سوال ۴۰) اسی طرح پر جن لوگوں کے پاس آم وغیرہ کے باغ ہیں ان کو بھی کوئی حق شرعی ادا کرنا ہے تو اس کی صراحت فرمائی جاوے۔

(الجواب) اس میں بھی وہی حکم ہے کہ اگر اس زمین میں محصول سرکاری دیا جاتا ہے تو باغ کے پھلوں پر عشر نہیں ہے۔ فقط۔

## زمین کی زکوٰۃ کس طرح ادا کی جائے

(سوال ۴۱) پیداوار کی زکوٰۃ کیوں کر ہے، اگر کسی کے پاس نقد اور مال نہ ہو مکان اور زمین سیکڑوں اور ہزاروں روپیہ کی ہے اس کی زکوٰۃ کس طرح ہے بینوا توجروا۔

(الجواب) اگر زمین عشری ہے تو اس کے غلہ میں دسواں حصہ نکالنا اللہ کے واسطے لازم ہوتا ہے۔(۳) اور مکان مسکونہ وغیرہ اگرچہ سیکڑوں ہزاروں روپیہ کا ہو اس میں کچھ زکوٰۃ نہیں ہے۔(۵) فقط

## ہندوستان کی زمین نہ عشری ہے نہ خراجی

(سوال ۴۲) زمین مزروعہ ہندوستان جو اب زیر حکومت انگریزوں کے ہے عشری ہے یا خراجی، بہر دو تقدیر جب کہ ٹھیکہ ادا کیا جاوے عشر فرض ہوگا یا خراج یا کچھ نہیں، بصورت وجوب جن زمینوں پر سرکار نہر کا پانی پہنچاتی ہے اور آب پاشی بصورت قیمت پانی کے لیتی ہے ایسے زمین کا عشر دینا ہوگا یا نصف عشر، بصورت وجوب کیا یہ ہو سکتا ہے کہ بقدر ٹھیکہ سرکاری کاٹ کر باقی کا عشر فرض ہو، ریاست بھاولپور کی زمین کا حکم جس کا حکمران مسلمان ہے اور مستفسر دیگر مذکورہ میں باقی زمین جیسا ہے یا کہ متفاوت۔

---

(۱) الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب العشر ج ۲ ص ۷۴ و ج ۲ ص ۷۵ ط.س. ج۲ص۳۳۴) ظفیر
(۲) ردالمحتار باب العشر ج ۲ ص ٦٦ ط.س. ج۲ص۳۲۵ظفیر. (۳) یجب العشر فی ارض غیر الخراج الخ بلا شرط نصاب وبقاء حولان حول (الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب العشر ج ۲ ص ٦٦ ط.س. ج۲ص۳۲۵ - ۳۲٦) ظفیر. (٤) یجب العشر غیر الخراج الخ بلا شرط نصاب وبقاء حولان حول — (الدر المختار علی هامش رد المحتار باب العشر ج ۲ ص ٦٦ ط.س. ج۲ص۳۲۵) ظفیر
(۵) ولا (زکوة) فی ثیاب البدن المحتاج الیها الخ واثاث المنزل و دور السکنی ونحوها و کذالکتب اذا لم تنو التجارة وان ساوت نصابا (در مختار) قوله ونحوها ای کثیاب البدن الغیر المحتاج الیها والحوانیت والعقارات ( ردالمحتار کتاب الزکوة ج۲ ص ۱۰) ظفیر.

لجواب ) عبارت شامی میں یہ تصریح ہے کہ آراضی ہندوستان میں عشر وخراج کچھ نہیں ، نہ وہ عشری ہیں نہ اجی ، پس جو سرکار محصول لیتی ہے وہ خراج نہیں کہلاتا ، عبارت شامی یہ ہے فان ارضها ليست ارض خراج عشر الخ باب الركاز ۔(۱) جہاں عشر واجب ہوتا ہے وہاں کل پیداوار کا عشر واجب ہوتا ہے کچھ وضع نہیں تا اور جن آراضی میں پانی کا محصول دیا جاتا ہے ان میں نصف عشر ہے ، اور ریاست اسلامیہ میں عشر دینا چاہئے۔

ظ۔

## ائی کرنے والے پر عشر

سوال ۴۳ ) جس شخص کے پاس ذاتی زمین نہ ہو اور وہ لگان پر زمین لے کر کاشت کرائے اور پاس لاگت بھی نہ ہو یہ سودی قرض لے کر صرف کرے تو ایسی حالت میں اس کے اوپر پیداوار میں سے عشر واجب ہے یا نہیں۔

لجواب ) قول صاحبین کے موافق زمین عشری کا عشر بذمہ مستاجر ہے ، فی الدر المختار وقالا علی مستاجر اور باب العشر میں یہ بھی ہے ويجب مع الدين الخ ۔(۲) ان روایات کے موافق عشر پیداوار کا اس پر جب ہے ۔ فقط۔

## زمین محنت کر کے نہر سے سینچی جائے

سوال ۴۴ ) کاریزار جبیل وانہار کہ از دریا برائے سقی آراضی کندہ می کنند درو عشر است یا نصف عشر۔

لجواب ) اگر زمین عشری است دریں صورت عشر واجب خواہد شد۔(۳)

---

۱ ) ردالمحتار باب الرکاز ج ۲ ص ۶۱ ط ۔ س ۔ ج ۲ ص ۳۲۰ پہلے عشر کا فتویٰ دیتے تھے ، پھر احتیاطاً دینے کو لکھا کرتے تھے پھر لکھنے لگے کہ زم نہیں ہے ، ہندوستان میں عشر کے جو مصارف ہیں چونکہ ان کی خانہ پری نہیں ہوتی ، غرباء فقراء مدارس اسلامیہ کے طلباء ان سب کا رومدار عشر وزکوۃ ہی ہے اس لئے علماء کا فیصلہ بھی ہے کہ عشر نکالنا بہتر ہے خود مفتی علامہ نے بھی اکثر جگہ یہی لکھا ہے ، اور در مختار و شامی کی بارت جو دوسری جگہ باب زکوۃ الغنم میں ہے اس کا ماحصل بھی یہی ہے کہ عشر نکالنا ضروری ہے وہ عبارت یہ ہے اخذ البغاة والسلاطين جائرة زكوة الا موال الظاهرة كالسوائم والعشر والخراج لا اعادة على اربابها ان صرف الماخوذ في محله الآتي في باب مصرف وان لا يصرف فيه فعليهم فيما بينهم وبين الله اعادة غير الخراج لانه مصارفه (درمختار) قوله فعليهم ديانة كمافي ض النسخ قال في الهداية وافتوا بان يعيد وهادون الخراج ( ردالمحتار ج ۲ ص ۳۲ ط ۔ س ۔ ج ۲ ص ۲۸۸ ) ظفیر

۲ ) دیکھئے الدر المختار علی ہامش ردالمحتار باب العشر ج ۲ ص ۶۷ و ج ۲ ص ۷۵ ط ۔ س ۔ ج ۲ ص ۳۳۴ ظفیر

۳ ) يجب العشر الخ في مسقى سماء اي مطر و سيح كنهر الخ ويجب نصفه في مسقى غرب اي دلو كبير و دالية اي دولاب كثرة المؤنة وفي كتب الشافعية او سقاه بماء اشتراه وقواعد نا لا تاباه (در مختار) كذا نقله الباقاني في شرح الملتقى عن يخه البهنسي لان العلة في العدول عن العشر الى نصفه في مسقى غرب و دالية هي زيادة الكلفة كما علمت وهي موجودة ي شراء الماء ولعلهم لم يذكروا ذلك لان المعتمد عند نا ان شراء الشرب لا يصح الخ ( ردالمحتار باب العشر ج ۲ ص ۶۰ و ج ۲ ص ۶۷ و ج ۲ ص ۶۹ ط ۔ س ۔ ج ۲ ص ۳۲۵ ۔ ۳۲۶ ) ظفیر۔

## ایک اشکال اور اس کا جواب

(سوال ۵۴) آپ نے استفتاء نمبر ۲۸۳ (مندرجہ رجسٹر ہذا) میں تحریر فرمایا ہے کہ روایت فقہ سے معلوم ہوتا ہے کہ ہندوستان کی زمینوں اور باغوں میں عشر نہیں ہے، اس میں شبہ یہ ہے کہ الامداد شعبان میں یہ لکھا ہے کہ پیداوار میں جس سے آمدنی کرنا مقصود ہو عشر واجب ہوتا ہے خواہ غلہ ہو خواہ پھل، پس کھیت اور باغ دونوں میں واجب ہے اسی قسم کا جواب حضرت مولانا رشید احمد قدس سرہ کا منقول ہے، اس صورت میں کیا حکم ہے۔

(الجواب) اس بارہ میں پہلے بے شک احقر نے بھی یہی لکھا ہے جو آپ نے نقل فرمایا اور الامداد وغیرہ میں بھی مضمون موجود ہے۔ اب چند مدت ہوئی ہے کہ شامی جلد ثانی باب الرکاز میں یہ عبارت نظر پڑی جو ذیل میں درج ہے اور جس کا حاصل یہ ہے کہ اراضی دارالحرب نہ عشری ہیں نہ خراجی اور یہ مسئلہ فقہاء کے نزدیک متفق علیہ مسلم و معلوم ہوتا ہے اس عبارت کے دیکھنے کے بعد اس کی اصل معلوم ہوئی، جو حضرت قاضی ثناء اللہ پانی پتی قدس سرہ نے مالابد منہ میں تحریر فرمایا ہے کہ مسائل عشر اس کتاب میں اس وجہ سے نہیں لکھے گئے کہ یہاں زمین عشری نہیں ہیں یا یہاں کی زمینوں پر عشر نہیں ہے۔ او کما قال، الغرض تصریح شامی کے بعد اور تحقیق قاضی صاحب مرحوم کے پیش نظر اب احقر یہ لکھنے لگا کہ ہندوستان کی زمینیں عشری نہیں ہیں، بایں ہمہ احتیاط عشر نکالنے میں ہے، وہ عبارت یہ ہے تنبیہ قال فی فتح القدیر بالخراجیة والعشریة لیخرج الدار فانه شئی فیها لکن و رد علیه الارض التی لا وظیفة فیها کالمفازة اذ یقتضی انه لا شئی فی الما خوذ منه ولیس کذا لک فالصواب ان لایجعل ذلك لقصد الا حتراز بل للتنصیص علی ان وظیفهما المستمر لاتمنع الا خذ مما یوجد فیهما (الی ان قال) واقول یمکن الجواب بان المراد با لعشریة والخراجیة ما تکون وظیفتهما العشر او الخراج سواء کانت بیدا حد اولا فتشمل المفازة وغیرها بد لیل ماقدمنا ہ عن الخا نیة من ان ارض الجبل عشریة فیکون المراد الا حتراز بها عن دار الحرب ویدل علیه انه فی متن دارالبحار بمعدن غیرالحرب فعلم ان المراد معدن ارضنا ولهذ قال القهستانی بعد قوله فی ارض خراج او عشرا لاحصر فی ارضنا سواء کانت جبلا او سهلا مواتا او ملکا واحترز عن داره وارضه وارض الحرب ا ہ ثم رائیت عین ماقلته فی شرح الشیخ اسمعیل حیث قال ویحتمل ان یکون احترازا عما وجد فی دارالحرب فان ارضها لیست ارض خراج او عشر الخ .(۱) اس عبارت سے معلوم ہوتا ہے کہ ارض حرب نہ عشری ہے نہ خراجی، اس لئے اب بوجہ تصریح فقہاء ہندوستان کی اراضی سے عشر کی نفی لکھنی پڑتی ہے، اور اس کے خلاف اب تک کہیں دیکھا نہیں گیا کہ آراضی حرب میں وجوب عشر کی تصریح ہو، لہذا پہلے جو فتوی حسب قواعد عامہ وجوب عشر کا دیا جاتا تھا اب اس کو چھوڑنا پڑا۔

(۱) ردالمحتار باب الرکاز ج ص ۲۰ ط س ج ۲ ص ۳۲۰ ظفیر

میں مشقت سے سینچی جاتی ہے اس میں عشر

ال ۴۶ )ایک قطعہ زمین جو پہاڑ کے پانی سے سیراب ہوتی ہے مگر محنت و مشقت سے بند دے کر سیراب کی ہے تو شرعاً اس پر عشر واجب ہے یا نصف عشر۔

جواب )شامی باب الرکاز میں ہے واحترزبه عن داره وارضه وارض الحرب اه ثم رأيت عين ما قلته في ح الشيخ اسمعيل حيث قال ويحتمل ان يكون احترازا عما وجد في دار الحرب فان ارضهما ت ارض خراج او عشر الخ۔(۱)اس عبارت سے واضح ہوتا ہے کہ ہندوستان کی زمینیں نہ عشری ہیں اور نہ ں،اور اگر یہ صورت دارالاسلام کی زمین میں ہو تو وہاں بصورت مذکورہ عشر لازم ہوگا کیونکہ مستقی سماء و سیح میں واجب ہوتا ہے کذا فی الدرالمختار۔

شیاء میں زکوۃ نہیں

ال ۴۷ )ہدایہ میں ہے کہ حسب ذیل چیزوں پر زکوۃ عائد نہیں ہوتی، مکان سکونت، پہننے کے کپڑے، ب خانہ داری، سواری کے جانور، خدمتی غلام، لونڈی، ہتھیار مستعمل،باقی چیزوں پر زکوۃ ہوتی ہے۔ہدایہ کی ت یہ ہے قال ابو حنيفة رحمه الله في قليل ما اخرجته الارض وكثيره العشر سواء سقى سيحاً به السماء (۲)زمینداری یا کاشتکاری کے پیداوار میں عشر نکالنا بھی ضروری ہے یا نہیں۔

واب )یہ جو کچھ ہدایہ سے نقل کیا ہے صحیح ہے،ان اشیاء پر زکوۃ نہیں،اور زمین کی پیداوار قلیل وکثیر میں امام بنہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک عشر لازم ہے،اور یہ بھی فقہاء نے لکھا ہے کہ زمین عشری سے اگر خراج لے لیا عشر ساقط نہیں ہوا عشر دینا چاہئے ،خود فقراء کو تقسیم کردے عاشر وغیرہ کی ضرورت نہیں ہے، لیکن ار میں باب الرکاز۔(۳)میں نقل کیا ہے کہ آراضی حرب میں عشر وخراج کچھ نہیں ہے اس سے ثابت ہوتا ہے دوستان کی اراضی میں عشر نہیں ہے، سرکار نے جو کچھ محصول لے لیا اس کے سوا اور کچھ دینا واجب نہیں ہے

ستان کی زمین پر عشر واجب نہیں

ل ۴۸ )ہندوستان کی زمینوں پر عشر واجب ہے یا نہ۔

اب )شامی کی تصریح سے معلوم ہوتا ہے کہ واجب نہیں ہے۔(۴)

---

کھئے ردالمحتار باب الركاز (ج ۲ ص ۶۱. ط.س. ج۲ص ۳۲۰) ظفیر.

کھئے ردالمحتار باب الركاز ج۲ ص ۶۱ ويحتمل ان يكون احترازاً عما وجد في دار الحرب فان ارضها ليست الار اج وعشر (ردالمحتار باب الركاز ج ۲ ص ۶۱. ط.س. ج۲ص ۳۲۰)ظفیر.

ارضها ليست ارض خراج اوعشر (ردالمحتار باب الركاز ج۲ ص ۶۱. ط.س. ج۲ص ۳۲۰) ظفیر.

## کشمیر و پنجاب کی زمین عشری ہے یا خراجی

(سوال ۴۹) ہندوستان و کشمیر و پنجاب کی اراضی عشری ہیں یا کہ خراجی۔

(الجواب) قال فی الشامی فی باب الرکاز فی قوله فی ارض خراجية او عشرية الخ واحترزبه عن داره وارضه وارض الحرب ثم رائيت عين ماقلته فی شرح الشيخ اسمعيل حيث قال ويحتمل ان يكون احترازاً عما وجد فی دارالحرب فان ارضها ليست ارض خراج او عشر انتهى ص ۴۵ جلد ۲ اقول وبه ظهر و حه قول مؤلف ما لا بد منه حيث قال رحمه الله و ہمچنیں احکام زمین عشری کہ دریں دیار نیست و مسائل عاشر کہ بر طرق و شوارع باشند کور نکردہ شد۔

## سندھ و بنگال کی زمین میں عشر کا حکم

(سوال ۵۰) آراضی ہندوستان و پنجاب و سندھ و پورب بنگالہ عشری ہے یا خراجی۔

(۲) عشری یا خراجی ہونے کی وجہ کیا ہے۔

(۳) حاکم وقت نصاریٰ جو زمین کا خراج لیتے ہیں یہ خراج ہے یا عشر۔

(الجواب) ردالمحتار جلد ۲ باب الرکاز میں ہے قال القهستانی بعد قوله فی ارض خراج او عشر الا حتراز عن ارضنا سواء كانت جبلا مواتا او ملكا و احترزبه عن داره وارضه وارض الحرب ثم رائيت عين ما قلته فی شرح الشيخ اسمعيل قال ويحتمل ان يكون احترازاً عما وجد فی دارالحرب فان ارضها ليست ارض خراج او عشر الخ۔(۱) ص ۴۵ آخر جملہ فان ارضها ليست ارض خراج او عشر سے واضح ہے کہ اراضی ہندو پنجاب وغیرہ نہ عشری ہے اور نہ خراجی اور سرکار انگریزی جو محصول لیتی ہے وہ نہ عشر ہے اور نہ خراج۔

## ریاست کی زمین میں عشر ہے یا نہیں

(سوال ۵۱) ہم لوگ ریاست کے رہنے والے ہیں اور لگان مقررہ سرکار کو دیتے ہیں ہم پر عشر واجب ہے یا نہیں۔

(الجواب) خراجی زمین میں عشر نہیں ہوتا اور خراج اور عشر جمع نہیں ہوتے لہذا جس زمین کا محصول سرکاری لیا جاوے اس میں عشر لازم نہیں، لا نه لا يجتمع العشر والخراج، شامی۔(۲)

## ہندوستان کی زمین نہ عشری ہے نہ خراجی مگر احتیاطاً عشر نکالا جائے

(سوال ۵۲) ہندوستان کی زمین عشری ہے یا خراجی۔

(الجواب) شامی نے باب الرکاز میں یہ تصریح کی ہے کہ ہندوستان کی آراضی نہ عشری ہیں نہ خراجی، لیکن بعض قواعد آراضی مملوکہ مسلمین کے عشری ہونے کو مقتضی ہیں، کیونکہ اصل وظیفہ آراضی مملوکہ مسلمین کا عشر ہے، اس بناپر احوط یہ ہے کہ مسلمان اپنی آراضی مملوکہ کا عشر ادا کریں، خصوصاً ان آراضی کا جو کہ معافی دوام

---

(۱) ردالمحتار باب الرکاز ج ۲ ص ۶۱ ط.س ج۲ ص ۳۲۰ ظفیر

(۲) ردالمحتار باب العشر ج ۲ ص ۶۶ ط.س ج ۲ ص ۳۲۰ ظفیر

اور ان میں محصول نہیں دیا جاتا۔(۱)

## مالک زمین زمیندار اور کاشتکار مستاجر

(سوال ۵۳) زمیندار وہی ہے جو حاکم وقت کو خراج دیتا ہے یا اور کوئی، اور جس نے اس سے اجرت پر لیا وہ مستاجر ہے یا نہیں، زمیندار خود مالک ہے یا سرکار سے مستاجر ہے، عشر کے لئے ملک شرط ہے یا نہیں، مستاجر اور مزارع پر عشر واجب ہونے کے لئے عشری زمین شرط ہے یا نہ۔

(الجواب) زمیندار وہی ہے جو سرکار کو خراج دیتا ہے اور مالک زمین زمیندار ہے اور عشر کے لئے ملک شرط ہے۔ لیکن مزارعت واجارہ کی صورت میں صاحبین کا مذہب جو کہ مفتی بہ ہے یہ ہے کہ مزارعت میں زمیندار اور مزارع دونوں پر بقدر حصہ عشر واجب ہے اور اجارہ کی صورت میں عند الصاحبین مستاجر پر عشر واجب ہے اور امام صاحب موجر پر عشر واجب فرماتے ہیں، بعض فقہاء نے امام صاحب کے مذہب پر فتویٰ دیا ہے لیکن اس زمانہ میں صاحبین کے مذہب پر فتویٰ دینا اقرب ہے اور در مختار میں حاوی سے منقول ہے وبقولهما نأخذ و في المزارعة ان كان البذر من رب الارض فعليه ولو من العامل فعليهما بالحصة الخ۔(۳)

## جو خراج سرکار لیتی ہے اس سے عشر ساقط ہوتا ہے یا نہیں

(سوال ۵۴) جو محصول سرکار کو دیا جاتا ہے۔ یہ عشر میں محسوب ہوگا یا علاوہ محصول سرکاری کے عشر نکالنا چاہئے۔

(الجواب) خراج اور محصول جو سرکار کو دیا جاتا ہے وہ عشر کو ساقط کرتا ہے کیونکہ عشر اور خراج جمع نہیں ہوتے (اصل یہ ہے کہ دارالحرب میں نہ عشر ہے نہ خراج، ورنہ حکومت جو لیتی ہے اس کا مصرف وہ نہیں ہے جو عشر (۴) کا ہوتا ہے) ظفیر۔

## عشر کا مصرف اور عشری زمین

(سوال ۵۵) زمانہ حال میں عشری زمین کون سی ہے اور اس کا کیا حکم ہے اور اس کا مصرف کیا ہے۔

(الجواب) عبارت رد المحتار سے واضح ہوتا ہے کہ بلاد غیر اسلام میں زمین عشری اور خراجی نہیں ہے چنانچہ عبارت اس کی باب الرکاز میں یہ ہے احترازا عما وجد في دارالحرب فان ارضها ليست ارض خراج او عشر۔ (۵) اور عشری ہونا تسلیم کیا جاوے تو بوجہ ادائے محصول سرکاری عشر واجب نہیں رہتا کیونکہ عشر اور

(۱) اخذ البغاة والسلاطين الجائرة زكوة الاموال الظاهرة كالسوائم والعشر والخراج لا اعادة على اربابها ان صرف المأخوذ في محله الآتي ذكره والا يصرف فيه فعليهم فيما بينهم وبين الله (درمختار) اى ديانة ردالمحتار باب زكاة الغنم ج ۲ ص ۳۲ ط.س. ج۲ ص۲۸۸

(۲) عشر کے لئے زمین کا مالک ہونا شرط نہیں ہے بلکہ پیداوار کا مالک ہونا شرط ہے اس لئے عشر پیداوار میں ہے نہ کہ زمین میں افادان ملك ارض ليس بشرط لوجوب العشر وانما الشرط ملك الخارج لانه يجب في الخارج لا في الارض فكان ملكه لها وعدمه سواء بدائع (ردالمحتار باب العشر ج ۳ ص ۷۶ ط.س. ج۲ ص۳۲۵) ظفیر۔

(۳) الدر المختار على هامش ردالمحتار باب العشر ج ۲ ص ۷۵ و ج۲ ص ۷۶ ط.س. ج۲ ص۳۲۵ ظفیر

(۴) ويحتمل ان يكون احترازا عما وجد في دارالحرب فان ارضها ليست ارض خراج وعشر ردالمحتار باب الركاز ج ۲ ص ۶۱ ط.س. ج۲ ص۳۲۰) ظفیر

(۵) ردالمحتار باب الركاز ج۲ ص ۶۱ ط.س. ج۲ ص ۳۲۰ ظفیر

خراج جمع نہیں ہوتے، کذا فی کتب الفقہ۔(۱) اور اگر احتیاطاً عشر دیا جاوے تو ہر ایک مسلمان اپنی زمین مملوکہ کا عشر فقراء مساکین کو دے دے کیونکہ آراضی مملوکہ مسلمین کا اصل وظیفہ عشر ہے اور مصرف عشر کا وہی ہے جو مصرف زکوٰۃ کا ہے۔(۲)

## ہندوستان کی زمین اور اس میں عشر کا حکم

(سوال ۵۶) ہندوستان کی زمین عشری ہے یا خراجی اور عشر میں زکوٰۃ واجب ہے یا نہیں جو کہ زمیندار ان کاشتکاری کرتے ہیں اور آراضی کا لگان سرکار کو دیتے ہیں اور جس قدر ان کو منظور ہوتا ہے اپنی کاشت میں رکھتے ہیں جو اراضی خود کاشت کرتے ہیں اس کی پیداوار میں زکوٰۃ واجب ہے یا نہیں۔ زکوٰۃ غلہ و تجارت کے مال میں سے جو نکالی جاتی ہے اس میں سال کی قید ہے، یا غلہ تیار ہونے پر، اور زکوٰۃ پورے غلہ کی حساب سے دی جاوے یا خرچ اخراجات منہا کر کے۔

(الجواب) ردالمحتار باب العاشر میں یہ تصریح کی ہے کہ ہندوستان جیسے ملک میں کوئی زمین عشری اور خراجی نہیں ہے بناء علیہ جو محصول سرکار لیتی ہے اس کو خراج نہ کہیں گے اور جب کہ کوئی زمین ہندوستان کی عشری نہیں ہے تو عشر بھی واجب نہ ہوگا لیکن اگر احتیاطاً مسلمان اپنی اراضی کا عشر دیویں تو اچھا ہے اور عشر یعنی دسواں حصہ پیداوار کا جس جگہ واجب ہے کل پیداوار پر واجب ہے اور جس وقت غلہ پیدا ہو اسی وقت واجب ہے سال کی قید اس میں نہیں ہے اور مال تجارت میں سال بھر کے بعد زکوٰۃ لازم آتی ہے، اور زمین عشری اگر مزارعت پر دی جاوے تو اس کی پیداوار میں عند الصاحبین حسب حصہ ہر ایک پر یعنی کاشتکار اور مالک زمین پر عشر لازم آتا ہے اور اجارہ کی صورت میں امام صاحب موجر پر اور صاحبین مستاجر پر عشر لازم فرماتے ہیں۔(۳)

## غلہ کی زکوٰۃ

(سوال ۵۷) ایک شخص مقروض ہے جو کچھ روپیہ اخراجات سے بچتا وہ قرض میں ادا کرتا ہے مگر جو کچھ گھر میں کھیتی ہوتی ہے اس غلہ سے وہ زکوٰۃ نکالتا ہے، درست ہے یا نہیں۔

(الجواب) در مختار باب العشر میں ہے ویجب مع الدین یعنی عشر باوجود قرض کے بھی لازم ہوتا ہے پس جس جگہ عشر لازم ہے وہاں وجوب عشر کے لئے دین مانع نہیں ہے۔(۴) اور جہاں عشر واجب نہیں ہے وہاں بھی دے دینے میں کچھ حرج نہیں ہے کما ہو ظاہر۔

---

(۱) لانه لا یجتمع العشر والخراج (ردالمحتار باب العشر ج ۲ ص ۶۶۔ ط۔س۔ ج۲ ص۳۲۵) ظفیر

(۲) اخذ البغاة و السلاطین الجائرة زکوٰة الا موال الظاهرة کالسوائم والعشر و الخراج لا اعادة علی اربابها ان صرف الماخوذ فی محله ای فی باب المصرف وان لایصرف فیه فعلیهم فیما بینهم و بین الله اعادة غیر الخراج (در مختار) قوله فعلیهم ای دیانة کما فی بعض النسخ قال فی الهدایة وافتوابان یعیدوها دون الخراج (ردالمحتار باب زکوٰة الغنم ج۲ ص ۳۲ ط۔س۔ ج۲ ص۲۸۸) ظفیر (۳) ویجب العشر الخ بلا شرط نصاب وبلا شرط بقاء و حولان حول الخ والعشر علی الموجر و قالا علی المستاجر و فی الحاوی وبقولهما ناخذ و فی المزارعة ان کان البذر من رب الارض فعلیه ولو من العامل فعلیهما بالحصة (در مختار) قوله بلا شرط نصاب فیجب فیما دون النصاب بشرط ان یبلغ صاعا قوله حولان حول حتی لو اخرجت الارض مرارا وجب فی کل مرة لا طلاق النصوص (ردالمحتار باب العشر ج ۲ ص ۶۶ و ج ۲ ص ۲۷ و ج ۲ ص ۷۴ وج ۲ ص ۸۵ ط۔س۔ ج۲ ص۳۲۵ — ۳۵۵ ظفیر (۴) ویجب مع الدین (الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب العشر ج ۲ ص ۶۷ ط۔س۔ ج۲ ص۳۲۶) ظفیر

## مزارع پر عشر ہے یا نہیں

(سوال ۵۸) ایک شخص مسلمان ہے اپنے پٹہ کی زمین اپنے مملوکہ جانوروں سے مختلف اجناس کی زراعت کرتا ہے، زمین کی بابت سرکار میں مقررہ لگان داخل کیا جاتا ہے اور گاؤں کے مختلف پیشہ وروں مثلاً ڈھیر، لوہار، بڑھئی ونگرہ وغیرہ کے مقررہ حقوق حسب رواج ملک ادا کئے جاتے ہیں یہ حق داری معاوضہ خدمت ہوا کرتی ہے۔ آیا مزارع پر علاوہ ان حقوق مذکورہ کے عشر کی ادائے گی بھی لازم ہے یا کیا، مسلمانوں کی حکومت میں صرف عشر لیا جاتا تھا بیت المال میں یہ رقم جمع ہو کر مسلمانوں کے کام آتی تھی اب صورت حال اور ہے اس زمانہ میں مملکت کا انتظام بدل گیا ہے اور ہر زمین پر اس کی حیثیت کے لحاظ سے محصول لیا جاتا ہے، اس محصول کو عشر میں شمار کیا جاوے گا یا نہیں بصورۃ ثانیہ حقیقی اخراجات وضع کرنے کے بعد جو پیداوار ہو اس پر عشر ادا کرنا ہوگا یا نہیں اور عشر کا مصرف زمانہ موجودہ میں کیا ہوگا۔

(۲) ہر پیداوار پر علیحدہ علیحدہ عشر ادا کیا جاوے گا یا مختلف اجناس سے جو جملہ آمدنی ہو اس کی قیمت لگا کر دسواں حصہ بنام عشر علیحدہ کیا جاوے۔

(الجواب) اقول قال فی الدر المختار باب العشر یجب العشر فی — ارض غیر الخراج الخ بخلاف الخراجیة لئلا یجتمع العشر و الخراج الخ ملخصا قوله ارض غیر الخراج اشار الی ان المانع من وجوبه کون الارض خراجیة لانه لا یجتمع العشر و الخراج الخ۔(۱) اس عبارت سے واضح ہوا کہ عشر اور خراج جمع نہیں ہوتے پس جس زمین سے خراج یعنی محصول سرکاری لیا جاوے اس میں عشر نہیں ہے وفی الدر المختار ایضاً بلا رفع مئون الزرع وبلا اخراج البذر لتصریحهم بالعشر فی کل الخارج الخ۔(۲) اس سے معلوم ہوا کہ جس زمین میں عشر واجب ہوتا ہے اس کی کل پیداوار میں واجب ہوتا ہے حقوق پیشہ وران و خدام زرع وغیرہ مستثنیٰ نہیں ہوتے اور نہ یہ حقوق مانع اداء وجوب عشر کو ہیں البتہ خراجی ہونا زمین کا مانع وجوب عشر کو ہے۔ اور مصرف عشر کا وہی ہے جو مصرف زکوٰۃ ہے جو مذکور ہے قول باری تعالیٰ میں انما الصدقات للفقراء والمساکین الا یة کذافی الدر المختار و ردالمحتار۔(۳)

(۲) عشر میں ادائے قیمت بھی درست ہے، وجاز دفع القیمة فی زکوٰة وعشر و خراج و فطرة ونذرو کفارة غیر الا عتاق الخ۔(۴) پس معلوم ہوا کہ اجناس مختلفہ میں ہر ایک جنس کا عشر علیحدہ نکالنا ضروری نہیں ہے بلکہ قیمت کا حساب لگا کر جس جنس میں چاہے کل اجناس مختلفہ کا عشر ادا کر دیوے یا نقد سے ادا کر دیوے۔

(۱) ردالمحتار باب العشر ج ۲ ص ٦٦ ط.س. ج۲ ص۳۲۵. ظفیر۔
(۲) الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب العشر ج ۲ ص ٦۹ و ج۲ ص ۷۰ ط.س ج۲ ص۳۲۸) ظفیر
(۳) ای مصرف الزکوة والعشر الخ هو فقیر ومسکین الخ (الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب المصرف ج ۲ ص ۷۹ ط.س. ج۲ ص۳۳۹) ظفیر
(٤) الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب زکاة الغنم ج۲ ص ۲۹ ط.س ج۲ ص۲۸۵ ۲۸٦. ظفیر

## نقد لگان والی زمین میں عشر ہے یا نہیں

(سوال ۵۹) ہندوستان کی آراضی عشری ہے یا خراجی، ایک آراضی کو زید نے نقد لگان پر دیا اس میں زکوٰۃ واجب ہے یا کیا، زید سرکار کو مال گذاری اراضی کی ادا کرتا ہے تو اس سے عشر ساقط ہوتا ہے یا کیا، اور عشر غلہ کا صدقہ کرنا کیسا ہے۔

(الجواب) شامی باب الرکاز میں ہے کہ آراضی ہندوستان کی نہ عشری ہے نہ خراجی لیکن احتیاط عشر کے ادا کرنے میں ہے اور جو زمین عشری ہو اس کی پیداوار میں عشر واجب ہوتا ہے اور اگر آراضی کی آمدنی سے بقدر نصاب مالک کے یا کاشتکار کے پاس حوائج ضروریہ سے بچ جاوے تو بعد حولان حول اس پر زکوٰۃ واجب ہوگی اور عشر غلہ کی قیمت اگر صدقہ کردی جاوے تو یہ بھی درست ہے اور زمین عشری کا عشر خراج لینے سے ساقط نہیں ہوتا۔(۱)

## بیع شدہ اور موہوبہ اراضی میں عشر

(سوال ۶۰) زید کے پاس بیع شدہ اراضی موہوبہ بھی ہے کیا زید پر آراضی مذکور کا عشر ہے یا نہیں۔

(الجواب) عشر اس پر نہیں ہے۔(۲)

## گندم، تل، سرسول، پٹ سن میں زکوٰۃ کا طریقہ کیا ہے

(سوال ۶۱) اشیاء کاشت، دھان، تل، سرسول، سن، پاٹ وغیرہ زراعت کی زکوٰۃ کیوں کر دینی ہوگی، زمین مزروعہ کا خزانہ سالانہ تو زمیندار کو دیا جاتا ہے اب پیداوار میں عشر یا زکوٰۃ دینے کا کیا طریقہ ہے۔

(الجواب) دسواں حصہ یا بیسواں حصہ کل پیداوار کا دینا یہ عشر اور نصف عشر کہلاتا ہے اور جس زمین کا محصول سرکار لیتی ہے اس میں عشر و نصف عشر نہیں ہے۔(۳)

## عشر چالیسواں حصہ نہیں دسواں حصہ ہے

(سوال ۶۲) اگر کوئی زمین کسی غیر مذہب کی ہو یعنی ہندو کی اس کے بعد نصاریٰ نے اس پر قبضہ کر لیا ہو تو اس کی پیداوار میں چالیسواں حصہ نکالنا چاہئے یہ صحیح ہے یا غلط۔

(الجواب) زمین کی پیداوار میں مالک زمین پر یا دسواں حصہ آتا ہے یا بیسواں، چالیسوں حصہ کے دینے کا حکم زمین کی پیداوار میں نہیں ہے ویسے بطریق صدقہ نفلی جس قدر چاہیں دے دیں مگر فرض نہیں ہے۔(۴)

## معافی والی زمین کی پیداوار میں عشر ہیں یا نہیں؟

(سوال ۶۳) زید کے قبضہ میں کچھ زمین معافی ہے، یہ عشری ہے یا نہیں۔ زید نے زمین مذکورہ کو اگر خود کاشت کی تو اس پر بلالحاظ صاحب نصاب ہونے کے اگر زکوٰۃ واجب ہوگی تو کس قدر۔ اور اگر زید نے یہ معافی زمین کسی غیر

---

(۱) اخذا لبغاة والسلاطين الجائر زكوة الاموال الظاهرة كالسوائم والعشر لا اعادة على اربابها ان صرف الماخوذ في محله الاتى فى باب المصرف وان لا يصرف فيه فعليهم فيما بينهم وبين الله اعادة غير الخراج (در مختار) اى ديانة قال فى الهداية وافتو بان يعيد و هادون الخراج (ردالمحتار باب زكوة الغنم ج ۲ ص ۳۲ ط.س. ج۲ ص۲۸۹) ظفير (۲) انما الشرط ملك الخارج لانه يجب فى الخارج لا فى الارض (ردالمحتار باب العشر ج ۲ ص ۶۷ ط.س. ج۲ ص۳۲۶) ظفير (۳) کیونکہ دارالحرب میں عشر نہیں ہے لا نها ليست فى ارضها عشر (ردالمحتار باب العشر ج ۲ ص ۶۷ ط.س. ج۲ ص۳۲۶) ظفير (۴) اى يجب العشر فى الاول ونصف العشر فى الثانى الخ (ردالمحتار باب العشر ج ۲ ص ۶۹ ط.س. ج۲ ص۳۲۸) ظفير

شخص کو لگان یا بٹائی پر دے دی تو بھی زکوۃ دینی ہوگی یا نہیں، اگر دینی ہوگی تو کس قدر اور ایک کو یا دونوں کو
(الجواب) روایت شامی باب الرکاز سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ ہندوستان جیسے بلاد کی اراضی عشری و خراجی نہیں ہے (۱) اور احتیاط اس میں ہے کہ اس زمین کی پیداوار کا عشر دیا جاوے یعنی اگر خود کاشت کی ہے تو تمام پیداوار کا عشر خود ادا کرے اور اگر کسی کو مزارعت یعنی بٹائی پر دی ہے تو بقدر حصہ ہر ایک عشر دیوے اور نقد اجارہ پر دینے میں عشر بذمہ موجر ہے یا مستاجر علی اختلاف القولین (۲)

## عشر واجب ہے یا فرض

(سوال ٦٤) عشر نکالنا فرض ہے یا واجب یا کیا، اور جو کچھ سرکار کو دیا جاتا ہے اس کا کیا حکم ہے۔
(الجواب) ایسی تصریح شامی میں ہے کہ دار الحرب میں جہاں کفر کی حکومت ہے، وہاں زمینوں میں عشر اور خراج کچھ بھی واجب نہیں ہے، اور جو کچھ سرکار کو محصول دیا جاتا ہے اس کو خراج کے نام سے موسوم نہیں کرنا چاہئے بہر حال مسلمانوں کے ذمہ ایسی زمینوں کی پیداوار میں عشر یا نصف عشر واجب نہیں ہے ویسے علی سبیل الاحتیاط دیدیویں تو بہتر ہے لیکن فرض و واجب مثل زکوۃ کے نہیں ہے، عبارت شامی باب الرکاز میں یہ ہے ویحتمل ان یکون احتراز اعما وجد فی دارالحرب فان ارضها لیست ارض خراج او عشر الخ۔ (۳) پس جملہ فان ارضها لیست ارض خراج او عشر الخ اس بارہ میں صریح ہے کہ دار حرب کی زمین میں عشر وغیرہ نہیں ہے، ویسے جو حکام لے لیویں ان کو کون روک سکتا ہے اور وہ جو کچھ چاہیں اس کا نام رکھیں پس جب کہ یہ مسئلہ معلوم ہوا تو اس کے بعد کسی سوال کے جواب کی ضرورت نہ رہی

## سرکاری لگان سے عشر معاف ہوتا ہے یا نہیں

(سوال ٦٥) محصولیکہ پیش حکام نصاری در ملک ہند از جانب مالک زمین دادہ می شود مسقط عشر است یا نہ۔
(الجواب) مسقط عشر است۔ (۴)

## دس پانچ بیگہ والے کے ذمہ عشر

(سوال ٦٦) ایک کاشتکار کے پاس دس پانچ بیگہ زمین ہے اس پر زکوۃ عشر واجب ہے یا نہیں۔
(الجواب) اس صورت میں زکوۃ و عشر وغیرہ اس پر واجب نہیں ہے شامی میں ایک روایت ہے کہ دار الحرب کے اراضی پر عشر نہیں ہے۔ (۵)

---

(۱) ویحتمل ان یکون احتراز اعما وجد فی دار الحرب فان ارضها لیست ارض خراج او عشر (ردالمحتار باب الرکاز ج ۲ ص ٦١. ط.س. ج۲ ص ۳۲۰) ظفیر
(۲) والعشر علی الموجر و قالا علی المستاجر وبقولهما نا خذو فی المزارعة ان کان البذر من رب الارض فعلیه وان کان من العامل فعلیهما بالحصة (الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب العشر ج ۲ ص ۹۷۵. ط.س. ج۲ ص ۳۳٤ ظفیر
(۳) ردالمحتار باب الرکاز ج ۲ ص ٦١. ط.س. ج۲ ص ۳۲۰) ظفیر
(٤) ایضاً
(٥) فان ارضها ای دارالحرب لیست ارض خراج وعشر (ردالمحتار باب الرکاز ج ۲ ص ٦١. ط.س. ج ۲ ص ۳۲۰) ظفیر

### سرکاری لگان دینے کے باوجود عشر دیا جاوے یا نہیں

(سوال ۶۷) باوجود سرکاری معاملہ کے زمیندار لوگ پیداوار اجناس سے عشر دیں یا نہیں۔

(الجواب) وجوب عشر اس صورت میں نہیں ہے اور شامی میں باب الرکاز میں لکھا ہے کہ دارالحرب کی آراضی عشری و خراجی نہیں ہیں یہ دوسری صورت عدم وجوب عشر کی ہے۔(۱)

### جس زمین کا خراج ہندو زمیندار لیتا ہے اس میں عشر

(سوال ۶۸) میرے پاس کچھ زمین ہے کسی زمین کا خراج ہندو زمیندار کو دیتا ہوں، اور کسی زمین کا خراج مسلمانوں کو دیتا ہوں، اب ہم کو عشر دینا ہوگا یا نہیں، میں زمین کو بٹائی پر دیتا ہوں مگر بیج عامل دیتا ہے اس حالت میں کس حساب سے عشر دینا ہوگا۔ اگر نصف بیج میں دوں اور نصف عامل دے تب کس حساب سے دینا ہوگا۔

(الجواب) شامی کی ایک روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ آراضی دارالحرب میں خراج و عشر کچھ نہیں ہے اور جن اراضی عشریہ میں عشر لازم ہے اور فرض ہے اس میں فتوی اس پر لکھا ہے کہ مزارعت کی صورت میں زمیندار و مالک پر بقدر حصہ عشر لازم آتا ہے یعنی جس قدر غلہ جس کے حصہ میں آوے وہ اس کا عشر ادا کرے۔(۲)

### عشر مزارع پر ہے یا مالک پر

(سوال ۶۹) بصورت مزارعت عشر بر مالک زمین است یا بر مزارع یا بر ہر دو لازم است۔

(الجواب) دراں دیار کہ آراضی آں دیار عشری است بصورت مزارعت بقدر حصہ عشر بر مالک زمین و مزارع لازم است۔(۳) یعنی ہر ایک از ایشاں عشر حصہ خود بدہد ولیکن در رد مختار تصریح است کہ آراضی ہندوستان نہ خراجی است و نہ عشری۔

### ہندوستان کی زمین عشری ہے یا خراجی

(سوال ۷۰) یہاں کی زمین خراجی ہے یا عشری اور مطلب عبارت مالابد منہ فارسی "و ہمچنیں احکام عشر زمین عشری در یں دیار نیست" کیا ہے۔

(الجواب) شامی باب الرکاز میں یہ روایت نقل کی ہے کہ دارالحرب کی آراضی عشری اور خراجی نہیں ہے، اسی بنا پر حضرت قاضی ثناء اللہ صاحب پانی پتی قدس سرہ نے مالابد منہ میں لکھا ہے کہ زمین عشری در یں دیار نیست یعنی چونکہ ہندوستان دارالحرب ہے اس لئے زمین عشری یہاں نہیں ہے اور شامی کی روایت سے معلوم ہوا کہ خراجی بھی نہیں ہے۔(۴) فقط۔

---

(۱) ایضاً۔ ط.س. ج۲ ص ۳۲۰

(۲) وفی المزارعة ان کان البذر من رب الارض فعلیه ولو من العامل فعلیهما بالحصة (الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب العشر ج ۲ ص ۷۵. ط.س. ج۲ ص ۳۳۵)

(۳) ایضاً

(۴) یحتمل ان یکون احترازاً عما وجد فی دارالحرب فان ارضها لیست ارض خراج او عشر (ردالمحتار باب الرکاز ج ۲ ص ۶۱. ط.س. ج۲ ص ۳۲۰)

## نہری زمین کا عشر کیا ہوگا

(سوال ۷۱) کل آراضی نہری کہ از سعی نصاریٰ معمور شدہ است و قبل ازیں بالکل ویران بود آنچہ پیداوار شدے بہ سبب باراں شدے واکنوں آب بذریعہ نہر در ہر جا میرود و دور سد و خراج ہم بگیر ند، بعض مولوی گویند کہ کل آراضی نہری در حکم عشری است کہ عشر دادہ می شود و بعض عکس آں و بعض از نسبت بخصہ، کدام قول راجح و کدام مرجوح است۔

(الجواب) در شامی آوردہ کہ در اراضی دار الحرب عشر و خراج نیست ازیں روایت معلوم شدہ کہ در اراضی ہندوستان عشر واجب نیست و نیز فقہا تصریح فرمودہ اند کہ اگر در زمین عشری ماء انہا دادہ شود کہ محصول آں و قیمت آں بہ سرکار دادہ میشود دراں نصف عشر یعنی بستم حصہ واجب (۱) میشود و ایں نیز تصریح است کہ عشر با خراج جمع نمی شود۔ فقط۔

## نہری زمین میں عشر

(سوال ۷۲) نہری زمین کے پیداوار میں کس قدر زکوٰۃ واجب ہوتی ہے۔

## (۲) کنواں والی زمین کا عشر

(سوال ۷۳) چاہی زمین میں کس قدر زکوٰۃ واجب ہوتی ہے۔

## (۳) بارانی زمین میں عشر

(سوال ۷۴) بارانی زمین کس قدر واجب ہے

## (۴) تالاب سے سینچی ہوئی زمین میں عشر

(سوال ۷۵) جس زمین میں آب پاشی جوہڑیا تالاب سے کی گئی اس میں کس قدر زکوٰۃ واجب ہے۔

(۵) زید میندار ہے بکر زید کا ہالی ہے جو کل پیداوار کاشت $\frac{1}{4}$ کا شریک ہے اور باقی زید مالک ہے بالفرض ساٹھ من غلہ پیداوار کل کھیت ہے تو زید کو پچاس من کی زکوٰۃ دینی چاہئے یا ساٹھ من کی۔

(الجواب) بعض روایات کتب فقہ سے معلوم ہوتا ہے کہ ہندوستان کی اراضی میں عشر نہیں ہے لیکن جس جگہ اور جن اراضی میں عشر ہے وہاں سوال نمبر ۱ کا جواب یہ ہے کہ اس میں عشر واجب نہیں ہے اور نمبر ۲ میں نصف عشر یعنی بیسواں حصہ واجب ہے۔ (۳) اور بارانی زمین میں عشر واجب ہے اور جوہڑ یا تالاب سے اپنی محنت سے پانی دیئے میں بیسواں حصہ واجب ہے۔ (۵) پچاس من کی زکوٰۃ زید دے اور دس من کی بکر دے۔ (۲) فقط۔

---

(۱) ویجب نصفه فی مسقی غرب ودالية الخ وفی کتب الشافعية اوسقاه بما اشتراه وقواعد نالا تاباه (الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب العشر ج ۲ ص ۲۹ ط.س. ج۲ ص ۶۲۸) ظفیر.

(۲) یجب العشر الخ فی مسقی سماء ای مطر و سیح کنهر الخ ویجب نصفه فی مسقی غرب ودالية او سقاء بماء اشتراه الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب العشر ج ۲ ص ۶۱ و ج ۳ ص ۶۸ و ج۲ ص ۶۹ ط.س. ج۲ ص ۳۲۶ ۳۲۸) ظفیر.

## مسئلہ عشر

(سوال ۷۳) ایک کاشتکار نے اپنی زمین میں چھ روپیہ کل اخراجات کھیتی لگا کر پیداوار آٹھ سوروپیہ کی حاصل کی تو اس پر زکوۃ کتنی رقم کی واجب ہوگی۔(۲) اسی طرح دوسری زمین میں چھ سوروپیہ لگا کر فصل پر کل پانچ سوروپیہ کی پیداوار یعنی اصل لاگت سے بھی یک صدروپیہ کا نقصان رہا تواب زکوۃ کی کیا شکل ہے۔(۳) ایک کاشتکار مندرجہ سوال نمبر ا، کے مطابق تمام اخراجات زمین برداشت کرتا ہے اور بذریعہ موٹھ چاہ سے پانی دے کر کھیت سے فصل حاصل کرتا ہے وہ زکوۃ کس طرح ادا کرے۔(۴) آج کل جو نالیشن عدالت میں دائر ہوتی ہے اور اس میں مدعی کا صرفہ وکیل اور گواہ وغیرہ وغیرہ میں بہت کچھ ہوتا ہے اور مدعا علیہ پر ڈگری اس کے خرچ کی ہوتی ہے تو مدعی کو اصل رقم کے علاوہ صرفہ کی رقم کی جوڈگری ملتی ہے وہ مدعی کو لینا جائز ہے یا نہ۔

(الجواب) نمبرا، نمبر ۲، نمبر ۳، جن آراضی میں عشر واجب ہے ان میں کل پیداوار کا عشر نکالنا واجب ہے بدون وضع کرنے اخراجات کما فی الدر المختار بلا رفع مئوف الذرع ، (۱) اور مزارعت میں کاشتکار اور مالک زمین پر بقدر حصہ عشر واجب ہے۔(۲) اور شامی کی روایت باب الرکاز سے معلوم ہوتا ہے کہ دارالحرب کی زمینوں میں عشر نہیں ،اور نمبر ۳ میں ایک دوسری تفصیل ہے۔وہ یہ کہ اس میں بیسواں حصہ نکالنا واجب ہے۔باقی جواب بدستور مذکور ہے نمبر ۴ یہ اخراجات دراصل بذمہ مدعی ہیں لیکن مدعی علیہ کے تمرد کی وجہ سے نالش کرنی پڑی تو مدعا علیہ سے لینا جائز ہے جو واقعی خرچ ہے وہ لے باقی واپس کردے۔فقط۔

## کیا عشر میں عامل کا طلب کرنا شرط ہے

(سوال ۷۴) زید کہتا ہے کہ اداء عشر کے واسطے طلب عامل شرط ہے جب تک عامل طلب نہ کرے ادا کرنا واجب نہیں۔

(الجواب) زید کا قول صحیح نہیں ہے صاحب زمین عشری اگر خود اس کا عشر ادا کردے تو یہ بھی درست ہے ویسقط عن صاحب الارض کما لوادی بنفسه الخ شامی۔(۳) البتہ بحث جداگانہ ہے کہ دارالحرب میں عشر واجب ہے یا نہیں۔شامی نے تصریح کی ہے باب الرکاز میں کہ دارالحرب کی زمین عشری ہے نہ خراجی ،تو اس سے معلوم ہوتا ہے کہ دارالحرب میں عشر واجب نہیں ہے اگر احتیاطاً دے دیں تو بہتر ہے ،فقط۔

## حکومت کی زمین میں عشر

(سوال ۷۵) گورنمنٹ برطانیہ اس علاقہ میں آراضی مربعہ جات تقسیم کرتی ہے تو ان آراضی پر عشر شرعی واجب ہے یا نہ ،بعض کہتے ہیں کہ واجب ہے ،بعض کہتے ہیں واجب نہیں ہے ،تو حکم فیصل تحریر فرمادیں۔

(الجواب) اصل یہ ہے کہ سرے سے ہندوستان کی آراضی میں عشر واجب ہونے میں تامل ہے کیونکہ شامی باب الرکاز میں تصریح ہے کہ دارالحرب کی آراضی نہ عشری ہیں اور نہ خراجی ،اور ہندوستان دارالحرب ہے لہٰذا بموجب

(۱) الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب العشر ج ۲ ص ۶۹ ط.س ج۲ص۳۲۸ ظفیر
(۲) وفی المزارعة ان کان البذر من قبل رب الارض فعلیه ولو من العامل فعلیهما بالحصة (ایضاً ج ۲ ص ۷۵) ظفیر
(۳) ردالمحتار باب العشر ج ۲ ص ۶۷ ط.س ج۲ص۳۳۵ ظفیر

روایتہ باب الرکاز ہندوستان کی آراضی میں مطلقاً عشر واجب نہ ہونا چاہئے، اور حضرت قاضی ثناء اللہ پانی پتی قدس سرہ، نے مالابدمنہ میں اس کی طرف اشارہ فرمایا ہے، اور جو حضرات احتیاطاً ہندوستان کی آراضی میں عشر لازم فرماتے ہیں ان حضرات کے نزدیک مربعہ جات مذکورہ میں اول سے ہی عشر لازم ہوگا۔(۱) فقط

## ہندوستان میں گذشتہ سالوں کا عشر

(سوال ۷۶) السلام علیکم۔ میں دو روز سے بعد کو فت میں ہوں اللہ تعالیٰ سہل کر دے میں آج تک غافل رہا اور ذہن میں نہیں تھا کہ عشر غلہ بھی ز کوٰۃ واجب الاداء ہے غلہ آنے پر معمولاً للہ کچھ دیا جاتا تھا، باحتیاط دسواں حصہ وصول کا نہیں دیا گیا، سالہائے گذشتہ کا کیا کروں کہ حساب کتاب نہیں، کیا معاف کیا جاسکتا ہے، مدرسہ میں غلہ بھیجنا دشوار ہے، قیمت بھیج سکتا ہوں، نصف عشر کے کیا معانی ہیں میں عشر دوں یا نصف عشر، املاک کا عموماً غلہ مقرر ہیں وصول ہوتا ہے اور بڑی مقدار رہ جاتی ہے جو نالش کر کے نقدی میں وصول ہوتا ہے، اس نقدی کا رقم کے ساتھ زکوٰۃ نقد میں ادا ہوتا ہے، غالباً اس میں کوئی مضائقہ نہ ہوگا۔

(الجواب) السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ، والا نامہ پہنچا، پہلے ایک زمانہ تک یہی علم رہا کہ ہندوستان کی عشری زمینوں میں عشر واجب ہے اور رحمۃ اللہ علیہ کی بعض تحریرات کی موافق یہ فیصلہ کیا اور بہت جگہ فتویٰ دیا کہ مسلمانوں کی مملوکہ زمینوں کو عموماً عشری ہی سمجھنا چاہئے اور عشر دینا چاہئے کیونکہ آراضی عشریہ میں عشر یا نصف عشر کا نکالنا حکم آیت و اتوا حقه یوم حصاده مثل زکوٰۃ کے فرض ہے، پھر کچھ زمانہ کے بعد مالابدمنہ میں حضرت قاضی ثناء اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی یہ تحقیق اور تصریح نظر پڑی کہ ہم نے اپنی کتاب میں زکوٰۃ کے مسائل کے ساتھ عشر کے احکام اس وجہ سے نہیں لکھے کہ ان دیار میں زمینیں عشری نہیں ہیں اسکے ساتھ یہ ماننا بھی ضروری ہے کہ قاضی صاحب کا یہ حکم فرمانا کہ یہاں عشری نہیں ہیں، اس زمانہ کا متفقہ مسئلہ ہوگا کیونکہ قاضی صاحب حضرت شاہ ولی اللہ صاحبؒ کے خاص تلمیذ اور حضرت شاہ عبدالعزیز وغیرہ حضرات کے ہم عصر ہیں اور سب حضرات باہم متفق ہیں، باہم کوئی خلاف نہیں ہے، ضروری ہے کہ یہ مسئلہ اس زمانہ کا متفق علیہ مسئلہ ہوگا کہ ہندوستان میں عشری زمینیں نہیں ہیں، پھر اس کے ساتھ عموماً یہ معمول دیکھ کر کہ کوئی اپنے بزرگوں میں عشر کا اہتمام مثل زکوٰۃ کے نہیں کرتا، تعجب ہوتا تھا اور تردد بھی ہوتا تھا اور گویا حضرت قاضی صاحب کی تحقیق کی تائید ہوتی تھی کہ ایسا بھی کیا ہے کہ سب بزرگوں نے عشر کا اہتمام چھوڑ دیا ضرور کوئی بات ہے، جس کی وجہ سے عملاً یہ متروک ہو گیا ہے، چند سال ہوئے ہیں کہ مولانا محمد انور شاہ صاحب یا اور کسی صاحب نے یہ فرمایا کہ شامی باب الرکاز میں یہ روایت ہے کہ دار الحرب کی زمینوں میں عشر واجب نہیں ہے، یہاں کی اراضی نہ عشری ہیں نہ خراجی، اس روایت کو دیکھا اور اس کو دیکھ کر حضرت قاضی ثناء اللہ صاحب کی تحریر کی وجہ معلوم ہوئی کہ یہی وجہ ہے کہ وہ حضرات ہندوستان کی زمینوں کو عشری نہیں کہتے، کیونکہ ہندوستان کو وہ دار الحرب سمجھتے تھے۔ شامی باب الرکاز کی عبارت یہ ہے واحترزبه عن داره وارضه وارض الحرب الخ فان ارضها

(۱) حوالہ بار بار گذر چکا۔ ظفیر۔

لیست ارض خراج او عشر الخ ،(۱) اور عبارت مالابد منہ کی یہ ہے "وتفصیل نصاب اجناس سوائم وقدر واجب آں طول دارد ودریں دیار ایں اموال بقدر وجوب زکوۃ نمی باشد لہذا مسائل زکوۃ ان مذکور نکردہ شد وہمچنیں احکام عشر زمین عشریہ کہ دریں دیار نیست ومسائل عاشر کہ بر طریق وشوارع باشد مذکور نکردہ باشد۔(۲)" اس کے بعد ایک اشکال یہ باقی رہتا ہے کہ حضرت اقدس گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ وجوب عشر کا حکم فرماتے ہیں اور تحریر او تقریر اس کو ظاہر فرمایا ہے ، غالباً جناب کو بھی یاد ہوگا یا معمول حضرت کا معلوم ہوگا اور اس میں شک نہیں۔ نصوص آیات واحادیث کا مقتضا بھی یہی معلوم ہوتا ہے کیونکہ امام صاحب جميع ما اخرجت الارض میں وجوب عشر کا حکم فرماتے ہیں۔" اور جیسا کہ زکوۃ دارالحرب میں ساقط نہیں ہوتی بلکہ صاحب مال بطور خود ادا کرتا ہے اسی طرح عشر بھی ہر جگہ واجب ہونا چاہئے ، ہاں چونکہ عشر کے وجوب کے لئے زمین کا عشری ہونا ضروری ہے اور جب کہ یہ کہا جاوے کہ دارالحرب کی آراضی عشریہ نہیں ہیں تو وجوب عشر کی کوئی وجہ نہ ہوگی اور حضرت اقدس رحمۃ اللہ علیہ کا قول وفعل احتیاط پر مبنی کہا جاوے ، چنانچہ ہمارے مرشد مولانا شاہ رفیع الدین صاحب قدس سرہ بھی اپنے خاص لوگوں کو عشر نکالنے کا حکم فرمایا کرتے تھے اور اس بنا پر حضرت والد ماجد صاحب جو کچھ محاصل میں سے بقدر حصہ بندہ کو دیا کرتے تھے کہ وہ دس بیس دھڑی تقریباً ہوتا تھا تو بندہ گھر کہلا دیتا تھا کہ ہر دس دھڑی میں سے ایک دھڑی اللہ واسطے دے دو۔(۳)

(۲) قیمت عشر دینا جائز ہے۔

(۳) نصف عشر بیسواں حصہ ہے جیسا کہ عشر دسواں حصہ ہے اسی طرح نصف عشر بیسواں حصہ ہے اور یہ فرق پانی کی قیمت وغیرہ کی وجہ سے ہوتا ہے یعنی آراضی عشریہ میں اصل یعنی عشر دسواں حصہ پیداوار کا دینا واجب ہے ، لیکن اگر زمین کو پانی دینے میں مزدوری زیادہ صرف ہوئی اور مشقت ہوئی اور خرچ بڑھ گیا تو پھر بجائے عشر کے نصف عشر دینا واجب رہ جاتا ہے جیسا کہ درمختار کی عبارت سے معلوم ہوتا ہے ، ويجب العشر في مسقى سماء اى مطر وسيح الخ ويجب نصفه في مسقى غرب اى دلو كبير ودالية اى دولاب لكثرت المؤنة وفي كتب الشافعية او سقاه بماء اشتراه وقواعد نا لا تاباه. (۴) اور علامہ شامی نے کہا کہ وجہ یہی ہے کہ جب خرچ زیادہ ہوگا بجائے عشر کے نصف عشر یعنی بیسواں حصہ واجب رہ جائے گا۔ فقط۔

(۱) دیکھئے ردالمحتار باب الرکاز ج ۲ ص ۶۱ ط س ج۲ ص ۳۲۰ ظفیر
(۲) مالابد منہ ۱۲ .(۳) در مختار باب زکوۃ الغنم کی عبارت غالباً حضرت اقدس گنگوہی کے پیش نظر ہو جس میں صراحت کہ اگر سلطان جابر عشر لے کر اس کے مصرف میں خرچ نہ کرے تو دوبارہ عشر دینا ضروری ہے اخذ البغاة والسلاطين الجائرة زكوة الا موال الظاهرة كالسوائم والعشر والخراج لا اعادة على اربابها ان صرف في محله الآتى في باب المصرف وان لا يصرف فيه فعليهم اعادة غير الخراج (در مختار) قوله فعليهم اى ديانة كما في بعض النسخ قال في الهداية والفتاوى يعيد وهادون الخراج ( ردالمحتار ج ۲ ص ۳۲ ط س ج۲ ص ۲۸۸ ) ظفير وجاز دفع القيمة في زكاة وعشر و خراج و كفارة نذر و فطرة (الدر المختار على هامش ردالمحتار باب زكوة الغنم ج ۲ ص ۲۹ ط س ج۲ ص ۲۸۵ ) ظفير
(۴) دیکھئے الدر المختار على هامش ردالمحتار باب العشر ج ۲ ص ۶۶ و ج۲ ص ۶۸ و ج۲ ص ۶۶ ط س ج۲ ص ۳۲۵　۳۲۸ ظفیر

### عشر وخراج جمع نہیں ہونے کا کیا مطلب ہے

(سوال ۷۷) فقہاء نے جو یہ فرمایا ہے کہ عشر اور زمین کا خراج جمع نہیں ہوتے یہ ان کا فرمانا حکومت مسلمانوں کیلئے مخصوص ہے کہ جس زمین کا خراج لیا جائے اس کا عشر نہیں لیا جاسکتا یا کہ حکومت غیر اسلام کے لئے بھی یہی حکم ہوگا، شامی جلد ثانی میں تصریح ہے کہ کفار حربی جب ہمارے ملک پر غالب آجائیں تو ان کا بھی وہی حکم ہوتا جو بغاۃ کا ہے یعنی اموال ظاہرہ کی زکوٰۃ جس طرح باغیوں کے لینے سے مالک سے ساقط ہو جاتی ہے ایسا ہی متغلب حربی سے بھی ساقط ہو جاتی ہے، علامہ کی یہ رائے قابل قبول ہے یا نہیں غرض کہ ہندوستان کی زمین میں عشر واجب ہے یا خراج۔

(الجواب) علامہ شامی نے باب الرکاز میں یہ تصریح کی ہے کہ دار الحرب کی آراضی نہ خراجیہ ہیں نہ عشریہ یعنی وہاں نہ خراج واجب ہے اور نہ عشر، کفار نے جو کچھ خراج لیا گویا وہ خراج شرعی نہیں ہے اور نہ واجب ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ہندوستان میں جب کہ اس کو دار الحرب کہا جاوے جیسا کہ محققین کی رائے ہے عشر واجب نہیں ہے۔ احتیاطاً اگر کوئی دے دے تو یہ امر آخر ہے اور اس کی تائید حضرت قاضی ثناء اللہ صاحب پانی پتی کی تصریح سے بھی ہوتی ہے جو کہ انہوں نے مالابد منہ میں فرمائی کہ ہم نے مسائل عشر اس لئے نہ لکھے کہ ان بلاد میں عشر واجب نہیں ہے۔ (۲) پس اگر ہندوستان کی زمینوں کو عشری اور خراجی کہا جاتا تو پھر یہ حکم یہاں بھی جاری ہوتا کہ عشر اور خراج جمع نہیں ہوتے اور اس کی تائید اس سے ہوتی ہے کہ مولانا عبدالحی صاحب مرحوم نے اپنے فتاویٰ میں اس کی تصریح کی ہے کہ ہندوستان میں جس زمین کا خراج لیا جاتا ہے اس پر عشر نہیں ہے اور اسی قاعدہ سے استدلال فرمایا ہے کہ عشر اور خراج جمع نہیں ہوتے اور علامہ شامی کی یہ تحقیق ویظهر لی ان اهل الحرب لو غلبوا علی بلدة من بلادنا کذلك الخ .(۳) صحیح معلوم ہوتی ہے، عبارت باب الرکاز میں یہ ہے واحترز به عن داره وارض الحرب ثم رائیت مین ماقلته فی شرح الشیخ اسماعیل حیث قال ویحتمل ان یکون احترازاً عما وجد فی دار الحرب فان ارضها لیست ارض خراج او عشر الخ ص ٤٥ جلد ۲ شامی (٤) فقط

### خراجی وعشری زمین

(سوال ۷۸) زمین عشری کون سی ہے اور خراجی کون سی

### عرب کی زمین عشری ہے یا کیا

(سوال ۷۹) عرب کی زمین کل عشری ہے یا بعض عشری اور بعض خراجی۔

(۱) دیکھئے الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب العشر ج۲ ص ٦٦ (ج ۲ ص ٦٨ (ج ۲ ص ٦٩. ط.س ج۲ص ۳۲۵　۳۳۰ ظفیر (۲) ویحتمل ان یکون احترازاً عما وجد فی دار الحرب فان ارضها لیست ارض خراج او عشر (ردالمحتار باب الرکاز ج ۲ ص ٦١ ط س ج۲ص ۳۲۰) ظفیر
(۳) ط.س ج۲ص ۳۲۰　(٤) ردالمحتار باب الرکاز ج۲ ص ٦١. ط س ج۲ص ۳۲۰) ظفیر

## (۳) عشر و خراج دونوں جمع نہیں ہوتے ہیں

(سوال ۸۰) عشر اور خراج دونوں جمع ہو سکتے ہیں یا نہیں

## (۴) کیا عشر کے لئے خلیفۃ المسلمین کا ہونا ضروری ہے

(سوال ۸۱) عشر کے واسطے خلیفۃ المسلمین کا ہونا شرط ہے یا نہیں۔

## (۵) عجم کی زمین کا حکم

(سوال ۸۲) زمین عجم کی عشری ہے یا خراجی۔

## (۶) حکومت کے ٹیکس کے ساتھ عشر کا حکم

(سوال ۸۳) جو خراج رعایا سے وصول کیا جاتا ہے اس کے ساتھ عشر شرعی جمع ہو سکتا ہے یا نہیں۔

## (۷) ہندو راجہ کی رعایا پر عشر و خراج دونوں ہے یا ایک

(سوال ۸۴) ہندو بادشاہ کی رعایا پر عشر و خراج دونوں لازم ہیں یا ایک جیسے کشمیر، نیپال وغیرہ۔

## (۸) مسلمان ریاستوں کی زمین کا حکم

(سوال ۸۵) مسلمان ریاستوں کا حکم کیا ہے۔

## (۹) دار الحرب کی تعریف اور ہندوستان کیا ہے

(سوال ۸۶) دار الحرب کی کیا تعریف ہے اور ہندوستان دار الحرب ہے یا دار الاسلام۔

(الجواب) اصل تو یہ ہے کہ جس زمین کے رہنے والے مسلمان ہو جائیں اور وہ زمین جو مفتوح ہونے کے بعد غانمین میں تقسیم ہو جائے عشری ہے لیکن وہ زمین جو مجہول الحال ہیں یعنی جن کے متعلق یہ معلوم نہیں کہ پہلے ان پر خراج تھا یا عشر، اور اس وقت وہ مسلمانوں کے قبضے میں ہیں تو ان پر بھی عشر لازم ہوگا کیونکہ مسلمان کے حق میں مناسب تر عشر ہی ہے اور گذشتہ حالت کو بھی موجودہ حالت پر ہی قیاس کیا جائے گا، ہدایہ میں ہے و کل ارض اسلم اهلها او فتحت عنوة وقسمت بين المسلمين الغانمين فهي ارض عشر لان الحاجة الى ابتداء التو ظيف على المسلم والعشر اليق به لما فيه من معنى العبادة الخ۔(۱) وفي الشامي نقل في غاية البيان ان الا مام السرخسي ذكر في كتاب الجامع ان عليه العشر بكل حال لانه احق بالعشر من الخراج وهو الا ظهر الخ شامی جلد ۲۔(۲)

(۲) عرب کی تمام زمین عشری ہیں ارض العرب كلها ارض عشر عالمگیریہ وهدایہ(۳) وغیرہ پھر اس کی فقہاء نے تحدید فرمادی ہے۔

(۳) حنفیہؒ کے نزدیک عشر و خراج دونوں جمع نہیں ہو سکتے ولا عشر في الخارج من ارض الخراج وقال الشافعي يجمع بينهما الخ ولنا قوله عليه السلام لا يجتمع عشر و خراج في ارض مسلم و لان احدا

(۱) ہدایہ باب العشر والخراج ج ۳ ص ۵۷۰
(۲) ردالمحتار باب العشر تحت قوله لرضاه ج ۲ ص ۷۱ ط۔س ج۲ ص ۳۳۰ ظفیر۔
(۳) ہدایہ باب العشر والخراج ص ۵۷۰

من ائمة العدل والجور لم يجمع بينهما وكفى باجماعهم حجة الخ هدايه ربع ثانى۔ (۱)
(۴) خلیفہ نہ ہونے کی صورت میں عشر خود ادا کردے کیونکہ عشر زکوٰۃ زمین کی ہے قال الله تعالىٰ وآتو احقه يوم حصاده الاية۔ (۲)
(۵) اس میں تفصیل ہوگی، کلیۃً کوئی حکم نہیں لگایا جاسکتا۔
(۶) شامی میں ہے کہ دار الحرب کے زمینوں پر عشر نہیں اور خراج بھی نہیں، ہندوستان چونکہ دار الحرب ہے لہذا یہاں بھی یہی حکم ہوگا ولهذا قال القهستانى بعد قوله فى ارض خراج او عشر الاحصر فى ارضنا الخ واحترز به عن داره الخ و ارض الحرب ثم قال ويحتمل ان يكون احترازاً عما وجد فى دار الحرب فان ارضها ليست ارض خراج او عشر الخ شامى۔ (۳) ج ۳۔ تاہم اگر کوئی ادا کرے تو اولیٰ ہے۔
(۷) حکومت کی طرف سے جو مقرر ہو وہ تو مجبوری ادا کرنا پڑتا ہے ورنہ یہ بھی بحکم دار الحرب ہیں اور خراج اس میں تو کچھ بھی نہیں ہے۔ (۴)
(۹) دار الحرب کی مختلف تعریفیں کی گئی ہیں اس لئے ہندوستان کے متعلق اختلاف ہے تاہم محقق اور صحیح یہی ہے کہ یہ دار الحرب ہے کیونکہ جس بلاد پر کفار مسلط ہوں وہ تحقیقت دار الحرب ہے۔ (۵) فقط۔

## مسئلہ عشر کی مختلف صورتیں

(سوال ۸۷) عشر اور چالیسواں میں کچھ فرق ہے یا نہیں۔
(۲) کاشتکاری کرنا جائز ہے یا نہیں؟ کاشتکاری جس کی مالگذاری سرکار کو دی جاتی ہے میں عشر یا چالیسواں دینا واجب ہے یا نہیں؟
(۳) زید تین قسم کی زمین کاشت کرتا ہے اولاً یہ کہ وہ کسی رئیس امیر سے کچھ کاشت لئے ہوئے ہے، جس کی پیداوار کے نصف نصف حصہ آپس میں تقسیم ہوتے ہیں، مال گزاری مالک دیتا ہے، دوم یہ کہ زید اپنی زمین مملوکہ میں کاشت کرتا ہے اس کی مال گزاری زید ہی سے متعلق ہے، سوئم، یہ کہ زید کے پاس معافی کی زمین ہے اس میں کاشت کرتا ہے، اور مال گزاری دینا نہیں پڑتی، تینوں صورتوں میں زید پر عشر واجب ہے یا نہیں؟
(۵) عشر چالیسواں حصہ دینا فرض ہے یا واجب ہے یا مستحب؟
(۶) عشر چالیسواں سال بھر میں ایک مرتبہ دینا چاہئے یا ہر فصل پر۔
(۷) عشر چالیسواں کے مصارف کون ہیں؟
(الجواب) از نمبر ۱ تا نمبر ۲ کاشتکاری جائز ہے، جیسا کہ کتب فقہ میں اس کی تفصیل موجود ہے اور جو صورتیں

(۱) هدايه باب العشر و الخراج ج ۲ ص ۵۷۳۔ (۲) سورة الانعام ركوع ۱۷۔ (۳) ردالمحتار باب الركاز ج ۲ ص ۶۱۔ ط.س ج۲ ص ۳۲۰ ظفير۔ (٤) فان ارضها (اى ارض دار الحرب) ليست ارض خراج وعشر (ردالمحتار باب الركاز ج ۲ ص ۶۱۔ ط.س ج۲ ص ۳۲۰) ظفير۔ (۵) وقالا بشرط واحد لا غير و هو اظهار حكم الكفر وهو القياس (ردالمحتار باب استيمان الكافر ج۳ ص ۳۴۹۔ ط.س ج۲ ص۱۷۶) پوری عبارت اس طرح ھے۔ لا تصير دار الاسلام دار حرب الا بامور ثلاثة باجراء احكام اهل الشرك وباتصالها بدار الحرب وبان لا يبقى فيها مسلم او ذمى آمنا بالامان الا ول (در مختار. ط.س ج۲ ص۱۷۵)

کاشتکاری کے سوال میں لکھی ہیں وہ سب درست ہیں۔(۱)اور عشر دسواں حصہ زمین کی پیداوار کا ہے اور چالیسواں حصہ زکوۃ میں دینا ہوتا ہے اس کا نام زکوۃ ہے، روپیہ وغیرہ سے بعد سال بھر کے جو چالیسواں دیا جاتا ہے، اور شامی کی روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ ہندوستان کی زمینوں پر عشر نہیں ہے۔(۲)لیکن جس جگہ عشر لازم ہوتا ہے وہاں ہر ایک فصل پر زمین کی پیداوار کا دسواں حصہ مثلاً دس من میں سے ایک من دینا لازم ہوتا ہے۔(۳)اور زکوۃ روپیہ وغیرہ کا سال بھر میں ایک دفعہ دینا فرض ہے۔(۴)اور عشر جس جگہ لازم ہے وہاں ہر ایک فصل پر جو آمدنی زمین کی ہو اس میں سے عشر یعنی دسواں حصہ پیداوار کا دینا لازم ہے، اور مصارف عشر و زکوۃ کے فقراء و مساکین وغیرہ ہیں ۔ فقط۔

(۱) وكذا صحت لو كان الارض والبذر لزيد والبقر و العمل للاخر او الارض له والباقي للآخر او العمل له والباقي للآخر فهذه الثلاثة جائز (الدر المختار على هامش ردالمحتار باب المزارعة ج ۵ ص ۲۴۲ ط.س.ج۶ص۲۷۸) ظفير.

(۲) حواله بار بار گذر چکا. ظفير.

(۳) ويجب العشر الخ في مسقى سماء و سيح الخ ويجب نصفه في مسقى غرب و دالية لكثرة المؤنة الخ او سقاه بماء اشتراه الخ (الدر المختار على هامش ردالمحتار باب العشر ج ۲ ص ۶۶ وج۲ ص ۶۹ ط.س.ج۲ص ۳۲۶ - ۳۲۸) ظفير.

(۴) ولا بد من الحول لانه لا بد من مدة يتحقق فيها النماء وقدرها الشرع بالحول لقوله عليه السلام لا زكوة في مال حتى يحول عليه الحول الخ (هداية كتاب الزكوة ج ۲ ص ۱۶۵). ظفير

# باب سوم

## جزیہ

### اسلامی حکومت میں بسنے والے غیر مسلم اور ان سے متعلق احکام و مسائل

#### لفظ جزیہ کی تحقیق بیان فرمائیں

(سوال ۱) لفظ جزیہ کی کیا اصلیت ہے، سائل اس لفظ پر ادبی اور تاریخی اور مذہبی پہلو سے آگاہی چاہتا ہے اور سہولت کے واسطے حسب ذیل شقوں پر تقسیم کرتا ہے۔

(۱) اصل میں جزیہ کس زبان کا لفظ تھا، عربی ہی زبان کا لفظ تھا یا فارسی سے معرب کیا گیا۔

**(۲) اسلام سے پہلے یہ رائج تھا یا نہیں**

اسلام سے پہلے یہ ٹیکس عرب یا فارس میں رائج تھا یا نہیں۔

**(۳) اس اصول کے قیام کا منشاء کیا ہے**

اس اصول کے قائم کرنے سے اسلام کا کیا مقصد تھا، کیا یہ ذمیوں پر ظلم و تعدی کرنے کا ایک آلہ تھا۔

(۴) خلفائے راشدین اور مسلمان سلاطین کے عہد میں کیا دستور رہا خلفائے راشدین اور سلاطین وقت کے عہد میں اس کا کیا دستور العمل رہا اور ہر شخص سے کتنا کتنا لیا جاتا تھا۔

**(۵) عہد نبوی ﷺ میں جزیہ ذمیوں سے لیا جاتا تھا یا نہیں اور اس کی مقدار کیا ہے**

جزیہ کا مال آنحضرت ﷺ کے زمانہ میں ذمیوں سے لیا جاتا تھا یا نہیں، فقہ میں اس کے واسطے کوئی خاص مقدار مقرر ہے یا سلاطین کو اجازت ہے کہ وہ جیسا ملک کی حالت دیکھ کر مناسب سمجھیں وصول کریں۔

**(الجواب)** کتب لغت کے دیکھنے سے ہمیں محقق طور پر یہ معلوم ہوا ہے کہ یہ لفظ عربی ہی ہے جزاء سے ماخوذ ہے وفی الکشاف سمیت جزیة لانها طائفة مما علی اهل الذمة ان یجزوه ای یقضوه او لانهم یجزون بها من منّ علیهم بالا عفاء عن القتل ص ۵۵۰ کشاف جلد اول مطبوعه مصر . وفی تاج العروس قال الراغب الجزیة سمیت بذلك للاجتزاء بها عن حقن دمهم قال ابن الا ثیرا لجزیة هی فعلیة من الجزاء کانها جزت عن قتله ومنه قوله تعالی حتیٰ یعطوا لجزیة الایة وجمعه جزی کلحیة ولحی کما فی الصحاح۔(۱) تاج العروس۔ پس معلوم ہوا کہ علامہ زمخشری اور شارح قاموس کا مختار یہ ہے کہ لفظ جزیہ عربی ہے جزا سے ماخوذ ہے۔ اور جس نے یہ کہا کہ یہ لفظ فارسی الاصل ہے۔ اصل میں گزیت تھا اس کو معرب کیا گیا" خلاف تحقیق ہے کتب لغت میں اس پر کوئی نقل موجود نہیں۔

(۲) اسلام سے پہلے بھی جزیہ فارس میں رائج رہا ہے، مورخ مشہور حافظ ابو جعفر طبری کسریٰ کے ذکر میں لکھتے ہیں والزموا الناس الجزیة ما خلا اهل البیوتات والعظماء والمقاتلة والهوابذة والکتاب ومن کان فی خدمة الملك وصیروا اباعلی طبقات اثنی عشر درهما وثمانیة وستة واربعة بقدر اکثار الرجل واقلاله ولم یلزموا الجزیة من کان اتی له من السن دون العشرین وفوق الخمسین طبری جلد ثانی ص ۱۲۳ مطبوعه مصر

(۳) اس میں شک نہیں کہ جزیہ سیاست سے تعلق رکھتا ہے چنانچہ اہل فارس نے اس کی اولاً بنیاد ڈالی، اور شریعت اسلامیہ کی ہرگز یہ شان نہیں کہ وہ سیاسی اور دیگر امور میں دخیل ہو، شریعت کا مقصد کسی پر حکم رانی نہیں، شریعت کی غرض ہے کہ وہ ان امور کی تعلیم دے جو تکمیل نفس اور تطہیر اخلاق کے اسباب ہوں جن کے اختیار کرنے سے وہ شئی حاصل ہو جائے جو خلقت انسانی کا اصلی راز اور اس کی پیدائش کا در حقیقت منشاء ہے لیکن شریعت انسانی سیاسی اور دیگر امور سے بالکل بے طرف بھی نہیں بلکہ وہ امور بھی جو حسب الظاہر مملکت اور سیاست سے تعلق رکھتے ہیں مگر در حقیقت مقصد شرعی کی ان سے تکمیل ہوتی ہے شریعت ہی سے محسوب ہوں گے، جب یہ ذہن نشین ہو چکا تو اب سمجھئے کہ شریعت کا مقصد یہ ہے کہ اہل عالم شرک اور بت پرستی سے باز رہ کر خدائے واحد کو پہچانیں اور جس غرض کے لئے پیدا کئے گئے ہیں مثلاً یہ کہ اپنے معبود حقیقی کی عبادت کریں اس غرض کی تکمیل میں کوشاں ہوں، چنانچہ پیغمبر آخر الزماں ﷺ جب مبعوث ہوئے آپ نے جہاں مشرکین کو اسلام کی دعوت دی اہل کتاب کو بھی (جو پہلے سے موحد کہلاتے تھے لیکن عناد اور ہوائے نفسانی کے باعث جس کو توحید کہنا چاہئے اس کا ان میں نام و نشان نہ تھا) توحید حقیقی اور تکمیل ایمان کی طرف بلایا مگر چونکہ ان کے قلوب عناد اور مخالفت حق سے لبریز تھے باوجودیکہ رسول اللہ ﷺ کی حقانیت ان پر روز روشن کی طرح عیاں تھی جیسے انسان اپنی اولاد کی شناخت میں دھوکہ نہیں کھاتا اسی طرح آپ کے پہچاننے میں ان سے کوئی غلطی نہیں ہوئی کما قال اللہ تعالیٰ یعرفونه كما يعرفون ابناءهم۔(۱) جب جان بوجھ کر بوجہ عناد و مخالفت یا حرص ریاست آپ کی نبوت کے منکر ہوئے تو شریعت اسلامیہ نے ان کے ہوش میں لانے کے لئے اور ان کی اصلاح نفس کے لئے ایک عمدہ طریقہ جاری کیا ان کو غیرت دلانے کے اسباب پیدا کئے، غلامی کی ذلت سے ڈرایا تاکہ غلامی کی غیرت کھا کر ہوش میں آئیں اور اصلاح نفس کی فکر کریں، اسی باعث ان کی تکمیل ہو جائے، چنانچہ جزیہ جس کے قبول کرنے کو وہ خود بھی ذلت جانتے تھے، اور کسریٰ و نوشیرواں نے ذلیل ہی کرنے کے لئے جزیہ کا نفاذ کیا تھا ان پر مقرر کیا تاکہ ایک زمانہ کے بعد ان کا تعصب جاتا رہے اور جزیہ کی قید سے رہائی چاہ کر دائرہ اسلامی میں داخل ہوں۔ اس مقصد کی تائید میں خالد بن الولید کا نامہ مبارک درج کرتا ہوں۔ بسم الله الرحمن الرحيم من خالد بن الوليد الى رستم و مهران في ملاء فارس سلام على من اتبع الهدى اما بعد فانا ندعوكم إلى الاسلام فان ابيتم فاعطوا الجزية عن يد وانتم صاغرون، فان ابيتم فان معي قوم يحبون القتل في سبيل الله كما يحب الفارس الخمر والسلام على من اتبع الهدى رواه في شرح السنة للبغوى۔(۲) پس معلوم ہوا کہ جزیہ کے قائم کرنے سے شریعت کی غرض ان کی اصلاح نفس، تکمیل ایمان، تطہیر اخلاق تھی، یا یہ کہئے کہ عالم میں امن قائم کرنا مقصود تھا اس کو کوئی ظلم نہیں کہہ سکتا، یہ عین امن پسندی و انصاف ہے۔

کتاب الخراج سے قاضی ابو یوسف کے معلوم ہوتا ہے کہ ابو عبیدہ بن الجراح امین امت نے خراج اور جزیہ وصول شدہ کو پھر واپس کرا دیا۔ حیث قال فكتب ابو عبيدة الى كل وال ممن خلفه في المدن التي صالح اهلها يا مرهم ان يردوا عليهم ما جبى منهم من الجزية والخراج الخ۔(۳) اور فتوح الشام

(۱) سورة البقرة (۲) مشكوة باب الكتاب الى الكفار ص ۳۴۲ (۳) كتاب الخراج لابي يوسف ص ۸۱ طغير

میں علامہ ازدی لکھتے ہیں ابو عبیدہ نے حبیب بن مسلمہ کو بلا کر یہ کہا کہ میرا جی چاہتا ہے کہ فلاں فلاں شہروں کے باشندوں سے جو کچھ بطریق صلح ہم نے ان سے وصول کیا ہے ان کو واپس کر دوں، انتہی۔

اب کیا اس کے بعد کوئی صاحب ذوق سلیم کہہ سکتا ہے کہ جزیہ ذمیوں پر قائم کرنا ظلم و ستم کرنے کا ایک آلہ تھا، ہر گز نہیں۔ اس سے ان کی اصلاح نفس مقصود تھی چنانچہ وصول شدہ جزیہ کو واپس کرنا بھی اسی غرض سے تھا تاکہ وہ مسلمانوں کے اخلاق سے گرویدہ ہو کر دائرہ اسلامی میں داخل ہوں اور سمجھ لیں کہ اسلام کی غرض تحصیل زر نہیں ہے۔

(۴و۵) آنحضرت ﷺ اور خلفائے راشدین کے عہد میں ذمیوں سے جزیہ لیا جاتا تھا اور جزیہ دو طرح کا تھا ایک وہ جو بطریق صلح مقرر ہوا ہو اس جزیہ کی تعیین صلح پر دائر ہے، جتنی مقدار مقرر ہو، اس میں سلطان وقت کو اختیار ہے جتنا چاہے مقرر کر سکتا ہے خواہ وہ لوگ جن پر جزیہ مقرر کیا گیا ہے شریعت کی قرارداد پر راضی ہوں یا نہ ہوں، وہ مقدار یہ ہے اعلیٰ درجہ کے غنی پر سال بھر کا جزیہ ۴۸ درہم، ماہواری ۴ درہم اور متوسط درجہ کے غنی پر سال بھر میں ۲۴ درہم ماہواری دو درہم، اور معمولی درجہ کے آدمی پر جو معمولی پیشہ و تجارت کرتا ہو لوگ اس کو غنی نہ کہتے ہوں ماہواری ایک درہم، سالانہ بارہ درہم۔ کما فی الفتح قال ابن الهمام الجزية على ضربين جزية توضع بالتراضي والصلح عليها فتقدر بحسب ما عليه الاتفاق فلا يزاد عليه تحرراً عن الغدر و اصله صالح رسول الله صلى الله عليه وسلم اهل نجران وهم قوم من نصارى بقرب اليمن على الفى حلة فى العام على ما فى السنن لابى داؤد عن ابن عباس رضى الله تعالىٰ عنه قال صالح رسول الله صلى الله عليه وسلم اهل نجران على الفى حلة النصف فى صفرو النصف فى رجب والضرب الثانى جزية يبتدئ الامام بتو ظيفها اذا غلب على الكفار ففتح بلادهم واقر على املاكهم فهذه مقدرة بقدر معلوم شاؤا اوابوا رضوا اولم يرضوا فيضع على الغنى فى سنة ثمانية واربعين فى كل شهر اربعة دراهم وعلى المتوسط اربعة وعشرين درهما فى كل شهر درهمين وعلى الفقير المعتمل اثنى عشر درهما فى كل شهر درهما واحداً (۱) اور جزیہ کی قسم اول جس طرح خلفائے راشدین سے منقول ہے قسم ثانی بھی منقول ہے کما فى الهداية بعد ذكر القسم الثانى ومذهبنا منقول عن عمرو عثمان وعلى رضى الله عنهم اجمعين ولم ينكر عليهم احد من المها جرين والا نصار انتهى. (۲)

---

(۱) فتح القدير باب الجزيه ج ٤ ص ٣٦٨ ظفير

(۲) هدايه باب الجزية ج۲ ص ٥٧١ ظفير

# باب چہارم

## مرتد

### کلمات کفریہ اور ارتداد سے متعلق احکام و مسائل

### مرزا غلام احمد کے ارتداد کا فتویٰ اور اس کی تعریف کرنے والا فاسق ہے

(سوال ۱) خواجہ کمال الدین لاہوری مرزا غلام احمد قادیانی کی فصاحت بلاغت کی تعریف کرتے ہیں یا ان کا استقبال کرنا یا ان کو اپنے یہاں مہمان کرنا کیسا ہے ایسا شخص مرتد ہے یا نہیں۔

(الجواب) مرتد تو نہیں، فاسق و عاصی ضرور ہے کہ بے دین کی تعظیم کرتا ہے باقی جو معتقد عقاید قادیانی کا ہے اس کے ارتداد پر فتویٰ علماء کا ہو چکا ہے۔(۱)

### یہ دعویٰ کہ مجھ میں رسول اللہ کی روح حلول کر گئی ہے کفر ہے

(سوال ۲) ایک شخص دعویٰ کرتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی روح مبارک اور حضرت امام مہدی علیہ السلام کی روح میرے بدن میں حلول کر گئی ہیں وغیرہ، اس اعتقاد کی نسبت کیا حکم ہے۔

(الجواب) عقائد مذکورہ کفر کے عقائد ہیں، مدعی مذکور گمراہ اور بے دین ہے۔(۲) اس سے مرید ہونا اور اس کا اتباع کرنا درست نہیں ہے۔ وہ شخص مصداق ضلوا فاضلوا (۳) کا ہے، اس کی صحبت سے بچیں، **ولنعم ماقال فی المثنوی المعنوی.**

اے بسا ابلیس آدم روئے ہست پس بہر دستے نباید داد دست

### خدا و رسول کا منکر مرتد ہے

(سوال ۳) ایک شخص نے یہ الفاظ کہے کہ میں خدا اور رسول کو نہیں مانتا والعیاذ باللہ ایسے شخص پر حکم ارتداد ہوگا اور نکاح اس کا باطل ہوگا یا نہیں۔

(الجواب) ایسے شخص پر حکم کفر و ارتداد کا ہوگا اور نکاح اس کا باطل ہو گیا، ہٰکذا فی کتب الفقہ۔(۴)

### عورت مرتد ہو گئی پھر بعد میں اسلام لاکر دوسرا نکاح کر لیا کیا حکم ہے

(سوال ۴) آج کل عورتوں نے نکاح فسخ کرنے کا یہ طریقہ کر رکھا ہے کہ عورت چند یوم کے لئے عیسائی ہو جاتی

(۱) ودعوی النبوة بعد نبینا صلی الله علیه وسلم کفر بالا جماع (شرح فقه اکبر ص ۲۰۲) فدیکون فی هٰؤلاء من یستحق قتل کمن یدعی النبوة اویطلب تغیر شیء من الشریعة ونحو ذالك (ایضاً ص ۱۸٤) ظفیر

(۲) کذ الکافر بسبب الزندقه لا توبة له الخ والداعی الی الالحادو الاباحی کالزندیق وفی الفتح وفی المنافق الذی یبطن الکفر و یظهر الاسلام کالزندیق الذی لا یتدین بدین (درمختار) الا الاباحة والغالیة والشیعة من الروافض والقرامطه والزنادقه والفلاسفه لا تقبل توبتهم بحال من الاحوال( ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۴۰۹ و ج۳ ص ۴۱۰ ط س ج ٤ ص ۲٤۱) (۳) مشکوٰة کتاب العلم ص ۳۳

(٤) ذکر فی المسایرة ان مایقی الا ستسلام او یوجب التکذیب فهو کفر ( ردالمحتار باب المرتد ج۳ ص ۳۹۲ ط س ج٤ ص۲۲۳ والکفر شرعا تکذیبه صلی الله علیه وسلم فی شئی مماجاء به من الدین ضرورة (الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب المرتد ج۳ ص ۹۲ ط س ج٤ ص۲۲۳ ). ظفیر

ہے، پھر کسی دوسری جگہ اسلام لے آتی ہے اور جہاں چاہے نکاح کر لیتی ہے۔ غرض حقیقت میں ترک اسلام نہیں بلکہ خاوند کو چھوڑنا مقصود ہوتا ہے، ایسی عورت کو مرتد کہا جاوے گا یا نہیں اور نکاح فسخ ہو جاتا ہے یا نہیں اور اگر مرتدہ اسلام کی طرف لوٹ آوے تو کیا پہلے ہی خاوند کو دلائی جاوے گی یا اس کو اختیار ہوگا جہاں چاہے نکاح کر لے۔

(الجواب) ظاہر المذہب حنفیہ کا یہ ہے کہ احد الزوجین کا مرتد ہو جانا موجب فسخ نکاح ہے وارتداد احدھما فسخ عاجل الخ درمختار۔(۱) لیکن فقہاء نے یہ بھی تصریح فرمائی ہے کہ جو عورت اس لئے مرتد ہو معاذ اللہ کے شوہر اول کے نکاح سے نکل جاوے اور دوسرے شخص سے نکاح کر لیوے اس کے لئے یہ حکم ہے کہ اس کو مجبور کیا جاوے گا اسلام پر اور شوہر اول سے تجدید نکاح (۲) پر و تجبر علی الاسلام وعلی تجدید النکاح الخ در مختار۔ (۳) اور مشائخ بلخ کا فتویٰ یہ ہے کہ عورت کے مرتد ہونے سے نکاح فسخ نہ ہوگا اور وہ بعد اسلام کے شوہر اول کے نکاح میں ہی رہے گی وافتی مشائخ بلخ بعدم الفرقة بردتها زجراً وتیسیراً الخ قال فی النهر والا فتاء بهذا اولی من الا فتاء بما فی النوادر۔(۴) وفی الشامی وقد کان بعض مشائخنا من علماء العجم ابتلی بامرأة تقع فیما یوجب الکفر کثیراً ثم تنکر وعن التجدید تابی ومن القواعد المشقة تجلب التیسیر واللہ المیسر لکل عسیر الخ۔(۵)

## ارتداد سے نکاح فسخ ہو جاتا ہے

(سوال ۵) ہندہ مومنہ ہے اور اس کا شوہر زید یہاں تک فسق وفجور میں مبتلا ہے کہ اپنی زوجہ ہندہ کو نماز روزہ بھی نہیں کرنے دیتا جس وقت وہ نماز پڑھتی ہے زدوکوب کر کے نیت تڑوا دیتا ہے اور کہتا ہے کہ خدا اور رسول کیا کر سکتا ہے یہ سب باتیں ملاؤں کی گھڑی ہوئی ہیں اور وہ قرآن پڑھنا چاہتی ہے تو کہتا ہے کہ قرآن کیا چیز ہے تو محمد ﷺ نے جھوٹی باتیں عربی میں جمع کر کے دنیا کو جھکا دیا ہے۔ ایک دفعہ قرآن شریف میں ٹھوکر مار کر دور پھینک دیا اور اللہ ورسول کی شان میں بہت کچھ بیہودہ باتیں بکی والعیاذ باللہ ایسا شخص مسلمان ہے یا کافر اور نکاح اس کا فسخ ہوا یا نہ۔

(الجواب) وہ شخص مرتد و کافر ہو گیا، اور نکاح۔(۶) اس کا فسخ ہو گیا لا ن الا رتداد موجب الفسخ عاجلا کذا فی کتب الفقه۔(۷)

---

(۱) الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب نکاح الکافر ج۲ ص ۵۳۹ ط.س. ج۳ص۱۹۳ ظفیر

(۲) ولو ارتدت لمجی الفرقة منها الخ تجبر (ایضا ج ۲ ص ۵۳۹ وج ۲ ص ۵۴۰ ط.س. ج۳ص۱۹۴) ظفیر

(۳) ایضاً ج ۲ ص ۵۴۰ ط.س. ج۳ص۱۹۴ ظفیر

(۴) ایضاً ج ۲ ص ۵۳۹ و ۲ ص ۵۴۰ ط.س. ج۳ص۱۹۴ ظفیر

(۵) ردالمحتار للشامی باب نکاح الکافر ج ۲ ص ۵۴۰ ط.س. ج۳ص۱۹۴ ظفیر

(۶) من هزل بکفرار تدوان لم یعتقده للاستخفاف فهو لکفر العناد (در مختار) والا ستخفاف به وبالمصحف والکعبة وکذا مخالفة او انکار ما اجمع علیه بعد العلم به لان ذلک دلیل علی ان التصدیق مفقود (ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۳۹۲ ط.س. ج۴ص۲۲۲) ظفیر

(۷) ارتداد احدهما ای الزوجین فسخ عاجلا بلا قضاء (الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب نکاح الکافر ج۳ ص ۵۳۱ ط.س. ج۳ص۱۹۳) ظفیر

## اگر عقیدہ اسلام کا ہو اور افعال کفر کے تو کیا حکم ہے

(سوال ۶) پہلے ایک چماری مسلمان ہوئی اور اپنا نکاح اہل اسلام سے پڑھوایا، چھ ماہ اس شخص کے گھر میں رہی پھر اس چماری کو ہندو جبرا پکڑ کر لے گئے اس کا خاوند گیا اور مقدمہ میں قید ہو گیا تھا پانچ ماہ تک چماری ہندوؤں کے گھر رہی حلال حرام کو مباح جانا اب پھر دوبارہ مسلمان ہوئی، آیا پہلا نکاح اس کا فاسد ہو گیا یا کیا، اس چماری کا نکاح دوسرے شخص سے جائز ہے یا نہیں، یا پہلے خاوند سے طلاق لینی چاہئے۔

(الجواب) جو امور سوال میں درج ہیں ان سے اس چماری کا مرتد ہونا معلوم نہیں ہوتا اگر درحقیقت وہ اپنے اسلام پر قائم رہی اور عقیدہ اسلام کا رہا اگرچہ اعمال میں شریک کفار کے رہی تو وہ مرتد نہیں ہوئی اور اس کا پہلا نکاح قائم ہے بدون اس کے طلاق کے اس کے نکاح سے خارج نہ ہوگی اور دوسرے شخص سے نکاح جائز نہ ہوگا اور اگر اس نے اپنا عقیدہ بدل دیا تھا اور اسلام سے منحرف ہوگئی تھی اور اسلام کا انکار کر دیا تھا تو نکاح سابق اس کا فسخ ہو گیا اب دوبارہ اسلام لانے کے بعد دوسرے شخص سے نکاح صحیح ہے۔(۱)

## حضور ﷺ کی توہین کرنا ارتداد ہے

(سوال ۷) ایک صوفی کے مکان پر وعظ ہوا جس میں حضور ﷺ کی شان مبارک میں توہین کے الفاظ استعمال کئے گئے اور اہل مجلس میں سے ایک نے اٹھ کر کہا کہ جو کچھ انہوں نے فرمایا ہے بہت صحیح و درست ہے اور پھر ان تینوں شخصوں نے ایک جلسہ عام میں توبہ کی آیا ان کی توبہ قابل یقین ہے یا نہیں اور نکاح رہا یا نہیں۔

(الجواب) اگر کوئی ایسا کلمہ زبان سے نکلا جو شرعاً توہین کا کلمہ ہے اور حکم ارتداد اس پر ہو سکتا ہو تو ایسی (۲) حالت میں نکاح ان کا باقی نہیں رہا اور توبہ و اسلام لانا ان کا قبول ہے بعد توبہ کے تجدید نکاح کرنی چاہئے (۳) اور پوری بات جبھی معلوم ہو کہ آیا اس میں تاویل ممکن ہے یا نہیں۔

## قرآن و حدیث کو نہیں مانتا یہ جملہ ارتداد ہے

(سوال ۸) ہندہ نابالغہ کا نکاح اس کے والد نے زید سے غیر کفو میں کر دیا تھا، بعد بلوغ کے ہندہ شوہر کے یہاں جانے سے انکار کرتی رہی، ہر چند اس کو سب نے سمجھایا کہ شرعاً تمہارا نکاح ہو گیا ہے اب تم کو وہاں جانا ضروری ہے جس پر ہندہ نے بیساختہ یہ جواب دیا کہ ہم قرآن و حدیث کو نہیں مانتے چاہے مسلمان رہیں یا نہ رہیں، اب ہندہ کا نکاح زید سے قائم ہے یا نہیں۔

(۱) ایضاً

(۲) ویجب الحاق الاستهزاء والا ستخفاف به وتعلق حقه الخ وحينئذ فيعم حضرة الرسالة فينبغي القول بكفره (درمختار) اجمع عوام اهل العلم على ان من سب النبي صلى الله عليه وسلم يقتل (ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۴۰۱ ط.س ج ۴ ص ۲۳۲) ظفير

(۳) مايكون كفرا اتفاقا يبطل العمل والنكاح واولاده اولاد زنا وما فيه خلاف يؤمر بالاستغفار والتوبة وتجديد النكاح (الدر المختار على هامش ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۴۱۴ ط.س ج ۴ ص ۲۴۶) ظفير

(الجواب) یہ کلمہ کفر وارتداد کا ہے۔(۱) اور ارتداد سے نکاح فسخ ہو جاتا ہے جیسا کہ در مختار میں ہے وارتداد احدھما فسخ عاجل الخ ۔(۲) پس نکاح ہندہ کا زید کے ساتھ قائم نہیں رہا بلکہ فسخ ہو گیا۔

## حضرت عیسیٰ کو ابن اللہ کہا پھر بعد میں انکار کیا کیا حکم ہے

(سوال ۹) زید اور عمر نے شہادت دی کہ خالد نے اب سے تقریباً چھ ماہ پیشتر فلاں مقام پر حضرت عیسیٰ کو ابن اللہ کہہ دیا تھا، اس شہادت کو خالد نے انکار کیا چنانچہ شاہدین نے بھی خلفیہ شہادت دی تھی آیا خالد کا انکار توبہ کا قائم مقام ہے یا نہیں اور اس کی زوجہ بائنہ ہوئی یا نہ، شاہدین نے چونکہ بلا عذر شہادت دینے میں تاخیر کی تو ان کی شہادت معتبر ہوگی یا نہیں۔

(الجواب) در مختار میں ہے شهد و اعلى مسلم بالردة وهو منكر لا يتعرض له لا لتكذيب الشهود العدول بل لان انكاره توبة ورجوع يعنى فيمتنع القتل فقط وتثبث بقية احكام المرتد كحبط عمل وبطلان وقف وبينونة زوجة ۔ الخ. (۳) اس سے معلوم ہوا کہ انکار اس کا توبہ ہے اور رجوع ہے اس سے کچھ تعرض نہ کیا جاوے لیکن زوجہ اس کی بائنہ ہو جاوے گی لہٰذا تجدید نکاح کرے اور تاخیر شہادت بے شک اگر بلا عذر ہو تو موجب رد شہادت ہے لیکن قاضی شرعی کا موجود نہ ہونا یہ خود عذر تاخیر شہادت کافی ہے۔

## احد الزوجین کے ارتداد سے نکاح فسخ ہو جاتا ہے

(سوال ۱۰) ایک شخص مسلمان ایک ہندو حجام سے مرید ہوا، اور نماز روزہ سب احکام شریعت چھوڑ کر ہندوؤں کی طرح پیشانی میں سندور، چندن دیگر درخت تلسی کو پوجتا ہے، اس کی زوجہ اس کی نکاح میں ہے یا نکاح ثانی اس کا جائز ہے۔

(الجواب) مرتد ہونا احد الزوجین کا سبب فسخ نکاح کا ہے، کما فی الدر المختا وارتداد احدھما فسخ عاجل الخ (۴) اور امور مذکور جن کا ارتکاب شوہر نے کیا پرستش غیر اللہ وغیرہ یہ امور موجب ارتداد ہیں قال الله تعالى وما امروا الا ليعبدو الله مخلصين له الدين الاية(۵) وقال تعالى لا تسجد وا للشمس ولا للقمر

(۱) من هزل بلفظ كفرار تدوان لم يعتقده للاستخفاف (در مختار) اى تكلم به با ختياره غير قاصد معناه (ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۳۹۲ ط.س ج ٤ ص ۲۲۲)
(۲) الدر المختار على هامش ردالمحتار باب نكاح الكافر ج ۲ ص ۵۳۹ ط.س ج۳ ص ۱۹۳ ظفير
(۳) الدر المختار على هامش ردالمحتار باب المرتد ج ۲ ص ٤۱۲ ط.س ج ٤ ص ۲٤٦ ظفير
(۴) الدر المختار على هامش ردالمحتار باب نكاح الكافر ج ۲ ص ۵۳۹ ط.س ج۳ ص ۱۹۳ ظفير
(۵) سورة البينة ۱

وا سجدوا لله الذی خلقهن ان کنتم ایاه تعبدون الآیة(۱) فی ردالمحتار ج ۳ ص ۲۸٤ وبالجملة فقد ضم الی التصدیق بالقلب اوبالقلب واللسان فی تحقیق الایمان امور الاخلال بها اخلال بالایمان کالسجود للصنم وقتل نبی والاستخفاف و بالمصحف وبالکعبة الخ۔(۲)

## اگر گناہ ہے تو میں اکیلا جواب دہ ہوں کلمہ کفر نہیں ہے

(سوال ۱۱) ایک مسلمان کسی مسجد کو خلاف حکم خدا اور رسول کے بنوا رہا ہے، دوسرے شخص نے اس کو فتویٰ دکھایا جس میں درمختار اور شامی کی عبارت ہے، اس کے جواب میں اس نے کہا کہ مجھے بنوانے دو اگر گناہ ہے تو تم سب بری ہو، سب کا گناہ میرے اوپر رہا، میں اکیلا خدا کو جواب دے لوں گا، اس شخص نے کہا کہ توبہ کرو یہ الفاظ بہت برے ہیں اس نے کہا نہیں کرتے توبہ نہیں کرتے، اس شخص کے لئے شرعاً کیا حکم ہے ان الفاظ سے کفر لازم آتا ہے یا نہ اور دوسرا شخص بھی گناہ گار ہوگا یا نہ۔

(الجواب) وہ شخص سخت گناہگار ہوا توبہ کرے اور انکار کرنا توبہ سے سخت گناہ ہے کفر تو اس وجہ سے نہیں کہہ سکتے کہ یہ تاویل ممکن ہے کہ کسی کے کہنے سے وہ توبہ نہیں کرتا، بہر حال ایسے شخص سے خطاب نہ کیا جاوے قال الله تعالیٰ واذا خاطبهم الجاهلون قالوا سلاما(۳) اور ایک کا گناہ دوسرے کے ذمہ نہیں ہو سکتا۔ بحکم ولا تزر وازرة وزر اخری(٤)

## مرشد کو رسول وخدا کہنے والا مرتد و کافر ہے

(سوال ۱۲) جو شخص مرشد کو رسول اور خدا کہے اس کی نسبت کیا حکم ہے، جو شخص تذکرہ قیامت میں کہتا ہے کہ آگے چل کر سب کچھ معلوم ہو جائے گا دوسرا شخص اس کے جواب میں کہتا ہے کہ آگے کیا دیکھنا ہے مٹی سے مٹی مل جائے گی، اس ملک میں بہت رواج ہے کہ کھانا سامنے رکھ کر فاتحہ پڑھتے ہیں اور جو شخص باری تعالیٰ کے نور سے رسول ﷺ کا نور کہتا ہے اس کا کیا حکم ہے اور توبہ سے انکار کرتے ہیں۔

(الجواب) جو شخص مرشد کو رسول اور خدا کہتا ہے وہ کافر و مرتد ہے اور کافر کہنا مسلمان کا خود کفر ہے، اور انکار حشر ونشر و حساب و کتاب بھی کفر ہے(۵) اور توبہ سے انکار کرنا بھی مسلمان کا کام نہیں ہے اور فاتحہ پڑھنی کھانا سامنے رکھ کر

---

(۱) حم السجدہ، ۱۹.
(۲) ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۳۹۲ ط.س. ج۳ ص۲۲۳. ظفیر.
(۳) الفرقان، ۱٤.
(٤) سورۃ النجم، ۲
(۵) من هزل بلفظ الکفر ار تدوان لم یعتقده للا ستخفاف (درمختار) واشارای ذلك بقوله للاستخفاف فان فعل ذلك استخفاف واستهانة بالدین الخ (ردالمحتارباب المرتد ج ۳ ص ۳۹۲. ط.س ج۳ ص ۲۲۲) ظفیر

خلاف سنت ہے اور بدعت ہے اور اللہ تعالیٰ کے ذاتی نور میں کسی کو شرکت نہیں ہے لیس کمثلہ شئی اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات میں کسی کو شریک کرنا شرک جلی ہے اور اللہ تعالیٰ کے نور کا تجزیہ کرنا بھی کفر وشرک ہے۔

## قرآن حکیم کو گالی دینا کفر ہے

(**سوال ۱۳**) ایک شخص نے قرآن شریف کو سخت گالی دی اور توبہ کرنے سے صاف انکار کردیا شرعاً کیا حکم ہے۔

(**الجواب**) قرآن شریف کو گالی دینا کفر ہے۔(۱) **والعیاذ باللہ**، پس اس شخص سے جب کہ وہ توبہ اپنے کفر سے بھی نہیں کرتا، مرتدین اور کفار کا معاملہ کرنا چاہئے اور اس سے قطعاً علیحدگی اور متارکت کی جاوے **قال اللہ تعالیٰ فلا تقعد بعد الذکری مع القوم الظلمین**۔(۲)

## مرتد سے تعلقات اور میل جول حرام ہے

(**سوال ۱۴**) ایک مسلمان عیسائی ہوگیا اس سے دوستی اور محبت رکھنا اور خندہ پیشانی ہوکر ملنا اور کھانا پینا کیسا ہے۔

(**الجواب**) وہ شخص جو اسلام سے پھر کر عیسائی ہوگیا مرتد ہے اس سے تعلقات اور میل جول رکھنا حرام اور ناجائز ہے، اور خندہ پیشانی اس سے مصافحہ کرنا اور ملنا اور اس کے ساتھ مواکلت ومشاربت رکھنا ناجائز اور ممنوع ہے ایسے لوگ جو اس مرتد کے ساتھ خندہ پیشانی ملے اور ساتھ کھایا پیا گناہگار ہوئے اس سے توبہ کریں اور آئندہ سے اس سے اجتناب کریں۔(۳)

## حالت غصہ میں کلمہ کفر نکالنا

(**سوال ۱۵**) غصہ کی حالت میں چونکہ عقل مغلوب ہوجاتی ہے اگر کلمہ کفر نکل جاوے تو قائل کافر ہے یا نہیں۔

(**الجواب**) غصہ کی حالت میں کلمہ کفر زبان سے نکل جانے سے بھی کفر ہوجاتا ہے توبہ کرنا چاہئے اور تجدید اسلام کرنی چاہئے۔(۴)

## قرآن کی تحقیر کفر ہے

(**سوال ۱۶**) زید وعمر میں معاملہ بیع وشراء میں تنازع ہوا، زید نے اس بیع کی قیمت سے بتلائی عمر نے کہا کہ تم قرآن شریف ہاتھ میں لے کر اٹھا جاؤ میں منظور کرلوں گا، زید نے کہا کہ قرآن شریف پر نعوذ باللہ کتے پیشاب کریں، زید پر اس کلمہ قبیحہ کے تکلم کرنے سے کیا حکم ہوتا ہے۔

---

(۱) وبالجملة فقد ضم الی التصدیق بالقلب واللسان فی تحقیق الایمان امور الاخلال بها اخلال بالایمان اتفاقا کالسجود للصنم وقتل نبی والاستخفاف به وبالمصحف والکعبة (ردالمحتار باب المرتد ص ۳۹۲ ط.س. ج۴ص۲۲۲) ظفیر

(۲) الانعام : ۱۴

(۳) ومن ارتد عرض الحاکم علیه الاسلام استحبابا الخ وتکشف شبهة الخ ویحبس وجوبا ثلاثة ایام فان اسلم فیها والا قتل حدیث من بدل دینه فاقتلوه الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۳۹٤ ط.س. ج٤ص۲۲۵)

(٤) من هزل بلفظ کفر ارتد وان لم یعتقده للاستخفاف (در مختار) ای تکلم به باختیاره غیر قاصد معناه وهذه لاینافی ما مران الایمان هو التصدیق فقط ومع الاقرار لان التصدیق وان کان موجودا حقیقة لکنه زائل حکما (ردالمحتار باب المرتد ج۳ ص ۳۹۲ ط.س. ج۴ص۲۲۲) ظفیر

(الجواب) زید بوجہ تکلم اس کلمہ قبیحہ کے کافر و مرتد ہوا اور اس کی زوجہ اس کی نکاح سے خارج ہو گئی۔ تجدید نکاح و تجدید اسلام و توبہ و استغفار اس پر واجب ہے۔ ردالمحتار میں مسائرہ سے نقل کیا گیا ہے وبالحملة فقد ضم الی التصدیق بالقلب اوبالقلب واللسان فی تحقیق الا یمان امور الا حلال بها احلال بالا یمان اتفاقا کترك السجود للصنم وقتل نبی والاستخفاف به وبا لمصحف والکعبة الخ۔

## زوجین میں سے کسی کے کلمہ کفر کہنے سے نکاح فسخ ہو جاتا ہے

(سوال ۱۷) ہندہ کا نکاح زید سے چھ سات برس ہوئے ہوا تھا، زید نے اتنے عرصہ میں کسی قسم کا حق ہندہ کا ادا نہیں کیا زید کو نہ مجامعت پر قدرت ہے نہ نان و نفقہ دیتا ہے بلکہ زید کو عادت اغلام کرانے کی ہے جس کی وجہ سے مجامعت پر قدرت نہ رہی اور والدین کے بھکانے کی وجہ سے طلاق نہیں دیتا، زیادہ تکلیف پہنچنے کی وجہ سے اکثر اوقات ہندہ کی زبان سے کلمہ کفر کے بھی جاری ہو جاتے ہیں تو ہندہ بوجہ کلمہ کفر کے عقد نکاح سے باہر ہو گئی یا نہیں اگر نہیں ہوئی تو ایسی صورت تحریر فرمائیں کہ ہندہ زید سے علیٰحدہ ہو جاوے۔

(الجواب) بدون طلاق دیئے شوہر کے کوئی صورت علیٰحدگی کی نہیں ہے البتہ اگر کلمہ کفر زوجین میں سے کسی کی زبان سے ایسا نکل گیا ہے جو باتفاق کفر ہے تو اس سے نکاح فوراً فسخ ہو جاتا ہے لیکن فسخ نکاح کے لئے یہ ضروری ہے کہ وہ کلمہ کفر کا ایسا ہو کہ اس میں گنجائش تاویل کی نہ ہو۔ اور مسئلہ یہ بھی ہے کہ شوہر سے زبردستی سے اگر طلاق کہلا دیا جاوے تب بھی طلاق پڑ جاتی ہے لقوله علیه الصلوٰة والسلام ثلث جدهن جد و هز لهن جد الحدیث۔ (۲)

## شریعت کا منکر کافر ہے

(سوال ۱۸) اگر کوئی شخص شریعت کا انکار کرے اور کہے کہ ہم شریعت کو نہیں مانتے تمہاری شرع تمہارے گھر میں آیا وہ شخص مرتد ہو گیا یا نہیں، اور اس کی زوجہ مطلقہ ہو گئی یا نہیں۔

(۲) ایک مجلس میں ایک مولوی کے ساتھ کچھ مسائل شرعیہ کا تذکرہ ہو رہا تھا ناگاہ ایک شخص نے آخر بطور بغض کے علماء کی بہت ہی حقارت و استہزاء توبیخ کرنی شروع کی ایسے شخص کے لئے کیا حکم شرعی ہے۔

(الجواب) اقول وبالله التوفیق قال فی ردالمحتار وفی الخلاصة وغیرها اذا کان فی المسئلة وجوه توجب التکفیر و وجه واحد یمنعه فعلی المفتی ان یمیل الی الوجه الذی یمنع التکفیر الخ (۳) ص ۲۸۵ باب المرتد و فیه عن جامع الفصولین وعلی هذا ینبغی ان یکفر من شتم دین مسلم ولکن یمکن التاویل بان مراده اخلاقه الردیة ومعاملته القبیحة لا حقیقة دین الا سلام فینبغی ان لا یکفر

---

(۱) من هزل بلفظ کفر ارتدوان لم یعتقده للاستخفاف (در مختار) ای تکلم به باختیاره غیر قاصد معناه وهذا لاینافی ما مراد الا یمان هو التصدیق فقط اومع الا قرار لان التصدیق وان کان موجودا حقیقة لکنه زائل حکما ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۳۹۲ ط.س ج ۴ ص ۲۲۲ ظفیر

(۲) مشکوٰة کتاب الطلاق ص ۲۸۴ ظفیر

(۳) الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۳۹۲ ط.س ج ۴ ص ۲۳۰ ظفیر

حینئذ واللہ تعالیٰ اعلم ج ۳ ص ۲۸۹ (۱) شامی وقد سئل فی الخیریۃ عمن قال لہ الحاکم ارض بالشرع فقال لااقبل فافتیٰ بانہ کفر و بانت زوجتہ فھل یثبت کفرہ بذلک فاجاب بانہ لا ینبغی للعالم ان یبادر بتکفیر اھل الاسلام الی اخرہ (۲) وفی الدر المختار و الفاظہ تعرف فی الفتاوی بل افردت با لتالیف مع انہ لا یفتی بالکفر بشیٔ منھا الا فیما اتفق المشائخ علیہ کما سیجی قال فی البحر و قد الزمت نفسی ان لا افتی بشیٔ منھا (۳) ونقل تمام عبارتہ فی الشامی وفی آخرہ فعلی ھذا فاکثر الفاظ التکفیر المذکورۃ لا یفتی بالتکفیر فیھا ولقد الزمت نفسی ان لا افتی بشیٔ منھا اہ کلام البحر باختصار شامی۔ (۴) ص ۲۸۵ پس گناہ گار ہوا کافر نہیں ہوا۔

## جو شخص مسجد کی توہین کرے اور امام کو گالی دے

(سوال ۱۹) اگر کوئی شخص اپنے ثروت کے گھمنڈ سے یہ کہے کہ میں مسجد پر پیشاب کرتا ہوں اور امام کو گالیاں دے ایسے شخص کے لے کیا حکم ہے اور جو اشخاص اس کے مددگار ہیں اور مسجد کے لوٹوں کو خراب کریں اور ان سے طہارت کریں ان کے لئے کیا حکم ہے اور وہ لوٹے پاک رہ سکتے ہیں۔

(الجواب) ایسے شخص کے لئے شریعت میں کفر کا خوف ہے توبہ کرے اور تجدید نکاح کرے اور جو لوگ اس فاسق و فاجر کے مددگار ہوں وہ بھی عاصی و فاسق ہیں، توبہ کریں اور آئندہ ایسے حرکات سے باز آویں (۵) اور مسجد کے لوٹوں کو خراب نہ کریں اور ان لوٹوں کو ناپاک نہ سمجھیں کیونکہ جب تک نجاست کا لگنا یقینی طور سے معلوم نہ ہو اس وقت تک ناپاکی کا حکم نہیں کیا جاتا۔ (۶)

## شریعت کی جگہ اگر رواج کو مانے تو کیا حکم ہے

(سوال ۲۰) وکیل مدعی علیہ نے مدعی سے کہا کہ تم شرع محمدی مانتے ہو یا نہیں تو مدعی نے کہا جس طرح رواج ہے تم اس طرح کرو یہاں شرع کا کیا کام اس شخص کی نسبت کیا حکم ہے۔

(الجواب) مسلمان کو شرع محمد کا نہ ماننا اور یہ کہنا کہ رواج کے موافق کرو یہاں شرع کا کیا کام ہے سخت گناہ ہے جس میں خوف کفر ہے اس کلمہ سے توبہ کرنی چاہئے اور تجدید ایمان کرنی چاہئے۔ (۷)

## باتفاق علماء قادیانی کافر ہیں

(سوال ۲۱) ایک شخص داخل فرقہ قادیانی ہو گیا ہے اور خیالات و عقائد مرزا قادیانی کے رکھتا ہے، اب اس کی تکفیر کی جائے یا نہیں، اور اس کی زوجہ اس کے نکاح سے خارج ہو جائے گی یا نہیں۔

---

(۱) ردالمحتار باب المرتد ج۳ ص ۳۹۹ ط.س ج٤ ص ۲۳۰ ظفیر.
(۲) ایضاً . ط.س ج٤ ص ۲۳۰ .(۳) الدر المختار علی ھامش ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۳۹۲ وج ۳ ص ۳۹۳ ط.س ج٤ ص ۲۲۳ .ظفیر (٤) ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۳۹۳ ط.س ج٤ ص ۲۲۲ . ظفیر.
(٥) سیذکر الشارح ان مایکون کفرا اتفاقا یبطل العمل والنکاح وما فیہ خلاف یومر بالا ستغفار والتوبۃو تجدید النکاح ( ردالمحتار باب المرتد ج۳ ص ۳۹۹ ط.س ج٤ ص ۲۳۰ . ظفیر .(٦) الیقین لایزول بالشک فقہ کا ایک قاعدہ کلیہ ہے۔ ظفیر ۔(۷) من اھان الشریعۃ والمسائل التی لابد منھا کفر (شرح فقہ اکبر ) ص ۲۱۵ . ظفیر

(الجواب) علماء اہل حق نے باتفاق قادیانی کی تکفیر فرمائی ہے کیونکہ عقائد واقوال اس کے باتفاق کفر ہیں، پس جو شخص قادیانی ہو جاوے اور عقائد اس کے مثل مرزا قادیانی کے ہو جاوے اور مثل عقائد قادیانیوں کے وہ مرزا کو نبی جانے وہ کافر ومرتد ہے اور مسئلہ فقہ کا ہے کہ مرتد ہو جانا کسی کا زوجین میں سے فوراً موجب فسخ نکاح ہے درمختار میں ہے وارتداد احدهما فسخ عاجل (۱) الخ لہٰذا زوجہ اس شخص کی جو کہ قادیانی ہو گیا اس کے نکاح سے خارج ہو گئی۔

## ارتداد سے نکاح ٹوٹ جاتا ہے

(سوال ۲۲) اگر کوئی شادی شدہ مسلمہ عورت اہل سنت والجماعت اپنے مذہب سے منحرف ہو کر مثلاً شیعہ یا مرزائی یا کسی اور ایسے مذہب میں چلی جائے جو غیر اسلام ہو تو کیا اس کا سابقہ نکاح بحالت اسلام صحیح رہ سکتا ہے کہ نہیں۔

(الجواب) اگر سنیہ مسلمہ عورت منکوحہ نے کوئی ایسا مذہب اختیار کیا جو باتفاق کفر وارتداد ہے جیسے مرزائی ہو جانا یا غلاۃ روافض میں سے ہو جانا تو نکاح اس کا شوہر سابق سے فوراً ٹوٹ جاتا ہے، کما فی الدر المختار وارتداد احد هما فسخ عاجل الخ۔(۲)

## مرزائیوں کے کفر پر علماء کا اتفاق ہے

(سوال ۲۳) ایک عورت کا شوہر مرزائی ہو گیا چار پانچ سال کا عرصہ گذر چکا، عورت شوہر کو زمرہ کفار میں شمار کرتی ہیں، اور وہاں جانے پر رضامند نہیں ہے، کیا شوہر کے مرزائی ہونے سے نکاح فسخ ہو گیا یا نہیں؟

(الجواب) مرزائیوں کے کفر پر علماء کا فتویٰ ہے، پس جب کہ خاوند اس عورت کا مرزائی ہو گیا تو نکاح فسخ ہو گیا، کما فی الدر المختار وارتداد احد هما فسخ عاجل الخ ۔(۳) پس اس عورت کو اس کے شوہر مرزائی سے جس طرح ہو سکے علیحدہ کر دیا جاوے اور عدت کے بعد دوسرا نکاح کر دیا جاوے۔

## آنحضرت ﷺ کے بعد دعویٰ نبوت کفر وارتداد ہے

(سوال ۲٤) جس شخص کا قول اپنی نسبت یہ ہو کہ جس کو امن وایمان اور صراط مستقیم درکار ہو تو وہ سلطان الاولیاء خاتم الولایت علیہ الصلوٰۃ کے موجودہ خلیفہ احمد زماں نامی کے پاس آ کر صراط مستقیم کا راستہ دیکھیں، شخص مذکور اور اس کے معاونین کی نسبت شرعاً کیا حکم ہے اور اس دعوے کے ضمن میں مہدی موعود اور رسالت کے بھی دعویٰ ہیں، ایسا شخص مسلمان رہ سکتا ہے یا نہ اور وہ شخص مریدوں سے احمد زماں رسول اللہ کہلاتا ہے۔ بینوا توجروا۔

(الجواب) وعن ابی هريرة رضی الله تعالی عنه قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم یکون فی آخر الزمان دجالون كذابون يأتونكم عن الا حاديث بما لم تسمعوا انتم ولاآباء كم فاياكم واياهم

(۱) الدر المحتار علی هامش ردالمحتار باب نكاح الكافر ج ص ۵۳۹ . ط.س. ج۳ص۱۹۳. ظفير.
(۲) الدر المحتار علی هامش ردالمحتار باب نكاح الكافر ج ۲ ص ۵۳۹. ط.س. ج۳ص۱۹۳. ظفير.
(۳) الدر المحتار علی هامش ردالمحتار باب نكاح الكافر ج ۲ ص ۵۳۹. ط.س. ج۳ص۱۹۳. ظفير.

لا یصلونکم ولا یفتنونکم رواہ مسلم۔(۱) اور بعض روایات میں ہے کہ تیس دجال ہوں گے ہر ایک ان میں سے دعویٰ نبوت کرے گا۔ الحدیث، پس شخص مذکور جو کہ اپنے مریدوں سے اپنی نسبت رسول اللہ کہلاتا ہے اور اس کلمہ سے ان کو منع نہیں کرتا اور ہدایت صراط مستقیم کو اپنے اتباع میں منحصر جانتا ہے اور کہتا ہے وہ بالیقین دجال و کذاب ہے اور اہل باطل اور ضال و مضل ہے، مسلمانوں کو اس کی صحبت سے اور اس کی گمراہی سے احتراز لازم ہے، زیادہ لکھنے کی اس میں ضرورت نہیں ہے کیونکہ بطلان اس کا اور اس کے طریقہ کا اظہر من الشمس ہے جب کہ حق تعالیٰ کا ارشاد صریح ہے ما کان محمد ابا احد من رجالکم ولکن رسول اللہ وخاتم النبیین۔(۲) اور جناب رسول اللہ ﷺ صاف فرماتے ہیں فلا نبی بعدی(۳) کہ میرے بعد کوئی نبی نہ ہوگا تو پھر مدعی نبوت کے اہل باطل و اہل ضلال ہونے میں کسی مسلمان کو کیا شبہ ہو سکتا ہے اور اس کے کفر وارتداد میں کیا ریب وتردد ہے۔

## مسلمان عورت گھر سے نکل کر آریہ ہو گئی تو نکاح فسخ ہو گیا

(سوال ۲۵) اگر کوئی مسلمان منکوحہ عورت اپنے خاوند کے گھر سے نکل کر آریہ ہو گئی یا عیسائی ہو جاوے تو اس کا نکاح باقی رہتا ہے یا نہیں۔

(الجواب) زوجین میں سے کسی ایک کا مرتد ہونا فوراً نکاح کو فسخ کرتا ہے کما فی الدر المختار و ارتداد احدھما فسخ عاجل،(۴) پس جب کہ کوئی عورت مسلمہ آریہ یا عیسائی ہو گئی تو نکاح اس کا اس کے شوہر سے فوراً فسخ ہو گیا، اگر وہ پھر اسلام لاوے گی تو تجدید نکاح ضروری ہے اور فقہاء نے اس پر فتویٰ دیا ہے کہ عورت اگر مرتد ہو جاوے تو اس کو مجبوراً مسلمان کیا جاوے اور شوہر اول سے تھوڑے سے مہر پر اس کا نکاح کیا جاوے۔(۵)

## کلمہ کفر کے بعد بھی توبہ قبول ہو سکتی ہے

(سوال ۲۶) ایک شخص ملازم نے ایک مجرم کو بحکم افسر گرفتار کیا۔ بعد میں ایک دو آدمی نے آ کر اس ملازم سے کہا کہ یہ مجرم چھوڑ دو مگر ملازم نہ مانا اور اصرار کرنے پر ملازم کی زبان سے یہ الفاظ نکل گئے کہ اگر پیغمبر بھی آ جائے یا کہے تو بھی میں نہیں چھوڑ سکتا، اس پر اس کو علماء نے کفر کا فتویٰ دے دیا ہے اور کہتے ہیں کہ تمہاری توبہ قبول نہیں ہو سکتی۔ آیا اس کی توبہ قبول ہو سکتی ہے یا نہیں، اور اس کو معافی کس طرح مل سکتی ہے۔

(الجواب) توبہ اس کی قبول ہو گی اس کو چاہئے کہ تجدید ایمان کرے اور توبہ کرے قال اللہ تعالیٰ وھو الذی یقبل التوبۃ عن عبادہ الآیۃ۔(۶)

---

(۱) مشکوۃ باب الاعتصام بالکتاب والسنۃ ص ۲۸۔ ظفیر۔
(۲) الاحزاب۔ ۲۔
(۳) وختم بی الرسل وانا خاتم النبیین متفق علیہ (مشکوۃ باب فضائل سید المرسلین ص ۵۱۱) ظفیر۔
(۴) الدر المختار علی ھامش ردالمحتار باب نکاح الکافر ج ۲ ص ۵۳۹، ط.س. ج۳ ص ۱۹۳۔ ظفیر۔
(۵) لو ارتدت الخ تجبر علی الاسلام وعلی تجدید النکاح زجرا لھا بمھر یسیر کدینار وعلیہ الفتوی (الدر المختار علی ھامش ردالمحتار باب نکاح الکافر ج ۲ ص ۵۴۰، ط.س. ج۳ ص ۱۹۴) ظفیر۔
(۶)

## قرآن شریف کو از راہ تمسخر پھینکنا کفر ہے

(سوال ۲۷) زید نے اپنی دختر نابالغہ کا نکاح عمر سے کر دیا۔ عمر محض بے علم جاہل فاسق فاجر تارک صلوٰۃ و صوم وزانی ہے، مریم کو ایذاء پہنچاتا ہے، بارہا قرآن شریف کو بوقت تلاوت پھینک دیا، اگر زید مریم کو اب پھر عمر کے یہاں بھیجے تو مریم ارادہ خود کشی کا رکھتی ہے اور عمر ارادہ مریم کے مارنے یا فروخت کرنے کا رکھتا ہے تو شرعاً کیا حکم ہے۔

(الجواب) قرآن شریف کا از راہ استخفاف پھینک دینا کفر وارتداد ہے۔(۱) ایسی حالت میں اسکی زوجہ مریم اس کے نکاح سے خارج ہو گئی،(۲) پس مریم کو عمر کے گھر نہ بھیجی جاوے اور دوسرا نکاح اس کا بعد عدت کے درست ہے۔

## کہنا کہ خدا اور قرآن سے فیض نہ ہوا کفر ہے

(سوال ۲۸) چند مسلمانوں نے ہنود کی طلب موافقت و مشارکت پر ہنود کے ساتھ راج گدی کو (کہ ایک مورت ہوتی ہے) کھلان اور پھول چڑھانے سے پوجا اور ہنود کے ساتھ جی جی بولتے گئے اور بعض نے ان میں سے یہ بھی کہا کہ ہم کو خدا اور قرآن سے کچھ فیض نہ ہوا تو وہ مشرک ہوئے یا نہ۔

(الجواب) اس صورت میں ان کو تجدید اسلام و تجدید نکاح لازم ہے کذا فی ردالمحتار وغیرہ۔(۴)

## قرآن وحدیث وفقہ کو شیطانی کتابیں کہنا کفر وارتداد ہے

(سوال ۲۹) ایک مسلمان قرآن وحدیث پر عمل کرتا ہے اور لوگوں کے نزدیک اس کو بیان کرتا ہے اور لوگوں کو اس پر عمل کرنے کی ترغیب دیتا ہے ایسے شخص کو ایک مسلمان شیطان کہتا ہے اور قرآن وحدیث کو شیطان کی کتاب کہتا ہے، ایسے شخص کے بارہ میں کیا حکم شرعی ہے۔

(الجواب) پہلے یہ معلوم ہو جانا چاہئے کہ وہ شخص جس کو قرآن شریف اور حدیث شریف پر عمل کرنے والا بتلایا گیا ہے وہ مروج عامل بالحدیث یعنی کہ غیر مقلد تو نہیں ہے جو سلیقہ قرآن وحدیث کے سمجھنے کا اور تطبیق بین الاحادیث کا نہیں رکھتے اور فقہ اور کتب فقہ حنفیہ کا انکار اور خلاف کرتے ہیں، ایسے لوگوں کا حال یہ ہے کہ دعویٰ ان کا تو قرآن وحدیث پر عمل کرنے کا ہوتا ہے مگر حقیقت میں وہ پورے عامل قرآن وحدیث کے نہیں ہیں کہ ائمہ مجتہدین خصوصاً امام اعظم ابو حنیفہ کا خلاف کرتے ہیں اور ان پر طعن کرتے ہیں اور اگر وہ عامل بالحدیث والقرآن حنفی ہے اور موافق فقہ حنفی کے جو عین مطابق قرآن وحدیث کے ہے عمل کرتا ہے اور مقلد ہے حنفی سنی ہے تو ایسے عالم حنفی متبع سنت کو برا کہنا نہایت مذموم و قبیح ہے اور بہر حال قرآن وحدیث اور فقہ کو شیطانی کتاب کہنا والعیاذ

(۱) والکافر بسب نبی من الانبیاء فانه یقتل حدا ولا تقبل توبته مطلقا (در مختار) یعنی انه جزاء ه القتل علی وجه کونه حدا قوله لا تقبل توبته لان الحد لا یسقط بالتوبة وافادانه حکم الدنیا واما عند الله تعالی فهی مقبولة (ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۴۰۰ ط.س.ج ۴ ص ۲۳۱) (۲) وبا لجملة قد ضم الی التصدیق بالقلب او بالقلب واللسان فی تحقیق الایمان امور الا حلال بها اخلال بالایمان اتفاقا کسجود الصنم وقتل نبی والاستخفاف به وبالمصحف الخ (ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۳۹۲ ط.س.ج ۴ ص ۲۲۲) ظفیر (۳) وارتداد احدهما فسخ عاجل (الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب نکاح الکافر ج ۲ ص ۵۳۹ ط.س.ج ۳ ص ۱۹۳) ظفیر (۴) وبا لجملة فقد ضم الی التصدیق الخ فی تحقیق الایمان امور الا حلال بها اخلال بالایمان کسجود صنم وقتل نبی والاستخفاف به وبالمصحف الخ (ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۳۹۲ ط.س.ج ۴ ص ۲۲۲) وارتداد احدهما فسخ عاجل (در مختار ط.س.ج ۳ ص ۱۹۳) ظفیر

باللہ کفر صریح وارتداد قبیح ہے۔(۱)

## مشرکین کی اولاد بلوغ سے پہلے

(سوال ۳۰) اطفال مشرکین بلوغ تک دین والدین یعنی دین کفر پر ہیں یا دین اسلام پر۔

(الجواب) احادیث اس بارہ میں مختلف ہیں جیسا کہ کل مولود الخ وارد ہے اسی طرح ہم امن ابائھم اور اللہ اعلم بما کانوا عاملین وغیرہ بھی وارد ہے اور بحث اس میں طویل ہے اور کسی قدر شامی میں اوائل جنازہ میں بھی اس اختلاف کو بیان فرمایا ہے، اور محققین نے اگرچہ راجح اس کو کہا ہے کہ وہ اہل جنت ہیں لیکن یہ حکم اخروی ہے اور دنیاوی و ظاہری حکم اسی تفصیل سے ہے جو فقہاء نے لکھا ہے کہ حکم اسلام صبی یا تبعاً لا حد الا بوین کیاجاتا ہے یا تبعاً للدار الاسلام وغیرہ یا یہ کہ خود صبی عاقل اسلام لاوے کما فی الدر المختار و ردالمحتار وغیرہ۔(۲)

## قرآن عزیز کو گالی دینا کفر ہے

(سوال ۳۱) ایک شخص نے بحق قرآن عزیز مجمع عام میں بغیر از ارتفاع موانع شرعیہ گالی گلوچ دی والعیاذ باللہ تعالیٰ تو کیا یہ شخص شرعاً کافر ہوایانہ اور تجدید نکاح و تلقین وغیرہ امور شرعیہ بھی ضروری ہے یا نہیں۔

(الجواب) اس کے ارتداد میں کچھ شبہ نہیں ہے تجدید اسلام و تجدید نکاح اس کو ضروری ہے۔(۳)

## اذان کو سانپ کی آواز سے تشبیہ دینا کفر ہے

(سوال ۳۲) زید فاسق فاجر ہے اور ہنود سے راہ ورسم رکھتا ہے، عشاء کی اذان جب مؤذن نے کہی تو کلمات اذان سن کر زید نے ایک ہندو سے کہا کہ کاکاڈوڑھا بولا کھانا لاؤ اس طرف ڈوڑھا سانپ کو کہتے ہیں جو نہایت حقیر سمجھا جاتا ہے، اس صورت میں زید کی نسبت شرعاً کیا حکم ہے اور عمر اس کو سزا دے سکتا ہے یا نہیں، اور زید کس سزا کا مستحق ہے۔ عمر کہتا ہے کہ زید کو اول کلمہ پڑھنا چاہئے اور توبہ کرنا چاہئے، کلمہ پڑھنا اور توبہ کرنا اس کا ضروری ہے۔

(الجواب) زید کے یہ کلمات کفر کے ہیں بے شک اس کو توبہ و تجدید ایمان اور تجدید اسلام کرنا چاہئے اور کچھ سزا عمر اس زمانہ میں نہیں دے سکتا اور نہ شرعاً موجودہ زمانہ میں وہ مکلّف سزا دینے کا ہے لہذا صرف زید سے کہا جاوے کہ وہ توبہ کرے اور کلمہ پڑھے تاکہ پھر وہ مسلمان ہو۔(۴)

(۱) ایما رجل مسلم سب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم او کذبہ او عابہ او ینقصہ فقد کفر باللہ تعالیٰ وبانت منہ امرأتہ (ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۴۰۳ ط.س. ج ۴ ص ۲۳۴) ظفیر

(۲) الاصح ان الانبیاء لا یسئلون ولا اطفال المومنین وتوقف الامام فی اطفال المشرکین وقیل ھم خدام اھل الجنۃ (در مختار) قولہ توقف الامام الخ ای فی انھم یسئلون وفی انھم فی الجنۃ او النار و قال ابن الھمام فی مسائرتہ وقد اختلف فی سوال اطفال المشرکین وفی دخولھم الجنۃ اوالنار فتردد فیھم ابو حنیفۃ وغیرہ وقدوردت فیھم اخبار متعارضۃ فالسبیل تفویض امرھم الی اللہ تعالی وقال محمد بن الحسن اعلم ان اللہ لا یعذب احدا بلا ذنب اھ وقال ابو البرکات النسفی عن ابی حنیفۃ الروایۃ الصحیحۃ انھم فی المشیئۃ لظاھر الحدیث الصحیح اللہ اعلم بما کانوا عاملین (رد المحتار باب الجنائز ج ۱ ص ۷۹۸ ط.س. ج ۲ ص ۱۹۲) ظفیر

(۳) وبالجملۃ فقد ضم الی التصدیق الخ امور الاخلال بھا اخلال بالایمان کقتل نبی والاستخفاف بہ وبالمصحف الخ (ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۳۹۳ ط.س. ج ۴ ص ۲۲۲) ظفیر

(۴) ویظھر من ھذا ان ماکان دلیل الاستخفاف یکفر بہ وان لم یقصد الاستخفاف الخ (ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۳۹۲ ط.س. ج ۴ ص ۲۲۲) ظفیر

## مجھے اسلام کی ضرورت نہیں یہ کلمہ کفر ہے

(سوال ۳۳) ایک شخص نے کہا اے میرے پچھلے سال والے خدا، دوسرے شخص نے اس کو کہا کہ یہ کلمہ کفر ہے اس سے دو خدا ثابت ہوتے ہیں اور آدمی کافر ہو جاتا ہے تو اس نے کہا کہ مجھے اسلام کی ضرورت نہیں ہے میں رام رام کروں گا، کیا ایسا شخص مسلمان رہ سکتا ہے اور اس کے واسطے کیا حکم ہے۔

(الجواب) پہلے کلمہ سے تو کفر نہیں ہوا تھا کیونکہ اس کا مطلب یہ لینا چاہئے کہ اے میرے ہمیشہ کے خدا کماورد فھو الآن کما کان، مگر دوسرے شخص نے جو اپنی جہالت اور غلطی سے اس سے یہ کہہ دیا کہ یہ کلمہ کفر کا ہے اور اس پر اس نے یہ کہا کہ مجھے اسلام کی ضرورت نہیں ہے الخ یہ کلمہ کفر کا ہے پس وہ شخص توبہ کرے اور تجدید اسلام اور تجدید نکاح کرے۔(۱)

## مجھے خدا و رسول سے کچھ واسطہ نہیں یہ کلمہ کفر ہے

(سوال ۳۴) ایک شخص نے پانچ چھ آدمیوں کے روبرو علی الاعلان یہ کہا کہ مجھ کو خدا اور رسول سے کچھ واسطہ نہیں، وہ شخص مسلمان رہا یا نہیں۔

(الجواب) یہ کلمہ کفر کا ہے اس شخص کو توبہ و تجدید اسلام و تجدید نکاح کرنا چاہئے اور آئندہ ایسے کلمات سے احتراز کرنا چاہئے۔(۲)

## حرام کو حلال سمجھنے والے کا حکم

(سوال ۳۵) فعل حرام کو حلال سمجھ کر کرنے والا مسلمان رہتا ہے یا نہیں۔

(الجواب) اس میں تفصیل ہے جو کہ شامی باب المرتد میں مذکور ہے حاصل یہ ہے کہ ہر ایک حرام کو حلال سمجھنے والا یا بر عکس کافر نہیں ہے، بلکہ اس میں چند قیود ہیں جو کہ کتاب مذکور کے موقع مذکورہ میں منقول ہیں اس میں ملاحظہ فرمالیویں۔(۳)

## حضرت حق جل مجدہ کو بڈھا کہنا یہ کلمہ کفر ہے

(سوال ۳۶) زید نے کسی بات میں یہ کہا کہ خدا کیا ہمارے سے اچھا ہے اور ہم بھی تو خدا ہیں مکرر سہ کرر یہ الفاظ کہے اور ایک مرتبہ رمضان شریف سے دو تین روز پہلے عمر نے یہ الفاظ کہے کہ اب دو تین روز میں بڈھے کا حکم ماننا پڑے گا یعنی روزہ رکھنا پڑے گا، اور یہ کہ اللہ پاک تو بہت روز کا ہے کیا اب تک بڈھا نہیں ہوا ہوگا۔ ــــــــ اس صورت میں کیا حکم عمر پر شرعاً عائد ہوتا ہے بیان فرمائیں۔

(الجواب) یہ کلمات عمر کے کفر کے ہیں تاوقتیکہ وہ توبہ نہ کرے، اور تجدید ایمان نہ کرے اس کے پیچھے نماز

(۱) من هزل بلفظ كفر ارتد وان لم يعتقده للا ستحفاف فهم لكفر العناد (در مختار) هزل اى تكلم به باختياره غير قاصد معناه (ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۳۹۲ ط.س. ج ٤ ص ۲۲۲) ظفير.

(۲) والحاصل ان من تكلم بكلمة الكفر هازلاً او لاعباً كفر عند الكل ولا اعتبار باعتقاده كما صرح به الخانية (ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۳۹۳ ط.س. ج ٤ ص ۲۲۲) مايكون كفراً اتفاقاً يبطل العمل والنكاح الخ وما فيه خلاف يؤمر بالاستغفار والتوبة وتجديد النكاح (در مختار) قوله والتوبة اى تجديد الاسلام (ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ٤١٤ ط.س. ج ۲ ص ۲٤٦) ظفير.

(۳) والاصل ان من اعتقد الحرام حلالاً فان كان حراماً لغيره كمال الغير لايكفر وان كان بعينه فان دليله قطعياً كفر والا فلا الخ فيكفر اذا قال الخمر ليس بحرام (ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۳۹۳ ط.س. ج ۲ ص ۲۲۳).

نہ پڑھیں۔(۱)

## شریعت کو گالی دینے والا کافر ہے

(سوال ۳۷) شخص دیگر مرا گفت کہ بامادر مذہب او زنا خواہم کرد پس یکے از حضار مجلس گفت کہ تمارا حکم سخت خواہد رسید کہ جائے شریعت رویم واندریں بارہ استغاثہ نمایم کہ شما بہ نسبت مذہب سب و شتم نمودی۔ دیگر مرتبہ شخص مذکور سباب گفت کہ بامادر شرع کنندہ زنا خواہم کرد و بامادر شرع ہم زنا می کنم، دریں صورت چہ حکم می رسد بر قائلین الفاظ مذکورہ۔

(الجواب) قال فی الدر المختار و کما لو سجد لصنم او وضع مصحفا فی قاذورة فانه یکفر الخ واشار بقوله للاستخفاف فان فعل ذلك استخفاف واستهانة بالدین فهو امارة عدم التصدیق الخ ج ۳ ص ۳۸٤ ردالمحتار (۲) وفی شرح الفقه الا کبر و فی المحیط من جلس علی مکان مرتفع ویسألون منه مسائل بطریق الاستهزاء ثم یضر بونه بالو سائد ای مثلا وهم یضحکون کفروا جمیعا لاستخفافهم بالشرع و کذا لو لم یجلس علی المکان المرتفع الخ۔(۳) پس معلوم شد کہ سباب شرع کافر است والعیاذ باللہ۔

## یہ کہنا کہ جب رسول اللہ وفات پاگئے تو ایمان بھی مر گیا، کفر نہیں ہے

(سوال ۳۸) زید کا قول ہے کہ جو لوگ محض رسول ہی پر ایمان لائے تھے جب رسول وفات پاگئے تو ان کے ایمان بھی مر گئے، جو محض رسول ہی پر ایمان لائے تھے آیا زید پر شرعا تکفیر ہے یا نہیں۔

(الجواب) اس کی تکفیر نہ کی جاوے گی کیونکہ اس کا مطلب اپنی غلط فہمی سے غالبا ایسا ہوگا جیسا کہ حضرت ابو بکر صدیقؓ نے بعد وفات آنحضرت ﷺ خطبہ پڑھا تھا اور ان لوگوں کو متنبہ فرمایا تھا جو کہتے ہیں کہ حضرت ﷺ وفات نہیں ہوئی اس خطبہ میں یہ الفاظ منقول ہیں من کان یعبد محمداً قدمات و من کان یعبد الله فکان الله حیٌ لا یموت الخ (۴) یعنی جو شخص محمد ﷺ کی عبادت کرتا تھا سو واضح ہو کہ محمد ﷺ کی وفات ہوگئی اور جو شخص اللہ کی عبادت کرتا تھا سو اللہ زندہ ہے وہ کبھی نہ مرے گا۔ الخ لیکن ظاہر ہے کہ حضرت ابو بکر صدیقؓ کا جو مطلب ہے وہ بالکل صحیح ہے اور وہ زید کے قول کے خلاف ہے اگرچہ زید غلطی سے ایسا سمجھا ہو، پس زید کا الفاظ مذکورہ کہنا غلط اور باطل ہے کیونکہ جو لوگ رسول اللہ ﷺ پر ایمان لائے ظاہر ہے کہ وہ توحید و رسالت و تمام امور شرعیہ پر ایمان لائے لہذا وہ مومن کامل ہیں اور بعد وفات آنحضرت ﷺ کے بھی وہ مومن رہے اور ایمان ان کا کامل رہا، پس الفاظ مذکور کہنا زید کو جائز نہیں ہے، اور یہ اس کی جہالت کی بات ہے لیکن بوجہ امکان تاویل اس کو کافر نہ کہیں گے مگر وہ گناہگار سخت ہے توبہ کرے اور آئندہ ایسے الفاظ زبان سے نہ نکالے۔(۵)

---

(۱) یکفر اذا وصف الله تعالی بما لا یلیق به او سخر باسم من اسمائه او بامر من اوامره او انکر وعده ووعیده او جعل له شریك او ولدا الخ (عالمگیری مصری موجبات الکفر ج ۲ ص ۲۵۸ ط. ماجدیه. ج۲ ص ۲۵۸) ظفیر.
(۲) ردالمحتار باب المرتد ج۳ ص . ط. س. ج ٤ ص ۲۲۲ (۳) شرح فقه اکبر ص ۲۱۳ و ص ۲۱٤. (٤) اعلم انه لا یفتی بکفر مسلم امکن حمل کلامه علی محمل حسن (الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب المرتد. ط. س. ج ٤ ص ۲۳۹

## یہ کہا کہ اگر نمازہی سے مسلمان ہوتا ہے تو میں کافر ہی سہی

(سوال ۳۹) زید سے کسی نے یہ کہا کہ تم مسلمان ہو تم کو نماز پڑھنا چاہئے، تم کیسے مسلمان ہو جو نماز نہیں پڑھتے ہو، اس نے صاف یہ کہا کہ اگر نمازہی سے مسلمانی ہے تو میں کافر ہی سہی یا کوئی شخص یہ کہے کہ جاؤ جاؤ تم ہی بڑے نمازی ہو تم ہی جنت کو جانا ہم دوزخ ہی میں رہیں گے ایسے لوگ مسلمان ہیں یا کافر۔

(الجواب) یہ کلمہ کفر کا ہے وہ شخص کافر ہو گیا اس کو توبہ و تجدید اسلام کرنا لازم ہے۔(۱)

## شوہر کے مرتد ہونے سے نکاح فسخ ہو جاتا ہے

(سوال ۴۰) زید تنہا عیسائی ہو گیا اس کی زوجہ و دیگر اہل کنبہ بدستور اسلام پر مستقیم رہے تو اس کی زوجہ کو کچھ سال کے بعد نکاح ثانی کرنے کے لئے طلاق لینے کی ضرورت ہے یا نہیں۔

(الجواب) زید جب عیسائی ہو گیا اور اس کی زوجہ مسلمان رہی تو نکاح اس کا فوراً فسخ ہو گیا بعد عدت کے اس کو دوسرا نکاح کرنا جائز اور درست ہے کما فی الدر المختار وارتداد احدهما فسخ عاجل. (۲)

## جو اسلام کو برا کہے اور گالی دے وہ اسلام سے خارج ہے

(سوال ۴۱) اگر کوئی شخص اہل اسلام اور مذہب اسلام کی توہین کرے اور برے الفاظ بولے اور گالی گفتار دیوے ایسے شخص کی نسبت کیا حکم ہے۔

(الجواب) اس میں کچھ شک و شبہ نہیں ہے کہ جو شخص دین اسلام کو برا کہے اور گالیاں دے وہ اسلام سے خارج ہے اس کو لازم ہے کہ توبہ کرے اور تجدید اسلام کرے اور تجدید نکاح کرے ورنہ اس سے اہل اسلام کو متارکت اور علیحدگی فرض ہے۔ (۳)

## رسول کو گالی دینے سے کافر ہوگا

(سوال ۴۲) ایک شخص نے اپنی اہلیہ کو مارا، عورت نے شوہر سے کہا کہ خدا و رسول کے واسطے مجھ کو نہ مار، اس پر اس کے خاوند نے خدا اور رسول کی شان میں سخت گالیاں دی وہ کافر ہوا یا نہیں؟ اور اس کی عورت اس کے نکاح سے باہر ہوئی اور دوسرا نکاح کر سکتی ہے یا نہیں۔ اور اولاد کی پرورش کا حق کس کو ہے۔

(الجواب) وہ شخص کافر ہو گیا، (۴) اور اس کی زوجہ اس کے نکاح سے خارج ہو گئی عدت گزار کر دوسرے مرد سے نکاح کر سکتی ہے اور اولاد کی پرورش بھی وہی کرے گی۔ (۵)

---

(۱) اعلم انه اذا تكلم بكلمة الكفر عالما بمعنا ها ولا يعتقد معنا ها لكن صدرت عنه من غير اكراه بل مع طواعية فانه يحكم عليه بالكفر الخ (شرح فقه اكبر ص ۲۰۲) ظفير

(۲) الدر المختار على هامش ردالمحتار باب نكاح الكافر ج ۱ ص ۵۳۹ ط.س ج ۲ ص. ظفير

(۳) وعلى هذا ينبغي ان يكفر من شتم دين مسلم ولكن يمكن التاويل.

(۴) يكفر اذا وصف الله تعالى بما لا يليق به او سخر باسم من اسمائه الخ او نسبه الى الجهل او العجز او النقص (عالمگیری مصری موجبات الكفر ج ۲ ص ۲۵۸ ط ماجديه ج ۲ ص ۲۵۸) ظفير

(۵) وارتداد احدهما فسخ عاجل (الدر المختار على هامش ردالمحتار باب نكاح الكافر ج ۲ ص ۵۳۹ ط.س ج ۳، ۱۹۳) ظفير

## تناسخ کا قائل اور جنت و دوزخ کا منکر کافر وملحد ہے

(سوال ۴۳) ایک مسلمان کے عقائد حسب ذیل ہیں، تناسخ کا قائل ہونا۔ دوزخ و جنت کا منکر ہونا، اس زندگی کے بعد بھی اسی طرح دواماترقی کرتے رہنا، قرآن شریف کو مثل دیگر تصانیف کے سمجھنااور لیٹ کر پڑھنا، یاجوج ماجوج وغیرہ واقعات کا منکر ہونا، اور یہ کہنا کہ میں نے فلاں کتاب فلسفہ کو قرآن پر ترجیح دے دی ہے اور جو وقت قرآن شریف کے پڑھنے میں صرف کرتا وہ ہی اس میں کرتا ہوں، ایسے شخص کے لئے کیا حکم ہے۔

(الجواب) ان عقائد وافعال میں بعض کفر والحاد اور بعض غیر ثابت و حرام ہیں اور بعض سوء ادبی میں داخل ہیں، پس جس شخص کے یہ تمام عقائد ہوں وہ مومن و مسلم نہیں ہے کافر و ملحد و زندیق ہے ایسا شخص اگر توبہ نہ کرے تو اس سے متارکت کرنا لازم ہے اور اگر حکومت اسلام کی ہو تو ایسا شخص اگر توبہ نہ کرے تو واجب القتل ہے۔(۱)

## پیر کو خدا کہنا اور سمجھنا کفر ہے

(سوال ۴۴) ایک شخص پیر کو سجدہ کرتا ہے اور خدا کہتا ہے اور علماء کو دشنام دیتا ہے اور کعبہ سے افضل سمجھ کر دوسری طرف سے نفل پڑھتا ہے اور کہتا ہے کہ ہمارا علم صدری ہے اس کا خدا کو بھی پتہ نہیں العیاذ باللہ تعالیٰ ان الفاظ سے کفر لازم آتا ہے یا نہیں، جو عالم یہ کہے کہ توحید کا اقرار اور رسالت کا اقرار قلبی کافی ہے، اگرچہ زبانی کیسا ہی اشد لفظ کفر کا کہے اس سے کفر لازم نہیں آتا۔ اس کی نسبت شرعی حکم کیا ہے۔

(الجواب) بے شبہ افعال واقوال مذکورہ کفر کے افعال واقوال ہیں، پیر کو خدا کہنا اور سمجھنا اور شریعت کی توہین کرنا یہ ایسے امور ہیں کہ ان کے کفر ہونے میں کچھ شبہ نہیں ہے۔(۲) اور ایسا مولوی جو کہ ان امور کفریہ پر بھی ان کے قائل کی تکفیر نہ کرے گمراہ ہے اور لائق اقتداء وامامت کے نہیں ہے۔

## دین اسلام کے بارے میں بیہودہ گوئی صریح کفر ہے

(سوال ۴۵) نصیر آباد میں مسلمانان نے ایک عام مذہبی تحریک کی کہ ہر قوم وگروہ میں شراب نوشی وقماربازی و نیز داڑھی منڈانے کا انسداد عمل میں لایا جاوے نماز پنجوقتہ وجمعہ پابندی سے ادا کرے اموات کی تجہیز و تکفین میں ضرور شریک ہو، جو اس کے خلاف کرے گا وہ برادری سے خارج ہوگا، باوجود اس کے عمر نے داڑھی منڈائی قوم نے اس کو بلا کر دریافت کیا تو عمر نے قوم کو فحش کلام سے جواب دیا اور اسلام و مذہب کی شان میں بیہودہ فحش بکا اس لئے قوم نے اس کو خارج از برادری کر دیا، شرعاً ایسے شخص کے لئے کیا حکم ہے۔

(الجواب) دین اسلام کے بارے میں بیہودہ گوئی اور فحش کلام صریح کفر ہے۔(۳) پس ایسا شخص جو اسلام کو برا کہے اور توہین دین اسلام کرے وہ کافر ہے اس کو مسلمان نہ سمجھنا چاہئے اور تاوقتیکہ وہ توبہ نہ کرے اور تجدید اسلام نہ کرے اس وقت تک اس کو مسلمان نہ سمجھا جاوے اور داخل برادری اسلام نہ کیا جاوے۔

---

(۱) من انکر القیامة او الجنة او النار الخ یکفر (عالمگیری مصری موجبات الکفر ج ۲ ص ۲۷۴ ط ماجدیه ج ۲ ص ۲۷۴) (۲) ویخاف علیه الکفر اذا شتم عالما من غیر سبب (عالمگیری ج ۲ ص ۲۷۰ ط ماجدیه ج ۲ ص ۲۷۰) (۳) رجل قال للآخر مسلمانم تم فقال له لعنت بر تو وبر مسلمانی تو یکفر کذا فی الخلاصة (عالمگیری مصری ج ۲ ص ۲۵ ط ماجدیه ج ۲ ص ۲۵۷) ظفیر

## قرآن شریف تحقیراً پھینکنا کفر ہے

(سوال ٤٦) ایک عورت اور اس کے شوہر میں آجاتی ہے، شوہر اس کو نان و نفقہ نہیں دیتا نہ طلاق دیتا ہے اور عورت کو زدوکوب کرتا ہے ایک دفعہ عورت قرآن شریف کی تلاوت کر رہی تھی اس کے پاس سے قرآن مجید لے کر شوہر نے پھینک دیا تو اس حالت میں عورت بلا طلاق شوہر کے دوسرا نکاح کر سکتی ہے یا نہیں۔

(الجواب) قرآن شریف کو پھینک دینا استخفاف بالقرآن الکریم ہے اور یہ امر موجب کفر وارتداد ہے لہٰذا اس فعل سے اس کی زوجہ اس کے نکاح سے خارج ہو گئی اور عدت کے بعد وہ دوسرا نکاح کر سکتی ہے

## خدا کی شان میں گستاخی کرنے والا کافر ہے

(سوال ٤٧) باپ بیٹے میں لڑائی ہوئی، باپ نے کہا کہ یا یار خدایا میں انصاف تجھ کو دیتا ہوں، اس پر لڑکا کہتا ہے کہ تو تیرے خدا سے باہم بد فعلی کر والعیاذ باللہ تعالیٰ۔ اس کے کہنے سے وہ کافر ہو لیا نہ اور اس کی زوجہ مطلقہ ہوئی یا نہیں۔

(الجواب) اس صورت میں وہ بیٹا کافر اور مرتد ہو گیا اور اس کی زوجہ فوراً اس کے نکاح سے خارج ہو گئی۔

## اگر کوئی کہے کہ میں مسائل شرعیہ سے منحرف ہوں تو یہ کفر ہے

(سوال ٤٧) فتح محمد نے اپنی آراضی قیمۃً نور محمد کو بیع کر دی۔ وقت بیع قرآن شریف اٹھا کر یہ عہد کیا کہ اللہ اور اس کا رسول ضامن ہیں اور شاہد ہیں میں اس کے خلاف ہرگز نہیں کروں گا ایک مدت تک مشتری کا قبضہ آراضی پر رہا اس کے بعد بائع نے آراضی دوسرے شخص کو بیع کر دی۔ جب اس سے کہا گیا تو جواب دیا کہ بیع کے وقت میں نے دھوکہ دے کر قیمت وصول کی اور قرآن شریف کے ساتھ استہزاء کیا۔ اور مسائل شرعیہ سے معترض ہوں شخص مذکور اور اراضی و قیمت کا کیا حکم ہے۔

(الجواب) دھوکہ دینا کسی مسلمان کو اور اس سے معاملہ بیع کا کر کے منحرف ہونا حرام ہے اور وہ شخص جو مرتکب اس کا ہوا فاسق ہے اور بصورت بیع نہ دینے کے واپس کرنا قیمت کا اس پر لازم ہے۔ اور اگر اس نے صاف یہ کہا ہے کہ ..... قرآن کے ساتھ استہزاء کیا ہے اور مسائل شرعیہ سے منحرف ہوں تو یہ قول اس کا کفر وارتداد ہے العیاذ باللہ۔(۱)

## کلمات کفر کے بعد تجدید نکاح ضروری ہے

(سوال ٤٨) کلمات کفر اور افعال کفر سے زوجہ مطلقہ ہو جاتی ہے یا نہیں۔

(الجواب) کلمات کفر میں تجدید نکاح ضروری ہے۔(۲)

## انبیاء علیہم السلام کی شان میں سب وشتم کرنے والا کافر ہے

(سوال ٤٩) ماقولکم من سب وشتم الا نبیاء علیہم السلام کلھم عامداً صریحاً وسب کتاباً فیہ ذکرھم سبا با قبیحا فی جماعۃ من المسلمین وای الا حکام جاریۃ علیہ مع کونہ مسلماً.

---

(۱) یکفر اذا وصف اللہ تعالیٰ بما لایلیق بہ الخ (عالمگیری مصری موجبات الکفر ج ۲ ص ۳۵۷ ط ماجدیہ ج۲ ص۲۵۸) ظفیر (۲) اذا انکر الرجل آیۃ من القرآن او سخر بایۃ من القرآن او عاب کفر (عالمگیری مصری ج ۲ ص ۲۶۶ ط ماجدیہ ج۲ ص۲۶۶) ظفیر

(الجواب) لا ریب فی کفر من تفوہ بهذا الکلام۔(۱)

## قرآن مجید کی توہین کرنا کفر ہے

(سوال ۵۰) ایک شخص کی بیوی تلاوت قرآن شریف کی کر رہی تھی اس نے زوجہ پر خفا ہو کر قرآن شریف کی بے ادبی ہاتھ اور زبان سے کی وہ مسلمان رہا یا نہیں اس کی بیوی اس پر حرام ہو گئی یا نہیں۔

(الجواب) قرآن شریف کی توہین اور استخفاف کرنا کفر وارتداد ہے اور کفر ارتداد احد الزوجین موجب فسخ نکاح ہے کما فی ردالمحتار قال فی المسایرة وبالجملة فقد ضم الی التصدیق بالقلب او بالقلب واللسان فی تحقیق الا یمان امور الا خلال بها اخلال بالا یمان اتفاقاً کسجود الصنم وقتل نبی والا ستخفاف به وبا لمصحف والکعبة۔(۲)

## کلمہ کفر کے بعد تجدید نکاح ضروری ہے

(سوال ۵۱) ہر کلمہ کفر سے تجدید نکاح ضروری ہے یا نہیں، تجدید نکاح کی کیا صورت ہے۔

(الجواب) ضروری ہے اور نکاح ثانی مثل نکاح اول کے مہر وغیرہ کے ساتھ ہونا چاہئے۔(۳)

## یہ کہنا کہ خدا مر گیا نماز کس کی پڑھیں کفر ہے

(سوال ۵۲) جو شخص تارک الصلوٰۃ ہو اور سلفہ نشہ بھنگ پیوے اور علانیہ یہ کہے کہ نماز کس کی پڑھیں کیا خدا مر گیا والعیاذ باللہ تعالیٰ ایسے شخص کے جنازہ کی نماز پڑھنا یا رسم شادی کرنا جائز ہے یا نہیں، جو امام ایسے لوگوں سے برتاؤ رکھے اور شادی میں جوڑا اور نذرانہ ان سے لیوے اس امام کے پیچھے نماز جائز ہے یا نہیں اور یہی گیارہویں کو منع کرتا ہے شرعاً کیا حکم ہے۔

(الجواب) ایسا شخص جو نماز کے بارے میں ایسے الفاظ کہتا ہے کافر ہے۔(۴) اس کے جنازہ کی نماز نہ پڑھی جائے اور شادی وغیرہ میں شرکت نہ کی جاوے اور جو امام ہو کر ایسے شخص سے میل جول رکھے اور جوڑا و نذرانہ لیوے وہ فاسق ہے، اس کے پیچھے نماز مکروہ ہے اور جب تک وہ توبہ نہ کرے امام بنانا اس کو حرام ہے اور گیارہویں کی تخصیص کو بے شک علماء حقانی بدعت اور ناجائز فرماتے ہیں، اگر ایصال ثواب کرنا ہو تو بلا قید گیارہویں کے کسی تاریخ اور دن میں کھانا وغیرہ فقراء کو بہ نیت ایصال ثواب بروح حضرت غوث الثقلینؒ دے دیوے اور اغنیاء اس میں سے نہ کھاویں۔

---

(۱) سئل عمن ینسب الی الانبیاء الفواحش الخ قال یکفر لا نه شتم لهم واستخفاف بهم (عالمگیری مصری ج ۲ ص ۲۶۳ ط. ماجدیه ج۲ ص۲۶۳) ظفیر

(۲) ردالمحتار باب المرتد ج۳ ص ۳۹۲ ط. ماجدیه ج۲ ص۲۲۲. ظفیر.

(۳) وینعقد النکاح بایجاب من احدهما وقبول من الآخر (درمختار کتاب النکاح ط.س. ج۳ص۹).

(٤) سئل عمن ینسب الی الانبیاء الفواحش الخ قال یکفر لانه شتم لهم و استخفاف بهم (عالمگیری مصری موجبات الکفر ج ۲ ص ۲۶۳ ط. ماجدیه ج۲ ص۲۶۳) ظفیر

## چند وہ کلمات جن سے کفر لازم آتا ہے

(سوال ۵۳) جو شخص یہ کہے کہ (الف) روزہ بھوکوں کے لئے ہے جس کے اناج نہ ہو وہ روزہ رکھے، ہماری مسجد ہمارا چاہ ہے، سور ہمارے پیچھے نہ تو ہیں۔ (ب) شراب، موئی، بھنگ کون حرام کرتا ہے یہ تو پیغمبروں نے پی ہے ہم بھی پیویں گے نہ ہم توبہ کریں گے (د) جو لوگ ہمیں احکام بالا سے روکتے ہیں وہ لوگ یزید ہیں، ہم لوگوں نے ان کا حقہ پانی بند کر دیا ہے ایسے سیدوں کو مسلمان سمجھنا اور تعظیم کرنا اور امداد کرنا کیسا ہے۔

(الجواب) یہ اقوال ان کے سخت معصیت کے ہیں کہ خوف کفر ہے اور نصوص شرعیہ کے خلاف ہیں ان پر توبہ کرنا لازم ہے ورنہ مسلمانان کو ان سے بالکل متارکت کر دینی چاہئے اور ان کی غمی و شادی میں شریک ہونا نہ چاہئے۔

(ب) یہ قول بھی غلط اور صریح گمراہی ہے اور اس میں خوف کفر ہے اللہ تعالیٰ محفوظ رکھے۔

(د) یزید کے سے افعال ان کے ہیں نہ ان کے جو ان امور محرمہ سے منع کرتے ہیں بلکہ منع کرنے والے عین حق پر ہیں اور مرتکب افعال محرمہ فاسق و فاجر ہیں، پس ایسے سیدوں کو نافرمان شریعت کا اور مخالفت دین کا اور فاسق سمجھنا چاہئے جب تک وہ توبہ نہ کریں اس وقت تک ان کے ساتھ میل جول نہ رکھنا چاہئے اور ان کی تعظیم نہ کرنی چاہئے اور جو لوگ ان کا ساتھ دیں ظالم و فاسق ہیں اور معاون ہیں معصیت پر۔(۱)

## کہنا کہ میرے جسم میں جب تک طاقت ہے خدا و رسول کو کچھ نہیں سمجھتا کفر ہے

(سوال ۵۴) ایک شخص نے کسی بات پر یہ الفاظ کہے کہ جس وقت تک میرے جسم میں قوت ہے میں خدا اور رسول کو کچھ نہیں سمجھتا والعیاذ باللہ تعالیٰ ایسے شخص کے گھر کھانا پینا اور اس سے ملنا جائز ہے یا نہیں۔

(الجواب) وہ شخص کافر و مرتد ہے اس کے ساتھ ملنا جلنا اور کھانا پینا ناجائز ہے، اس سے مسلمانوں کو بالکل علیحدگی کرنا چاہئے جب تک کہ وہ تجدید اسلام نہ کرے اور توبہ نہ کرے۔(۲)

## خدا کو مرغ اور آدمی کہنے والا کافر ہے

(سوال ۵۵) زید کہتا ہے کہ خدا مرغ ہے اور آدمی ہے نعوذ باللہ تو کافر ہے یا نہیں۔

(الجواب) کافر ہے۔(۳)

## والدین کی شان میں اور حق تعالیٰ کی شان میں گستاخی کا حکم

(سوال ۵۶) جو شخص اپنے والد کو دلہ، دیوس، کنجر، بے غیرت، بے حیا، اور والدہ کو حرامزادی، کسبی، بد چلن بد معاش، بدکارہ وغیرہ کلمات کہے اور جب ذکر خداوند کریم کے نام پاک کا کیا جاوے تو وہ الفاظ ادا کرے جو ایک کافر مشرک بھی نہ کرے، ایسے شخص کی نسبت شریعت کا کیا حکم ہے۔

(الجواب) ایسا شخص فاسق و ظالم و عاق والدین ہے اور حق تعالیٰ شانہ کی شان مقدس میں کوئی لفظ گستاخی کا کہنا کفر

---

(۱) سئل عمن ینسب الی الانبیاء الفواحش الخ قال یکفر لانہ شتم لھم واستخفاف بھم (عالمگیری مصری موجبات الکفر ج۲ ص ۲۶۳ ط ماجدیہ ج۲ ص ۲۶۳) ظفیر (۲) ومن قال لا ادری ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان انسیا او جنیا یکفر (عالمگیری مصری ج ۲ ص ۲۶۳ ط ماجدیہ ج۲ ص ۲۶۳) ظفیر (۳) یکفر اذا وصف اللہ تعالیٰ بما لا یلیق بہ الخ او نسبہ الی الجھل او النقص (عالمگیری مصری ج ۲ ص ۲۵۸ ط ماجدیہ ج۲ ص ۲۵۸) ظفیر

وارتداد ہے۔(۱) والعیاذ باللّٰہ العظیم ولا حول ولا قوۃ الا باللّٰہ العزیز الحکیم۔

## واقعہ معراج، قیامت وغیرہ کا منکر کافر ہے

(سوال ۵۷) زید احکام وواقعہ معراج رسول اللہ ﷺ سے قطعی انکار کرتا ہے۔
(۲) زید قرآن شریف کے احکام کا مضحکہ اڑاتا ہے کہ قرآن شریف لچر کلام سے پر ہے۔
(۳) زید اطاعت احکام خلیفۃ المسلمین سے انکار کرتا ہے اور منصب خلافت کو مسلم کے لئے غیر ضروری بتاتا ہے۔
(۴) زید منکر قیامت ہے یعنی دنیا کو لافانی سمجھتا ہے۔
(۵) علماء دین کی توہین کرتا ہے اور گالیاں دیتا ہے۔
(۶) تحریک ترک موالات کو ذاتی اختراع علماء دین کا گردانتا ہے۔

(الجواب) (از ۱ تا ۶) ایسا شخص جس کے احوال سوالات میں ذکر کئے ہیں کافر و مرتد ہے مسلمان نہیں ہے، ایسے شخص کو مسلمان نہ سمجھنا چاہئے، اور اہل اسلام کا سا معاملہ اس کے ساتھ نہ کرنا چاہئے۔(۲)

## مرزا غلام احمد قادیانی اور اس کے متبعین کے کفر میں شبہ نہیں ہے

(سوال ۵۸) عموماً اور خصوصاً مبایعین اور مصدقین مرزا غلام احمد قادیانی اعتراض کیا کرتے ہیں کہ کتب دینیات میں یہ مسئلہ ہے کہ اگر کسی شخص میں ننانوے وجہ کفر کی پائی جاویں اور ایک وجہ اسلام کی ہو تو اس کو کافر نہ کہا جاوے گا، اور حدیث میں ارشاد ہے کہ کلمہ گو اور اہل قبلہ کو کافر نہ کہنا چاہئے عن انس رضی اللّٰہ تعالیٰ عنہ انہ قال قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم من صلی صلوتنا واستقبل قبلتنا واکل ذبیحتنا فذلک المسلم الذی لہ ذمۃ اللّٰہ وذمۃ رسولہ فلا تخفروا اللّٰہ فی ذمتہ دوسری حدیث یہ ہے من قال لا الٰہ الا اللّٰہ دخل الجنۃ اور رسالہ استنکاف المسلمین میں دربارہ ترک موالات مرزائیاں جو فتویٰ علماء دین نے مفتی بہ مرزا غلام احمد قادیانی اور ان کے معتقدین و مبایعین پر کفر کے لگائے ہیں ان کو جھوٹا بتلاتے ہیں اور حسب ذیل آیات کو پیش کرتے ہیں ولا تنازعوا فتفشلوا وتذھب ریحکم۔ واعتصموا بحبل اللّٰہ جمیعا ولا تفرقوا اور مرزا کے مسلمان ہونے کے ثبوت میں ایک پرچہ بھی جس پر چند مبایعین و مصدقین کے دستخط ہیں پیش کرتے ہیں جو ہمرشتہ ہذا ہے، اب علماء کرام سے یہ عرض ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ کا یہ ارشاد ہے تو مرزا اور اس کے معتقدین بھی اہل قبلہ اور کلمہ گو ہیں علماء دین ان پر کفر کا فتویٰ کیوں لگاتے ہیں اور پرچہ منسلکہ پر اعتبار کرنا چاہئے یا نہیں، اور جو شخص مرزا اور اس کی جماعت کو مسلمان سمجھے اور اس کی نسبت کیا حکم ہے اور اس کے پیچھے نماز پڑھنی درست ہے یا نہیں۔

(الجواب) مرزا غلام احمد قادیانی اور اس کے اتباع و مریدین کے کفر وارتداد میں کچھ شبہ اور تردد نہیں ہے، اس میں ایک وجہ بھی اسلام کی باقی نہیں رہی، تمام وجوہ کفر وارتداد کی ہیں۔ کیونکہ انبیاء علیہم السلام میں سے کسی پیغمبر کی

---

(۱) ایضا ظفیر ط ماجدیہ ج ۲ ص ۲۵۸
(۲) اذا انکر الرجل آیۃ من القرآن او تسخر بآیۃ من القرآن او عاب کفر (عالمگیری مصری ج ۲ ص ۲۶۶) من انکر القیامۃ او الجنۃ الخ یکفر (عالمگیری ج ۲ ص ۲۷۴ ط ماجدیہ ج ۲ ص ۲۷۴) ظفیر

توہین باتفاق کفر ہے اور سب و شتم انبیاء ارتداد صریح ہے بعد اس کے کوئی وجہ اسلام کی اس شخص میں باقی نہیں رہتی نہ توحید باقی رہتی اور نہ اقرار رسالت اور تفصیل اس کی کتابوں اور رسالوں میں موجود ہے اس کو ملاحظہ کریں اور مرزا مذکور کے تمام کفریات اور عقائد باطلہ کو علماء نے جمع کر کے ایک جگہ شائع کیا ہے اور طبع کرایا ہے اس کو دیکھ لیں اور اشتہار مسئلہ بالکل کذب صریح ہے، اس میں مرزا کے کفر کو چھپایا گیا ہے وہ قابل اعتبار نہیں ہے، پس جو شخص مرزا مذکور اور اس کے اتباع کو مسلمان سمجھے اور ان کے کفر کا اظہار نہ کرے وہ جاہل و عاصی ہے اور سخت گناہگار ہے اس کے پیچھے نماز درست نہیں ہے اس کو ہرگز امام نہ بنایا جاوے۔(۱)

## اللہ و رسول اور دین اسلام کا منکر کافر ہے

(سوال ۵۹) ایک شخص سے قربانی عید الاضحیٰ کے متعلق مشورہ کیا گیا اس نے جواب دیا کہ میں اس کام میں شریک نہیں ہو سکتا اور خدا اور رسول سے اور دین اسلام سے بھی منکر ہوں باوجودیکہ وہ مسلمان پابند صوم و صلوٰۃ ہے اس کی نسبت کیا حکم ہے۔

(الجواب) جو شخص ایسا کلمہ کفر کا کہے کہ معاذ اللہ وہ شخص خدا تعالیٰ اور رسول اللہ ﷺ اور دین اسلام سے منکر ہے تو وہ کافر ہے اور اسلام سے خارج ہے اس کو لازم ہے۔(۲) کہ توبہ کرے اور تجدید اسلام و تجدید نکاح کرے اور آئندہ ایسا کلمہ زبان سے نہ نکالے۔(۳)

## چیچک کو دیوی تصور کرنا اور چڑھاوا چڑھانا امور شرکیہ میں سے ہے

(سوال ۶۰) چیچک کے دورہ میں لوگ چیچک کو مرض تصور نہیں کرتے بلکہ ایک دیوی کا تصور کرتے ہیں اور اس کا نام بھی تعظیم سے لیتے ہیں۔ اور ہندو عورتوں کو جمع کر کے ان کے مذہب کے موافق رسوم ادا کرتے ہیں اور دریا کے کنارے گانا بجانا ہوتا ہے اور چڑھاوا چڑھاتے ہیں جو لوگ مرد یا عورت اس قسم کی رسوم کرتے ہیں وہ کافر و مرتد ہیں یا نہیں اور وہ اپنی عورتوں سے نکاح پھر سے کریں یا کیا۔

(الجواب) جو عورتیں اور مرد ایسے رسوم کو ادا کرتے ہیں وہ فاسق و عاصی ہیں ان کو توبہ کرنا چاہئے اور کافر و مرتد کہنے میں ان کے احتیاط کرنی چاہئے اگر رسوم مذکورہ کے رسوم شرکیہ ہونے میں کچھ کلام نہیں ہے تاہم تکفیر میں احتیاط کرنا بہتر ہے کیونکہ فقہاء نے اس بارہ میں ایسا ہی لکھا ہے اور تکفیر میں بہت احتیاط کرنے کا حکم دیا ہے، لیکن

---

(۱) والکافر بسب نبی من الانبیاء فانه یقتل حدا و لا تقبل توبته مطلقا الخ حق عبدلا یزول بالتوبة ومن شك فی عذابه و کفره کفر و تمامه فی الدر (درمختار) اجمع المسلمون ان شاتمه کافر و حکمه القتل ومن شك فی عذابه و کفره کفر الخ وفیها من نقص مقام الرسالة بان سبه صلی الله علیه وسلم او بفعله بان بغضه بقلبه قتل حدا الخ لکن صرح فی اخر الشفاء بان حکمه کالمرتد (الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۴۰۰ وج ۳ ص ۴۰۱ ط.س ج ۴ ص ۲۳۱) ظفیر

(۲) من شك فی ایمانه فهو کافر الخ ومن لا یرضی من الا یمان فهو کافر (عالمگیری مصری موجبات الکفر ج ۲ ص ۲۵۷ ط.س ماجدیه ج ۲ ص ۲۵۷) ظفیر

(۳) مایکون کفرا اتفاقا یبطل العمل والنکاح واولاده او لاد زنا و مافیه خلاف یومر بالا ستغفار والتوبة وتجدید النکاح (در مختار) ذکر فی نور العین ویجدد بینهما النکاح ان رضیت زوجة بالعود الیه والا فلا تجبر قوله والتوبة ای تجدید الا سلام (ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۴۱۴ ط.س ج ۴ ص ۲۴۶) ظفیر

تجدید نکاح بہتر اور احوط ہے اور تاوقتیکہ یہ لوگ امور مذکورہ و رسوم شرکیہ سے تائب نہ ہوں ان سے علیحدگی اور مقاطعت مناسب ہے۔(۱)

## ویدو قرآن میں جو فرق کا قائل نہ ہوں

(سوال ۶۱)جو شخص اپنے ایسے وعظ میں قوم مسلم و دیگر اقوام مثل ہنود کا اجتماع ہو مسلمانوں کو مخاطب ہو کر فرماتا کہ ہنود اور مسلمانوں میں کوئی فرق نہیں، ہم لوگ اپنے عقائد جاہلانہ سے آپس میں تفریق ڈالتے ہیں۔

نہ جا جاہل کی باتوں پر اگر تو دہن کا پکا ہے　　اسی پتھر کا بت خانہ اسی پتھر کا مکہ ہے

نعوذ باللہ من ذلك۔ اور نیز اذان و ناقوس میں بھی کوئی فرق نہیں اور ہنود کی مذہبی کتاب کو قرآن مجید سے تطابق دے کر کہا جاتا ہے کہ ان دونوں کے حکم میں کچھ فرق نہیں۔ اس صورت میں شرعاً کیا حکم ہے۔

(الجواب) یہ کلمات کفر کے ہیں ایسا اعتقاد رکھنے والا اور ایسے اعتقادات کی تعلیم دینے والا مسلمان نہیں ہے کافر و مرتد ہے۔ وہ شخص پیر بنانے کے لائق نہیں ہے۔(۲) اور عالم کہلانے کا مستحق نہیں ہے بلکہ فاسق و مبتدع بلکہ کافر و مرتد ہے مسلمانوں کو اس کے مکائد سے احتراز لازم ہے اور اس کے کلمات کفریہ سننے سے احتراز واجب ہے۔

## آنحضور ﷺ کو الوہیت کا درجہ دینا اور اعتقاد رکھنا کفر ہے

(سوال ۶۲)جو شخص رسول اللہ ﷺ کی شان میں ایسے الفاظ کہے جن سے شرک و بدعت کی بو آتی ہو وہ شخص کیسا ہے مثلاً یہ شعر پڑھے۔

قطرہ دریا میں گر کر فنا ہو گیا　　بندہ وحدت میں جا کر خدا ہو گیا
خدا تعالیٰ ازل سے وحدہ لاشریک تھا لیکن بعد میں اس نے اپنے روبرو آئینہ رکھا
ع پھر خدا جیسا ایک دوسرا ہو گیا۔ نستغفر اللہ۔

(الجواب) ایسا اعتقاد رکھنا کفر ہے اور ایسے اشعار پڑھنا حرام ہے۔(۳)

## نماز روزہ کا منکر اور علماء کو گالی دینے والا کافر ہے

(سوال ۶۳)زید نے کہا کہ میں نماز روزہ کا قائل نہیں اور ایک فتویٰ حرمت مصاہرۃ کا اس کے سامنے پیش کیا گیا اس نے برجستہ کہا کہ میں اس کو نہیں مانتا علماء کو فحش گالی دے کر کہا کہ علماء جھوٹے ہیں اور جو حرمت مفتی بہ تھی ان کو حلال سمجھتا ہے، ان صورتوں میں اس پر فتویٰ تکفیر ہو گیا یا نہیں۔ اور فتویٰ تکفیر ہونے پر اس کی بیوی اگر تجدید نکاح پر کسی طرح راضی نہ ہو یا بوجہ اس کے کہ زید کے لڑکے نے زید کی بیوی کے ساتھ سوائے زنا کے جمیع دواعی زنا بشہوت کئے ہوں جس کی وجہ سے یہ فتویٰ علماء زید پر حرام ہو گئی ہو اور تجدید نکاح نہ کرے تو دوسرے

---

(۱)اعلم انه لا یفتی بکفر الیکم امکن حمل کلامه علی محمل حسن او کان فی کفره خلاف الخ وفی الدر وغیرها اذا کانت فی المسئلة وجوه توجب الکفر وواحد یمنعه فعلی المفتی المیل لما یمنعه (الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۳۹۹ ط.س. ج۴ص۲۲۹ وما فیه خلاف یومر بالاستغفار و التوبة و تجدید النکاح وظاهره انه امر احتیاط (ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۳۹۹ ط.س. ج۴ص ۲۳۰) ظفیر
(۲)ومن اعتقد ان الایمان والکفر واحد فهو کافر ومن لا یرضی من الایمان فهو کافر ومن یرضی بکفر نفسه فقد کفر (عالمگیری مصری موجبات الکفر ج ۳ ص ۲۵۷ ط. ماجدیه ج۲ص۲۵۷) ظفیر
(۳)ذکر الحنفیة تصریحا بالتکفیر باعتقاد النبی صلی الله علیه وسلم یعلم الغیب لمعارضة قوله تعالی قل لایعلم من فی السموات والارض الغیب الا الله (شرح فقه اکبر ص ۱۸۵)

شخص کے ساتھ نکاح جائز ہوگا یا نہیں۔

(الجواب) زید کے یہ کلمات تو کفر کے ہیں۔(۱) مگر احتیاطاً بسبب گنجائش تاویل ولو ضعیفاً زید کی تکفیر نہ کی جاوے گی، کما حققه الفقهاء شامی اور جب کہ حکم کفر وارتداد کا زید پر جاری نہ ہوگا تو اس کی زوجہ کا نکاح بھی فسخ نہ ہوگا البتہ احتیاطاً تجدید ایمان و تجدید نکاح کر لینا چاہئے اگر عورت تجدید نکاح پر راضی نہ ہو تو بدون نکاح جدید کے بھی وہ عورت زید کی زوجہ ہے اس کے نکاح سے خارج نہیں ہوئی اور بحالت موجودہ دوسرے شخص سے نکاح اس کا درست نہیں ہے۔(۲)

## قادیانی اور اس کے پیروکار کافر ہیں

(سوال ٦٤) مرزا غلام احمد قادیانی کے پیروکار مسلمان ہیں یا کافر بر تقدیر ثانی اگر باپ سنی حنفی ہو اور اس کا بیٹا قادیانی ہو گیا ہو تو یہ بیٹا شرعاً باپ کا وارث ہوگا یا نہیں۔

(الجواب) قادیانی اور اس کے اتباع کافر ہیں اور یہ منصوص ہے کہ کافر مسلمان کا وارث نہیں ہوتا۔(۳)

## یہ کہنا کہ ایمان رہے یا جائے تعزیہ بنائیں گے

(سوال ٦٥) تعزیہ کی اعانت پر کسی کو مجبور کرنا اور یہ کہنا کہ ایمان رہے یا جائے اس کو نہ چھوڑیں گے کیسا ہے۔

(الجواب) ایسے کلمات کے قائل کے ایمان کے زوال کا خوف ہے۔(۴)

## خلفاء راشدین اور حضرت صدیقہؓ پر تہمت لگانے والا کافر ہے

(سوال ٦٦) خلفاء راشدین اور اہل بیت مطہرہ یعنی حضرت عائشہ صدیقہ کی شان مبارک میں جو شخص الفاظ نا ملائم یا دشنام یا برا کہتا ہو اور تہمت لگاتا ہو وہ دائرہ اسلام میں ہے یا نہیں۔(۲) ایسے شخص کے ہاتھ کا ذبیحہ درست ہے یا نہیں اور تعلق دوستانہ و ہمدردی رکھنا اور کھانا کھانا وغیرہ جائز ہے یا نہیں۔(۳) اور جو شخص ایسے شخص سے میل جول رکھتا ہو اس سے میل جول رکھنا جائز ہے یا نہیں۔

(الجواب) (از ا تا ۳) خلفاء راشدین سب وشتم کو بھی بہت سے علماء وفقہاء نے کافر کہا ہے اور بالخصوص حضرت عائشہ صدیقہؓ پر تہمت رکھنے والوں اور افک کے قائلین کو باتفاق کافر کہا ہے کیونکہ اس میں نص قطعی کا انکار ہے۔(۵) پس اس شخص کا ذبیحہ درست نہیں ہے اور اس سے تعلق و محبت رکھنا درست نہیں ہے اور جو شخص اس سے میل جول رکھے وہ عاصی وفاسق ہے توبہ کرے۔

---

(۱) والاصل ان من اعتقد الحرام حلالاً فان كان حراما لغيره الخ لايكفر وان كان لعينه فان دليله قطعيا كفر و الا فلا وقيل التفصيل في العالم اما الجاهل فلا يفرق بين الحرام لعينه ولغيره وانما الفرق في حقه ان ما كان قطعيا كفربه والا فلا فيكفر اذا قال الخمر ليس بحرام (ردالمحتار باب المرتد ج ٣ ص ٣٩٣ ط.س. ج٤ص٢٢٣).

(۲) ان مايكون كفرا اتفاقا يبطل العمل والنكاح وما فيه خلاف يؤمر بالا ستغفار والتوبة وتجديد النكاح وظاهره انه امر احتياط (ردالمحتار باب المرتد ج ٣ ص ٣٩٩ ط.س. ج٤ص٢٤٦) ظفير.

(۳) ودعوى النبوة بعد نبينا صلى الله عليه وسلم كفر بالاجماع (شرح فقه اكبر ص ٢٠٢) ظفير.

(٤) استحلال المعصية كفر (شرح فقه اكبر ص ١٩٩) ظفير.

(٥) من سب الشيخين اوطعن فيهما كفر ولا تقبل توبة وهو المختار للفتوى (در مختار) نعم لا شك في تكفير من قذف السيدة عائشة رضى الله تعالى عنها او انكر صحبة الصديق او اعتقد الالوهية في على رضى الله تعالى عنه الخ (ردالمحتار باب المرتد ج ٣ ص ٤٠٤ و ج٣ ص ٤٠٥ ط.س. ج٤ص٢٣٦) ظفير.

## جمعہ کی نماز کو شر و فساد کی نماز کہنا کفر ہے

(سوال ۶۷) اگر کوئی شخص ازروئے تحقیر کہہ دے کہ نماز جمعہ شر و فساد کی نماز ہے تو کیا حکم ہے۔

(الجواب) یہ کلمہ کفر ہے اور وہ شخص کافر و مرتد ہے و العیاذ باللہ تعالیٰ۔(۱)

## یہ کہنا کہ ہم کافر ہیں کیا حکم ہے

(سوال ۶۸) ایک نمازی نے ایک بے نمازی کو واسطے نماز پڑھنے کے کہا اس نے ناسخ کو برا بھلا کہا اور یہ کہا کہ ہم کافر ہیں وہ کافر ہوا یا نہیں اس کے ساتھ کھانا پینا جائز ہے یا نہیں۔

(الجواب) جب کہ اس شخص نے یہ کلمہ کہا کہ ہم کافر ہیں معاذ اللہ تو وہ شخص کافر ہو گیا، پس اگر وہ توبہ اور تجدید ایمان نہ کرے تو مسلمان اس کے مرنے جینے میں شریک نہ ہوں۔(۲)

## اللہ تعالیٰ کی شان میں گالی دینے والا کافر ہے

(سوال ۶۹) جو شخص مسلمان اپنا کام حرج ہونے کی وجہ سے جب کہ بارش برستی ہو اور اس کے کام میں خلل پڑتا ہو نقصان ہونے کی وجہ سے خداوند تعالیٰ کو گالی دیوے اور منع کرنے سے بھی باز نہ آوے والعیاذ باللہ ایسے شخص کے واسطے شرعاً کیا حکم ہے۔

(الجواب) وہ شخص جو ایسی گستاخی کرے کافر ہے، تجدید اسلام و تجدید نکاح اس کو لازم ہے۔(۳)

## گواہوں نے گواہی دی کہ فلاں مرتد ہے اور مرتد انکار کرتا ہے کیا حکم ہے

(سوال ۷۰) زید نے ایک استفتاء کے جواب میں ہندہ اور اس کے معاونین پر شرعی حیثیت سے کفر اور ارتداد کا حکم اور فتویٰ دے کر اہل اسلام کو اس امر کی تاکید کی تھی کہ وہ ہندہ اور اس کے معاونین سے تمام تعلقات قطع کر دیں چنانچہ اس پر بستی کے مسلمانوں نے عمل درآمد شروع کر دیا تھا اب جب کہ ہندہ کے معاونین اس مقاطعہ پر تحت ذلیل و رسوا ہوئے تو انھوں نے صحیح واقعات پر پردہ ڈال کر اپنی برأت کے لئے چند سوالات بصورت استفتاء بعض مشہور علماء کرام کی خدمت میں بھیجے، علماء کرام چونکہ واقعات صحیحہ سے قطعی بے خبر تھے سوالات کے مطابق جوابات ارقام فرما دیئے، پھر مستفتی نے اپنے اس استفتاء کو مع جوابات زید کے سامنے جو پیشتر صحیح واقعات پر کفر کا فتویٰ دے چکا تھا پیش کیا جس پر زید نے بے تکلف دستخط کر دیئے گویا غیر واقعی سوالات کی موافقت باوجود پورا علم ہونے کے دیدہ دانستہ کی اور فتنہ عظیم پھیلا دیا، آیا زید کا رویہ عند الشرع کیسا ہے، زید مسلمان ہے یا کافر یا فاسق نماز اس کے پیچھے کیسی ہے۔

(الجواب) اصل یہ ہے کہ مفتی اور اس کے مصدق کے سامنے جو کچھ واقعہ پیش کیا جاوے گا وہ اس کے موافق جواب دے گا یا تصدیق کرے گا پس جو شخص موجبات کفر سے انکار کرے اور اس امر کا اقرار کرے کہ میں نے وہ

---

(۱) و کذا الاستهزاء علی الشریعة الغراء کفر لان ذالك من امارات تکذیب الانبیاء (شرح فقه اکبر ص ۱۸۶) نماز چیزے نیست او قال نماز کرام مادر و پدر من مرده اند کفر (عالمگیری مصری ج ۲ ص ۲۶۸. ط. ماجدیه ج ۲ ص ۲۶۸) ظفیر۔

(۲) ومن اعتقدان الایمان والکفر واحد فهو کافر ومن لا یرضی من الایمان فهو کافر (ایضا ج ۲ ص ۲۵۷) ظفیر۔

(۳) والکافر بسب نبی من الانبیاء فانه یقتل حد اولا تقبل توبته مطلقا ولو سب الله تعالیٰ یکفر اذا وصف الله تعالیٰ بما لا یلیق به او سخر باسم من اسمائه الخ (عالمگیری موجبات الکفر ج ۲ ص ۲۵۸. ط. ماجدیه ج ۲ ص ۲۵۸) ظفیر

افعال نہیں کئے جو میری طرف منسوب کئے جاتے ہیں تو اس حالت میں یہی جواب دیا جاوئے گا کہ شخص مذکور کافر نہیں ہے، فقہاء نے یہاں تک لکھا ہے کہ اگر معتبر گواہوں سے کسی شخص کا مرتد ہونا معلوم ہو لیکن وہ انکار کرے کہ میں نے یہ امور جو موجب ارتداد ہیں نہیں کئے ہیں تو موافق اس کے قول کے اس کو چھوڑ دیا جاوے گا اور اس سے کچھ تعرض نہ کیا جاوے گا، در مختار میں ہے شهدوا على مسلم بالردة وهو منكر لا يتعرض له لا لتكذيب الشهود العدول بل لان انكاره توبة ورجوع الخ۔(۱) اس عبارت کا حاصل یہ ہے کہ اگر کسی مسلمان پر گواہان عادل کی گواہی سے کفر وارتداد ثابت ہو اور وہ اس سے انکار کرے تو اس سے کچھ تعرض نہ کیا جاوے گا نہ اس لئے کہ عادل گواہوں کو جھوٹا سمجھا گیا بلکہ اس وجہ سے کہ اس شخص کا انکار کرنا یہ توبہ ہے اور رجوع ہے پس موافق بیان سائل کے جب کہ کسی عالم نے کوئی فتویٰ لکھا اور اس جواب پر زید نے دستخط کر دیئے اور اس کی تصدیق کی تو اس کا حاصل یہ ہے کہ اس بیان کے موافق یہ جواب صحیح ہے چنانچہ اسی معاملہ مذکورہ میں جو فتویٰ سہارنپور سے عدم تکفیر کا لکھا گیا ہے وہ یہاں بھی آیا تھا اور اس پر یہاں سے ان الفاظ سے تصدیق کی گئی ہے کہ جو لوگ اس عورت مرتدہ کو حکم ارتداد کرنے والے اور اس کی معین ہیں، ان پر کفر کا فتویٰ بحالہ ہے اور جو لوگ اس امر میں اس کے معاون نہیں ہیں اور اس عورت کے ارتداد پر راضی نہیں ہیں وہ کافر نہیں ہیں، لہذا زید کے دستخط کرنے کا بھی یہ مطلب ہے اور اس وجہ سے احقر کی رائے میں اس پر شرعاً کچھ مواخذہ نہیں ہے، اور لعن وطعن کرنا زید پر اس وجہ سے روا نہیں ہے کیونکہ اگرچہ زید کو علم ہو کہ فلاں شخص اس امر میں شریک ہے لیکن جب وہ اس سے انکار کرے تو موافق تصریح صاحب در مختار کے اس کو کافر نہ کہا جاوے گا۔

## نماز کی تحقیر کفر ہے

(سوال ۷۱ ) ہندہ بوقت نماز با دختر زید جنگ وجدال می کرد زن دیگر گفت کہ اے ہندہ مردماں نمازمی خوانند تو خاموش باش، ہندہ تحقیراً واستخفافاً در جواب گفت کہ نماز بر فرج و موئے فرج، دریں صورت ہندہ کافرہ شد یا نہ۔

## (۲) احد الزوجین کے ارتداد سے نکاح فسخ ہو جاتا ہے

عورت کے کلمہ کفر کہنے سے نکاح فسخ ہوتا ہے یا نہیں۔

## (۳) کلمہ کفر سے آدمی کافر ہو جاتا ہے

کلمہ کفر کہنے سے آدمی کافر ہوتا ہے یا نہیں۔

## (۴) مرتد کسے کہتے ہیں

اگر کلمہ کفر کہنے سے کافر ہو گیا تو اس کو مرتد کہیں گے یا کیا۔

(الجواب) یہ کلمہ کفر کا ہے۔(۲)

(۲) نکاح فسخ ہو جاتا ہے۔(۳)

(۱) الدر المختار على هامش ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۴۱۳ ط.س. ج ۴ ص ۲۴۶ . ظفیر. (۲) لان مناط التكفير هو التكذيب والا ستخفاف عند ذلك (ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۳۹۲ ط.س. ج ۴ ص ۲۲۲) ظفیر. (۳) وارتداد احدهما فسخ عاجل (الدر المختار على هامش ردالمحتار باب نكاح الكافر ج ۲ ص ۵۳۹ ط.س. ج ۳ ص ۱۹۳) ظفیر.

(۳) کلمہ کفر کہنے سے کافر ہو جاتا ہے
(۴) اس کو مرتد کہیں گے۔

## خنزیر دیوی پر چڑھایا کفارہ کی شکل کیا ہو

(سوال ۷۲) زید نہایت مہلک عارضہ میں مبتلا ہو گیا اور بعض کے کہنے سے معلوم ہوا کہ کسی دشمن نے اس کو موٹھ ماری ہے اس کو اپنے مرنے کا پورا یقین ہو گیا، بعض مشرکین کے اغواء سے بچہ خنزیر منگا کر دیوی پر چڑھایا، برادری نے اس کو علیحدہ کر دیا ہے اس لئے کیا کفارہ ہے۔

(الجواب) کفارہ شرعی یہی ہے کہ وہ استغفار کرے اور تجدید اسلام کرے اور کلمہ شہادت پڑھے اور اپنے فعل پر نادم اور مستغفر ہو اور آئندہ ایسی حرکت نہ کرے اور وعدہ صادقہ ہے وھو الذی یقبل التوبة عن عبادہ ویعفو عن السیئات ویعلم ما تفعلون الآیة۔

## اصحاب ثلثہ کو کافر کہنے والا کافر و مرتد ہے

(سوال ۷۳) اصحاب ثلثہؓ کو جو شخص کافر کہے اس کی امامت و بیعت اور ان کے ساتھ کھانا پینا جائز ہے یا نہ۔

(الجواب) شخص مذکور کافر ہے چنانچہ شامی میں ہے نقل فی البزازیة عن الخلاصة ان الرافضی اذا کان یسب الشیخین ویلعنھما فھو کافر ج ۳ ص ۳۰۲۔(۱) ان لوگوں کی تعلیم و تلقین کے موافق عمل کرنا اور اس کو اپنا امام و پیشوا بنانا قطعاً جائز نہیں قال اللّٰہ تعالیٰ ومن یبتغ غیر الا سلام دینا فلن یقبل منه وھو فی الآخرة من الخاسرین۔(۲) اور ایسے گمراہ لوگوں سے قطع تعلقات کرنا ضروری ہے قال اللہ تعالیٰ فلا تقعد بعد الذکری مع القوم الظلمین۔(۳) لہذا حتی الامکان ان کے ساتھ نشست و برخاست سے احتراز کرنا چاہئے۔

## کل گناہ خدا کے سر کلمہ کفر ہے

(سوال ۷۴) رحمان نے مولوی احمد شاہ سے سوال کیا کہ اگر شاہدین جھوٹی اور عداوتی شہادت ظاہر کر کے کوئی حقیقت ضائع کر دیویں جس کی وجہ سے تمام عمر حرام و گناہگاری زائد ہوتی جاوے تو تمام عمر کے گناہ کس کے سر پر پڑیں گے، مولوی احمد شاہ نے جواب دیا کہ یہ کل گناہ خدا تعالیٰ کے سر پڑیں گے والعیاذ باللہ تعالیٰ۔ اس بارہ میں شرعی حکم کیا ہے۔

(الجواب) مسئلہ یہ ہے کہ اگر گواہوں نے جھوٹی گواہی دے کر کسی کی حق تلفی کی اور حاکم شرعی نے ان گواہوں کی گواہی پر ناحق کسی کی ملک دوسرے کو یعنی مدعی کاذب کو دلوادی تو گناہ اس کا ان گواہوں پر ہے اور اس مدعی پر ہے حاکم پر گناہ نہیں ہے کما ورد فی الحدیث مصرحا بانه قطعة من نار فی حق المدعی الکاذب(۴) وقال اللہ تعالیٰ واجتنبوا قول الزور حنفاء للہ غیر مشرکین بہ(۵) اور یہ مقولہ مولوی احمد شاہ مذکور کا غلط اور جہل

(۱) ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۴۰۵. ط.س. ج ۴ ص ۲۳۷.
(۲) آل عمران. ۱۷.
(۳) الانعام. ۱۴.
(۴) الحج. ۱۱.

صریح ہے اور کلمہ کفر کا ہے والعیاذ باللہ تعالیٰ۔

## نماز پڑھنے والے کو کافر سمجھنا

(سوال ۲۷۵) زید جو مدعی اسلام ہے اس امر کا قائل ہے کہ نماز کا پڑھنے والا کافر ہے، علماء کی غلطی کے باعث یہ نماز ایجاد ہوئی ہے ورنہ شریعت میں کہیں اس کا نام و نشان بھی نہیں ہے اللہ کی یاد اور اس کی عبادت دل میں ہونی چاہئے۔ ایسے شخص کے لئے اور جو لوگ اس کے ہم خیال ہوں ان کے لئے شرعاً کیا حکم ہے۔

(الجواب) شخص مذکور اور اس کے اتباع و ہم عقیدہ لوگوں کے کفر وارتداد میں کچھ شبہ اور تامل نہیں ہے۔(۱) ان کے ساتھ معاملہ کفار و مرتدین کا سا ہونا چاہئے اور اہل اسلام ان کو اپنی جماعت سے علیحدہ کر دیں اور ان کے ساتھ کوئی تعلق باقی نہ رکھیں۔

## خدائی کا دعویٰ کفر ہے

(سوال ۲۷۶) ایک شخص نے مجھ سے تین مرتبہ یہ لفظ کہا کہ میں تیرا خدا ہوں والعیاذ باللہ تعالیٰ اس شخص کے متعلق کیا فتویٰ ہے۔

(الجواب) اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ومن یقل منهم انی اله من دونه فذلك نجزیه جهنم كذلك نجزی الظلمین۔(۲) (ترجمہ) اور جو کوئی ان میں سے یہ کہے کہ میں خدا ہوں اللہ کے سوا پس اس کی سزا دوزخ ہے ہم اسی طرح ظلم کرنے والوں کو سزا دیتے ہیں، پس اس آیت سے واضح ہے کہ شخص مذکور کافر و ظالم ہے اگر وہ توبہ نہ کرے تو اس کے ساتھ کھانا پینا ملنا جلنا درست نہیں ہے۔

## ہندوؤں کے ذریعہ چڑھاوا چڑھانا معصیت اور فسق ہے

(سوال ۲۷۷) ایک مسلمان لڑکا بیمار ہوا اس کے والدین نے ستیلا مانا یعنی ایک بت کی منت مانی کہ ہمارا لڑکا اچھا ہو جاوے گا تو ایک بکرا چڑھاویں گے بعد شفا ہونے کے ایک بکرا منت کا کسی ہندو کے ذریعہ سے بت پر لے جا کر کاٹا گیا اور گاؤں کے ہندو لوگوں میں تقسیم ہوا، لڑکے کے والدین کا اسلام و نکاح باقی رہا یا نہ۔

(الجواب) وہ دونوں عاصی و فاسق ہوئے توبہ و استغفار کریں اور تجدید نکاح کر لینا اچھا ہے اور احوط ہے۔(۳)

## کہنا کہ مصیبت میں دنیا و عاقبت کچھ نہیں سوجھتی کیا حکم ہے

(سوال ۲۷۸) زید و بکر میں باہم منازعت ہوئی زید نے کہا میں خودکشی کر کے اس کو قید کراؤں گا عمرو نے زید کو سمجھایا کہ ایسا نہ کرنا ورنہ عاقبت میں سخت سزا ہو گی، زید نے کہا کہ اس وقت مجھے دنیا اور عاقبت کی نہیں سوجھتی ہے اس کلمہ سے زید کافر ہوا یا نہ۔

(الجواب) اس کلمہ میں خوف کفر ہے مگر چونکہ تاویل ممکن ہے اس لئے کافر نہ کہا جاوے گا، بہر حال تجدید ایمان

---

(۱) من جحد فرضا مجمعا علیه كالصلوٰة والصوم والزكوٰة والغسل من الجنابة كفر (شرح فقه اكبر ص ۲۱۲) ظفیر۔
(۲) اذا انكر الرجل آية من القرآن او سخر بآية من القرآن او عاب كفر (عالمگیری موجبات الكفر ج ۲ ص ۲۶۶ ط ماجدیه ج۲ ص ۲۶۶) ظفیر وكذا الاستهزاء على الشريعة الغراء كفر (شرح فقه اكبر ص ۱۸۶) ظفیر۔
(۳) الانبياء ۲۰ (٤) ومافيه خلاف يؤمر بالاستغفار والتوبة وتجديد النكاح (الدر المختار على هامش ردالمحتار باب المرتد ج۳ ص ٤١٤ ط س ج٤ ص ۲۳۰) ظفیر۔

و تجدید نکاح بہتر ہے۔(۱)

## میں عیسائی ہوں یہ کلمہ کفر ہے

(سوال ۷۹) جو شخص یہ کہے کہ میں عیسائی ہوں اس کے یہاں کھانا جائز ہے یا نہیں، اگر کسی نے بھول کر کھالیا تو اس کے لئے کیا حکم ہے۔

(الجواب) وہ شخص کافر ہو گیا اس کے ساتھ کھانا پینا جائز نہیں ہے اگر بھول کر کھالیا تو گناہ نہیں ہے آئندہ ایسا نہ کرے۔(۲)

## کلمہ کا اس طرح پڑھنا لا الہ الا اللہ ابوبکر و عثمان و علی محمد رسول اللہ

(سوال ۸۰) اگر کوئی شخص کلمہ طیبہ کے ساتھ صحابہ کرام کے نام کو ملا کر پڑھے بایں طور لا الہ الا اللہ ابوبکر و عمر و عثمان و علی ومحمد رسول اللہ۔ تو وہ کافر ہو گا یا گناہگار، اگر کافر نہیں تو جو لوگ اس کو کافر کہتے ہیں ان کے لئے کیا حکم ہے۔

(الجواب) کتب فقہ میں تصریح ہے اگر کسی کلام وغیرہ میں ننانوے وجوہ کفر کے ہوں اور ایک وجہ اسلام کی ہو اگرچہ وہ ضعیف ہو تو مفتی کو اس قائل کے اسلام کی طرف مائل ہونا چاہئے اور باوجود امکان تاویل تکفیر مسلم کی طرف مبادرت نہ کرنی چاہئے اور فتویٰ کفر کا نہ دینا چاہئے بناءً علیہ شخص مذکور کو کافر نہ کہا جاوے گا۔(۳) لیکن ایسے کلام موہوم سے جس میں خوف کفر ہو آئندہ کو احتیاط کرنی چاہئے اور تاویل اس کلام میں یہ ممکن ہے کہ رسول اللہ ﷺ صرف محمد کی خبر ہو یعنی پورا کلمہ اس طرح ہو لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ اور اس کے درمیان میں شخص مذکور نے اپنی جہالت سے ابوبکر و عمر و عثمان و علی زیادہ کر دیا۔ گویا یہ مطلب ہے کہ یہ حضرات خلفاء برحق ہیں اور ان کی خلافت کا اعتقاد کرنا چاہئے، بہر حال آئندہ ایسے الفاظ سے سخت احتراز کرنا چاہئے اور ایسے کلام کے ساتھ جو کہ موہم کفر ہو کبھی تکلم نہ کرنا چاہئے۔

## مسجد میں پیشاب کردوں کلمہ کفر ہے

(سوال ۸۱) ایک شخص نے مسجد کے متعلق یہ الفاظ کہے کہ مسجد کیا میری سسری ہے اور مسجد میں میں پیشاب کر دوں اور سور کاٹ کر ڈالدوں والعیاذ باللہ تعالیٰ اس صورت میں اس شخص کے لئے کیا حکم ہے۔

(الجواب) یہ کلمات اس شخص کے کفر کے کلمات ہیں اس کو توبہ کرنا اور تجدید اسلام اور تجدید نکاح کرنا لازم ہے اور جب تک وہ توبہ نہ کرے اس سے قطع تعلق کر دیں۔(۴)

---

(۱) اذا اطلق کلمة الکفر عمد الکنه لم یعتقد الکفر قال بعض اصحابنا لا یکفر الخ وقال بعضهم یکفر وهو الصحیح عندی لانه استخف بدینه اه (ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۳۹۳ ط.س. ج ۴ص ۲۲۴) ظفیر

(۲) ایضاً ظفیر

(۳) وفی الخلاصة وغیرها اذا کان فی المسئلة وجوه توجب التکفیر و وجه واحد یمنعه فعلی المفتی ان یمیل الی الوجه الذی یمنع التکفیر تحسینا منظن بالمسلم وفی التتارخانیة لا یکفر بالمحتمل لا ن الکفر نهایة فی العقوبة فیستدعی فیها فی جنایه ومع الاحتمال لا نهایة اه (ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۳۹۳ ط.س. ج ۴ ص ۲۳۰) ظفیر

(۴) اذا اطلق الرجل کلمة الکفر عمد الکنه لم یعتقد الکفر قال بعض اصحابنا لا یکفر الخ وقال بعضهم یکفر وهو الصحیح عندی لا نه استخف بدینه (ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۳۹۳ ط.س ج ۴ص ۲۲۴) ظفیر

## قرآن پر پیشاب کردوں گا یہ کہنا کفر ہے

(سوال ۸۲) زید و ہندہ میں تکرار ہوا ہندہ نے کہا میں قرآن لے کربد دعا کروں گی زید نے کہا میں تمہاری قرآن پر پیشاب کردوں گا نعوذ باللہ من ذلک، اس صورت میں کیا حکم ہے۔

(الجواب) اس صورت میں زید کافر و مرتد ہو گیا (۱) اور اس کا نکاح اس کی زوجہ سے ٹوٹ گیا اور فسخ ہو گیا کما فی الدر المختار وارتداد احدھما فسخ عاجل الخ . (۲)

## نماز کی توہین کرنا کفر ہے

(سوال ۸۳) ایک مجمع میں نماز جمعہ کا کچھ تذکرہ ہوا ایک امام نے غصہ ہو کر کہا دو رکعت دبر میں دو گے یا چار اس صورت میں اس کے لئے کیا حکم ہے۔

(الجواب) یہ کلمہ جو اس نے کہا کفر کا کلمہ ہے (۳) اس کو چاہئے کہ توبہ کرے اور تجدید اسلام اور تجدید نکاح کرے۔

## توہین کلام اللہ کفر ہے

(سوال ۸۴) ایک شخص کو کسی بات پر کہا جاوے کہ قرآن شریف اٹھاؤ اگر وہ کہہ دیوے کہ میرا آلہ تناسل اٹھاوے گا تو اس پر کیا حکم ہو گا۔

(الجواب) یہ کفر کا کلمہ ہے کیونکہ توہین کلام اللہ اس سے ظاہر ہے اور وہ کفر ہے (۴) لہذا تجدید ایمان و تجدید نکاح اس کو لازم ہے۔

## شریعت کی کچھ پرواہ نہیں کرتے یہ کلمہ کفر ہے

(سوال ۸۵) ایک مجلس میں چند آدمی ایک امر متنازع کے فیصلہ کے لئے جمع ہوئے ان میں سے ایک فریق نے شریعت حقہ کی توہین کی اور علانیہ کہا کہ ہم پنچائت کے فیصلہ کے مقابلہ میں شریعت کی کچھ پرواہ نہیں کرتے اور ہم کو ایسی مسلمانی کی ضرورت نہیں جس میں پابندی ہو ہم رسم برادری کو شریعت کے مقابلہ میں مقدم سمجھتے ہیں آیا اس اعتقاد کے رکھنے والے اور ایسے الفاظ کے کہنے والے مسلمان رہے یا نہ، تجدید نکاح و تجدید اسلام ہونی چاہئے یا نہ۔

(الجواب) الفاظ مذکورہ کہنے والے اشخاص کافر ہو گئے ان کو تجدید اسلام و تجدید نکاح و توبہ و استغفار کرنا لازم ہے اور جب تک توبہ و تجدید اسلام وغیرہ نہ کرے ان کے ساتھ ملنا جلنا درست نہیں ہے۔ (۴)

---

(۱) وبا لجملہ فقد ضم الی التصدیق بالقلب او بالقلب واللسان فی تحقق الا یمان امور الا خلال بھا اخلال بالا یمان اتفاقا کسجود الصنم وقتل نبی والا ستخفاف بہ وبالمصحف والکعبۃ الخ ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۳۹۲ ط.س. ج۴ص۲۲۲) ظفیر. (۲) الدر المختار علی ھامش ردالمحتار باب نکاح الکافر ج ۲ ص ۵۳۹ ط.س. ج۳ص۱۹۳ . ظفیر . (۳) اذا اطلق الرجل کلمۃ الکفر عمداً لکنہ لم یعتقد الکفر قال بعض اصحابنا لا یکفر الخ وقال بعضھم یکفر وھو الصحیح عندی لا نہ استخف بدینہ والحاصل ان من تکلم بکلمۃ الکفر ھازلاً او لا عبا کفر عند الکل لا اعتبار با عتقادہ امور الا خلال بھا اخلال بالا یمان اتفاقاً کسجود صنم وقتل نبی والا ستخفاف بھا والمصحف الخ ( ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۳۹۳ ظفیر (ایضاً ج ۳ ص ۳۹۳ .ط.س. ج۴ص۲۲۴ ) . (۴) وکذا الاستھزاء علی الشریعۃ الغراء کفر لان ذلک من امارات تکذیب الا نبیاء (شرح فقہ اکبر ص ۱۸۶ ) اذا قال لوامرنی اللہ بکذالم افعل فقد کفر (عالمگیری مصری ج۲ ص ۲۵۸ ) ظفیر.

## میرا مذہب اسلام نہیں ہے اس کا قائل مرتد ہے

(سوال ۸۶) ایک شخص مسائل دینیہ سے واقف ہے اور نماز روزہ کا پابند لیکن جب سے اس اسکول کا مدرس اول ہوا اور مخالفین اسلام کی طرف سے یہ اعتراض ہوا کہ مسلمان اس رتبہ کا اب مستحق نہیں ہے اس لئے کہ تعداد ان کی پوری ہو چکی ہے جب اس نے دیکھا کہ یہ عہدہ مجھ سے جاتا ہے تو اس نے حکام بالا سے یہ درخواست کی کہ میں مسلمان کی تعداد میں نہیں ہوں میرا مذہب اسلام نہیں ہے، شرعاً اس کے لئے کیا حکم ہے۔

(الجواب) حالت مذکورہ ایسی حالت اضطرار و اکراہ نہیں ہے کہ جس کی وجہ سے کلمہ کفر کہنا اور خروج عن الاسلام کا اقرار کرنا درست ہو تاکہ وہ شخص الا من اکرہ وقلبه مطمئن بالایمان میں داخل ہو کر مسلمان رہے بلکہ شخص مذکور بمجرد کہنے اس کلمہ کے کہ میرا مذہب اسلام نہیں ہے کافر ہو گیا اس کو تجدید اسلام لازم ہے اور توبہ و استغفار ضروری ہے تاکہ وہ پھر اسلام میں داخل ہو اور جماعت مومنین میں داخل ہو۔(۱)

## غیر اللہ کو تعظیماً و عبادۃً سجدہ کرنا شرک ہے

(سوال ۸۷) زید غیر اللہ کیلئے سجدہ تعظیماً و عبادۃً دونوں کو حرام کہنے کے باوجود اول قسم کے سجدہ کو شرک نہیں جانتا لیکن عمر دونوں قسم کے سجدوں کو حرام اور شرک کہتا ہے کس کا قول صحیح ہے۔

(الجواب) غیر اللہ کے لئے سجدہ تعظیماً و عبادۃً کرنا حرام اور کفر ہے کیونکہ تعظیماً سجدہ کرنا بھی عبادۃً سجدہ کرنا ہے۔ اسی لئے در مختار میں سجدہ تعظیماً و عبادۃً دونوں کو کفر لکھا ہے اور اس میں اختلاف نہیں ہے یہ متفق علیہ کفر ہے۔ البتہ خلاف اس سجدہ میں ہے جو بطور سلام اور تحیہ کی ہو یعنی سلام کی جگہ سجدہ کیا جاوے، در مختار میں ہے وکذا تقبیل الارض بین یدی العلماء والعظماء فحرام والفاعل والراضی به آثمان لا نه یشبه عبادة الوثن وهل یکفران علی وجه العبادة والتعظیم کفر وان علی وجه التحیة لا وصار آثما ومرتکباً للکبیرة انتهی وفی الشامی(۲) وذکر الصدر الشهید انه لا یکفر بهذه السجود لانه یرید به التحیة وقال شمس الائمة السرخسی ان کان لغیر الله تعالیٰ علی وجه التعظیم کفر قال القهستانی وفی الظهیرة یکفر بالسجدة مطلقا الخ ج ۵ ص ۲۴۶ پس معلوم ہوا کہ اختلاف جو کچھ ہے وہ سجدہ تحیہ میں ہے اور سجدہ عبادت اور تعظیم باتفاق کفر ہے، پس درحقیقت یہ دو قسم نہیں ہیں کیونکہ سجدہ عبادۃ اور تعظیم کو فقہاء ایک ہی قسم شمار فرماتے ہیں اور اس کو کفر فرماتے ہیں لہٰذا اس میں قول عمر صحیح ہے البتہ سجدہ تحیہ میں اختلاف ہے کہ وہ کفر ہے یا نہیں اور حرام کبیرہ ہونے میں کچھ خلاف نہیں ہے۔

---

(۱) من شك فی ایمانه الخ فهو کافر و من اعتقد ان الایمان والکفر واحد فهو کافر و من لا یرضی من الا یمان فهو کافر و من یرضی بکفر نفسه فقد کفر (عالمگیری مصری ج۲ ص ۲۵۷ ط. ماجدیه ج۲ ص۲۵۷) ظفیر.
(۲) الدر المختار علی هامش ردالمحتار کتاب الحظر و الاباحة ج ۵ ص ۲۳۷ ط. س. ج۶ ص ۳۸۱. ظفیر
(۳) دیکھئے ردالمحتار کتاب الحظر والاباحة ج ۵ ص ۳۰۸ ط. س. ج۶ ص ۳۸۳. ظفیر.

## احادیث نبویہ کی توہین کفر ہے

(سوال ۸۸)(۱)احادیث نبوی کی توہین کرنا اور گالیاں دینا(۲)نمازیوں کو نماز پڑھنے کی بابت گالیاں دینا(۳)خود کو کہنا کہ میں راماشاہ جی کی امت میں ہوں۔

(الجواب)احادیث نبویہ کی توہین کرنا اور یہ کہنا کہ میں راماشاہ کی امت میں ہوں کفر ہے۔(۱)اور نمازیوں کو گالی دینا حرام اور فسق ہے۔(۲)

## سید اگر کہے کہ نماز روزہ میرے لئے معاف ہے تو مسلمان نہیں

(سوال ۸۹)اور جو سید جنگ نشہ وغیرہ پیوے اور یہ کہے کہ ہمیں نماز روزہ سب معاف ہے ایسا شخص مسلمان ہے یا نہیں۔

(الجواب)جو لوگ ایسا کہیں وہ مسلمان نہیں ہیں ایسے کلمات سے کفر ہو جاتا ہے،اللہ تعالیٰ محفوظ رکھے۔(۳)

## حق تعالیٰ کی شان میں گالی کفر ہے

(سوال ۹۰)میرے شوہر زید نے اس مجھے طلاق دے دی اور حق تعالیٰ شانہ کی شان پاک میں بہت ہی نازیبا الفاظ کہے یہاں تک کہ بیتی کی گالی دی وغیرہ وغیرہ،تو اس صورت میں شرعاً کیا حکم ہے۔

(الجواب)زید مذکور نے اگر واقعی حق تعالیٰ شانہ کی شان پاک میں ایسے الفاظ کہے جو سوال میں مذکور ہیں تو وہ کافر ہو گیا،(۴)اور اس نے اگر اپنی زوجہ کو طلاق بھی نہ دی ہو تب بھی اس کی زوجہ اس کے نکاح سے خارج ہو گئی اور نکاح فسخ ہو گیا کما فی الدر المختار وارتداد احدھما فسخ عاجل الخ۔(۵)پس اس صورت میں زید کو زوجہ کے ساتھ رہنا اور اس سے تعلق زوجیت کا رکھنا درست نہیں ہے۔

## آنحضرت ﷺ کی شان میں فحش کلمات کہنے والا مرتد ہے

(سوال ۹۱)ایک شخص آنحضرت ﷺ کی شان مبارک میں نہایت فحش کلمات کہتا ہے اور یہ بھی کہتا ہے کہ نعوذ باللہ من ذلک سور کا گوشت جناب کے دشمنوں نے کھایا ہے وغیرہ وغیرہ ایسے شخص کے بارہ میں کیا حکم ہے

(الجواب)وہ شخص مرتد ہو گیا اگر وہ تجدید اسلام اور توبہ نہ کرے تو اس سے مسلمان بالکل قطع تعلق اور متارکت کر دیں اگر حکومت اسلام ہوتی تو اس کو سخت سزا دی جاتی مگر اب سوائے قطع تعلق کے مسلمان کیا کر سکتے ہیں کیونکہ حدود و تعزیرات اسلامی حاکم اسلام ہی جاری کر سکتا ہے۔(۶)

---

(۱)من اهان الشريعة او المسائل التى لا بد منها كفر (شرح فقه اكبر ص ۲۶۵) ظفير.

(۲)سباب المسلم فسوق وقتاله كفر (مشكوة باب حفظ اللسان ص ).

(۳) من جحد فرضا مجمعا عليه كالصلوة والصوم والزكوة والغسل من الجنابة كفر (شرح فقه اكبر ص ۲۱۲) من قال لا اصلى جحودا او استخفافا او على انه لم يومر او ليس بواجب فلا شك انه كفر فى الكل (ايضا ص ۲۱۹) ظفير

(۴)والكافر بسب نبى من الانبياء فانه يقتل حدا ولا تقبل توبته مطلقا ولو سب الله تعالى قبلت لانه حق الله تعالى والاول حق عبد لا يزول بالتوبة (الدر المختار على هامش ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۴۰۰ .ط.س. ج۴ص ۲۳۱) ظفير

(۵)الدر المختار على هامش ردالمحتار باب نكاح الكافر ج ۲ ص ۵۳۹ .ط.س. ج۳ص۱۹۳ . ظفير

(۶)والكافر بسب نبى من الانبياء فانه يقتل حدا ولا تقبل توبته الخ ومن شك فى عذابه وكفره كفر وتمامه فى الدر (درمختار) اجمع المسلمون ان شاتمه كافر وحكمه القتل (ردالمحتار) باب المرتد (ج ۳ ص ۴۰۰ .ط.س. ج۴ص ۲۳۱) لا بد لا حد فى دار الحرب (الدر المختار على هامش ردالمحتار كتاب الحدود ج ۳ ص ۱۹۵ .ط.س. ج۴ص۵) ظفير

### کہاں کی حدیث و قرآن یہ کلمہ کفر ہے

(سوال ۹۲)ایک شخص نے بدعت کو منع کیا سننے والوں میں سے ایک نے کہا کہ میاں کہاں کی باتیں اور کہاں کی یہ حدیث و قرآن ایسا کہنے والے کے لئے کیا حکم ہے بینوا توجروا۔

(الجواب)ایسا کہنے والا گناہگار اور فاسق ہے اور اگر استخفافاً اس نے قرآن و حدیث کی نسبت ایسا کلمہ کہا تو یہ کفر ہے۔ (۱) پس اس شخص کو توبہ کرنی چاہئے۔ اور احتیاطاً تجدید اسلام و تجدید نکاح کرنی چاہئے جیسا کہ شامی میں اس کی تصریح فرمائی ہے۔(۲) فقط۔

### احد الزوجین کے ارتداد سے نکاح فسخ ہو جاتا ہے

(سوال ۹۳)اگر شوہر کلمہ کفر کہے اور وہ پایہ ثبوت کو پہنچ جائیں تو اس کی زوجہ مطلقہ بائنہ ہو گی یا نہیں، اور زوجہ بھی کلمہ کفر کہے اور یہ بھی پایۂ ثبوت کو پہنچ جائیں تو شرعاً اس کا کیا حکم ہے آیا نکاح فسخ ہو گا یا وہ خود مطلقہ بائنہ ہو گی۔

(الجواب)در مختار میں ہے وارتداد احد هما فسخ عاجل،(۳) پس معلوم ہوا کہ بصورت مرتد ہو جانے زوج یا زوجہ کے فوراً ان میں نکاح فسخ ہو جاتا ہے۔ فقط۔

### اپنے کو خدا، قیامت، جنت و دوزخ کا منکر کہنا کفر ہے......

(سوال ۹۴)جو مسلمان اپنے آپ کو خدا کہے نعوذ باللہ اور قیامت کو بے بنیاد سمجھیں، بہشت اور دوزخ اسی دنیا کو خیال کرے اور کفر و شرک کے کلمات کہے اور جھوٹی قسمیں کھائے ہم کو اس سے کیا سلوک کرنا چاہئے توبہ اس کی مقبول ہے تو کچھ کفارہ بھی ہو گا یا نہیں۔

(الجواب)وہ شخص مرتد اور کافر ہو گیا لیکن وہ اپنے خیالات باطلہ اور عقائد فاسدہ سے توبہ کرے اور تجدید اسلام کرے، تو توبہ اس کی مقبول ہے اور پھر وہ مسلمان ہو جاوے گا اور پھر اس کے ساتھ معاملہ اہل اسلام کا سا رکھنا چاہئے اور کچھ کفارہ اس کا نہیں ہے۔(۴) فقط۔

### غصہ میں کہا پیغمبر زادہ بھی آجائے تو بھی کام نہ کروں گا

(سوال ۹۵)زید نے حالت غصہ میں یہ کہا کہ اگر کوئی پیغمبر زادہ بھی آجاوے تو میں یہ کام نہ کروں گا مگر بنظر استخفاف شریعت نہیں کہا بلکہ بوجہ زائل ہونے عقل کے کہا پھر فوراً جب اثبات عقل ہوا استغفار کر لیا تو شرعاً شخص مذکور کو حکم ارتداد کا دیا جائے گا یا نہ۔

---

(۱)امور الا خلال بها اخلال بالا یمان کسجود صنم وقتل نبی والا ستخفاف به و بالمصحف الخ ( ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۳۹۲ ط.س. ج ٤ ص ۲۲۲ . ظفیر .

(۲)مایکون کفرا اتفاقا یبطل العمل والنکاح واولا ده اولاد زنا وما فیه خلاف یومر بالا ستغفار والتوبة وتجدید النکاح (در مختار) قوله التوبة ای تجدید الا سلام ( ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ٤١٤ ط.س. ج ٤ ص ۲٤٦ ) ظفیر

(۳) الدر المحتار علی هامش ردالمحتار باب نکاح الکافر ج ۳ ص ٥۳۹ ط.س. ج ٤ ص ۱۹۳ . ظفیر.

(٤)من انکر القیامة اوالجنة او النار اوالمیزان او الصراط او الصحائف المکتوبة فیها اعمال العباد یکفر (عالمگیری مصری ج ۲ ص ۲۷٤ ط.ماجدیه ج۲ ص ۲۷٤ من ارتد عرض الحاکم علیه الاسلام استحبابا(علی المذهب لبلوغه الدعوة وتکشف شبهته و یحبس وجوبا وقیل ندبا ثلثة ایام یعرض علیه الا سلام فی کل یوم ان استمهل الخ فان اسلم فیها والا قتل لحدیث من بدل دینه فاقتلوه (الدر المحتار علی هامش ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۳۹٤ ط.س. ج ٤ ص ۲۷٤ . ظفیر

(الجواب) قال في الدر المختار و شرائط صحتها العقل والصحو والطوع فلا تصح ردة مجنون ومعتوه وموسوس وصبي لا يعقل وسكران ومكره عليها الخ پس معلوم ہوا کہ اگر غضب ایسا تھا کہ زید اس میں مغلوب العقل اور مسلوب العقل ہوگیا مثل دیوانہ کے تو حکم ارتداد اس پر نہ کیا جاوے گا اور بہر حال توبہ و تجدید ایمان لازم ہیں۔ فقط۔

## اس وقت کافر بن کر بحث کرتا ہوں کلمہ ارتداد ہے

(سوال ۹۵) ہندو و مسلمان میں مسجد و دیول کے جھگڑے کا تصفیہ تحصیلدار کے اجلاس میں ہو رہا تھا زید نے بتائید ہندو و بلحاظ خیر خواہی اور مسجد کی بے حرمتی کی غرض سے یہ کہا کہ اس وقت میں کافر بن کر ہنود کی طرف سے بحث کرتا ہوں وغیرہ تو زید کے لئے کیا حکم ہے۔

(الجواب) اس صورت میں زید کافر و مرتد ہوگیا اور تمام عمل اس کے حبط ہوگئے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ومن يكفر بالايمان فقد حبط عمله وهو في الآخرة من الخاسرين۔(۱) پس زید پر تجدید ایمان و تجدید نکاح لازم ہے اور توبہ و استغفار لازم ہے تاکہ از سر نو مسلمان ہو جاوے اور احکام اسلام اس پر جاری ہوں۔ فقط۔

## بیوی جب عیسائی بن گئی تو نکاح باقی نہیں رہا

(سوال ۹۶) میاں بیوی میں تکرار ہوا بیوی عیسائی ہوگئی نکاح باقی رہا یا نہیں۔

## (۲) دوبارہ جب اسلام لے آئی تو شوہر اول کو ملے گی

اگر بیوی پھر مسلمان ہوگئی تو شوہر اول کا کچھ حق باقی رہا یا نہیں۔

(الجواب) اس صورت میں نکاح باقی نہیں رہا۔(۲)

(۲) پھر مسلمان ہونے پر وہ عورت شوہر اول ہی کو دی جائے گی یعنی اس عورت کو مجبور کیا جاوے کہ شوہر اول سے نکاح کرے۔ درمختار اور شامی میں یہ مسئلہ لکھا ہے۔(۳) فقط

## اولاد کو کافر کہنے سے نکاح نہیں ٹوٹتا

(سوال ۹۷) ایک عورت نے اپنی صغیر السن اولاد کو کافر کہا زوج نے اس سے کلام و حقوق زوجیت ترک کر دیا، بدیں غرض کہ مبادا میری زوجہ میرے نکاح سے خارج ہوگئی ہو یہ خیال صحیح ہے یا کیا حکم ہے۔

(الجواب) حدیث شریف میں ہے من قال لا خيه كافر فقد باء به احد هما او كما قال صلى الله عليه وسلم(۴) اور یہ بھی حدیث شریف میں وارد ہے کہ اگر کوئی شخص کسی دوسرے شخص کو کافر کہے، اور وہ کافر نہیں ہے تو وہ کفر کہنے والے کی طرف لوٹتا ہے، الحدیث، اسی حدیث کے معنی یہ بیان کئے گئے ہیں کہ گناہ کافر کہنے کا اس پر عود کرتا ہے وفیہ اختر، اس صورت میں وہ عورت فاسقہ ہوئی اور نکاح نہیں ٹوٹا، پس وہ شخص بدستور سابق اپنی

---

(۱) المائدہ ۵

(۲) وارتداد احدهما فسخ عاجل (الدر المختار على هامش ردالمحتار باب نكاح الكافر ج ۲ ص ۵۳۹ ط.س. ج۳ص۱۹۳) ظفير. (۳) ولا شئ لوارتدت الخ تجبر على الا سلام وعلى تجديد النكاح زجرا بمهر يسير كدينار وعليه الفتوى (ايضا ج ۳ ص ۵۳۰ ط.س. ج۳ص۱۹٤) ظفير.

(٤) مشكوة شريف باب حفظ اللسان ص ٤۱۱ ظفير.

زوجہ کو رکھے اور احتیاطاً تجدید نکاح کر لیوے تو اچھا ہے جیسا کہ ظاہر حدیث کا مقتضی ہے۔ فقط۔

## خدا کو نہیں مانتا کلمہ کفر ہے

(سوال ۹۸) زید نے بمواجہ تین آدمیوں کے اپنے خسر کے اس کہنے پر کہ تو نہ کبھی نماز پڑھتا ہے نہ روزہ رکھتا ہے۔ (تجھ سے بولنے کو ہمارا دل نہیں چاہتا۔) یہ کہا کہ میں خدا کو نہیں مانتا، میں تو عیسیٰ مسیح کو مانتا ہوں، والعیاذ باللہ تعالیٰ، اس کلمہ کے کہنے سے زید مرتد ہو گیا یا نہ اور اس کی عورت اس کے نکاح سے خارج ہو گئی اور اس پر عدت طلاق واجب ہو گی یا عدت وفات۔

(الجواب) صرف اس لفظ کے کہنے سے کہ میں خدا کو نہیں مانتا ہوں شخص مذکور کافر اور مرتد ہو گیا اور اس کی زوجہ اس کے نکاح سے خارج ہو گئی اور عدت طلاق اس پر لازم ہوئی۔ در مختار میں ہے وارتداد احدهما فسخ عاجل۔ (۱) الخ وایضا فی باب العدة وهی فی حق حرة الخ املاق او فسخ بجمیع اسبابه الخ ثلثة حیض کوامل الخ۔ (۲) فقط۔

---

(۱) الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب نکاح الکافر ج۲ ص ۵۳۹. ط.س. ج۳ص ۱۹۳ . ظفیر.
(۲) ایضاً باب العدة ج ۱ ص ۸۲۵ و ج۲ ص ۸۲۶. ط.س. ج۳ص ۵۰٤. ظفیر.

## مجھے خدا کی ضرورت نہیں کلمہ ارتداد ہے

(سوال ۹۹) ایک واعظ نے ایک عورت زانیہ کو نصیحت کی کہ وہ زنا چھوڑ دے۔ اس پر عورت نے جواب دیا کہ مجھے خدا کی ضرورت نہیں ہے۔ نہ خدا کی جنت کی، شرعاً اس عورت کا نکاح ٹوٹ گیا یا نہیں۔

(الجواب) اس عورت پر حکم کفر وارتداد کا لاحق ہو گیا۔(۱) اور نکاح اس کا فسخ ہو گیا اس کو توبہ کرا کر اور تجدید اسلام کرا کر پھر نکاح کیا جاوے۔(۲) فقط۔

## میں کافر ہو گیا کلمہ کفر ہے

(سوال ۱۰۰) زید اور عمر میں عداوت چلی آتی ہے، زید نے اس بات کا عہد کیا کہ اگر عمر اپنی لڑکی کی شادی زید کے لڑکے سے کر دیوے تو زید اس بات کا حلف اٹھائے گا کہ وہ کبھی عمر کی لڑکی سے عداوت نہ نکالے گا، نہ تکلیف دے گا چنانچہ زید نے قرآن شریف اٹھا کر قسم کھالی اور زید کے لڑکے سے عمر کی دختر کا عقد ہو گیا، زید عقد کے بعد جھگڑا فساد کرنے اور لڑکی کو غیر معمولی تکالیف پہنچانے لگا عمر نے اپنی ٹوپی زید کے قدموں پر رکھ دی اور معافی کا خواستگار ہوا، زید نے دو مرتبہ یہ کلمہ کہا کہ اگر خداوند کریم آسمان پر سے اتر آوے اور مجھ کو کہے تب بھی میں معاف نہ کروں گا، عمر نے کہا کہ یہ کلمات کفر کیوں زبان سے نکالتے ہو تب زید نے کہا کہ میں کافر ہو گیا اور یہ بھی کہا کہ اگر عمر کے گھر کی طرف قبلہ ہو جاوے تو میں سجدہ نہ کروں اس صورت میں زید کے لئے کیا حکم ہے، زوجین میں علیٰحدگی ہو سکتی ہے یا نہیں۔

(الجواب) زید نے جو کلمات کفر کہے اس سے اس کا کافر ہونا و مرتد ہونا ثابت ہوا۔(۳) اس کو تجدید اسلام اور تجدید نکاح کی ضرورت ہے اور اس کا لڑکا چونکہ اپنی زوجہ کو نان و نفقہ دیتا ہے اور نہ طلاق دیتا ہے اس لئے بموجب حکم بعض ائمہ قاضی شرعی اس کی زوجہ کو اس سے علیٰحدہ کرنے کا حکم کر دے اور فسخ نکاح کر کے دوسرے نکاح کی اجازت دے دے یہ کام کسی ریاست اسلامیہ میں جا کر ہو سکتا ہے وہاں کا قاضی تفریق کرا دیوے۔ فقط۔

## کلام اللہ کو کلام انسانی اور دوسرے کلمات کفریہ سے مرتد ہو گیا

(سوال ۱۰۱) زید مسلمان افعال کفر و شرک کا مرتکب ہے کچھ دنوں پیشتر مسلمانوں سے بحث و تکرار کرتا ہوا کلام اللہ کو کلام انسانی قرار دے کر قرآن پاک کو جلا کر خاک سیاہ کر دیا، اور احادیث صحیحہ کو بوسیدہ کاغذوں کی طرح چاک کر کے پھینک دیا۔

(۲) وہ یہ کہتا ہے کہ لحم خنزیر اور لحم بز میں کچھ فرق نہیں ہے، اسی طرح اپنی مادر حقیقی اور اپنی عورت میں تمیز نہیں ہے، مشرکوں کے دیوتاؤں کو نذر چڑھاتا ہے اور مشرکین کا ذبیحہ کھاتا ہے۔

(۳) رام اور رحمٰن دونوں کو ایک کہتا ہے۔

---

(۱) لا یکفر احد من اهل القبلة الا فیه نفی الصانع القادر العلیم او شرك او انكار للنبوة (شرح فقه اکبر ص ۱۹۹) ظفیر
(۲) وارتداد احد هما ص الزوجین فسخ عاجل (الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب نکاح الکافر ج ۲ ص ۵۳۹ ط.س. ج۳ ص۱۹۳) ظفیر (۳) اذا اطلق الرجل کلمة الکفر عمداً لکنه لا یعتقد الکفر الخ قال بعضهم یکفر وهو الصحیح عندی لا نه استخف بدینه اه (ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۳۹۳ ط.س ج ٤ ص ۲۲٤) ظفیر

(۳) مسلمانوں کو یہ تلقین کرتا ہے کہ نماز ایک فعل عبث ہے، ایسا شخص مسلمان ہے یا کافر اگر وہ مر جائے تو اس کے جنازہ کی نماز پڑھنا اور مسلمانوں کے قبرستان میں دفن کرنا جائز ہے یا نہیں، زید اب تک زنا میں مشغول تھا اب زانیہ سے نکاح پسند کرتا ہے شرعاً کیا حکم ہے۔

(الجواب) ایسے عقائد رکھنے والا شخص کافر و مرتد ہے۔(۱) اگر وہ تائب و اسلام لا کر نہ مرے تو اس کے جنازہ کی نماز نہ پڑھی جاوے۔ اور مسلمانوں کے قبرستان میں اس کو دفن نہ کیا جائے، اگر وہ شخص پھر اسلام میں داخل ہونا چاہے اور گزرے ہوئے عقائد و افعال سے توبہ کرے تو اس کو مسلمان کر لیا جاوے۔

(۴) نکاح اس کا اس زانیہ سے فوراً کر دیا جاوے۔

## مرتد ہونے کے بعد پھر مسلمان ہونا

(سوال ۱۰۲) اگر کوئی مسلمان مرتد ہو جائے اور پھر اسلام لانا چاہے تو اس کے متعلق کیا حکم ہے۔

(الجواب) جس وقت وہ پھر مسلمان ہونا چاہے اس کو مسلمان کر لیا جاوے اسلام میں کچھ تنگی نہیں ہے اور اللہ کی رحمت وسیع ہے اس کی شان یہ ہے کہ ؎

باز آ باز آ از آنچہ ہستی باز آ　　گر ملحد و گبر و بت پرستی باز آ
ایں درگہ مادر گہ نومیدی نیست　　صدر بار اگر توبہ شکستی باز آ

## حضرت ابوبکرؓ کی صحابیت کا منکر کافر ہے

(سوال ۱۰۳) ایک عالم کہتا ہے کہ جو شخص حضرت ابوبکر صدیقؓ کی خلافت و صحابیت کا منکر ہو اور مستحق لعنت و تبراء ہو، وہ اسلام سے خارج ہے کسی بھی قسم کا برتاؤ اس کے ساتھ نہ کرنا چاہئے، دوسرا شخص کہتا ہے کہ ایسے شیعہ کے ساتھ برتاؤ درست ہے وہ کلمہ پڑھتے ہیں لہذا خارج اسلام نہیں ہو سکتا اس بارہ میں کس کا قول صحیح ہے۔

(الجواب) اس بارہ میں عالم کا قول صحیح ہے، اور دوسرا شخص جو کچھ کہتا ہے وہ اصول اسلام سے ناواقفیت پر مبنی ہے اس کو چاہئے کہ اس سے توبہ کرے۔(۲)

## میرا ایمان میری جوتی کے نیچے یہ کلمہ کفر ہے

(سوال ۱۰۴) ایک شخص لکھا پڑھا وکیل باوجود واقفیت کے ایسے کلمات قبیحہ مجمع کثیر میں اپنی زبان سے نکالے کہ میرا ایمان میری جوتی کے نیچے ہے تو شرعاً اس کے لئے کیا حکم ہے۔

---

(۱) اذا اطلق الرجل كلمة الكفر لكنه لا يعتقد الكفر الخ قال بعضهم يكفر وهو الصحيح عندى لا نه استخف بدينه (ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۳۹۳. ط.س. ج۴ ص ۲۲۴) ظفير.
(۲) نعم لا شك فى تكفير من قذف السيدة عائشه رضى الله تعالى عنها او انكر صحبة الصديق الخ (ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۴۰۶. ط.س. ج۴ ص ۲۳۷) ظفير

(الجواب) یہ کلمہ کفر کا ہے وہ شخص جس نے یہ کلمہ کہا کافر ہو گیا۔(۱) اور اس کی زوجہ اس کے نکاح سے خارج ہو گئی جیسا کہ درمختار میں ہے، و ارتداد احد هما فسخ عاجل ،(۲) پس اس شخص کو توبہ کرنا اور تجدید ایمان اور تجدید نکاح کرنا لازم ہے۔ فقط۔

## قادیانی کافر ہیں روافض میں تفصیل ہے

(سوال ۱۰۵) ایک مولوی صاحب نے بروز جمعہ یہ فتویٰ بیان فرمایا کہ شرعاً جملہ افراد اہل شیعہ واحمدی کافر ہیں، اور جو شخص ان کے ساتھ خورد و نوش کرے گا یا ان کے ساتھ کسی تقریب میں شامل ہوگا کافر متصور ہوگا اور پھر اس کی ساتھ برتاؤ کرنے والا بھی کافر ہوگا علی ہذا القیاس سلسلہ کفر جاری رہے گا، اور جملہ عورات کا نکاح ناجائز اور فسخ شدہ ہے جو لڑکیاں اہل سنت و جماعت کی کسی شیعہ یا احمدی کے ساتھ بیاہی ہوئی ہیں ان کی اولاد ولد الحرام ہیں اور وہ زنا کرا رہی ہیں، کیا جملہ افراد اہل شیعہ کافر ہیں۔(۲) کیا جملہ افراد احمدی جماعت کے کافر ہیں، ہم حنفی ہیں اور جس فرقہ احمدیہ کا ہم سے تعلق ہے وہ کسی مسلمان کو کافر نہیں کہتے (۳) کیا جملہ عورات کا نکاح ناجائز اور فسخ شدہ ہیں جو اہل سنت والجماعت کی لڑکیاں ہیں اور کسی شیعہ یا احمدی سے بیاہی ہوئی ہیں اور وہ اس طرح زنا کرا رہی ہیں (۴) کیا کسی معزز شیعہ یا احمدی اہل برادری کی تعظیم کرنا کفر ہے اور پھر جو اس کے ساتھ برتاؤ کرے گا یا اس کی کسی تقریب میں شریک ہوگا وہ بھی کافر ہوگا یا گناہگار۔

(الجواب) مرزا غلام احمد قادیانی اور اس کے متبعین سب باتفاق علمائے اہل حق کافر و مرتد ہیں ان سے کسی قسم کا اتحاد وارتباط رکھنا اور بیاہ شادی کرنا سب حرام ہے۔(۳) اور روافض میں یہ تفصیل ہے کہ جو فرقہ ان کا قطعیات کا منکر ہے اور سب شیخین کرتا ہے اور حضرت عائشہ صدیقہؓ پر تہمت لگاتا ہے یعنی افک کا معتقد ہے، اور صحابہ کی تکفیر کرتا ہے وہ بھی کافر و مرتد ہے(۴) ان سے مناکحت و مجالست حرام ہے اور واضح ہو کہ روافض تبرا کم ہی ہوتے ہیں اگرچہ بوجہ تقیہ کے جو ان کے نزدیک دینی فعل ہے اپنے آپ کو چھپاتے ہیں اور اپنے عقائد باطلہ مخفی رکھتے ہیں لہذا ان کے قول و فعل کا اعتبار نہ کیا جاوے بلکہ ان کے اصول مذہب، کو دیکھا جاوے پس بعد اس تمہید کے آپ خود اپنے سوالات کا جواب سمجھ سکتے ہیں۔

(۱) اکثر افراد شیعہ ایسے ہیں کہ ان کے کفر پر فتویٰ ہے اور اصول مذہب کے اعتبار سے ان کے کفر میں کچھ تردد نہیں لہذا ان کے ذبیحہ میں اور ان سے رشتہ مناکحت قائم کرنے میں احتیاط کی جاوے اور احتراز کیا جاوے۔

(۲) قطعاً کافر و مرتد ہیں اور یہ غلط ہے کہ وہ مسلمان کو کافر نہیں کہتے ان کی کتب مذہب کو دیکھو کہ ان کا عقیدہ یہ ہے کہ جو کوئی مرزا کو نبی نہ مانے وہ کافر ہے اور جو اس کو کافر نہ سمجھے وہ بھی کافر ہے۔

(۳) یہ صحیح ہے وہ نکاح نہیں ہوا اور اس حالت میں صحبت و جماع کرنا زنا ہے۔

(۴) یہ حکم عام نہیں ہے مگر معصیت اور فسق ہونے میں اس کے کلام نہیں ہے اور حدیث شریف میں ہے من

(۱) و کذا مخالفة او انكار ما اجمع عليه بعد العلم به لان ذلك دليل على ان التصديق مفقود، (ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۳۹۲ ط.س. ج ٤ ص ۲۲۲) ظفیر

(۲) الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب نكاح الكافر ج ۲ ص ۵۳۹ ط.س. ج۳ ص ۱۹۳) ظفیر

(۳) ودعوى النبوة بعد نبينا صلى الله عليه وسلم كفر بالاجماع (شرح فقه اكبر ص ۲۰۲).

(۴) وبهذا ظهر ان الرافضي ان كان ممن يعتقد الالوهية في علي او ان جبرئيل غلط في الوحي او كان ينكر صحبة الصديق او يقذف السيدة الصديقة فهو كافر لمخالفة القواطع المعلومة من الدين بالضرورة (ردالمحتار باب المحرمات ج ۲ ص ۳۹۸ ط.س. ج۳ ص ٤٦) ظفیر

وقر صاحب بدعة فقد اعان علی هدم الا سلام۔(۱) پس جب کہ مبتدع کی تعظیم وتوقیر کرنا گویا اسلام کو منہدم کرنا ہے تو ایسے گمراہ کافرو مرتد فرقوں کی تعظیم وتوقیر کس درجہ معصیت ہوگی۔ فقط۔

## کلمہ کفر کا اعلان ہو چکا تو تجدید کا بھی اعلان کرے

(سوال ۱۰۵) اگر کسی کلمہ سے کفر لازم آجاوے بجائے خود تو کیا استیناف ایمان علی رؤس الاشہاد ضروری ہے۔

(۲) اور استیناف ایمان سے حسنات حاصلہ عود کر آتی ہیں یا نہیں۔

(۳) تجدید ایمان کا رکن کیا چیز ہے۔

(الجواب) اگر کلمہ کفر کا اعلان ہو چکا ہے تو تجدید میں اعلان کرنا چاہئے اور اگر کلمہ کفر زبان سے نکل گیا اور کسی کو اس کی خبر بھی نہیں ہے تو تجدید ایمان میں اعلان کی ضرورت نہیں ہے۔

(۲) مسئلہ یہ ہے الساقط لا یعود و فیه اختلاف منقول فی الشامی فلیر اجع (۲)

(۳) جو رکن ایمان کا ہے وہی تجدید ایمان کا رکن ہے۔

## حق تعالیٰ کی شان میں گالی دینے والا کافر ومرتد ہے

(سوال ۱۰۶) میرے شوہر زید نے مجھے طلاق دے دی اور حق تعالیٰ شانہ کی شان پاک میں بہت سی نازیبا الفاظ کہے یہاں تک کہ بیٹی کی گالی وغیرہ وغیرہ تو اس صورت میں شرعاً کیا حکم ہے۔

(الجواب) زید مذکور نے واقعی حق شانہ کی شان پاک میں ایسے الفاظ کہے ہیں جو سوال میں ہیں تو وہ کافر ہو گیا (۳) اور اس نے اگر اپنی زوجہ کو طلاق بھی نہ دی ہو تب بھی اس کی زوجہ اس کی نکاح سے خارج ہو گئی اور نکاح فسخ ہو گیا کما فی الدر المختار وارتداد احدهما فسخ عاجل الخ۔(۴) پس اس صورت میں زید کی زوجہ کو زید کے ساتھ رہنا اور اس سے تعلق زوجیت کا رکھنا درست نہیں ہے۔ فقط۔

## تعظیماً سجدہ غیر اللہ کو ناجائز ہے

(سوال ۱۰۶) جناب نے غیر اللہ کو تعظیماً سجدہ کرنے کے متعلق جو تحریر فرمایا ہے وہ نہایت تشفی بخش ہے لیکن یہ امر ابھی تک دریافت طلب باقی ہے کہ اگر ایک شخص خود غیر اللہ کو تعظیماً سجدہ نہیں کرتا بلکہ تعظیماً سجدہ کرنے کو حرام جانتے ہوئے کہتا ہے کہ چونکہ بجز خبر واحد لو امرت احد اان یسجد لا حد لا مرت المرأة ان تسجد لزوجها کے اور دلیل سے سجدہ تعظیمی جو شرائع سابقہ میں کیا گیا تھا اس کا منسوخ ہونا معلوم نہیں، اور اس حدیث سے بھی بحیثیت خبر واحد ہونے کے ناسخ کتاب ہونے میں شبہ باقی رہتا ہے، لہذا بہت سے اس حدیث سے نیز آیت قرآنی لا تسجدو للشمس الآیة سے درصورت وحدة حکم اگر ثابت ہو سکتا ہے تو صرف یہ کہ سجدہ غیر اللہ

---

(۱) مشکوۃ باب الاعتصام بالکتاب والسنة ص ۳۱۔

(۲) واسلامه (ای المرتد) ان یتبرا عن الا دیان سوی الا سلام او عما انتقل الیه بعد نطقه بالشهاد تین ولو اتی بهما علی وجه العادة لم ینفعه ما لم یتبرأ (در مختار) انما هو شرط لا جراء احکام الدنیا علیه ( ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۳۹۵ ط۔س ج ۴ ص ۲۲۶) ظفیر۔

(۳) ومن وصف الله تعالیٰ بما لایلیق به او سخر باسم من اسمائه الخ یکفر (شرح فقه اکبر ص ۱۸۷) ظفیر۔

(۴) الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب نکاح الکافر ج ۲ ص ۵۳۹ ط۔س ج ۳ ص ۱۹۳) ظفیر۔

کو کرنا حرام ہے کفر ثابت نہیں ہوتا اور اگر تسلیم کیا جائے کہ سجدہ تعظیما کرنا کفر ہے تو اس کفر کا انکار جو نص قطعی سے ثابت ہے کفر ہوگا یا نہیں اور اس قسم کے منکر کے پیچھے نماز جائز ہے یا نہیں۔

(جواب) کسی حکم قرآنی کے منسوخ ہونے کے معنی جس وقت ذہن نشین ہو جاویں گے اس وقت خود بخود سمجھ میں آجاوے گا کہ حدیث سے حکم قرآنی منسوخ ہو سکتا ہے، سو واضح ہو کہ منسوخ کے معنی یہ ہیں کہ وہ حکم فلاں وقت تک یا فلاں زمانہ میں تھا اور چونکہ رسول اللہ ﷺ قرآن کے معنی بیان فرمانے والے ہیں اور آپ کا بیان کسی حکم کے متعلق واجب العمل ہے جیسا کہ خود قرآن شریف میں ارشاد ہے لتبین للناس ما نزّل الیهم (ترجمہ) تاکہ آپ بیان فرمادیں لوگوں کیلئے معنی قرآن منزل کے پس جب آپ کسی حکم قرآن کے متعلق یہ بیان فرمادیں کہ حکم مذکور فلاں زمانہ میں تھا اور پہلی امتوں کے لئے تھا اب وہ حکم نہیں ہے تو یہ امر نص قرآنی سے ثابت ہے کہ آپ کا یہ بیان واجب العمل ہے لہذا حدیث ناسخ قرآن ہو سکتا ہے خود قرآن شریف سے ثابت ہے اور خبر واحد ہونا اس کو مضر نہیں ہے جب کہ وہ صحیح حدیث ہو کیونکہ خبر واحد ہونا ہمارے اعتبار سے ہے ورنہ جن لوگوں نے آنحضرت ﷺ سے کوئی حکم سنا وہ نقل قرآن کے حکم کی واجب العمل ہیں۔ فقط۔

## زید نے بودھ مذہب پر ہونے کا اعلان کر دیا تو مرتد و کافر ہو گیا

(سوال ۱۰۷) زید مسلمان نے اعلانیہ بودھ مذہب اختیار کر لیا اور خود مندر کا ایک رکن ہے میونسپلٹی اور گورنر کے کونسل کے رائے دہندگان کی دو فہرستیں ہیں مسلمین کی جدا اور کفار کی جدا، زید کا نام کفار کی فہرست میں ہے اپنے بیرونی دروازہ پر بودھ کی تصویر بنوائی ہے۔ مگر بایں ہمہ ہر سال گیارہویں شریف اور اس میں مسلمانوں کی دعوت بھی کرتا ہے تو زید مسلمان ہے یا مرتد اور اس کی دعوت میں جانا اور کھانا اس کا حصہ یا روپیہ پیسہ لینا جائز ہے یا نہیں۔

(الجواب) جب کہ زید نے اعلانیہ اپنے کو بودھ مذہب پر ہونے کا اعلان کر دیا اور اپنے دروازہ پر بودھ کی تصویر بھی قائم کی اور اس کے بعد اس مذہب سے توبہ کا اعلان نہیں کیا اور اپنے مسلمان ہونے کا اظہار نہیں کیا تو وہ کافر و مرتد ہے۔(۱) اس کی کسی دعوت وغیرہ میں مسلمانوں کو شریک ہونا جائز نہیں ہے اور روپیہ پیسہ اس سے لینا درست نہیں ہے اور اس کے گھر کسی جلسہ میں وعظ و مولود شریف میں شریک ہونا جائز نہیں ہے۔ فقط۔

## تماشہ کرنے والا کہے میں خدا ہوں تو مرتد و کافر ہے

(سوال ۱۰۷) تماشہ کرنے والا تماشہ کے وقت اپنے آپ کو نعوذباللہ خدا کہتا ہے اور دوسروں کو سجدہ کرنے کو کہتا ہے کیا وہ مسلمان ہے اور ایسا تماشہ دیکھنے والے اور شرکت و امداد کرنے والوں کے لئے کیا حکم ہے۔

(۲) بعض لوگ کہتے ہیں کہ چونکہ اس تماشہ کے اندر عبرت دکھائی جاتی ہے اور ناحق کو شکست اور حق کو فتح اس کا نتیجہ ہوتا ہے اس کے لئے کیا حکم ہے۔

---

(۱) ومن لا یرضی من الایمان فهو کافر و من یرضی بکفر نفسه فقد کفر (عالمگیری مصری موجبات الکفر ج ۲ ص ۲۵۷ ط.س. ج۲ ص۲۵۷). المرتد هو شرعا الراجع عن دین الاسلام و رکنها اجراء کلمة الکفر علی اللسان بعد الایمان (الدر المختار علی هامش رد المحتار باب المرتد ج۳ ص ۳۹۱ ط.س. ج۴ ص۲۲۱) ظفیر

(الجواب) یہ کفر ارتداد صریح ہے اس میں کسی تاویل کی گنجائش نہیں ہے۔(۱) قال اللّٰه تعالیٰ ومن یقل منهم انی اله من دونه فذالك نجزیه جهنم كذالك نجزی الظلمین۔(۲)

(۳) یہ قول غلط اور تاویل باطل ہے۔(۳) فقط۔

## قرآن مجید کی توہین کفر ہے

(سوال ۱۰۸) زید نے بکر کو کسی دنیوی معاملات میں فیصلہ کے لئے کہا قرآن قسم کی طور پر اٹھا، تو میں فیصلہ منظور کرلوں گا لیکن بکر نے باہمی تنازعات میں کہا کہ میرا توذکر بھی نہیں اٹھاتا۔ بکر دوسری جگہ ایسے بےادبانہ الفاظ سے توبہ کرتا ہے، اب بکر پر کیا تعزیر شرعی عائد ہوتی ہے۔

(الجواب) بکر ان الفاظ سے مرتد اور کافر ہوگیا،(۴) اگر اس نے توبہ اور تجدید ایمان کرلیا ہے تو پھر وہ مسلمان ہوگیا اب بعد اسلام لانے کے اس پر کچھ حد اور تعزیر نہیں ہے اور نکاح اس کا فسخ ہوگیا تھا اس کو پھر نکاح کرنا چاہئے۔ در مختار،(۵) شامی۔

## اللہ ورسول کی شان میں گستاخی کفر ہے

(سوال ۱۰۹) اگر کوئی عورت اپنے خاوند پر مشتعل ہوکر خدائے تعالیٰ اور رسول اللہ ﷺ کی شان مبارک میں الفاظ اہانت کے کہے تو ایسی عورت اسلام سے خارج ہوگی یا نہیں۔

(الجواب) عورت مذکورہ کو توبہ کرنا چاہئے، توبہ کے بعد تجدید نکاح بھی ضروری ہے

## شریعت کے حکم کو نہیں ماننا یہ کلمہ کفر ہے

(سوال ۱۱۰) مسمی فرمان علی اور مہدی خان نے عام طور پر مجلس میں یہ کہا کہ ہم شرع شریف کے حکم کو نہیں مانتے ایسے شخص کے لئے کیا حکم ہے، اس کی جنازہ کے نماز پڑھنا اور اس سے تعلقات رکھنا کیسا ہے۔

(الجواب) اس میں شک نہیں کہ یہ کلمہ کفر ہے۔(۶) اور ایسا شخص اس لائق نہیں کہ مسلمانوں کی صف میں اس کو جگہ دی جائے ایک مسلمان کے لئے اس سے بڑھ کر اور کیا جرم ہو سکتا ہے کہ شریعت اسلامی کے متعلق ایسے توہین آمیز الفاظ کہے حقیقت میں ایسی ہی بے باکی دائمی ضلالت اور ابدی ہلاکت کا باعث ہو جاتی ہے اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو صراط مستقیم پر قائم رکھے چونکہ صورت مسئولہ میں کلمہ مذکور مجمل ہے اس لئے ایسا کلمہ کہنے والا کے

---

(۱) لا يكفر احد من اهل القبلة الا فيما فيه نفى الصانع القادر العليم او شرك او انكار النبوة (شرح فقه اكبر ج ص ۱۹۹) من هزل بلفظ كفر ا رتدوان لم يعتقده للاستخفاف (الدر المختار على هامش ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۳۹٤ ط.س. ج٤ ص ۲۲۲) ظفير. (۲) سورة الانبياء. (۳) وفى البحر عن الجامع الاصغر اذا اطلق الرجل كلمة الكفر عمدا لكنه لم يعتقد الكفر قال بعض اصحابنا لا يكفر لان الكفر يتعلق بالضمير و لم يعتقد الضمير على الكفر وقال بعضهم يكفر وهو الصحيح عندى لا نه استخف بدينه اه ثم قال فى البحر والحاصل ان من تكلم بكلمة الكفر هازلا او لاعبا كفر عند الكل ولا اعتبار لا عتقاده كما صرح به الخانية (ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۳۹۳ ط.س. ج٤ ص ۲۲٤) ظفير

(٤) قال فى المسايرة وبالجملة فقد ضم الى التصديق بالقلب او بالقلب واللسان فى تحقق الايمان امور الاخلال بها اخلال بالايمان كسجود لصنم وقتل نبى والاستخفاف به وبالمصحف الخ (ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۳۹۲ ط.س. ج٤ ص ۲۲۲) ظفير

(۵) من وصف الله تعالى بما لا يليق به او سخر باسم من اسمائه الخ يكفر (شرح فقه اكبر ص ۱۸۷)

(٦) من اهان الشريعة او المسائل التى لابد منها كفر (شرح فقه اكبر ص ۳۱۵) ظفير.

کفر میں احتیاط کی ضرورت ہے، کسی مسلمان کے قول میں جب تک بھی کوئی قابل قبول تاویل ممکن ہو سکتی ہو تو اس کو کافر بنانے سے ہمیں احتراز ہی کرنا چاہئے کہ ایمان و کفر کا معاملہ بہت ہی نازک ہے، بحر الرائق میں خلاصہ سے نقل کیا ہے اذا کان فی المسئلة وجوہ توجب التکفیر ووجه واحد یمنع التکفیر فعلی المفتی ان یمیل الی الوجه الذی یمنع التکفیر تحسینا للظن بالمسلم ۔ (۱) وفی الفتاوی الصغری الکفر شئ عظیم فلا اجعل المومن کافرا حتی وجدت روایة انه لا یکفر انتهی (۲) اور فتاویٰ قاضی خان میں ہے رجل قال لغیرہ صل المکتوبة فقال لا اصلیها الیوم اختلفوا فیه ذکر النا طفی عن محمد انه قال قول الرجل لا اصلی یحتمل وجوها اربعة احدها لا اصلی فقد صلیتها والثانی لا اصلی بقولك ففی هذه الوجوه لا یکفر والرابع لا اصلی ولیس تجب علی الصلوٰة ولم او مربها یعنی جحودها یصیر کافرا قال الناطفی فعلی هذا اذا اطلق وقال لا اصلی لا یکفر لان هذا اللفظ محمل انتهی، قول (۳) وکذا هذا وفی الدر المختار لا یفتی بکفر مسلم امکن حمل کلامه علی محمل حسن (۴) پر شامی میں اس قول کے تحت میں ہے ثم ان مقتضی کلامهم ایضالا یکفر بشتم دین مسلم ای لا یحکم بکفرہ لامکان التاویل الخ ۔ (۵) غرض یہ کہ اسی طرح کی بہت سی عبارتیں ہیں جو احتیاط پر مجبور کرتی ہیں لہذا صورت مسئولہ میں ایسے شخص کا جنازہ پڑھنا جائز ہے البتہ جب تک یہ شخص اپنے کرتوت سے تائب نہ ہو اس سے کسی طرح کا بھی تعلق نہ رکھنا چاہئے جو ایسی حالت میں اس سے تعلق رکھیں گے وہ گنہگار ہوں گے۔ ڈر ہے کہ ان کا شمار بھی اسی کے ساتھ نہ ہو جائے اور نہ کسی مسلمہ کا اس کے ساتھ ایسی حالت میں نکاح کیا جائے، نکاح کے معاملہ میں بہت ہی احتیاط کی ضرورت ہے۔ فقط۔

## احد الزوجین کے ارتداد سے نکاح ٹوٹ جاتا ہے

(سوال ۱۱۱) اگر وہ لڑکی جس نے مذہب قادیانی اختیار کر کے اپنا نکاح کسی احمدی سے کر لیا ہے اگر پھر مسلمان کر لی جائے تو اس کا نکاح بھی ٹوٹ جاوے گا یا نہیں۔

## (۲) احمدی میاں بیوی ایک ساتھ مسلمان ہوئے تو نکاح باقی رہے گا

(سوال ۱۱۲) اگر دونوں اشخاص ساتھ ہی احمدی سے مسلمان ہو جائیں تو ان کے نکاح کے متعلق کیا حکم ہے۔

(الجواب) اس صورت میں اس کا نکاح قادیانی شخص سے ٹوٹ جائے گا کیونکہ قادیانی مرتد ہیں اور احد الزوجین کا ارتداد نکاح کے منافی ہے در مختار میں ہے وفسد ان اسلم احدهما قبل الآخر (۶) بحر الرائق میں ہے لان ردة بالآخر منافیة للنکاح ابتداء فکذابقاءً الخ وقال به یعلم حکم البینونة باسلام احدهما فقط

(۱) ردالمحتار باب المرتد ج۳ ص ۳۹۳ ط.س. ج٤ ص۲۲۸ . ظفیر.
(۲) ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۳۹۳ ط.س. ج٤ ص۲۲۸ . ظفیر.
(۳) فتاوی قاضی خان باب ما یکون کفرا من المسلم وما لا یکون ج۳ ص ۵۹۷ . ظفیر.
(٤) الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۳۹۹ ط.س. ج٤ ص ۳۳۹ . ظفیر.
(۵) ردالمحتار للشامی باب المرتد ج ۳ ص ۳۹۹ . ظفیر.
(۶) الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب نکاح الکافر ج ۲ ص ٥٤۱ ط.س. ج۳ ص۱۹٦ . ظفیر

بالاولی۔(۱)

(۲) اگر دونوں ایک ساتھ مسلمان ہوئے ہیں تو ان کا نکاح باقی بحالہ ہے ورنہ فسخ ہو جائے گا۔(۲) فقط

## زوجین میں ایک کے ارتداد سے نکاح فسخ ہو جاتا ہے

(سوال ۱۱۲) زید نے ایک ہندو عورت کو مسلمان کر کے اپنا نکاح کیا ۱۱ سال تک اس کے پاس رہی لیکن اب آریوں نے اس کو بہکا کر مرتد بنا کر عدالت میں نکاح ہونے سے انکار کرادیا، نکاح کے گواہ اور وکیل موجود ہیں۔ قاضی بھی منکر ہے اور رجسٹر ظاہر نہیں کرتا اس صورت میں کیا حکم ہے۔

(الجواب) شریعت اسلام میں دو گواہوں سے نکاح کا ثبوت ہو جاتا ہے لیکن بعد مرتد ہو جانے اس عورت کے نکاح فسخ ہو گیا جیسا کہ درمختار میں ہے وارتداد احدھما فسخ عاجل۔(۳) فقط۔

## قرآن کی نسبت کلمات توہین کفر ہے

(سوال ۱۱۳) کمال الدین جلد ساز نے مجمع اہل اسلام میں یہ کلمات کہے کہ میں قرآن شریف کو کچھ چیز نہیں سمجھتا میں اس کو آگ لگا سکتا ہوں چند آدمیوں کی شہادتیں منسلک ہیں ایسے شخص کے لئے شرعاً کیا حکم ہے۔

(الجواب) قرآن شریف کی نسبت کلمات توہین کے کہنا کفر ہے۔(۴) لیکن اگر کمال الدین انکار کرتا ہے تو یہ انکار اس کا توبہ سمجھا جاوے گا اس کو چاہئے کہ توبہ واستغفار کرے اور تجدید ایمان کرے، بعد توبہ واستغفار تجدید ایمان کے اس کے ساتھ کچھ تعرض نہ کیا جاوے اور اس کو مسلمان سمجھا جاوے اور میل جول رکھا جاوے اور اگر وہ شخص توبہ واستغفار و تجدید ایمان سے انکار کرے تو پھر اس سے قطع تعلق کر لیا جاوے۔ فقط۔

## میں شریعت کو نہیں مانتا یہ کلمہ کفر ہے

(سوال ۱۱۴) زید نے کسی وجہ سے اپنا مکان اپنے لڑکے عمرو کو ہبہ کر دیا اور علاوہ عمرو کے زید کے تین لڑکے دو لڑکیاں اور بھی موجود ہیں اب زید چاہتا ہے کہ اپنی حیات میں سب کو یہ مکان تقسیم کر دے عمرو کہتا ہے کہ میں شریعت کو نہیں مانتا تو عمرو اسلام سے خارج ہو لیا نہیں اور نکاح ٹوٹ گیا یا نہیں۔

(الجواب) عمرو بوجہ اس قول کے اسلام سے خارج ہو گیا اور اس کی زوجہ اس کے نکاح سے خارج ہو گئی بعد اسلام لانے کے تجدید نکاح کر سکتا ہے۔(۵)

## اپنے کو خدا اور رسول کہنے والا کافر و مرتد و ملحد ہے

(سوال ۱۱۵) یحییٰ خاں ایک جادرہ میں مقیم ہے پہلے اس نے مہدی موعود، پھر مسیح موعود ہونے کا دعویٰ کیا اور اس کے بعد رسول بنا اور اپنے نام کا کلمہ بنایا لا الہ الا اللہ ہو یحییٰ عین اللہ اور اپنے کو عین اللہ کہتا ہے اور ایک کتاب لکھی

---

(۱) وبقی النکاح ان ارتدا معاً بان لم یعلم السبق فیجعل کالغرقی ثم اسلما کذالک استحساناً وفسد ان اسلم احدھما قبل الاخر (در مختار) قولہ کذا لک بان لم یعلم السبق (ردالمحتار باب نکاح الکافر ج۳ ص ۵٤۱ ط س ج۳ ص ۱۹٦ ظفیر. (۲)

(۳) الدر المختار علی ھامش ردالمحتار باب نکاح الکافر ج ۲ ص ۵۳۹ ظفیر (٤) اذا انکر الرجل آیة من القرآن او سخر بآیة من القرآن او عاب کفر (عالمگیری مصری ج۲ ص ۲٦٦ ط ماجدیہ ج۲ ص ۲٦٦) ظفیر (۵) اذا اطلق الرجل کلمة الکفر عمداً لکنہ لم یعتقد الکفر قال بعض اصحابنا لا یکفر الخ وقال بعضھم یکفر وھو الصحیح عندی لا نہ استخف بدینہ (ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۳۹۳ ط س ج ٤ ص ۲۲٤) ظفیر

ہے اس کا نام فرمان بالمقابل قرآن رکھا ہے اور خود کو فرمانروا کہتا ہے اور اب اللہ ہونے کا دعویٰ کرتا ہے آیات قرآنی کم وزیادہ کر کے پڑھتا ہے اور کہتا ہے کہ قرآن میں غلطی ہے الخ اور اللہ تعالیٰ کو لہو ولعب کرنے والا کہتا ہے نعوذ باللہ یحیٰ خان کے لئے کیا حکم اور جو مسلمان اس کو واجب التعظیم سمجھیں اور اس کے اقوال کی تصدیق کریں اور اس کی اعانت کریں اور اس کے ساتھ خورد ونوش کریں ان کے لئے کیا حکم ہے۔

(الجواب) یحیٰ خاں مذکور کا مرتد ہونا اس کے اقوال سے ثابت ومحقق ہے۔(۱) اس کے ساتھ مسلمانوں کو ملنا اور اس کی محبت واعانت کرنا حرام ہے اور جو لوگ اس کو بزرگ اور واجب التعظیم سمجھیں اور اس کی تصدیق کریں وہ بھی کافر ہیں اس میں کچھ شک نہیں ہے قال اللّٰہ تعالی ما کان محمد ابا احد من رجالکم ولکن رسول اللہ وخاتم النبیین الآیۃ (۲) وقال اللہ تعالیٰ ومن یقل منھم انی الہ من دونہ فذلک نجزیہ جھنم کذالک نجزی الظالمین۔(۳) فقط۔

## قرآن کی کسی آیت کی تحقیر سے خوف کفر ہے

(سوال ۱۱۶) زید نے منبر پر وعظ بیان فرمایا عمرو نے خشمناک ہو کر اس کو منبر سے نیچے گرادیا اور مار پیٹ کیا۔ زید نے آیت کریمہ پڑھا، عمرو نے کہا کہ یہ آیت قرآنی اپنی عورت کو بتلاؤ میں نہیں مانتا ہوں، عمرو کے لئے کیا حکم ہے۔

(الجواب) عمرو کا یہ فعل نہایت قبیح ہے اور آیت قرآنیہ کی نسبت ایسے الفاظ کہنے سے خوف کفر ہے اس کو توبہ کرنی چاہئے۔ فقط۔

## غالی شیعہ اسلام سے خارج ہیں

(سوال ۱۱۷) ایک عالم کہتا ہے کہ جو شخص حضرت ابوبکر صدیقؓ کی صحابیت وخلافت کا منکر ہو اور مستحق لعنت وتبرا ہو وہ اسلام سے خارج ہے کسی قسم کا برتاؤ اس کے ساتھ نہ کرنا چاہئے، دوسرا شخص کہتا ہے کہ ایسے شیعہ کے ساتھ برتاؤ درست ہے وہ کلمہ پڑھتے ہیں، لہذا خارج اسلام نہیں ہوسکتا، اس بارہ میں کس کا قول صحیح ہے۔

(الجواب) اس میں عالم کا قول صحیح ہے۔(۵) اور دوسرا شخص جو کچھ کہتا ہے وہ اصول اسلام سے ناواقفیت پر مبنی ہے اس کو چاہئے کہ اس سے توبہ کرے۔

---

(۱) ودعویٰ النبوۃ بعد نبینا صلی اللّٰہ علیہ وسلم کفر بالاجماع (شرح فقہ اکبر ص ۲۰۲) اذا انکر الرجل آیۃ من القرآن الخ او عاب کفر (عالمگیری مصری ج ۲ ص ۲۶۶ ط. ماجدیہ ج۲ ص۲۶۶) ظفیر۔
(۲) الاحزاب۔
(۳) الانبیاء۔ ۲۔
(٤) اذا انکر الرجل آیۃ من القرآن او سخر بایۃ من القرآن اوعاب کفر (عالمگیری مصری ج ۲ ص ۲۶۶ ط. ماجدیہ ج۲ص۲۶٦) ظفیر۔
(۵) ولو انکر احد خلافۃ الشیخین یکفر (شرح فقہ اکبر ص ۲۰۰) نعم لا شک فی تکفیر من قذف السیدۃ عائشۃ رضی اللّٰہ تعالیٰ عنھا اوانکر صحبۃ الصدیق (ردالمحتار باب المرتد ج ۳ص ۴۰۵ و ج ۳ ص ۴۰۶ ط.س. ج٤ص۲۳۷) ظفیر۔

## شریعت کے بالمقابل رواج کو ماننا کفر ہے

(سوال ۱۱۸) جو شخص یہ کہے کہ میں فیصلہ شریعت کے موافق نہیں کروں گا بلکہ رواج کے موافق فیصلہ کروں گا اس کے لئے کیا حکم ہے۔

(الجواب) یہ کلمہ کفر ہے اور استخفاف دین ہے اس سے توبہ کرنی چاہئے۔(۱)

## شریعت کو نہیں ماننا کلمہ کفر ہے

(سوال ۱۱۹) زید نے اپنے امام مسجد کو بلا حکم شرعی امامت سے علیحدہ کر دیا سمجھانے پر یہ جواب دیا کہ (اگر شریعت بھی اس کو امام مانے تب بھی میں اس کو امام نہیں مانتا) زید کا یہ کہنا کفر ہے یا نہیں اور زید کو تجدید نکاح کرنا چاہئے یا نہیں یا صرف توبہ ہی کافی ہے، ایک عالم نے یہ فتویٰ دیا کہ زید جب تک توبہ اور تجدید نکاح نہ کرے اس سے قطع تعلق کرنا چاہئے اس پر زید نے عالم مذکو کو برسر اجلاس گالیاں دی اور سخت بے عزت کیا، کیا فتویٰ عالم کا درست تھا بہر حال زید کے لئے کیا حکم ہے توبہ ہی کافی ہے یا عالم سے معافی بھی مانگے۔

(الجواب) اس میں شک نہیں کہ یہ کلمہ کفر ہے اور استخفاف دین محمدی ﷺ ہے اور یہی وجہ ہے کہ بہت سے علماء نے ایسے بے باک اور شریعت کو بازیچہ اطفال سمجھنے والوں پر بلا تامل کفر کے فتوے لگا دیئے ہیں مگر اس وجہ سے کہ اسلام کا اور کفر کا معاملہ بے حد نازک ہے، حضرات فقہاءؒ نے اس میں بہت ہی احتیاط کی ہے اور فرمایا ہے کہ کسی مسلمان کے کلام میں جب تک کوئی قابل قبول تاویل ہو سکتی ہو اور اس کا کلام کسی محمل حسن پر اتر سکتا ہو اس وقت تک اس کو کافر کہنے میں احتیاط کی جائے گی، پس چونکہ شخص مذکور کا کلام محتمل تاویل ہے اور کہا جا سکتا ہے کہ اس کی مراد شریعت کو برا کہنا نہیں بلکہ اس خاص شخص کی برائی مقصود ہے اس لئے اس کو کافر کہنے میں احتیاط کی ضرورت ہے در مختار میں ہے واعلم انه لا يفتى بكفر دين مسلم امكن حمل كلامه على محمول حسن او كان في كفره خلاف ولو كان ذلك رواية ضعيفة الخ ۔(۲) پھر شامی میں ہے ثم ان مقتضى كلامهم ايضا انه لا يكفر بشتم دين مسلم اى لا يحكم بكفره لامكان التاويل ثم رائيته فى جامع الفصولين حيث قال بعد كلام اقول وعلى هذا ينبغى ان يكفر من شتم دين مسلم ولكن يمكن التاويل بان مراده اخلاقه الردية ومعاملته القبيحة لا حقيقة دين الاسلام فينبغى ان لا يكفر الخ(۳) شامی مطبوعه مصر ج ۳ ص ۳۸۹ . وقال فى البحر بعد كلام طويل والذى تحرر انه لا يفتى تكفير مسلم امكن حمل كلامهم على محمل حسن الخ ثم قال ولقد الزمت نفسى ان لا افتى بشئ منها الخ(۴) بحر الرائق ج ۵ ص ۱۳۵ "مطبوعه مصر" وفى الخلاصة وغيرها اذا كان فى المسئلة وجوه توجب التكفير ووجه واحد يمنع التكفير فعلى المفتى ان يميل الى الذى يمنع التكفير تحسيناً للظن بالمسلم وزاد

(۱) او انكار ما اجمع عليه بعد العلم به لان ذلك دليل على ان التصديق مفقود الخ وافعال تصدر عن المتهتكين لدلالتها على الاستخفاف بالدين الخ (ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۴۰۲ ط.س. ج ۴ ص ۲۲۲) ظفير. (۲) الدر المختار على هامش رد المحتار باب المرتد ج ۳ ص ۳۹۸ و ج ۳ ص ۳۹۹ ط.س. ج ۴ ص ۲۲۹ . ظفير. (۳) ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۳۹۹ . ط.س. ج ۴ ص ۲۳۰ . ظفير (۴) ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۳۹۳ . ط.س. ج ۴ ص ۲۲۹ . ظفير

فی البزازیة الااذاصرح بارادة موجب الکفر فلا ینفعه التاویل(۱)حینئذ انتهی ، نقله فی البحر بہر حال اس کو توبہ کرنی چاہئے اور احتیاطاً تجدید نکاح بھی اور جب تک کہ یہ شخص کامل توبہ اور ندامت کے ساتھ اپنے فعل پر پشیمان نہ ہو اس سے قطع تعلق سیاست اسلامیہ کے مطابق ہے اور جس عالم نے ایسا فتویٰ دیا وہ صحیح ہے قال فی الشامی وما فیه خلاف یومر بالا ستغفار والتوبة وتجدید النکاح ثم قال وظاهره انه امر احتیاط وقال بعد کلام واما امره بتجدید النکاح فهو لا شك فیه احتیاطاً الحاصل(۲)اگرچہ ایسے شخص کو کافر نہ کہا جائے لیکن توبہ واستغفار کے بغیر چارہ نہیں اور علی سبیل الاحتیاط تجدید نکاح بھی ہونی چاہئے اور سب سے پہلے اس کو اس عالم دین سے معافی مانگنی چاہئے کہ جس کو بغیر شرعی قصور کے برا بھلا کہہ کر اپنی عاقبت خراب کی ہے۔ علماء دین کی تعظیم حقیقت میں دین کی تعظیم ہے اور ان کو حقیر سمجھنا دین کو حقیر جاننا ہے، شرح فقہ اکبر میں خلاصہ سے نقل کیا ہے من ابغض عالماً من غیر سبب خیف علیه الکفر ص ۲۱۳ وفی الظهیریة من بین وجها شرعیا فقال خصمه هذا کون الرجل عالماً الخ یخاف علیه الکفر شرح فقه اکبر ص ۲۱۴ فقط۔

## مرتد کا انکار عود الی الاسلام سمجھا جائے گا

(سوال ۱۲۰)زید پہلے مسلمان تھا پھر کچھ بعد عیسائیوں کے ساتھ اختلاط رہا اور پادری صاحب کے پاس جا کر اس نے مذہب عیسائی اختیار کر لیا بعد ازاں ایک مسلمان نے دانستہ اپنی بیٹی کا نکاح زید سے کر دیا، اب زید کہتا ہے کہ میں عیسائی نہیں ہوا، یہ مجھ پر افتراء ہے کیا زید کا انکار توبہ کے قائم مقام ہے اور اس لڑکی کا نکاح زید سے جائز ہے۔

(الجواب) کتب فقہ میں لکھا ہے کہ مرتد کا انکار عود الی الاسلام اور توبہ ورجوع کے قائم مقام سمجھا جاوے گا، لہذا اس صورت میں جب کہ زید اپنے عیسائی ہونے سے منکر ہے تو پھر کوئی وجہ نہیں ہے کہ اس کے اس انکار کو جھٹلایا جائے، وہ واقعی اگر عیسائی ہو گیا ہے تو پھر اس کے افعال واعمال خود شاہد بن کر اس کی تکذیب کر دیں گے اور یہ غیر واقعی انکار اس کو کوئی نفع نہ پہنچا سکے گا لیکن اس وقت جب کہ وہ کھلے لفظوں میں یہ کہہ رہا ہے کہ یہ مجھ پر بہتان ہے میں عیسائی نہیں ہوا تو پھر ضرورت نہیں کہ خواہ مخواہ اس کو مرتدین کے زمرہ میں داخل کیا جائے بلکہ اب تو یوں کہا جائے گا کہ وہ اپنے انکار سے توبہ ورجوع کا اعلان کر رہا ہے، قال فی الخانیه وجحود الردة یکون عودا الی الاسلام خانیه جلد ٤ ص ٦٠٤ وفی الدر المختار شهدوا علی مسلم بالردة وهو منکر لا یتعرض له لا لتکذیب الشهود العدول بل لان انکاره توبة ورجوع الخ در مختار جلد ۳(۳)ص ۲۹۹ اور جب کہ اس کا نکاح اس انکار کے بعد ہوا ہے تو پھر اسکی صحت میں بھی کوئی تردد نہیں ہے۔

## مجھے شریعت محمدی کا فیصلہ منظور نہیں کلمہ کفر ہے

(سوال ۱۲۱)دو شخصوں میں باہم تنازع تھا ایک نے ان میں سے کہا کہ فیصلہ حسب شرع محمدی کر لینا چاہئے

---

(۱) ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۳۹۳ ط.س. ج٤ص ۲۳۰. ظفیر.
(۲) دیکھئے ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۳۹۹ ط.س. ج٤ص ۲۳۰ ظفیر.
(۳)الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ٤١٣ ط.س. ج٤ص ٢٤٦ ظفیر

دوسرے نے اس کے جواب میں کہا کہ مجھے فیصلہ شریعت محمدی کا منظور نہیں ہے اپنا رواج منظور کیا جائے گا پس منکر فیصلہ شریعت کے لئے کیا حکم ہے۔

(الجواب) شریعت محمدیہ صلوات اللہ و سلامہ و علی صاحبہا کے فیصلہ سے انکار کرنا کفر ہے، اس شخص کو توبہ و تجدید اسلام و تجدید نکاح کرنا چاہیے۔ (۱) فقط۔

## جو عیسائی وغیرہ بنانے کی کوشش کرے وہ بھی کافر ہے

(سوال ۱۲۲) ایک عورت شادی شدہ کو چار آدمی عیسائی کرانے لے گئے، تاکہ نکاح ٹوٹ جائے، عیسائی ہونے کے وقت ایک آدمی اس نیت سے چلا گیا کہ میرے نکاح اور ایمان کو نقصان نہ پہنچے، باقی تین آدمی ساتھ رہے اور عیسائی ہونے کے وقت انہوں نے رسوم عیسوی ٹوپی اتار کر ادا کی، ان پر کیا حکم ہے اور عورت مذکورہ کا پہلا نکاح ٹوٹ گیا یا نہیں۔

(الجواب) مسئلہ شرعی یہ ہے کہ جو کسی شخص کے کافر عیسائی وغیرہ بنانے پر راضی ہو اور اس میں کوشش کرے وہ بھی شریعت میں کافر ہو جاتا ہے پس اگر چاروں اس پر راضی تھے تو چاروں کافر ہوئے اور اگر تین راضی تھے اور ایک ناراض ہو کر علیحدہ ہو گیا تو تین کافر ہوئے ایک مستثنیٰ رہا۔ (۲) اور ایسی عورت کے لئے جو کہ کسی مسلمان کے نکاح سے خارج ہونے کے لئے عیسائی اور مرتد ہوئے اس کے بارہ میں فقہاء نے یہ حکم فرمایا ہے کہ اس عورت کو جبر مسلمان کیا جاوے اور اس کے پہلے شوہر سے ہی پھر ان کا نکاح جدید بمہر یسیر کر دیا جاوے۔ (۳) درمختار۔ فقط۔

## دین و شریعت کو سب و شتم کرنا کفر ہے

(سوال ۱۲۳) چھ آدمیوں نے شراب پی کر دین کو برا بھلا کہا ان کے ساتھ کیا سلوک کرنا چاہئے۔

(الجواب) شراب پینا گناہ کبیرہ ہے اور دین اور شریعت کو سب و شتم کرنا کفر ہے اس کو توبہ کرنی چاہئے اور تجدید اسلام اور تجدید نکاح کرنا ضروری ہے۔ (۴) فقط۔

## مجھ کو نمازی کی قبر میں نہیں جانا یہ کلمہ کفر ہے

(سوال ۱۲۴) ہندہ ایک تیلی کے گھر تیل لینے گیا میں نے اس سے کہا اٹھو بھائی نماز پڑھو اس نے کہا چلو تم کو کیا ہے، دوبارہ کہنے پر اس نے مجھے گالیاں دی، سہ بار کہنے پر جواب دیا دشنام دے کر مجھ کو نمازی کی قبر میں نہیں جانا، چوتھی دفعہ کہنے پر جواب دیا کہ جب نماز پڑھنے والے خلاص ہو جائیں گے تو بھی کیا ہے اور منع کرنے پر اس نے مجھے مارا میں شرمندہ ہو کر واپس چلا آیا، ایسے شخص کے لئے کیا حکم ہے

(الجواب) اس شخص کے فاسق ہونے میں کسی کے نزدیک شبہ نہیں ہے اور اس حالت میں خوف کفر ہے اس کو

---

(۱) و قد حقق في المسايرة انه لا بد في حقيقة الايمان من عدم ما يدل على استخفاف من قول او فعل ويأتي بيانه (ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۳۹۱. ط. س. ج ٤ ص ۲۲۲) اذا اطلق الرجل كلمة الكفر عمداً لكنه لم يعتقد الكفر قال بعض اصحابنا لا يكفر الخ وقال بعضهم يكفر وهو الصحيح عندي لا نه استخف بدينه (ايضاً ج ۳ ص ۳۹۳) ظفير. (۲) ومن امر امرأة بان ترتد الخ كفر لا سكر (شرح فقه اكبر ص ۲۲۵. ط. س. ج ٤ ص ۲۲٤) ظفير. (۳) ولو ارتدت لمجئ الفرقة الخ وتجبر على الاسلام وعلى تجديد النكاح زجراً لها بمهر يسير كدينار وعليه الفتوى الخ (الدر المختار على هامش ردالمحتار باب نكاح الكافر ج ٤ ص ٥٤٠. ط. س. ج ۳ ص ۱۹٤) ظفير. (٤) من اهان الشريعة او المسائل التي لا بد منها كفر (شرح فقه اكبر ص ) ظفير

توبہ کرانی چاہئے اور تجدید اسلام و تجدید نکاح کرنا چاہئے۔(۱) فقط۔

## شرعی فیصلہ کا منکر کافر ہے یا نہ

(سوال ۱۲۵) دو شخص کسی معاملہ میں جھگڑتے ہیں، ایک نے کہا چلو شرعی فیصلہ کریں دوسرے نے شرعی فیصلہ سے انکار کیا تو وہ کافر ہو گیا یا نہ۔

(الجواب) وہ شخص فاسق ہے تکفیر میں احتیاط کی جاوے۔(۲)

## تیرے مذہب کی ماں کو ایسا کروں یہ کلمہ کفر ہے

(سوال ۱۲۶) اگر کوئی شخص ہوش و حواس کی حالت میں یوں کہے کہ تیرے پیر کے اور تیرے مذہب کے ماں کو کروں گا تو اس کا کیا حکم ہے اور اس کو امام بنانا جائز ہے یا نہ۔

(الجواب) ایسے کلمات کفریہ ہیں ان سے سلب ایمان کا اندیشہ ہے پس ایسے شخص سے فوراً توبہ کرائی جاوے اور تاوقتیکہ توبہ نہ کرے اس سے قطعاً متارکت کر دی جائے لقولہ تعالیٰ فلا تقعد بعدالذکریٰ مع القوم الظلمین (۳) الآیۃ اور اس کو امام نہ بنایا جاوے جب تک وہ توبہ نہ کرے۔

## ہم اللہ میاں کے بھتیجے ہیں کلمہ کفر ہے

(سوال ۱۲۷) ایک شخص کو کہا گیا کہ تم نماز کیوں نہیں پڑھتے جواب دیا کہ ہم اللہ میاں کے بھتیجے ہیں ہم کو معاف ہے اس کے لئے کیا حکم ہے۔

(الجواب) یہ کلمہ کفر ہے اس شخص کو توبہ کرنی چاہئے اور پھر ایمان لانا چاہئے۔(۴) فقط۔

## ہمارا خدا انگریز ہے اس کا قائل کافر و مرتد ہے

(سوال ۱۲۸) ایک شخص کلمات کفریہ زبان پر لاتا ہے مثلاً یوں کہتا ہے کہ ہمارا خدا انگریز ہے وہی ہم کو رزق دیتا ہے، خالی نماز پڑھنے سے کوئی فائدہ نہیں، اس قسم کی اور بھی باتیں کہتا ہے، ایسے شخص کے ساتھ کیا برتاؤ کرنا چاہئے۔

(الجواب) جس شخص نے کلمات مذکورہ کہے وہ کافر و مرتد ہو گیا،(۵) جب تک وہ توبہ نہ کرے، تجدید اسلام نہ کرے اس وقت تک اس سے میل جول ترک کر دینا چاہئے اور ان کو برادری سے خارج کر دینا چاہئے اور اس کی شادی و غمی میں ہرگز شریک نہ ہونا چاہئے فقط۔

---

(۱) من قیل له صل فقال لا اصلی یا مرك كفر (شرح فقه اكبر ص ۱۲۰) من قال لا اصلی جحودا او استخفافا او علی انه لم یومر او لیس بواجب فلا شك انه كفر فی الكل (ایضاً ص ۲۰۹) ظفیر

(۲) وقد سئل فی الخیریة عمن قال له الحاكم ارض الشرع فقال لا اقبل فافتی مفت بانه كفر وبانت زوجته فهل یثبت كفره فاجاب بانه لا ینبغی للعالم ان یبادر بتكفیر اهل الاسلام (ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۳۹۹ ط.س. ج ۴ ص ۲۳۰) ظفیر (۳) سورة الانعام. ۱۴

(۴) من وصف الله تعالی بما لا یلیق به او سخر باسم من اسمائه او بامر من اوامره او انكر وعده او وعیده یكفر (شرح فقه اكبر ص ۱۸۷) ظفیر

(۵) لا یكفر احد من اهل القبلة الا فیما فیه نفی الصانع القادر العلیم او شرك او انكار للنبوة (شرح فقه اكبر ص ۱۹۹) ظفیر

## قرآن و نبی کیا چیز ہے یہ کلمات کفریہ ہیں

(سوال ۱۲۹) شخصے خویشتن را در زمرہ درویشاں در آوردہ اظہار امور مغیبات و علم آں می نماید و میگوید کہ چنیں و چناں خواہد شد و بریں سیرت مواظبت و مستمر است وچوں وے را بطور نصیحت گفتہ شد کہ ایں امر نہ در قرآن ست ونہ نبی کریم ﷺ چنیں کردہ و گفتہ جواب گفت کہ بگذارید قرآن مجید چہ چیز است ہے و نبی کریم ﷺ چیست وکیست و شخص مذکور مسلوب الحواس ونہ مجنون پس چنیں شخص کافر شد یا نہ۔

(الجواب) فی الشامی وبالجملة فقد ضم الی التصدیق بالقلب او بالقلب واللسان فی تحقیق الا یمان امور الا خلال بها اخلال بالا یمان اتفاقا کالسجود لصنم وقتل نبی والا ستخفاف به و بالمصحف والکعبة و کذا مخالفته او انکار ما اجمع علیه بعد العلم به لان ذلك دلیل علی ان التصدیق مفقود الخ شامی،(۱) پس معلوم شد کہ قائل مذکور کافر شد، فقط۔

## حالت جنابت میں نماز پڑھ لی تو خارج از اسلام نہیں ہوگا

(سوال ۱۳۰) زید چند مبلغین کے ساتھ کسی گاؤں میں بغرض تبلیغ گیا، رات اسی بستی میں قیام رہا اتفاقاً زید کو احتلام ہو گیا وہاں سے قبل طلوع صبح کے قیام گاہ کی طرف سب لوگ روانہ ہوئے، راستہ میں ایک مسجد ملی جس میں نہ کوئی غسل خانہ نہ غسل کرنے کا کوئی انتظام، صرف سقاوہ میں وضو کرنے کے لئے پانی موجود تھا، سب لوگوں نے نماز فجر ادا کی زید نے بھی حالت حدث اکبر ان لوگوں کے ساتھ نماز پڑھی اور شرم کی وجہ سے اپنے محتلم ہونے کو ظاہر نہیں کیا اور اگر نماز نہ پڑھتا تو سب لوگ اس کے محدث ہونے کو جان لیتے اور زید کو معلوم تھا کہ یہ نماز نہیں ہوگی بلکہ پڑھنے کے وقت قصد کر لیا تھا کہ مکان پر پہنچ کر غسل کر کے نماز ادا کروں گا، تو صورت مسئولہ میں زید کو تجدید ایمان اور تجدید نکاح کی ضرورت ہے یا نہیں، ازروئے شرع شریف کتب معتبرہ سے جواب مدلل کر کے تحریر فرماویں اور عند اللہ ماجور ہوں۔

(الجواب) صورت مسئولہ میں زید بدستور مسلمان اور اس کا نکاح بدستور قائم ہے اس کو اپنے فعل پر توبہ کرنی چاہئے اس پر لازم ہے کہ کبھی ایسی حرکت کا ارتکاب نہ کرے اس میں اہانت دین اور استخفاف ارکان اسلام کا مشتبہ ہو سکتا ہے، بہر حال معتمد اس صورت میں عدم تکفیر ہی ہے، کما فی الشامی و المعتمد عدم التکفیر کما ھو ظاھر المذھب،(۲) فقط واللہ اعلم۔

## خدا تعالیٰ و نبی پاک کی شان میں گستاخی کفر ہے

(سوال ۱۳۱) ایک عورت نے خدا اور رسول اللہ ﷺ کی شان میں بہت بیجا الفاظ کہے اور دین محمدی سے اعراض اور اس کی توہین کرتی ہے اس کا شرعاً کیا حکم ہے۔

(الجواب) خدائے تعالیٰ اور اس کے پیغمبروں کو سب وشتم کرنا کفر ہے چنانچہ اللہ تعالیٰ نے کفار کی یہ صفت بتائی ہے کہ اللہ کو گالی دیں گے قال اللہ تعالیٰ ولا تسبوا الذین یدعون من دون اللہ فیسبوا اللہ عدوا بغیر علم

(۱) رد المحتار باب المرتد ج ۳ ص ۳۹۲ ط.س. ج ٤ ص ۲۲۲) ظفیر۔
(۲) رد المحتار ط.س. ج ٤ ص ۲۳۰

الآیۃ(۱) پس اس کو توبہ کرائی جاوے۔

## نماز کا منکر کافر و مرتد ہے

(سوال ۱۳۲) جو شخص نماز سے قطعی انکار کر دے اور یہ کہے کہ ہم نہیں پڑھیں گے وہ کیسا ہے اور مسلمانوں کو اس کے ساتھ کیا معاملہ کرنا چاہئے۔

(الجواب) یہ کلمات کفریہ ہیں ایسا کہنے والے کے کفر کا اندیشہ ہے۔(۲) ایسے شخص سے اہل اسلام کوئی واسطہ نہ رکھیں اس سے تمام تعلقات منقطع کر دیں۔ فقط۔

## میں کافرہ تجھ مومن سے اچھی ہوں کفر ہے

(سوال ۱۳۳) ہندہ نے اپنے بچہ کو محبت میں آ کر یہ کہا کہ یہ بچہ مجھے تمام جہاں سے سب سے بہتر اور اچھا ہے اس کے خاوند نے کہا کہ کمبخت تمام دنیا میں انبیاء و اولیاء بھی ہیں ان سے کون بہتر ہوگا۔ وہ بولی کہ یہ سب سے اچھا ہے۔ اس کے خاوند نے کہا کہ تو کافرہ ہوگئی اس پر اس نے کہا کہ میں کافرہ ہی تیرے جیسے ایماندار سے اچھی ہوں۔ (۱) آیا ان کلمات کے کہنے سے کہ میں کافرہ ہی اچھی ہوں تیرے جیسے ایماندار نہیں چاہئے۔ ہندہ کافرہ ہوئی یا نہ۔

## کافرہ کو تجدید ایمان کے بعد تجدید نکاح ضروری ہے

(سوال ۱۳۴)(۲) اگر کافرہ ہوگئی تو اس کے توبہ کرنے پر تجدید نکاح کی ضرورت ہے یا نہ۔

(۳) زید کے ان کلمات سے کہ میں تیرے ساتھ کلام نہیں کرنا چاہتا اور تیرا مجھ سے کوئی تعلق نہیں ہے طلاق واقع ہوئی یا نہیں اگر ہوئی تو کون سی رجعی یا بائنہ اب رجوع کی کیا صورت ہے۔

(۴) زید سے جب ہندہ نے یہ الفاظ کہے کہ میں کافرہ ہی تیرے جیسے ایماندار نہیں چاہئے زید نے کہا کہ ان کلمات کے کہنے سے تو میری زوجہ سے باہر ہوگئی صحیح ہے یا نہ۔

(۵) جب تک ہندہ توبہ نہ کرے اس کے ساتھ کیا معاملہ کرنا چاہئے۔

(۶) اگر ہندہ بعد میں انکار کرے کہ یہ الفاظ میں نے نہیں کہے پھر کیا حکم ہوگا۔

(الجواب)(۱) یہ کلمات کفر کے ہیں اس سے ہندہ کافرہ ہوگئی۔(۳)(۲) تجدید ایمان کے بعد تجدید نکاح کی ضرورت ہے۔(۴)(۳) ہندہ نے جس وقت یہ کلمات کہے وہ کافرہ ہوگئی نکاح اس کا زید سے فسخ ہو گیا پھر اس پر الفاظ مذکورہ سے طلاق واقع نہیں ہوئی، در مختار میں ہے وارتدادا حدھما فسخ عاجل فلا ینقص عددا وتفصیل المسئلۃ فی الشامی۔(۵)(۴) یہ قول زید کا صحیح ہے۔(۵) جب تک وہ باوجود اقرار کلمات مذکورہ کے توبہ نہ کرے تو اس کو علیحدہ کر دیا جاوے۔(۶) یا اس کی توبہ سمجھی جاوے گی اور اس کو مسلمان سمجھا جاوے گا۔(۶) فقط۔

---

(۱) الانعام ۱۹ (۲) من قال لا اصلی جحودا او استخفافا او علی انہ لم یومر او لیس بواجب فلا شک انہ کفر او الیہ مطلب ہے کہ نماز پڑھ چکا ہے یا اس طرح کی دوسری چیز ہو (شرح فقہ اکبر ص ۲۰۵) تو کفر کا حکم نہیں ہوگا، بہر حال تاویل ممکن ہے اس لئے کفر قطعی حکم نہ لگایا جائے گا تحرز اللہ لا یفتی بکفر مسلم امکن حمل کلامہ علی محمل حسن او کان فی کفرہ اختلاف ولو روایۃ ضعیفۃ (ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۳۹۳ ط س ج ۴ ص ۲۲۹)(۳) اذا اطلق الرجل کلمۃ الکفر عمدا لکنہ لم یعتقد الکفر قال بعض اصحابنا لا یکفر الخ وقال بعضھم یکفر وھو الصحیح عندی لانہ استخف بدینہ (ردالمحتار باب نکاح الکافر ج ۲ ص ۵۳۹ ط س ج ۴ ص ۲۲۴)(۴) وارتداد احدھما فسخ عاجل (الدر المختار علی ھامش ردالمحتار باب نکاح الکافر ج ۲ ص ۵۳۹ ط س ج ۳ ص ۱۹۳)(۵) دیکھئے ردالمحتار باب نکاح الکافر ج ۲ ص ۵۳۹ ط س ج ۴ ص ۱۹۳ (۶) شھدوا علی مسلم بالردۃ وھو منکر لایتعرض لہ الخ لان انکارہ توبۃ ورجوع (در مختار) ولو بدون اقرار بالشھادتین وھو قول ظاھر قول الصورۃ ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۴۱۳ ط س ج ۴ ص ۲۴۶)

## بت کی پوجا صریح شرک ہے

(سوال ۱۳۵) ایک شخص نے اس حال سے کہ اس کی اولاد ہمیشہ ضائع ہوجایا کرتی تھی مع اپنی عورت اور ایک دوسرے اجنبی عورت کے بت ماتا کی پوجا کی اور بت ماں کے لئے گندم پکا کر تقسیم کئے آیا اس فعل کے بعد یہ تینوں دائرہ اسلام میں داخل ہیں اور ان کا نکاح بحالہ قائم ہے یا نہ۔

(الجواب) یہ فعل کفر اور شرک صریح ہے ان کو تجدید اسلام و توبہ واستغفار و تجدید نکاح کرنا لازم ہے کذا حققہ فی الدر المختار و ردالمحتار۔(۱)

## نماز نہ پڑھوں گا کافر ہی ہو کر رہوں گا کلمہ کفر ہے

(سوال ۱۳۶) ایک مسجد خام کی دیوار بوجہ بارش شہید ہوگئی ایک مسلمان اس کی مٹی اٹھا کر مکان تیار کر رہا ہے اور منع کرنے پر کہتا ہے کہ میں ضرور مٹی اٹھاؤں گا، میں نماز نہیں پڑھوں گا کافر ہی ہو کر رہوں گا۔

(الجواب) یہ کلمہ کفر ہے(۲) اس سے توبہ کرنی چاہئے اگر یہ شخص توبہ نہ کرے تو مسلمانوں کو چاہئے کہ اس سے قطع تعلق کردیں قال اللہ تعالی فلا تقعد بعد الذکری مع القوم الظلمین الایۃ(۳) فقط۔

## حق تعالیٰ کی شان میں گستاخی کفر ہے

(سوال ۱۳۷) ایک شخص نے حق تعالیٰ کی شان میں بے ادبی کے الفاظ کہے جس سے کفر عائد ہوتا ہے تو نکاح ٹوٹا یا نہیں۔

(الجواب) جن الفاظ سے کفر عائد ہوتا ہے۔(۴) اس میں بعد توبہ کے و تجدید ایمان کے نکاح کرنا ضروری ہے، پس اس شخص کو چاہئے کہ تجدید ایمان کرے اور توبہ کرے اور تجدید نکاح کرے۔(۵) فقط۔

## صحبت صدیق اکبرؓ کا منکر رافضی کافر ہے

(سوال ۱۳۸) شخصے منکر صحبۃ الصدیق رو ارکھنے والا سب شیخین کا ہے ایسے شخص کے ساتھ مسلمانوں کو تعلقات رکھنا اور اپنے ساتھ مساجد میں نمازوں میں شریک کرنا شرعا جائز ہے یا نہیں۔

(الجواب) اقول و بہ نستعین بے شک ایسا رافضی جو کہ منکر صحبت صدیقؓ ہو باتفاق کافر ہے اور اکثر فقہاء نے سب شیخین کرنے والے کو بھی کافر کہا ہے۔(۱) پس ایسے رافضی کے ساتھ اختلاط وارتباط رکھنا اور بلا نکیر ان کو مسجد مسلمین میں آنے دینا اور شریک نماز و جماعت کرنا حرام اور ناجائز ہے ایسے لوگوں سے جہاں تک ہو سکے اجتناب اور علیحدگی کی جاوے قال اللہ تعالی فلا تقعد بعد الذکری مع القوم الظلمین۔(۷) فقط۔

---

(۱) وبالجملة فقد ضم الی التصدیق بالقلبه وبالقاب و اللسان فی تحقق الایمان امور الا خلال بها اخلال بالا یمان کا لسجود لصنم (ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۳۹٤ ط.س. ج٤ ص۲۲۲) ظفیر (۲) من جحد فرضا مجمعا علیه کالصلوٰة والصوم والزکوٰة والغسل من الجنابة کفر (شرح فقه اکبر ج ۳ ص ۲۱۲) من قال لا اصلی جحودا او استخفافا الخ فلا شك انه کفر (ایضا ج ص ۲۰۹) ظفیر (۳) والکافر بسب نبی من الا نبیاء فانه یقتل حد او لا تقبل توبته مطلقا وسب الله تعالی قلت لا نه حق الله (الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ٤۰۰ ط.س. ج٤ ص ۲۳۱) ظفیر
(٤) وارتداد احد هما فسخ عاجل (ایضا باب نکاح الکافر ج ۲ ص ۵۳۹) ظفیر
(۵)
(٦) ان الرافضی اذا کان یسب الشیخین ویلعنهما فهو کافر الخ نعم لا شك فی تکفیر من قذف السیدة عائشة رضی الله تعالی عنها او انکر صحبة الصدیق الخ (ردالمحتار باب المرتد ص ٤۰۵ و ص ٤۰٦) ظفیر
(۷) الا نعام: ٤

## مسجد کو زنا خانہ کہنا معصیت اور گناہ ہے

(سوال ۱۳۹) مسجد کو یہ کہنا کہ یہ زنا خانہ ہے اور یہاں گدھے بیل کی جگہ یہ مسجد نہیں۔ یہ کیسا ہے۔

(الجواب) یہ بھی سخت معصیت ہے اور گناہ ہے توبہ کرنی چاہئے۔(۱)

## توہین عالم فسق ہے

(السوال ۱۴۰) توہین عالم کفر یا فسق؟

(الجواب) فسق ہے والتفصیل فی الشامی ج ۲

## توہین و تحقیر عالم کفر ہے

(سوال ۱۴۱) ایک شخص نے عالم دین کی توہین کی تو وہ کافر ہوا یا نہیں، بعضے کتب میں ہے کہ توہین و تحقیر عالم کی کفر ہے۔

(الجواب) فقہاء نے یہ تصریح فرمائی ہے کہ جب تک تاویل ممکن ہو کسی مسلمان کی تکفیر نہ کی جاوے اور اگر کسی شخص میں بہت سی وجوہ کفر کی ہوں اور ایک وجہ ضعیف عدم کفر کی ہو تو مفتی کو عدم کفر کی طرف میلان کرنا چاہئے۔ یہ تمام تفصیل در مختار و شامی میں ہے۔(۳) لہذا صورت مذکورہ میں اس کو کافر نہ کہا جاوے البتہ احوط یہ ہے کہ وہ شخص جو علماء کو سب و شتم کرتا ہے اور علم دین کا استخفاف کرتا ہے تجدید ایمان و تجدید نکاح کرے ھذا کلہ فی ردالمحتار المعروف بالشامی۔(۴) فقط۔

## یہ شرع کس سسرے نے بنائی کلمہ کفر ہے

(سوال ۱۴۲) زید نے جب نکاح کیا تو یحییٰ نے یہ کہا یہ شرع کس سسرے نے بنائی کہ چچی سے نکاح کر دیا، یحیی کیلئے کیا حکم ہے۔

(الجواب) یحییٰ نے جو کلمہ زبان سے نکالا یہ کلمہ کفر کا ہے اس کو اس کلمہ سے توبہ کرنی چاہئے اور تجدید ایمان و تجدید نکاح کرنی چاہئے۔(۵)

## تاویل جب تک ممکن ہو کافر نہ کہیں گے

(سوال ۱۴۳) زید نے کہا کہ اگر میں بسم اللہ الرحمن الرحیم کے باپ کا نام نہ بتا سکوں تو میری بیوی پر طلاق ہے اور باپ کا نام نہ بتا سکا تو کیا حکم ہے اس پر مجیب نے احتیاطاً تجدید ایمان و تجدید نکاح کا حکم دیا، زید جب تجدید نکاح کے لئے اپنی بیوی کے پاس گیا تو زوجہ نے انکار کر دیا اور شوہر ثانی کا ارادہ ظاہر کیا آیا زوجہ زید زوج ثانی کی

---

(۱) قال اللہ تعالیٰ ان المساجد للہ فلا تدعوا مع اللہ احدا (سورۃ الجن ۲ × ۲) وترد شهادة من يظهر سب السلف لانه يكون ظاهر الفسق (ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۴۰۵) وفي الخلاصة من ابغض عالما من غير سبب ظاهر خيف عليه الكفر (شرح فقه اكبر ص ۲۱۳) ظفير (۳) اذا كان في المسئلة وجوه توجب الكفر و واحد يمنعه فعلى المفتي الميل بما يمنعه (الدرالمختار على هامش ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۳۹۹ ط.س ج ۴ ص ۲۳۰) ظفير (۴) ثم ان مقتضى كلامهم ايضا انه لا يكفر بشتم دين مسلم اى لا يحكم بكفره لا مكان التاويل ثم رايته في جامع الفصولين حيث قال بعد كلام اقول و على هذا ينبغي ان يكفر من شتم دين مسلم ولكن يمكن التاويل بان مراده اخلاقه الردية ومعا ملة القبيحة لاحقيقة دين الاسلام فينبغي ان لا يكفر حينئذ والله اعلم واما امره بتجديد النكاح فهو لا شك فيه احتياطا (ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۳۹۹ ط.س ج ۴ ص ۲۳۰) ظفير (۵) اذا اطلق الرجل كلمة الكفر عمدا لكنه لا يعتقد الكفر قال بعض اصحابنا لا يكفر الخ وقال بعضهم يكفر وهو الصحيح عندي لانه استخف بدينه (ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۳۹۳) ظفير

زوجیت میں جا سکتی ہے یا نہیں۔

(الجواب) اقول وباللہ التوفیق۔ چونکہ حکم تجدید ایمان و تجدید نکاح اس صورت میں احتیاطاً تھا نہ اس وجہ سے کہ وہ یقیناً کافر ہو گیا لانہ متی یمکن التاویل وان کان ضعیفاً لایحکم بکفرہ الخ ردالمحتار (۱) وغیرہ لہٰذا عورت مذکورہ کو یہ جائز نہیں ہے کہ بدون طلاق زید و انقضاء عدت دوسرے شخص سے نکاح کر سکے، درمختار میں ہے وما فیہ خلاف یومر بالاستغفار والتوبۃ وتجدید النکاح الخ قولہ وتجدید النکاح ای احتیاطاً وقولہ احتیاطاً ای یامرہ المفتی بالتجدید لیکون وطؤہ حلالاً بالاتفاق وظاھرہ لانہ لا یحکم القاضی بالفرقۃ بینھما وتقدم ان المراد بالاختلاف ولو روایۃ ضعیفۃ ردالمحتار، (۲) شامی ص ۳۹۹ ج ۳ فقط۔

## رمضان میں اعلانیہ کھانا، جھوٹ بولنا وغیرہ فسق و معصیت ہیں

(سوال ۱۴۴) زید و عمر دونوں بکر کے بیٹے ہیں عمر اور بکر دونوں فعل قبیح کے مرتکب ہیں، رمضان شریف میں دن کو اعلانیہ کھاتے پیتے ہیں جھوٹ بولتے ہیں چوری زنا وغیرہ کرتے ہیں زید ان کو منع کرتا ہے اور نصیحت کرتا ہے تو بر امانتے ہیں اور مغلظ گالیاں زبان سے نکالتے ہیں ایسے لوگوں کے ساتھ کیا معاملہ کرنا چاہئے اور ان کے لئے کیا حکم ہے۔

(الجواب) عمر و بکر اس صورت میں فاسق ہیں اور ان کے کفر کا خوف ہے (۳) ان سے توبہ کرائی جاوے اور تجدید ایمان کا حکم کیا جاوے، بعد توبہ و استغفار و تجدید ایمان و تجدید نکاح کے ان کو شامل جماعت مسلمین کیا جاوے اور ساتھ کھانے پینے میں کیا جاوے۔ ورنہ علیحدہ کر دیا جاوے اور اس کے ساتھ کھانا پینا بیٹھنا سب ترک کر دیا جاوے۔ فقط۔

## امور دین کی توہین کرنے والا کافر ہے

(سوال ۱۴۵) ماقولکم فی رجل قال التوبۃ کذا وکذا من انسب التوبۃ الی الفاظ شنیعۃ ما یستکرہ الناس بذکر ذلک الاعضا المخصوصۃ ھل یکفر لاھانۃ امر من امور الدین.

## علماء کو گالی دینے والا فاسق ہے

(سوال ۱۴۶) نصح ونھی عالم زوجۃ امرأ عن فعل حرام او کلام قبیح بالاجنبی فاخبرت المرأۃ زوجھا عنہ فسب الزوج العالم فما یحکم علی من یسب العلماء.

---

(۱) اذا کان فی المسئلۃ وجوہ توجب التکفیر و وجہ واحد یمنعہ فعلی المفتی ان یمیل الی الوجہ الذی یمنع التکفیر تحسینا للظن بالمسلم الخ لا یفتی بکفر مسلم امکن حمل کلامہ علی محمل حسن او کان فی کفرہ اختلاف ولو روایۃ ضعیفۃ (ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۳۹۳ ط.س ج۴ ص ۲۳۰) ان مایکون کفراً اتفاقا یبطل العمل والنکاح وما فیہ خلاف یومر بالاستغفار والتوبۃ وتجدید النکاح وظاھرہ انہ امر احتیاط (ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۳۹۹ ط.س ج۴ ص ۲۳۰) ظفیر (۲) دیکھئے ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۴۱۴ ط.س ج۴ ص ۲۴۶. ظفیر
(۳) من اھان الشریعۃ اوالمسائل التی لا بد منھا کفر (شرح فقہ اکبر ص ۲۱۵) ظفیر ومن بین وجھا شرعیا فقال خصمہ کون الرجل عالماً اوقال لا تفعل معی عالمیا لانہ لا یتخذعندی ای لا یجوز ولا یمضی یخاف علیہ الکفر (شرح فقہ اکبر ص ۲۱۴) ظفیر

(الجواب)(۱)یکفر (۱)(۲)ھو فاسق ویخاف علیہ الکفر۔(۲)

## نبی کو خدا کہنے والا کافر و مشرک ہے

(سوال ۱۴۷) قائل اس بیت کے حق میں کیا حکم ہے ۔

شریعت کا ڈر ہے مگر صاف کہہ دوں
نبی جی ہمارا خدا بن کے آیا (۳)

(الجواب) یہ قول کفر ہے اور صریح شرک ہے ،والعیاذ باللہ تعالیٰ۔فقط

## نماز کی توہین سے خوف کفر ہے

(سوال ۱۴۸) قومی پنچائت کے ایک شخص نے یہ کہا کہ آپ حضرات جس قدر خانگی معاملات کا اہتمام کرتے ہیں اگر اس قدر نماز روزہ یا دیگر امور شرعیہ میں توجہ فرمائیں تو کتنے گھر نمازی ہو جائیں اس پر صدر پنچائت نے جواب دیا کہ تم پنچائت اور نماز وغیرہ کا مقابلہ کرتے ہو کیا نماز ہی پڑھنے سے مسلمان ہوتا ہے ہم اس پر شرط لگاتے ہیں کہ اگر کوئی مولوی صاحب اس کو ثابت کر دیں تو میں دس روپیہ دوں گا نہیں تو آپ سے لوں گا اب سوال یہ ہےکہ صدر مذکور کا کہنا حق بجانب ہے یا نہیں۔

(الجواب) صدر پنچائت کا یہ قول لغو ہے۔بلکہ اس میں خوف کفر ہے۔(۴) کہ اس نے نماز کی توہین کی۔ آنحضرت ﷺ نے نماز کو دین کا ستون فرمایا ہے جس نے نماز کی پرواہ نہ کی اس نے دین کے ستون کو گرادیا اور ترک صلوٰۃ پر حدیث میں کفر کا اطلاق آیا۔ من ترک الصلوٰۃ متعمد افقد کفر۔(۵) یعنی جس نے قصداً نماز ترک کی وہ کافر ہو گیا ،پس اگرچہ حنفیہ تارک صلوٰۃ کو کافر نہیں کہتے اور حدیث مذکورہ کی تاویل کرتے ہیں لیکن فاسق ہونے میں اس کے کچھ شبہ نہیں ہے اور توہین کرنے والا نماز کی یا ہلکا سمجھ کر چھوڑنے والا نماز کا باتفاق کافر ہے۔(۶) اور یہی تاویل حدیث مذکور کی ہے ،پس صدر مذکور کا قول بالکل بے دینی کی دلیل ہے اور گویا نماز ان کے نزدیک لائق اہتمام کے نہیں ہے۔

## شریعت سے استہزاء کفر ہے

(سوال ۱۴۹) ایک شخص نے یہ الفاظ کہے کہ "شرعی فیصلہ مجھے منظور نہیں ہے" اور شریعت کوئی چیز نہیں ہے ،دریافت یہ امر ہے کہ ایسا شخص شرعاً مرتد ہے یا نہیں اور اس سے اسلامی تعلقات رکھنا جائز ہے یا نہیں۔

(الجواب) بے شک انکار و استہزاء بالدین والشریعۃ کفر ہے کما فی الشامی ویظھر من ھذا ان ما کان دلیل

---

(۱) وکذا الا ستھزاء علی الشریعۃ الغراء کفر لان ذلک من امارات تکذیب الا نبیاء (شرح فقہ اکبر ص ۱۸۶) ظفیر

(۲) وفی الخلاصہ من ابغض عالما من غیر سبب ظاھر خیف الکفر الخ (شرح فقہ اکبر ص ۲۱۳) ظفیر

(۳) قل انما انا بشر مثلکم یوحیٰ الی انما الٰھکم الٰہ واحد فمن کان یرجو القاء ربہ فلیعمل عملاً صالحا ولا یشرک بعبادۃ ربہ احدا (الکہف)

(۴) وقد حقق بالمسایرۃ انہ لا بد فی حقیقۃ الا یمان من عدم مایدل علی الاستخفاف من قول او فعل (ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۳۹۱ ط.س. ج ۴ ص ۲۲۲) ظفیر

(۵) مشکوٰۃ (۶) وکذا الا ستھزاء علی الشریعۃ الغراء کفر لان ذلک من امارات تکذیب الا نبیاء (شرح فقہ اکبر ص ۱۸۶) ظفیر۔

الاستخفاف یکفر به وان لم یقصد الا ستخفاف الخ۔(۱)ص ۲۸۴ جلد ۳ فقط۔

### مسخری سنانے والا فاسق ہے

(سوال ۱۵۰) نقال لوگوں کو طرح طرح کی مسخریاں سنا کر ہنساتا ہے اس میں نقال اور ہنسنے والے کافر اور ان کی عورتیں مطلقہ ہو جاتی ہیں یا نہیں اور مسخری میں معلم بن کر لڑکوں کو سبق پڑھاتے ہیں۔

(الجواب) اقول وبالله التوفيق . قال في الشامي نا قلا عن البحر والذي تحرر انه لا يفتى بكفر مسلم لا مكن حمل كلامه على محمل حسن او كان في كفره اختلاف ولو رواية ضعيفة فعلى هذا فاكثر الفاظ التكفير المذكورة لا يفتى بالتكفير فيها ولقد الزمت نفسي ان لا افتى بشئى منها ا ه (۲) بحر وايضا في ردالمحتار و على هذا ينبغي ان يكفر من شتم دين مسلم ولكن يمكن التاويل بان مراده احلاقه الردية ومعاملته القبيحة لا حقيقة دين الا سلام فينبغي ان لا يكفر حينئذ الخ .(۳) الحاصل ان نقال کی تکفیر میں احتیاط کرنا لازم ہے۔البتہ تجدید ایمان و توبہ و استغفار و تجدید نکاح احتیاطاً لازم ہے۔ فقط۔

### قرآن و حدیث کی توہین کفر ہے

(سوال ۱۵۱) ایک پنچایت میں باہمی نفاق دور کرنے کی غرض سے زید نے کچھ ثبوت قرآن شریف اور حدیث شریف سے دیئے اور یہ چاہا کہ آپس کے نزاع شریعت کے موافق دور ہو جائیں اس پر بکر نے اٹھ کر زید سے یہ کہا کہ تم ادھر ادھر کے قرآن اور ادھر ادھر کی حدیثوں سے یہ لیکچر دے کر اپنا مطلب نکالنا چاہتے ہو ایسے شخص کی بابت شرعاً کیا حکم ہے۔

(الجواب) قرآن شریف اور حدیث شریف کی توہین کرنا کفر ہے جیسا کہ ردالمحتار شامی میں ہے وبالجملة فقد ضم الى التصديق بالقلب اوبالقلب واللسان في تحقق الا يمان امور الا خلال بها اخلال بالا يمان اتفاقا كالسجود للصنم وقتل نبي والاستخفاف به وبالمصحف والكعبة الى ان قال لان ذلك دليل على ان التصديق مفقود الخ ص ۲۸٤ جلد۳(۴) شامی ،پس اس عبارت سے واضح ہوا کہ قرآن شریف کی توہین کرنا اور نبی علیہ السلام کی توہین اور آپ کی حدیث کی توہین کفر ہے۔ والعیاذ باللہ تعالیٰ ،لہٰذا اس شخص کو توبہ کرنی چاہئے اور اس کو تجدید ایمان و تجدید نکاح ضروری ہے۔ فقط۔

### بسم اللہ پڑھنے پر استہزاء کرنا کفر ہے

(سوال ۱۵۲)(۱) زید ہر کام کے شروع میں بسم اللہ کہنے کا عادی ہے ایک روز عمر نے زید کو اس کہنے پر بہت طعن و تشنیع کی اور یہ کہا کہ خدا تو راستہ گھاٹ میں پڑا ہے اس کو ہر وقت پکارنے کی ضرورت کیا ہے۔

---

(۱) ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۳۹۲ ط.س. ج٤ ص۲۲۲ من اهان الشريعة او المسائل التي لابد منها كفر (شرح فقه اكبر ص ۲۱۵) ظفير

(۲) ردالمحتار باب المرتد ص ۳۹۳ ط.س. ج٤ ص۲۲۹ ظفير

(۳) ردالمحتار باب المرتد ج ٤ ص ۳۹۹ ط.س. ج٤ ص۲۳۰

(٤) ردالمحتار باب المرتد (ج ۳ ص ۳۹۲ ط.س. ج٤ ص۲۲۲) ظفير

## تقدیر پر شک کرنا خوف کفر ہے

(سوال ۱۵۳)(۲)عمر ہمیشہ تقدیر کے مسئلہ پر علماء سے طعن و تشنیع اور بحث کرتا ہے۔
(۳)اور عمر عذاب قبر کے بارے میں شک کرتا ہے اور علماء سے ہمیشہ بحث و تکرار کرتا ہے اور جاہلوں کو بد عقیدہ کرتا ہے، عمر کے لئے شرعاً کیا حکم ہے۔

(الجواب)احکام شرعیہ پر استہزاء کرنا کفر۔(۱)اور بسم اللہ پڑھنے پر استہزا کرنا اسی طرح تقدیر کے مسئلہ میں شک کرنا اور عذاب قبر میں شک کرنا اور علماء کو بے وجہ سب و شتم کرنا یہ جملہ امور حرام ہیں بعض ان میں سے حد کفر کو پہنچتے ہیں لہذا عمر کو توبہ کرنا و تجدید اسلام و تجدید نکاح کرنا لازم ہے، روالمحتار شامی جلد ۳ ص ۲۸۴ میں ہے ولذا قال فی المسایرة وبالجملة فقد ضم الی التصدیق بالقلب او بالقلب واللسان فی تحقق الایمان امور الا خلال بها اخلال بالایمان اتفاقا کالسجود لصنم وقتل نبی والا ستخفاف به وبالمصحف والکعبة وکذا مخالفة اوانکار ما اجمع علیه بعد العلم به لان ذلك دلیل علی ان التصدیق مفقود الخ قلت ویظهر من هذا ان ماکان دلیل الا ستخفاف یکفر به وان لم یقصد الا ستخفاف۔(۲)فقط۔

## اللہ تعالیٰ کی شان میں گستاخی کفر ہے

(سوال ۱۵٤)جو مسلمان غصہ میں اللہ جل شانہ کے نام پر یہ کہے "میں تمہارے خدا کو ٹھینگا دکھاتا ہوں (والعیاذ باللہ تعالیٰ) اور اسی قسم کے الفاظ گستاخی اور بے ادبی کے خدائے تعالیٰ کی شان میں استعمال کرے تو وہ مسلمان ہے یا نہیں۔

(الجواب) شخص مذکور شرعاً قطعاً کافر و مرتد ہے اور اس کی زوجہ اس کے نکاح سے خارج ہو گئی اس کو تجدید ایمان و تجدید نکاح لازم ہے۔(۳)فقط۔

## بزرگوں سے گستاخی حرام و فسق ہے

(سوال ۱۵۵)جو شخص اپنے بزرگوں، چچا استاذ وغیرہ کو ایذاء دے اور کلمات گستاخانہ کہے وہ فاسق اور کافر ہے یا نہیں اس کو کافر کہنا جائز ہے یا نہیں اور جو شخص علماء کی تحقیر کرے اس کو کافر کہنا چاہئے یا نہیں۔

(الجواب) یہ صحیح ہے کہ اپنے بزرگوں چچا وغیرہ اور استاذ کو بے وجہ ستانا اور گستاخانہ کلام ان سے کرنا حرام اور گناہ کبیرہ ہے اور مرتکب اس کا فاسق ہے لیکن اس کو کافر نہ کہنا چاہئے کیونکہ کفر ایک شئی عظیم ہے جب تک تاویل ممکن ہو کافر نہ کہا جائے، اسی طرح علماء حق کی تحقیر کرنا بھی سخت گناہ ہے کافر اس کو بھی نہ کہنا چاہئے کیونکہ تاویل کی گنجائش ہے بکذا فی کتب الفقہ۔(٤)

---

(۱)من اهان الشریعة اوالمسائل التی لابدمنها کفر وکذاالاستهزاء علی الشریعة الغراء کفر (شرح فقه اکبر ص ۱۸۸) ظفیر.(۲) دیکھئے ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۳۹۲ ط.س.ج ٤ ص ۲۲۲ (ظفیر.)
(۳)من وصف الله بما لا یلیق به او سخر باسم من اسمائه او بامر من او امره او انکرو عده اووعیده یکفر (شرح فقه اکبر ص ۱۸۷).(٤)انه لا یفتی بکفر مسلم امکن حمل کلامه علی محمل حسن اوکان فی کفره اختلاف ولو روایة ضعیفة (ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۳۹۳ ط.س.ج ٤ ص ۲۲۹) ظفیر

مرزا غلام احمد کو مجدد اور فیض نبوت سے مستفید سمجھنے والے بھی کافر ہیں

(سوال ۱۵۶) ہم ان تمام احکامات پر جو حضرت محمد مصطفےٰ ﷺ کی شریعت کے ہیں ایمان رکھتے ہیں اور اس کی پیروی کی کوشش کرتے ہیں اور حضرت مرزا صاحب کو مجدد اور باتباع پیروی حضرت محمد مصطفےٰ ﷺ اور ان کی طرف سے فیض نبوت سے مستفید جانتے ہیں از روئے شریعت محمدیہ ﷺ ایسے شخص کے لئے کیا حکم ہے۔

(الجواب) واضح ہو کہ اگر کسی شخص میں باوجود تمام عقائد اسلامیہ کے ماننے کے ایک عقیدہ بھی کفریہ ہو اور کسی ایک امر کا ضروریات دین سے بھی انکار کرے تو وہ بھی کافر ہو جاتا ہے پس جو شخص باوجود دعویٰ اسلام و عقائد اسلام کے ایک ایسے مرتد و ملحد کو جس کی کتابوں سے اس کی کفریات ثابت ہیں مسلمان سمجھے بلکہ اس کو مجدد اور فیض نبوت سے مستفید سمجھے وہ بھی قطعاً کافر ہے کیونکہ اس نے کافر کو مسلمان اور کفر کو اسلام سمجھا پس جب کہ محقق ہے کہ مرزا غلام احمد قادیانی بوجہ دعویٰ نبوت و توہین انبیاء کرام علی نبینا وعلیهم الصلوٰة والسلام وغیرہا کے قطعاً کافر ہے کیونکہ جو شخص ایسے کافر و ملعون کو مجدد و مستفید از فیض نبوت سمجھے اس کے کفر میں کیا شبہ ہو سکتا ہے۔(۱) فقط۔

حدیث نبوی کی توہین کفر ہے

(سوال ۱۵۷) توہین حدیث مخصوص چہ حکم دارد و بر توہین کنندہ حدیث خاص کہ میگوید بول می کنم بر یں حدیث چہ حکم است۔

(الجواب) شک نیست کہ استخفاف و توہین حدیث و استخفاف کتب شرعیہ کفر است۔ والعیاذ باللہ تعالیٰ قال فی ردالمحتار ولذا قال فی المسايرة وبالجملة فقد ضم الى التصديق بالقلب او بالقلب واللسان فی تحقق الايمان امور الاخلال بها اخلال بالايمان اتفاقا كسجود لصنم وقتل نبی والاستخفاف به و بالمصحف والكعبة الى ان قال ولاعتبار التعظيم المنافی للاستخفاف كفر الحنفية بالفاظ كثيرة وافعال تصدر من التهتكين لدلالتها على الاستخفاف بالدين كالصلوٰة بلا وضوء عمداً بل بالمواظبة على ترك سنة استخفافا بسبب انه فعلها النبی صلى الله عليه وسلم زيادة اواستقباحها كمن استقبح من آخر جعل بعض العمامة تحت حلقه او احفاء شاربه الخ۔(۲) ج ۳ ص ۲۸۴

تم انبیاء کو سر پر اٹھائے پھرو یہ کہنا کفر ہے

(سوال ۱۵۸) ایک شخص فسادی اور جھگڑالو ہے اگر کوئی شخص اس کو یہ کہے کہ انبیاء کا طریقہ خلق ہے تو وہ جواب دیتا ہے کہ تم ہی انبیاء کو سر پر اٹھائے پھرو اس پر کفر عائد ہوتا ہے یا نہیں۔

(الجواب) یہ کلمہ کہنا جس میں انبیاء علیہم السلام کی توہین ہے کفر ہے ایسا شخص جب تک توبہ نہ کرے اور تجدید

---

(۱) قد يكون فی هؤلاء من يستحق القتل كمن يدعی النبوة او يطلب تغير شئی من الشريعة ونحو ذلك (شرح فقه اكبر ص ۱۸۴) ظفير۔

(۲) ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۳۹۲ ط۔س۔ ج ۴ ص ۲۲۲۔ ظفير۔

اسلام نہ کرے اس وقت تک اس سے ملنا جلنا ترک کر دینا چاہئے۔(۱) فقط۔

## کسی حدیث کا منکر کافر ہوایا نہیں

(سوال ۱۵۹)ایک شخص نے ایک عالم کو کسی مسئلہ پر مسجد میں تکرار کر کے برا بھلا کہا اور حقارت کی بات کی، عالم مذکور نے کتاب منگا کر حدیث دکھائی اس شخص نے کہا کہ اگر چودہ کتاب میں اس حدیث کو دکھاؤ گے تب بھی اس حدیث کو نہیں مانوں گا بلکہ جو آباؤ اجداد نے کیا ہے وہ ہم کرتے رہیں گے بعد میں اس حدیث کی عداوت میں اس شخص نے عالم موصوف کو گالی دی اور توہین کی اور مسجد میں نہیں آتا کہتا ہے کہ ہم اس عالم کے پیچھے نماز نہ پڑھیں گے، شرعاً یہ شخص کافر ہے یا نہیں۔

(۲)ایک شخص رشوت خوار دروغ گو، سود خوار چار سو پانچ سو روپیہ لے کر جھوٹی گواہی دیتا ہے اور عالم کی بات نہیں مانتا اور غریبوں میں جو عالم ہوتے ہیں ان کے پیچھے نماز نہیں پڑھتے ایسے شخص کے لئے شرعاً کیا حکم ہے۔

(الجواب) یہ دونوں شخص فاسق اور ظالم ہیں توبہ کریں اور شخص اول کلمات کفریہ کا مرتکب ہوا ہے تاہم بوجہ امکان تاویل اس کو کافر کہنے میں احتیاط کی جاوے لیکن احتیاطاً اس کو تجدید ایمان و تجدید نکاح کرنا چاہئے فقط۔(۲)

## نکاح کو برا سمجھنے والا گناہ گار ہے

(سوال ۱۶۰)اگر کوئی شخص نکاح کو برا سمجھے تو وہ کافر ہوگا یا گناہ گار۔

(الجواب)وہ کافر نہ ہوگا گناہگار ہوگا۔(۳) فقط۔

## یہ کہنا کہ خدا ورسول کو نہیں جانتا کلمات کفر ہیں

(سوال ۱۶۱)زید اپنی زوجہ کو اٹھارہ سال سے نفقہ نہیں دیتا نہ اس کو بلاتا ہے جب اس سے یہ کہا جاتا ہے کہ اگر تو اس کو نہ رکھے تو طلاق دے دے اور خدا و رسول کا خوف کر، اس کا جواب یہ دیتا ہے کہ میں خدا اور رسول کو نہیں جانتا کہ کیا چیز ہے نعوذ باللہ تعالیٰ اس صورت میں اس کی زوجہ پر طلاق ہوئی یا نہیں۔

(الجواب)الفاظ مذکورہ کے کہنے سے زید کافر و مرتد ہو گیا اور اس کی زوجہ اس کے نکاح سے خارج ہو گئی کما فی الدر المختار ، وارتداد احد هما فسخ عاجل الخ(۴)

لہذا نکاح ثانی اس کی زوجہ کا اس صورت میں درست ہے۔

## احکام شریعت کے متعلق نازیبا کلمات کہنا کفر ہے

(سوال ۱۶۲)جو شخص امام مسجد ہو کر قصداً نماز ترک کرے اور داڑھی کو قبضہ تک بڑھانا برا سمجھے اور یہ کہے کہ میں کتے کی پونچھ نہیں بڑھاتا علماء شریعت سے ضد رکھتا ہے اور ان کے وعظ میں شریک ہونا برا سمجھتا ہے اور بدعتی کا وعظ دلچسپی سے سنتا ہے ایسے شخص کے پیچھے نماز پڑھنا جائز ہے یا نہ اور یہ حدیث صحیح ہے یا نہیں ثلثة لا ترفع

---

(۱)وان شتم الملائكة كالانبياء (در مختار هو مصرح به عندنا فقالوا اذا شتم احدا من الا نبياء او الملائكة كفر وقد علمت ان الكفر بشتم الا نبياء كفر ردة فكذا الملائكة فان تاب قبلها والا قتل ( ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۴۰۳ ط.س. ج۴ص۲۳۵) ظفير (۲)من اهان الشريعة او المسائل التي لا بد منها كفر (شرح فقه اكبر ص ۲۱۵)
(۳) النكاح من سنتي فمن رغب عن سنتي فليس مني (مشكوة)، (۴)الدر المختار على هامش ردالمحتار باب نكاح الكافر ج۵ ص ۵۳۹ ط س ج۳ص۱۹۳ ظفير

لهم صلاتهم فوق رؤسهم رجل ام قوما وهم له كارهون۔

(الجواب) ایسا آدمی فاسق ہے اور احکام شریعت کے متعلق اس نے جو الفاظ استعمال کئے ہیں وہ کلمات کفر ہیں، عمداً نمازوں کو ترک کرنا شعائر اسلامی کے متعلق ایسے توہین آمیز الفاظ استعمال کرنا، علماء حق سے بغض و عداوت رکھنا وغیرہ وغیرہ یہ سب امور اس کے فسق والحاد پر شاہد ہیں اور بتصریح فقہاء اقتداء فاسق مکروہ بکراہت تحریم ہے تمام نمازیوں کا فرض ہے کہ ایسے شخص کو عہدہ امامت سے ہمیشہ کے لئے علیحدہ کردیں، کبیری میں ہے وفيه اشارة الى انهم لو قدموا فاسقا يأثمون بناء على ان كراهة تقديمه كراهة تحريم لعدم اعتنائه با مور دينه وتساهله فى الاتيان بلوازمه الخ(۱) وفى الخلاصة من ابغض عالما بغير سبب ظاهر خيف عليه الكفر وفيه ايضا من قال قصعت شاربك والقيت العمامة على العانق استخفا فا الخ فذلك كفر الخ شرح فقه اكبر (فصل فى العلم والعلماء)(۲) سوال میں جس حدیث کے صحت کے متعلق سوال ہے وہ سنن ابی داؤد میں مروی ہے، فقہاء نے اس حدیث سے ایسے شخص کے امامت کو مکروہ لکھا ہے۔ فقط۔

## بکر تمہارا خدا ہے یہ کلمہ کفر ہے

(سوال ۱۶۳) زید نے ضد اور لڑائی میں عمر کو یہ کہہ دیا کہ بکر تمہارا خدا ہے، اس کے لئے کیا حکم ہے۔

(الجواب) اس سے کفر ہو جاتا ہے۔(۳)

## کہنا کہ "پیر کے کام کے سامنے نماز کچھ نہیں یہ کلمہ" کفر ہے

(سوال ۱۶۴) زید ایک شخص کا مرید ہے اور زید کا یہ اعتقاد ہے اور یہ قول ہے کہ پیر کے کام کے سامنے نماز کچھ چیز نہیں ہے زید کا یہ اعتقاد شرعاً کیسا ہے؟ اور زید کے واسطے شرعاً کیا حکم ہے زید کی گواہی معتبر ہے یا نہیں؟

(الجواب) زید کا یہ قول زندقہ اور کلمات کفریہ سے ہیں تمام وہ الفاظ جن سے دین اور اس کے کسی رکن کی توہین ہو یا بطور استخفاف کہے جائیں موجب للکفر ہیں معاذ اللہ منہ، بلکہ بعض فقہاء نے تو ایسے بے باک اور بد لگام لوگوں پر کفر کا ہی حکم لگا دیا ہے۔ زید کو ایسے ہتک آمیز اور جاہلانہ الفاظ اور ایسے مہلک اعتقاد سے فوراً توبہ کرنی چاہئے جب تک تائب نہیں ہوگا اس کی گواہی معتبر نہیں ہوگی اسی طرح کی پیر پرستی ہے جس کو شرک کہا جا سکتا ہے وفى الخلاصة يكفر بقوله انا برى من الثواب والعقاب الخ بحر وفى المسايرة كفر الحنفية بالفاظ كثيرة وافعال تصدر من المتهتكين لد لا لتها على الا ستخفاف بالدين الخ بحر الرائق جلد ۵ وفى عالمگيرية نقلا عن المحيط . اذا ترك الرجل الصلوٰة استخفافاً بالجماعة بان لا تفويت الجماعة الخ او مجانة او فسقا لا تجوز شهادته۔(۴)

(۱) واما الفاسق فقد عللوا كراهة تقديمه بانه لا يهتم لا مر دينه وبان فى تقديمه تعظيمه وقد وجب عليهم اهانته شرعا الخ وفى شرح المنية على ان كراهة تقديمه كراهة تحريم (ردالمحتار باب الا مامة ج ۱ ص ۵۲۴ ط.س. ج۳ص ۵۶۰) ظفير

(۲) شرح فقه اكبر ص ۲۱۳ ظفير

(۳)

(۴) البحر الرائق

## میں اسلام کو نہیں مانتا کلمہ کفر ہے

(سوال ۱٦۵)ایک شخص نے مولویوں کی شان میں سخت کلام کیا اس پر میں نے دو چار باتیں نصیحت کی کہی تو اس شخص نے جواب دیا کہ میں اسلام کو نہیں مانتا اس کے لئے کیا حکم ہے۔

(الجواب)وہ شخص کافر ہو گیا اور اسلام سے خارج ہو گیا۔(۱)اور اگر وہ توبہ نہ کرے تو مسلمانوں کو اس سے قطع تعلق کر دینا چاہئے اور اس کو پورا تدارک دینا چاہئے۔

## ہندو کی نذر مسلمان نے پوری کی تو وہ کافر نہ ہو گا

(سوال ۱٦٦)ایک مسلم نے دیوتا کے نام پر نذر کی جس کی صورت یہ ہوئی کہ یہ ایک ہندو مکان میں رہتا تھا، ہندو نے یہ نذر کی کہ اگر یہ شخص تندرست ہو گیا تو میں ایک بکرا قربانی کروں گا مسلمان نے اس نذر کو پورا کیا اب یہ مسلمان ہے یا نہیں۔

(الجواب)اس صورت میں شخص مذکور پر حکم کفر و ارتداد کا نہ کیا جائے گا لیکن احتیاطاً تجدید ایمان، تجدید نکاح، توبہ لازم ہے۔

## میرا حشر ہنود کے ساتھ ہو کلمہ کفر ہے

(سوال ۱٦۷)اگر کوئی شخص یہ کہے کہ میرا حشر ہنود کے ساتھ ہو گا اس جملہ کا کہنے والا اگر مرتد ہو جائے گا تو مجرد ارتداد ہی سے اس کی زوجہ نکاح سے نکل جائے گی یا تفریق قاضی یا طلاق شوہر کی ضرورت ہو گی اور بعد ارتداد بھی ممبر او قاف رہ سکتا ہے یا نہیں۔

(الجواب)یہ کلمہ کفر کا ہے اور اس کلمہ کا قائل اپنی موت اور حشر کفار کے ساتھ ہونے پر راضی ہے یا اظہار رضا مندی کرتا ہے کیونکہ عربی میں ترجمہ اس لفظ کا یہ ہے۔

احشر مع الکفار۔ اور یہ محقق ہے اور حدیث شریف میں وارد ہے کما تموتون تحشرون او کما قال صلی اللہ علیہ وسلم اوقال اخرجه اللہ تعالیٰ من الدنیا بلا ایمان او کافراً او اماتہ بلا ایمان او کافراً اوا بدہ اللہ فی النار او اخلدہ کفر الخ وفی المحیط من رضی بکفر نفسه فقد کفرا ی اجما عا ویکفر غیرہ اختلاف المشایخ الخ وفی موضع اخرمنه لا حمیة لی ولا دین کفر یعنی بقوله فلا دین لی فانه خرج بهذا عن دین الا سلام۔(۲)الغرض اس کلمہ کے کفر ہونے میں کچھ تردد نہیں معلوم ہوتا ہے اور ارتداد سے اس کی زوجہ فوراً اس کے نکاح سے خارج ہو جاتی ہے، تفریق قاضی کی ضرورت نہیں، وارتداد احد هما فسخ عاجل درمختار۔(۳)اور یہ صحیح ہے کہ تولیت کے لئے اسلام شرط نہیں ہے امین اور قادر علی انتظام التولیۃ ہونا وغیرہ شرط ہے

قال فی الاسعاف ولا یولی الا امین قادر بنفسه او بنائه الخ ویشترط للصحة بلو غه وعقله لا حریته

(۱) عالمگیری قالت امرأة لزوجها لیس لك حمیة ولا دین الا سلام فقال الزوج لیس لی حمیة ولا دین الا سلام فقد قیل انه یکفر عالمگیری مصری موجبات الکفر (ج ۲ ص ۲۷۷ ط.س. ج۲ص ۲۷۷) ظفیر

(۲) دیکھئے شرح فقه اکبر ص قالت امرأته لزوجها لیس لك حمیة ولا دین الا سلام الخ فقال الزوج لیس لی حمیة ولا دین الاسلام فقد قیل یکفر (عالمگیری مصری موجبات الکفر ج ۲ ص ۲۷۷ ط.س. ج٤ص ۲۷۷) ظفیر

(۳) الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب نکاح الکافر ج ۲ ص ۵۳۹ ط.س. ج٤ص ۱۹۳ ظفیر

و اسلامہ شامی(۱) جلد نمبر ۳۔

## کلمہ کی ترتیب بدلنے سے کفر لازم نہیں آتا

(سوال ۱۶۸) ایک شخص نے اپنے شجرہ میں کلمہ طیبہ کو ایک ہی سطر میں اس عنوان سے لکھا ہے۔ یا اللہ رسول اللہ ابوبکرؓ عمرؓ لا الہ الا اللہ محمد عثمانؓ علیؓ اس کو کفر اور شرک کہنا اور لکھنے والے کو کافر کہنا صحیح ہے یا نہیں بینوا توجروا۔

(الجواب) بندہ نے پہلے اس مسئلہ کا جواب بعض لوگوں کو لکھا ہے کفر وشرک کہنا اس طرح کلمات مذکورہ کے لکھنے کو صحیح نہیں ہے اور اس کے کفر ہونے اور لکھنے والے کو کافر کہنے کی کوئی دلیل نہیں ہے لیکن یہ ضرور ہے کہ اس طرح غیر مرتب نہ لکھنا چاہئے، بلکہ لا الہ الا اللّٰہ محمد رسول اللّٰہ (صلی اللّٰہ علیہ وسلم) اول لکھنا چاہئے اس کے بعد خلفائے راشدین کے نام علی الترتیب لکھنا چاہئے مثلاً ابوبکر عمر عثمان علی رضی اللہ عنہم اجمعین۔ فقط۔

## محتلم نماز میں شریک ہو گیا تو کافر نہیں ہوا

(سوال ۱۶۹) زید رات کو محتلم ہوا، صبح کو نہ تو نہایا اور نہ فجر کی نماز پڑھی پھر ظہر کے وقت بوجہ شرم کے بغیر غسل جماعت میں شریک ہو گیا تو وہ دائرہ اسلام سے خارج ہوا یا نہیں اور تجدید نکاح کی ضرورت ہے یا نہیں، عصر کے وقت غسل کر کے نماز فجر وظہر ادا کی اور توبہ واستغفار کیا۔

(الجواب) اس صورت میں صحیح یہ ہے کہ وہ کافر نہیں ہوا اور توبہ واستغفار سے اس کا گناہ معاف ہو گیا، احتیاطاً تجدید ایمان وتجدید نکاح کر لینا بہتر ہے۔ کذا فی الدر المختار۔(۲) فقط۔

## خنزیر کھاؤں گا کلمہ نہ پڑھوں گا اس سے مرتد ہو گیا

(سوال ۱۷۰) عمر نے زید سے چند مسلمانوں کے سامنے یہ کہا کہ تم نہ روزہ رکھتے ہو نہ نماز پڑھتے ہو حتیٰ کہ کلمہ پڑھنا بھی نہیں جانتے اگر جانتے ہو تو پڑھو اس پر زید نے کہا ہم نہیں پڑھیں گے پھر اس سے کلمہ پڑھنے کے لئے اصرار کیا گیا تو قسم کھا کر کہتا ہے کہ ہم سور کا گوشت کھائیں اگر کبھی کلمہ پڑھیں یا سنیں، آیا زید دائرہ اسلام سے خارج ہو گیا یا نہیں۔

(الجواب) اس صورت میں زید دائرہ اسلام سے خارج ہو گیا اور کافر ہو گیا، والعیاذ باللہ تعالیٰ،(۳) اس کو تجدید ایمان کرنا اور توبہ کرنا لازم ہے۔ فقط۔

## شیطان کا علم وسیع ہے یا رسول اللہ ﷺ کا

(سوال ۱۷۱) جس نے مجمع عام میں یہ کہا کہ یقیناً شیطان کا علم رسول کے علم سے وسیع ہے آیا یہ کلمہ کفر ہے اور کہنے والا کافر ہے یا نہیں؟

(الجواب) نصوص میں وارد ہے کہ علم غیب سوائے اللہ تعالیٰ کے کسی کو نہیں ہے اور انبیاء علیہم السلام اور حضرت خاتم الانبیاء علیہ الصلوٰۃ والسلام کو جس قدر علم اللہ تعالیٰ نے مغیبات کا دیا ہے وہ ان کو معلوم ہو گیا جیسا کہ شرح فقہ

---

(۱) وکذا لو صلی بغیر القبلة او بغیر طہارة متعمدا یکفر (شرح فقہ اکبر ص ۱۸۸)

(۲) وکذا لو صلی بغیر القبلة او بغیر طہارة متعمدا یکفر (شرح فقہ اکبر ص ۱۸۸)

(۳) لا یکفر احد من اہل القبلة الا فیہ نفی الصانع القادر العلیم او شرک او انکار للنبوة (شرح فقہ اکبر ص ۱۹۹)

اکبر میں ہے ثم اعلم ان الا نبیاء علیہم السلام لم یعلموا من المغیبات الاما اعلمھم اللہ تعالی احیانا الخ ملخصاً (۱) اور شیطان کو اللہ تعالیٰ نے قیامت تک مہلت دی کہ جس کو بھکا سکے بھکادے قال رب فانظر نی الی یوم یبعثون قال انک من المنظرین الی یوم الوقت المعلوم (۲) اور حدیث شریف میں ہے ان الشیطان یجری من الا نسان مجری الدم۔ (۳) اور دوسری آیت میں ہے انه یراى هو وقبیله من حیث لا ترونهم۔ (۴) اور جو شخص ایسا کہتا ہے کہ جواب سوال میں درج ہے تو اس سے دریافت کیا جائے کہ اس کا کیا مطلب ہے بدون تحقیق مطلب کچھ حکم نہ کیا جائے۔ فقط۔

## ہم جہنم میں رہیں گے تم جنت میں رہنا یہ کلمہ کفر ہے

(سوال ۱۷۲) جو شخص یہ کہتا ہے کہ جاؤ ہم جہنم میں رہیں گے تم جنت میں رہنا وہ مسلمان رہا یا نہیں؟

(الجواب) یہ کلمات کفر کے ہیں کہ چاہئے کہ توبہ کرے اور تجدید اسلام و تجدید نکاح کرے۔ (۵)

## کہنا کہ حلال وحرام سے کچھ غرض نہیں

(سوال ۱۷۳) زید کا یہ کہنا ہے کہ ہم کو حرام وحلال سے کچھ غرض نہیں اور علماء کو برا کہنا اور تحقیر کرنا۔ اگر کوئی کہے کہ آپ مسلمان ہیں آپ کو ایسے بے باکانہ و گستاخانہ کلام نہ کرنا چاہئے تو یہاں تک کہہ گزرتا ہے کہ مجھے مسلمان ہی نہ سمجھو میں تو عیسائی ہوں وغیرہ وغیرہ تو زید کے لئے کیا حکم ہے؟

(الجواب) زید کے کلمات بعض حد کفر کو پہنچے ہوئے ہیں اور بعض فسق و معصیت ہیں اس کو توبہ کرنا لازم ہے اور تجدید اسلام اور تجدید نکاح ضروری ہے۔ (۶) فقط۔

## احد الزوجین کے ارتداد سے نکاح فسخ ہو جاتا ہے

(سوال ۱۷٤) ایک عورت کافرہ بیوہ نے (جس کے ساتھ پہلے شوہر کافر سے ایک لڑکا نابالغ ہے) بعد قبول کرنے اسلام کے ایک مسلمان سے نکاح کر لیا اور اپنے لڑکے نابالغ کا نکاح ایک نابالغہ لڑکی سے کر دیا، بعد مرنے نو مسلمہ کے اس کا لڑکا اپنی کافر قوم کے ساتھ جاملا اور مرتد ہو گیا اس کا نکاح منعقد ہو گیا تھا یا نہیں اور اب نکاح اس کا قائم رہا یا فسخ ہو گیا؟

(الجواب) اس لڑکے کا نکاح منعقد ہو گیا تھا لیکن جب کہ وہ لڑکا پھر مرتد ہو گیا اور کافروں کے ساتھ جاملا تو نکاح اس کا فسخ ہو گیا الا بان ابی او سکت فرق بینھما ولو کان الزوج صبیا ممیزاً اتفاقاً علی الا صح (در مختار) قوله صبیا ممیزا ای یعقل الا دیان لا ن ردته معتبرة فکذا اباء ه فتح الخ شامی۔ (۷)

---

(۱) شرح فقه اکبر ص ۱۸۵. ظفیر.
(۲) سوره ص. ۱٤.
(۳) مشکوة.
(٤)
(۵) من اهان الشریعة او المسائل التی لا بدمنها کفر (شرح فقه اکبر ص ۲۱۵) ظفیر.
(٦) من اعتقد ان الا یمان والکفر واحد فهو کافر و من لا یرضی من الا یمان فهو کافر و من یرضی بکفر نفسه فقد کفر (عالمگیری مصری موجبات الکفر ج۲ ص ۲۵۷. ط. ماجدیه ج۲ ص۲۵۷) ظفیر.
(۷) ردالمحتار باب نکاح الکافر ص ۵۳٤. ط. س. ج۳ ص ۱۸۹. ظفیر.

## مرتد کو کیوں قتل کیا جائے

(سوال ۱۷۵) اسلام کا حکم ہے کہ مرتد کو بعد ارتداد تین دن تک محبوس رکھا جائے اگر وہ مسلمان ہو جائے تو بہتر ورنہ قتل کر دیا جائے یہ کون سا انصاف ہے۔

(الجواب) دین اسلام میں داخل ہو کر پھر مرتد ہونا یہ کھلی ہوئی بغاوت ہے اور مضرت اس کی بہت زیادہ ہے اس لئے کہ اس کے لئے نص صریح وارد ہوئی من بدل دینه فاقتلوه ، رواه البخاری۔(۱) کیونکہ ایسے باغی و سرکش اور فتنہ پھیلانے والے کی سزا سوائے اس کے استیصال کے اور کچھ نہیں ہو سکتی اور تفصیل اس کی اس رسالہ میں دیکھئے جو مولانا شبیر احمد صاحب عثمانیؒ نے قتل مرتد کے بارے میں مفصل لکھا ہے اور باقی یہ کہ مرتد پر عرض اسلام اور کشف شبہات اور حبس ثلثہ ایام واجب ہے یا مستحب اس کی تفصیل کتب فقہ میں ہے، در مختار میں ہے کہ اگر مرتد مہلت طلب کرے تو اس کو مہلت تین دن کی مع حبس کے دی جاتی ہے اور اگر وہ مہلت طلب نہ کرے تو فوراً قتل کر دیا جائے۔(۲)

## تکفیر مسلم میں احتیاط ضروری ہے

(سوال ۱۷۶) ایک مکان کے اندر ایک فقیر کی قبر ہے اس مکان کا ایک دروازہ بند رہا کرتا تھا اور باقی دروازے کھلے رہتے تھے ایک شخص نے آکر اس دروازہ کو کھول دیا اس پر بعض لوگوں نے یہ یقین کیا کہ یہ دروازہ خود بخود کھل گیا ہے اور جو شخص اس دروازہ سے گذرے گا اس پر آگ دوزخ کی حرام ہو جائے گی اور وہ بہشتی ہو جائے گا چنانچہ زید عمر بکر اس وجہ سے اس دروازے سے گذرے تو ان کو کافر کہا جائے گا یا نہیں اور دروازہ مذکور کو بند کرنا کیسا ہے؟

(الجواب) دروازہ مذکور کو بند کر دینا ضروری ہے جو فتنوں کا دروازہ ہے اور عقیدہ مذکور کے ساتھ اس دروازہ سے گذرنا جائز نہیں ہے۔ لیکن زید عمرو بکر کو کافر نہ کہا جائے کیونکہ تکفیر مسلم میں نہایت احتیاط کرنا لازم ہے، شرح فقہ اکبر میں ہے وقد ذکر وان المسئلة المتعلقه بالکفر اذا کان لها تسع وتسعون احتمالاً للکفر و احتمال واحد فی نفیه فالا ولی للمفتی والقاضی یعمل بالا حتمال ان فی الخ۔(۳)

## خدا بھی آکر کہے تو نہ کھاؤں گی کلمہ کفر ہے

(سوال ۱۷۷) زید کی اہلیہ خالدہ نے کھانا چھوڑ دیا سمجھانے پر یہ کہا کہ خدا بھی آکر کہیں گے تو نہ کھاؤں گی، بہشتی زیور میں لکھا ہے کہ اس کلمہ سے وہ مرتدہ ہو گئی۔

(الجواب) در مختار میں ہے وارتداد احد هما فسخ عاجل فللموطؤة ولو حکما کل مهرها لتا کده به

---

(۱) صحیح ردالمحتار باب المرتد ص ۳۹۵. ظفیر.

(۲) من ارتد عرض الحاکم علیه الا سلام استحبابا علی المذهب لبلوغه الدعوة وتکشف شبهة بیان ثمرة العرض ویحبس وجوبا وقیل ندبا ثلاثة ایام یعرض علیه الا سلام فی کل یوم منها ان استمهل ای طلب المهلة والا قتله من ساعته الا اذا اسلم بدائع (د رمختار) قوله الحاکم ای الا مام او القاضی قوله بیان ثمرة العرض الظاهران ثمرة العرض الا سلام والنجاة من القتل واما هذا فثمرة التاجیل ثلاثة ایام لان من انتقل عن الا سلام والعیاذ بالله تعالیٰ لابد له غالبا من شبهة فتکشف له ان ابداها فی هذه المدة قوله والا قتله ای بعد عرض الا سلام وکشف شبهته( ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۳۹٤ ط.س. ج ٤ ص ۲۲۵) ظفیر

(۳) شرح فقه اکبر ملا علی قاری ص ظفیر.

ولغيرها نصفه لو ارتد ولا شئ من المهر والنفقة(۱) در مختار ملخصاً۔ پس معلوم ہوا کہ اگر وطی یا خلوت ہو چکی ہے اس کے بعد عورت مرتد ہوئی والعیاذ باللہ تو مہر کامل بذمہ شوہر لازم ہے اگر قبل دخول خلوت عورت مرتدہ ہوئی تو مہر اور نفقہ ساقط ہے اور توبہ کرنے کے بعد پھر نکاح صحیح ہے۔ فقط۔

## یہود و نصاریٰ جو آنحضور ﷺ پر ایمان نہیں لائے کافر ہیں

(سوال ۱۷۸) ایک عالم کہتا ہے کہ یہود و نصاریٰ جو کہ قائل توحید ہیں کافر نہیں ہیں، یہ صحیح ہے یا نہیں؟

(الجواب) یہود و نصاریٰ جو آنحضرت ﷺ پر ایمان نہیں لائے وہ کافر ہیں جیسا کہ مسلم شریف کی حدیث میں ہے وعن ابی هريرة رضی الله عنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم والذی نفس محمد بيده لا يسمع بی احد من هذه الامة يهودی ولا نصرانی ثم يموت ولم يؤمن بالذی ارسلت به الا كان من اصحاب النار رواه مسلم. (۱)

اور جو یہود و نصاریٰ آنحضرت ﷺ پر ایمان لائے وہ مسلمان اور مومن ہو گئے ان کو یہود و نصاریٰ نہ کہا جائے گا اور اگر کسی نے باعتبار ملت سابقہ کے ان کو یہودی اور نصرانی کہہ دیا تو یہ کفر نہیں ہے۔ فقط۔

## مسلمان کی تکفیر میں احتیاط ضروری ہے

(سوال ۱۷۹) یک زن یا مرد از غیر اللہ مراد خواستہ است و خبر غیبی را یقین دانستہ است و بر جملہ رسوم اہل ہنود عمل کردہ است و سجدہ را بد گفتہ است آں مرد عند الشرع چہ حکم دارد کافر است یا نہ اگر نکاح دارد فسخ شود یا نہ؟

(الجواب) چونکہ حکم شرع لیعست کہ در تکفیر مسلم عجلت نہ کردہ شود و اگر در نود و نہ ۹۹ وجہ کفر باشد و یک وجہ اسلام باشد و آں ہم ضعیف باشد مفتی را میلان بسوئے عدم تکفیر باید کما صرح بہ الفقہاء بناء علیہ در صورت ہر دو تکفیر نہ کردہ شود کہ تاویل ممکن ست۔ (۲)

## سبقت لسانی سے غلط بات نکل جائے تو کفر نہیں ہوگا

(سوال ۱۸۰) زید یہ کہنا چاہتا تھا کہ کیا خدا سے باپ بڑھ کر ہے لیکن سہو اور جلدی میں بجائے کلمہ مذکور کے یہ نکلا کیا خدا بڑھ کر ہے۔ یہ کلمہ بے اختیار نکل گیا، بعض علماء نے کہا کہ زید کافر ہو گیا ہے اور اس کی منکوحہ پر طلاق واقع ہو گئی۔ آیا اس صورت میں زید کافر ہوا اور اس کی زوجہ پر طلاق واقع ہوئی یا نہیں؟

(الجواب) زید اس صورت میں کافر نہیں ہوا، علماء کو فتویٰ کفر دینے میں احتیاط کرنی چاہئے اور جلدی نہ کرنی چاہئے، حدیث شریف میں ہے رفع عن امتی الخطاء والنسيان۔ (۳) قال تعالیٰ لا تؤاخذنا ان نسينا او اخطانا الخ۔ (۴) علاوہ بریں یہ کلمہ ویسے بھی مئول ہو سکتا ہے اور امکان تاویل کی صورت میں تکفیر کسی مسلمان

(۱) الدر المختار على هامش ردالمحتار باب نكاح الكافر ج ۲ ص ۵۳۹. ط.س. ج۳ص۱۹۳. ظفير.
(۲) اذا كان فی المسئلة وجوه توجب الكفر و واحد يمنعه فعلى المفتی الميل لما يمنعه ثم لونيته ذالك فمسلم والا لم ينفعه حمل المفتی على خلافه (الدر المختار على هامش ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۳۹۹ ط.س. ج۴ص ۲۳۰) ظفير.
(۳) مشكوة.
(۴) سورة البقره.

کی ناجائز ہے۔(۱)

## استاذ اور والدین کا عاق کافر نہیں ہوتا

(سوال ۱۸۱) عاق والدین یا استاذ کا کافر ہے یا نہیں؟

(الجواب) عاق والدین یا استاذ کافر نہیں ہے، فاسق اور گناہگار ہوتا ہے۔ فقط۔

## حضرت حق کو ماں باپ کہنا کیسا ہے

(سوال ۱۸۲) غیر مسلم بچوں مسلم اور غیر مسلم کی تعلیم و تربیت کے واسطے رسالے لکھ کر چھپوا کے اسکول اور مدرسوں میں شائع کرتے اور اس میں ایک فقرہ اس طرح درج ہے، "خدا اپنا باپ اور ماں ہے" لہذا ایسی تعلیم مسلم بچوں کے واسطے جائز ہے یا نہیں؟ اور خدا کو ماں باپ کہنا جائز ہے یا نہیں اور جب جائز نہ ہو تو بموجب عبارت فتاوی عالمگیری یکفر اذا وصف اللّٰه تعالی بما لا یلیق به او سخر باسم من اسمائه او بامر من اوامرہ او انکر وعدہ او وعیدہ او جعل له شریکا او ولدا او زوجة الخ کے اس طرح کے عقیدے اور کلام سے کفر ہو گا یا نہیں۔ اور اگر مجازاً یہ مقولہ خداوند پر اطلاق کیا جائے یہ مزاہر اقوام کے واسطے جائز ہے یا نہیں یا اہل علم کو مثل مقولہ انبت الربیع البقل عالم کو کہنا جائز ہو اور غیر عالم اور جاہل کو کہنا جائز نہ ہو۔

(الجواب) چونکہ مراد ایسے الفاظ سے معنی حقیقی نہیں ہیں اور الفاظ مجازاً بمعنی مربی و پرورش کنندہ کے ہے اس وجہ سے کفر کہنا اس کو صحیح نہیں اور قائل کو کافر نہ کہنا چاہئے۔ لیکن تکلم ایسے کلمات موہمہ کے ساتھ کرنا نہ چاہئے اور بچوں کو تعلیم دینا ایسے کلمات کی نہ چاہئے کیونکہ ممکن ہے کہ اس سے غلط فہمی ہو اور عقیدہ میں خرابی پیدا ہو اور مسلمان صحیح العقیدہ ہونا، قائل کے مجاز کا قرینہ ہو سکتا ہے۔(۲)

(الجواب صواب) اگرچہ ایک حدیث بلفظ الخلق عیال اللّٰه(۳) آئی ہوئی ہے لیکن تاہم فتوی مذکور الصدر درست ہے قال فی الدر المختار و مجرد ابہام اللفظ مالا یجوز کاف فی المنع اه (۴) وقال قبله نقلا عن الفاسی وقد اختلف العلماء فی جواز اطلاق الموہم فی معنی صحیح اه اقول ومقتضی الکلام انمنا المنع من ذلك فیما ورد عن النبی صلی اللّٰه علیه وسلم۔ فقط۔

## رسول اللہ ﷺ معبود ہیں یہ عقیدہ شرک ہے

(سوال ۱۸۳) ایک شخص نے کلمہ شریف کے یہ معنی قائم کئے ہیں کہ نہیں کوئی معبود مگر اللہ اور وہ کون ہے محمد رسول اللہ، پس ایسے شخص کے پیچھے اقتدا جائز ہے یا نہیں اور تجدید نکاح کی بابت کیا فتوی ہے۔

(الجواب) ترجمہ کلمہ طیبہ کا یہ ہے کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے، محمد ﷺ اللہ کے پیغمبر ہیں، یہ ترجمہ کرنا

---

(۱) لا یفتی بکفر مسلم امکن حمل کلامه علی محمل حسن او کان فی کفرہ خلاف ولو کان روایة ضعیفة (ردالمحتار) اذا اراد ان یتکلم بکلمة مباحة فجری علی لسانه کلمة الکفر خطاء بلا قصد لا یصدقه القاضی وان کان لا یکفر فیما بینه وبین اللّٰه تعالی (ردالمحتار باب المرتد ج۳ ص ۳۹۹۔ ط.س. ج۴ ص۲۲۹) ظفیر۔

(۲) لا یفتی بکفر مسلم امکن حمل کلامه علی محمل حسن (الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۳۹۹ ط.س. ج۴ ص۲۲۹) ظفیر (۳) مشکوة باب الشفقة علی الخلق ص ۴۲۵۔

(۴)

کہ وہ کون ہے محمد رسول اللہ، یہ ترجمہ غلط ہے اور یہ عقیدہ محمد الرسول اللہ معبود ہیں صریح شرک ہے، اس شخص کے پیچھے نماز صحیح نہیں ہے ایسے عقیدے والا مرتد ہے۔(۱) نکاح اس کا فسخ ہو گیا بعد توبہ و تجدید اسلام کے تجدید نکاح ضروری ہے قال اللّٰہ تعالیٰ لا تتخذوا الٰھین اثنین انما ھو الٰہ واحد۔(۲) فقط۔

## یہ کہنا کہ اللہ تعالیٰ انسانوں پر قادر نہیں کفر ہے

(سوال ۱۸۴) زید نے یہ کلمات کہے کہ اللہ تعالیٰ ہر شئی پر قادر ہے مگر انسان پر قادر نہیں، اور بعض اشیاء بغیر نوشتہ تقدیر کے ہوتی ہیں اور باجا ہر قسم کا بغرض اعلان شادیوں میں جائز ہے، علماء اور پابند صوم و صلوٰۃ کو اکثر برا کہتا ہے۔ ایسے کلمات سے کفر عائد ہوتا ہے یا نہیں اور اس کی منکوحہ نکاح میں رہی یا گیا۔

(الجواب) یہ کلمات جو زید کہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کو قادر علی الاطلاق نہیں کہتا اور تقدیر کا منکر ہے اور باجہ شادیوں میں جائز کہتا ہے ان میں سے بعض امور کفر وارتداد کے ہیں۔(۳) اور بعض فسق و معصیت ہیں جیسے باجہ کے جواز کا قول، پس شخص مذکور کو توبہ و تجدید ایمان اور تجدید نکاح کرنا چاہئے۔

## شاتم کی توبہ قبول ہو سکتی ہے

(سوال ۱۸۵) ایک شخص نے ایک سید کو اس طرح سے سب و شتم کی...... کہ سید کو اس پر ایک مولوی صاحب نے یہ حکم دیا کہ شاتم کفارہ ایک ہزار غرباء کو روٹی کھلا کر تجدید اسلام اور تجدید نکاح کر کے اسلام میں داخل ہو جائے۔ آیا شاتم کی توبہ قبول ہو سکتی ہے یا نہیں اور شخص مذکور نماز پڑھے یا نہیں۔

(الجواب) صحیح یہ ہے کہ توبہ اس کی قبول ہو سکتی ہے اس کو چاہئے۔(۴) کہ توبہ کرے تجدید اسلام و تجدید نکاح کرے، بس اسی قدر کافی ہے اور غرباء کو کھانا کھلانا ضروری نہیں ہے، اسلام لانے اور نماز پڑھنے سے اس کو نہ روکیں، فقط۔

## اہل سنت کا عقیدہ حضرت معاویہؓ صحابی جلیل ہیں

(سوال ۱۸۶) ایک شخص اہل سنت والجماعۃ ہو کر کہتا ہے کہ حضرت حسنؓ کو جو زہر دیا تھا اس میں حضرت معاویہؓ کی بھی سازش تھی دیگر یہ کہ جس وقت امیر معاویہؓ کے مقام مخصوص پر بچھو نے نیش زنی کی تھی تو اس وقت آپ نے عبید اللہ کی والدہ سے بد فعلی کی تھی جس سے عبید اللہ تولد ہوا، اس صورت میں شرعاً کیا حکم ہے؟

(الجواب) حضرت معاویہؓ آنحضرت ﷺ کے صحابی خاص ہیں اور آنحضرت ﷺ نے ان کے لئے دعا خاص

(۱) قال اللّٰہ تعالیٰ فی القرآن "قل انما انا بشر مثلکم یوحی الی انما الٰھکم الٰہ واحد (سورۃ الکھف)۔

(۲) وقد ارسل اللّٰہ تعالیٰ رسلاً من البشر الی البشر الخ اول الانبیاء آدم وآخرھم محمد علیہ السلام الخ (شرح عقائد نسفی ص ۹۴) ظفیر۔ (۳) اذا اطلق الرجل کلمۃ الکفر عمدا لکنہ لا یعتقد الکفر الخ قال بعضھم یکفر وھو الصحیح عندی لانہ استخف بدینہ الخ والحاصل ان من تکلم بکلمۃ الکفر ھازلا او لاعبا کفر عند الکل ولا اعتبار باعتقادہ (ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۳۹۳۔ ط۔س ج۴ ص ۲۲۴) ولا یخرج عن علمہ وقدرتہ شئی الجھل بالبعض والعجز عن البعض نقص الخ النصوص القطعیۃ ناطقۃ بعموم العلم وشمول القدرۃ فھو بکل شئی علیم وعلی کل شئی قدیر (شرح عقائد النسفیۃ ص ۳۱ وص ۳۲) ظفیر (۴) والکافر لسب نبی من الانبیاء فانہ یقتل حدا ولا تقبل توبتہ مطلقا الخ لکن صرح فی آخر الشفاء بان حکمہ کالمرتد ومفادہ قبول التوبۃ (در مختار) وافاد انہ حکم الدنیا اما عند اللّٰہ تعالیٰ فھو مقبولۃ کما فی البحر الخ واخطاء فی فھمھا لان المراد بھا ما قبل التوبۃ والا لزم تکفیر کثیر من الائمۃ المجتہدین القائلین بقبول توبۃ وسقوط القتل بھا عنہ (ردالمحتار باب المرتد ج ۳ ص ۴۰۰ و ج ۳ ص ۴۰۱۔ ط۔س ج۴ ص ۲۳۱) ظفیر

فرمائی ہے، بشارت دی ہے کاتب وحی تھے،(۱) ان کی شان میں گستاخانہ خیال رکھنا تہمت لگانا سخت گناہ اور معصیت ہے وہ شخص فاسق اور بدکار ہے۔(۲) جو ایسا عقیدہ رکھتا ہے اس کی نماز روزے کچھ مقبول نہیں ہے، وہ درحقیقت رافضی ہے اس کو ایسے خیال سے توبہ کرنی چاہئے۔ فقط۔

## رمضان المبارک میں بھی مشرک کو قبر میں عذاب دیا جاتا ہے

(سوال ۱۸۷) عذاب قبر در رمضان المبارک فقط بر عصاۃ مومنین در گذر دیا بہ کافرین حقیقی نیز۔

(الجواب) فی الحدیث ما من مسلم یموت یوم الجمعة اولیلة الجمعة الا وقاه الله فتنة القبر۔(۳) (الحدیث) پس از قید مسلم معلوم شد کہ برائے کافر این حکم نیست۔

## جو کچھ ہوتا ہے منجانب اللہ ہوتا ہے

(سوال ۱۸۸) ایک صاحب فرماتے ہیں کہ جو کچھ ہوتا ہے منجانب اللہ ہوتا ہے۔

(الجواب) یہ صحیح ہے، جو کچھ ہوتا ہے منجانب اللہ ہوتا ہے، قل کل من عندالله (۴) لیکن بندہ کاسب اعمال خیر و شر کا ہوتا ہے، اس لئے جزاو سزا اس پر مرتب ہے۔(۵) فقط۔

## خدا اور رسول سے بیزاری کا اظہار کلمۂ کفر ہے

(سوال ۱۸۹) زید اپنی زوجہ سے بے وجہ جھگڑ رہا تھا، بکر نے اس کو سمجھایا اور قرآن شریف کی آیت پڑھی، اس پر زید نے کہا میں نہیں چاہتے تمہاری آیت، تمہارا خدا و رسول، اب زید سے توبہ کرائی جائے یا نکاح لوٹایا جائے۔

(الجواب) یہ کلمہ جو زید کی زبان سے نکلا ہے کلمہ کفر ہے، زید سے توبہ کرائی جائے اور تجدید اسلام و تجدید نکاح کرائی جائے۔(۶) فقط۔

## بدعتی فاسق ہے، مشرک کی بخشش نہ ہوگی

(سوال ۱۹۰) مشرک کی بخشش ہے یا نہیں بدعتی کس امر کا مستحق ہے۔ بدعت کس کو کہتے ہیں؟

(الجواب) کافر اور مشرک کی بخشش نہیں ہے (۷) جیسا کہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے ان الله لایغفران یشرك به ویغفر مادون ذلك لمن یشاء۔(۷) اور بدعت دین میں نئی بات نکالنے کو کہتے ہیں اور بدعتی مخالف اور تارک سنت ہے، بدعتی عاصی و فاسق ہے، مستحق عذاب ہے مگر کافر نہیں ہے۔

(۱) عن النبی صلی الله علیه وسلم انه قال لمعاویة رضی الله تعالیٰ عنه اللهم اجعله هادیا مهدیا واهدبه رواه الترمذی (مشكوة باب جامع المناقب ص ۵۷۹) وهو احد الذین كتبو الرسول الله صلی الله علیه وسلم الوحی (اكمال فی اسماء الرجل ص ۶۱۷) وقال رسول الله صلی الله علیه وسلم الله الله فی اصحابی لا تتخذو هم غرضا من بعدیٔ فمن احبهم فبحبی احبهم ومن ابغضهم فببغضی ابغضهم ومن اذا هم فقد اذانی ومن اذانی فقد اذی الله ومن اذی الله فیو شك ان یا خذه رواه الترمذی ایضا ص ۵۵۴) ظفیر

(۲) وترد شهادة من یظهر سب السلف لا نه یكون ظاهر الفسق الخ وقال الزیلعی او یظهر لسب السلف یعنی الصالحین منهم وهم الصحابة والتابعون لان هذه الا شیاء تدل علی قصور عقله وقلة مروّته ومن لم یمتنع عن مثلها لا یمتنع عن الكذب عادة (ردالمحتار باب المرتد ط.س ج ۴ ص ۲۳۶)

(۳) مشكوة باب الجمعة ص ۱۲۱.

(۴) سورة النساء ركوع ۱۱

(۵) وللعباد افعال اختیاریة یثابون بها ان كانت طاعة ویعاقبون علیها ان كانت معصیة لا كمازعمت الجبریة انه لا فعل للعبد اصلا وان حركاته بمنزلة حركات الجمادات (شرح العقائد النسفیة ص ۵۹ ظفیر.

(۶) من لایرضی من الایمان فهو كافر و من قال لا ادری صفة الاسلام فهو كافر (عالمگیری ج ۲ ص ۲۵۷ ط. ماجدیه ج ۲ ص ۲۵۷) ظفیر (۷) والله لا یغفران یشرك به باجماع المسلمین الخ ویغفر مادون ذلك لمن یشاء الخ والآیات والا حادیث فی هذا المعنی كثیرة (شرح عقائد نسفی ص ۸۰) (۷) سورة النساء ۱۵.

### سحر بر حق ہے

(سوال ۱۹۱) زید کہتا ہے کہ میں سحر کا قائل نہیں، آیا زید کا کہنا غلط ہے یا صحیح، بہر صورت زید کے لئے کیا حکم ہے۔

(الجواب) مذہب اہل سنت والجماعت کا یہ ہے کہ سحر بر حق ہے یعنی اس کا اثر ہوتا ہے، جیسا کہ احادیث سے ثابت ہے کہ رسول اللہ ﷺ پر بعض یہود نے سحر کیا ہے اور آپ پر اس کا اثر ہوا اور پھر اللہ تعالیٰ نے اس کو دفع فرمایا، تفسیر خازن میں ہے ومذهب اهل السنة ان له وجودا وحقيقتا والعمل به الكفر الخ۔ (۱) پس زید جو ایسا کہتا ہے اسے مذہب اہل سنت والجماعت کی تحقیق کرنی چاہئے اور علماء اہل سنت سے دریافت کرنا چاہئے خود بدون علم کے کوئی رائے قائم کر لینا ٹھیک نہیں ہے حدیث شریف میں ہے انما شفاء العي السوال۔ (۲) الحدیث۔ فقط۔

### تارک صلوٰۃ فاسق ہے

(سوال ۱۹۲) تارک صلوٰۃ کافر ہے یا فاسق؟ اگر فاسق ہے تو "من ترك الصلوٰة متعمداً فقد كفر" کے کیا معنی ہوں گے؟

(الجواب) تارک صلوٰۃ فاسق ہے اور فقد کفر کے معنی یہ ہے کہ فقد قرب۔

# کتاب اللقطہ

## (گری پڑی ہوئی چیزیں اور ان سے متعلق احکام و مسائل)

### لقطہ میں مالک یا ورثاء کا پتہ نہ چلے تو اس کی طرف سے صدقہ کر دے

(سوال ۱) زید ایک دوکان پر آیا اس دوکان پر اتفاق سے ۵۲ تولہ چاندی چھوڑ گیا اور بھول گیا، جب یاد آیا، دوکاندار سے دریافت کیا، دوکاندار نے صاف انکار کر دیا اور دوکاندار اپنے کام میں لے آیا، جس کو عرصہ چالیس سال کا ہوا اس کے بعد وہ دوکاندار مالدار ہو گیا، جب بیمار ہوا تو اس نے اپنی اولاد کو وصیت کی کہ وہ چاندی مالک کو دے دیں، اب عرصہ کثیر گذر گیا اس مالک چاندی کا کچھ پتہ و نشان نہیں اور یہ بھی معلوم نہیں کہ وہ ہندو تھا یا مسلمان اب وارثوں کو کیا کرنا چاہئے اور وہ دوکاندار جو وصیت کر کے مر گیا اس دین سے کس طرح بری ہو سکتا ہے۔

(الجواب) ایسی حالت میں کہ مالک کا پتہ نہ لگے اور نہ اس کے ورثہ کا پتہ لگے اس قدر چاندی فقراء و مساکین پر صدقہ کر دی جائے۔ امید ہے کہ اس طرح کرنے سے مواخذہ حق العباد سے بری ہو جاوے گا، یہ صدقہ کرنا مالک چاندی کی طرف سے سمجھا جاوے اور بعد صدقہ کرنے دینے کے مالک یا اس کے ورثا کا پتہ لگ جاوے۔(۳) تو ان سے کہہ دیا جاوے، اگر وہ صدقہ پر راضی ہو جاویں تو فبہا ورنہ ان کو دینا ہوگا۔ فقط۔

### پڑی ہوئی چیز لقطہ ہے مسجد میں لگانا درست نہیں ہے

(سوال ۲) اگر مسجد میں کسی شخص نامعلوم کا کپڑا اور کوئی چیز پڑی پاوے تو اس چیز کو مسجد میں صرف کر سکتے ہیں یا نہیں

(۱) دیکھئے تفسیر خازن ج ٤ ص ۲۹ ٤ ظفیر (۲) مشکوٰۃ کتاب العلم ص ۳٦ و باب التیمم ص ۵۵

(۳) اللقطه هي رفع شئ ضائع للحفظ على الغير لا للتمليك الخ دفعها لصاحبها ان امن على نفسه تعريفها الخ وعرف اى نادى عليها حيث وجدها وفي المجامع الى ان علم ان صاحبها لا يطلبها او انها تفسد ان بقيت كالا طعمة والثمار كانت امانة الخ فينتفع الرافع بها له لو فقيرا والا تصدق بها على فقير الخ فان جاء مالكها بعد التصدق خير بين اجازة فعله ولو بعد هلاكها وله ثوابها او تضمينه الخ (الدر المختار على هامش ردالمحتار كتاب اللقطة ج ۳ ص ٤۳۹ و ج ۳ ص ٤٤۳ ط.س. ج٤ ص۲۷٦) ظفیر

(الجواب) وہ لقطہ ہے اور اس کا اعلان کرنا چاہئے، مسجد کے صرف میں نہ لایا جاوے۔(۱)

## کوئی چیز پڑی ہوئی ملی تو وہ لقطہ ہے اعلان کیا جاوے

(سوال ۳) زید کو کوئی چیز راستہ میں پڑی ہوئی ملی، اس کو اٹھا کر اپنے صرف میں لا سکتا ہے یا نہیں۔

(الجواب) وہ لقطہ ہے اس کی تعریف کرے یعنی مسجد یا بازار میں پکار کر دریافت کرے کہ کسی کی کوئی چیز گم ہوئی تو ظاہر کر دو۔(۲) فقط واللہ اعلم۔

## اعلان کے بعد بھی مالک نہ ملے تو لقطہ کا کیا حکم ہے

(سوال ٤) مدرسہ ہذا کے احاطہ میں اس گوشہ میں جہاں خاکروبان مدرسہ بعد فراغت کام بیٹھتے ہیں ایک چادر پڑی ہوئی ملی، اس واقعہ کو دو سال سے زائد ہو گئے چند مرتبہ اعلان بھی کیا مگر کوئی مالک اس کا نہیں آیا اس کو فروخت کر کے اس کی قیمت مدرسہ میں داخل کرنا جائز ہے یا نہیں۔

(الجواب) صرف طلباء میں اس کو داخل کر دیا جاوے، یہ درست ہے۔(۳) فقط۔

## لقطہ کا اعلان اس کا افطاری میں صرف کرنا درست نہیں

(سوال ٥) مسجد میں بعد نماز عشاء کے نوٹ یا روپیہ وغیرہ پایا جاوے اور معلوم نہیں کس کے ہیں اس کو افطاری میں صرف کرنا جائز ہے یا نہیں اور کتنی مدت تک انتظار کرنا چاہئے اور مسجد کی جائداد میں تصرف کرنا جائز ہے یا نہ۔

(الجواب) حکم اس روپیہ اور نوٹ کا لقطہ کا ہے اور لقطہ کا حکم یہ ہے کہ اتنی مدت تک اس کی تعریف کرے کہ جان لے کہ اس کا مالک ناامید ہو گیا ہو گا اور اب طلب نہ کرے گا اور تعریف یہ ہے کہ اس موقع پر جہاں سے وہ چیز ملی ہے لوگوں سے دریافت کرتا رہے اور تحقیق کرتا رہے کہ کسی کی کوئی چیز کھوئی گئی ہو تو آکر بیان کرے، جب مالک کے ملنے سے ناامیدی ہو اور بظن غالب یہ گمان ہو کہ اس کے مالک نے اب تلاش چھوڑ دی ہو گی اور وہ اب اس کو طلب نہ کرے گا تو اگر خود محتاج ہے تو اپنے صرف میں لاوے ورنہ فقراء پر صدقہ کرے اس کے بعد اگر مالک آجاوے، اگر اس صدقہ وغیرہ پر راضی ہو جائے فبہا ورنہ اس کو اپنے پاس سے دینا پڑے گا الحاصل یہی تفصیل اس صورت میں ہے یہ جائز نہیں کہ افطاری میں اس کو صرف کر دے کیونکہ افطاری میں اغنیاء اور فقراء سب ہی ہوتے ہیں اور مسجد کی جائداد کی آمدنی کو بلا استحقاق اپنے صرف میں لانا جائز نہیں ہے۔(۴)

---

(۱) اللقطه هي رفع شئ ضائع للحفظ على الغير لا للتمليك ندب رفعها لصاحبها ان امن على نفسه تعريفها والا فالترك اولى وان اخذ لنفسه حرم الخ فينتفع الرافع بها لو فقير والا تصدق بها على فقير الخ (الدر المختار على هامش ردالمحتار كتاب اللقطه ج ۳ ص ٤۳۹. ط.س. ج٤ص۲۷٦) ظفير.

(۲) وعرف اى نادى عليها حيث وجدها وفي المجامع (در مختار) فقال الحلوانى يكفى عن التعريف اشهادة عند الاخذ بانه اخذها ليردها ومنهم من قال ياتى على ابواب المساجد وينادى قوله اى نادى اشاران المراد بالتعريف الجهر به كما في الخلاصة (ردالمحتار كتاب اللقطه ج ۳ ص ٤٤۱. ط.س. ج٤ص۲۷۸) ظفير

(۳) فينتفع الرافع بها لو فقيرا والا تصدق بها على فقير وفي الغنية لورجى وجود المالك وجب الايصاء فان جاء مالكها بعد التصدق خير بين اجازة فعله ولو بعد هلاكها او تضمينه (الدر المختار على هامش ردالمحتار كتاب اللقطه ج ۳ ص ٤٤۲. ط.س. ج٤ص۲۷۹)

(٤) اللقطه الخ فان اشهد عليه بانه اخذه ليرده على ربه ويكفيه ان يقول من سمعتموه ينشد لقطه فدلوه على وعرف اى نادى عليها حيث وجدها وفي المجامع الى ان علم ان صاحبها لا يطلبها او انها تفسد ان بقيت كالاطعمه والثمار الخ فينتفع الرافع بها لو فقيرا والا تصدق على فقير فان جاء مالكها بعد التصدق خيربين اجازة فعله ولو بعد هلاكها او تضمينه (در مختار) قوله الى ان علم الخ لم يجعل للتعريف مدة اتباعا للسرخسى فانه بنى الحكم على غالب الرائى فيعرف القليل والكثير الى ان يغلب على رائه ان صاحبه لا يطلبه (ردالمحتار ج ۳ ص ٤٤۱. ط.س. ج٤ص۲۷۸) ظفير

## مالک سے جب ناامیدی ہو جائے تو لقطہ کو صدقہ کرنا چاہئے

(سوال ٦) مجھے ریل میں سے ایک ہار نقرئی پڑا ہوا ملا، میں نے ہر چند مالک کو تلاش بھی کیا مگر پتہ نہیں لگا اس کو تین سال گذرتے ہیں وہ میرے پاس موجود ہے اس کے لئے کیا حکم ہے۔

(الجواب) ایسی صورت میں حکم یہ ہے کہ جس وقت مالک کے ملنے سے ناامیدی ہو جائے تو اس کو فقراء پر صدقہ کر دیا جاوے۔(۱)

## مالک کے نہ ملنے پر لقطہ کو صدقہ کردے

(سوال ۷) زید کو راستہ سے ایک کپڑا پڑا ہوا ملا اور مالک اس کا معلوم نہیں تو اس کپڑے کو کیا کرنا چاہئے۔

(الجواب) اولاً اس کپڑے کی تعریف باقاعدہ کرے یعنی مالک کی تلاش کرے اگر مل جائے اس کو دیدے ورنہ جب مالک کے ملنے سے ناامیدی ہو جاوے تو مساکین پر صدقہ کردے۔(۲)

## لقطہ کا شرعی حکم

(سوال ۸) قاضی علیم الدین مرحوم رئیس شاملی نے اپنی حیات میں مکانات سکونتی و جائداد زرعی بنام دارالعلوم دیوبند وقف کی بعد انتقال قاضی صاحب مرحوم کے اور جملہ سامان مثل نقدی و دیگر جائداد وغیرہ کے ورثاء کو پہنچا۔ اب ایک عرصہ دراز کے بعد مکان وقف دارالعلوم دیوبند میں ایک کوٹھے کے اندر سے مبلغ تین سو پچاس روپیہ سکہ رائج الوقت کی رقم ایک ہانڈی میں گڑی ہوئی برآمد ہوئی، لہذا ایسی صورت میں رقم مذکور کس کو پہنچے گی آیا وقف کو یا واقف مرحوم کے ورثاء کو۔

(الجواب) اس رقم کا حکم لقطہ کا سا ہے اور لقطہ کا حکم یہ ہے کہ اگر کوئی مالک اس کا معلوم نہ ہو تو وہ فقراء کا حق ہے، فقراء پر صدقہ کر دیا جاوے پس اگر ورثہ میں سے کوئی دعویٰ کرے کہ یہ ہمارے مورث کا رکھا ہوا ہے اور علامات و نشان بتلاوے تو وارثوں کو ملے گا، ورنہ فقراء پر صدقہ کیا جاوے۔(۳)

## مالک کے نہ ملنے پر لقطہ صدقہ کردے

(سوال ۹) مسجد میں ایک جاء نماز ایک ڈبہ پان کا ملا مالک معلوم نہیں اس کو کیا کیا جائے۔

(الجواب) جس مالک کے ملنے سے ناامیدی ہو جاوے تو فقراء و مساکین پر صدقہ کر دیا جاوے۔(۴)

## اعلان کے بعد جب مالک سے مایوسی ہو تو محتاج لقطہ کا استعمال کر سکتا ہے

(سوال ۱۰) اگر کوئی شخص کوئی چیز پڑی پاوے ۴۰ روز تک اسکے مالک کا پتہ نہ چلے تو اگر وہ غریب ہے تو خود رکھ سکتا ہے یا نہیں۔

(۱) وعرف ای نادی علیها حیث وجدها وفی المجامع الی ان علم ان صاحبها لا یطلبها او انها تفسد ان بقیت کا لا طعمة والثمار کانت امانة الخ فینتفع الرافع بها لو فقیر او الا تصدق علی فقیر الخ (الدر المختار علی هامش ردالمحتار کتاب اللقطه ج ۳ ص ٤٤١ ط.س ج٤ص۲۷۸) ظفیر

(۲) ایضاً ظفیر ط.س ج٤ص۲۷۸

(۳) وعرف الی ان علم ان صاحبها لا یطلبها اوانها تفسد الخ فینتفع الرافع بها لو فقیرا والا تصدق علی فقر (در مختار) لان الغنی لا یحل له الا نتفاع بها الا بطریق القرض لکن باذن الا مام (ردالمحتار کتاب اللقطه ج ۳ ص ٤٤١ ط.س ج٤ص۲۷۸) ظفیر (۴) ایضاً ظفیر ط.س ج٤ص۲۷۸

(الجواب) بعد تعریف کے اگر پانے والا محتاج ہے تو خود رکھ سکتا ہے اور بعد میں اگر مالک مل جائے تو اس کو اختیار ہے کہ پانے والے کو معاف کردے یا اس سے ضمان لے لیوے(۱)

## مالک نہ ملنے پر لقط کو کیا کرے

(سوال ۱۱) ایک شخص لاپتہ چھتری اپنی بھول گیا جس کو تقریباً دو ماہ ہوئے اب تک نہیں آیا ہر جمعہ کو چھتری قریب ممبر کے لٹکا کر با آواز بلند اعلان کر دیا جاتا ہے، اب اس چھتری کو کیا کیا جائے۔

(الجواب) اس چھتری کو اب کسی محتاج کو صدقہ کر دیا جاوے یا خود اٹھانے والا چھتری کا اگر محتاج ہو تو رکھ سکتا ہے پھر اگر مالک کا پتہ لگ جاوے تو اس مالک کو اختیار ہوگا کہ یا وہ صدقہ کو جائز رکھے یا اس کا معاوضہ لے لیوے فقط کذا فی الدر المختار۔(۲)

## لقطہ کا مال مسجد میں صرف نہ کرے

(سوال ۱۲) اگر کوئی شخص کوئی چیز شاہراہ عام پر پڑی ہوئی پائے اور بوجہ شاہراہ عام ہونے اس کا مالک دریافت نہ کیا جا سکے تو اس شئ کو فروخت کر کے مصرف مسجد میں لا سکتا ہے یا کیا کرے۔

(الجواب) جب کہ باوجود تلاش اور تحقیق کے مالک کا پتہ نہ چلے تو حکم ہے کہ اٹھانے والا اس چیز کو کسی محتاج کو دیدیوے یا اگر خود محتاج ہے تو خود اپنے کام میں لاوے پھر اگر مالک مل جاوے اور وہ صدقہ کی اجازت دے تو خیر ورنہ اس شخص کو اس کی ضمان اپنے پاس سے دینی ہوگی اور مسجد میں اس کو صرف نہ کرے۔(۳)

## تلاش کے بعد مالک کا پتہ نہ چلے تو کیا کرے

(سوال ۱۳) زید برائے حج کعبۃ اللہ گیا، واپسی میں غلطی سے کسی دوسرے شخص کی ایک بوری جس میں مختلف قسم کے برتن ہیں ہمراہ لے آیا اس بوری پر ایک شخص کا نام بھی لکھا ہوا ہے، لیکن کوئی مفصل پتہ نہیں لکھا جس کے ذریعہ سے اس کا مال اس کو واپس کر دیا جائے، اب مکان پر پہنچ کر زید نے اعلان کیا کہ اس قسم کی بوری غلطی سے

(۱) فینتفع الرافع بها لو فقیرا والا تصدق علی فقراء الخ فان مالکها بعد التصدق خیر بین اجازة فعله بعد هلا کها او تضمینه الخ (الدر المختار علی هامش ردالمحتار کتاب اللقطه ج ۳ ص ۴۴۲ ط.س. ج۴ ص۲۷۹) ظفیر.

(۲) فینتفع الرافع بها لو فقیرا والا تصدق بها علی فقیر فان جاء مالکها بعد التصدق خیر بین اجازة فعله ولو بعد هلا کها او تضمینه الخ (الدر المختار علی هامش ردالمحتار کتاب اللقطه ج ۳ ص ۴۴۲ ط.س. ج۴ ص۲۷۹) ظفیر.

(۳) عرف الی ان علم ان صاحبها لا یطلبها الخ فینتفع الرافع بها لو فقرا والا تصدق علی فقیر (ایضا ج ۳ ص ۴۴۲ و ج ۳ ص ۴۴۳ ط.س. ج۴ ص۲۷۸) ظفیر.

میں لے آیا ہوں جن صاحب کی ہو لے لیں مگر اس کے مالک کا پتہ نہیں چلتا اس کے متعلق حکم شرعی کیا ہے۔

(الجواب) اس کا حکم لقطہ کا ہے اگر بعد تلاش کے مالک کا پتہ معلوم نہ ہو تو حکم اس کا یہ ہے کہ ان جملہ اشیاء کی فہرست لکھ کر اپنے پاس رکھے اور ان اشیاء کو فقراء کو صدقہ کر دیوے اور اگر خود محتاج ہے تو خود ہی اپنے صرف میں لا سکتا ہے پھر اگر کسی وقت مالک کا پتہ معلوم ہو جاوے تو اس کو اختیار ہے کہ یا وہ صدقہ کو جائز رکھے یا قیمت ان اشیاء کی اٹھانے والے سے لے لیوے۔(۱)

## مسلمان میت کی جیب سے رقم ملی کیا کرے

(سوال ۱٤) تصادم ریل سے بہت آدمی فوت ہو گئے تھے جب ان کو غسل دینے لگے تو ایک مسلمان میت کے پاس سے کچھ روپیہ نکلا اور اس میت کا پتہ نشان کچھ معلوم نہیں کہ اس کے ورثاء کو وہ روپیہ دیا جاوے، تو مسجد میں اس روپیہ کو صرف کرنا درست ہے یا نہیں۔

(الجواب) حکم یہ ہے کہ ایسا مال فقراء پر صدقہ کر دیا جاوے، مسجد میں صرف نہ کیا جاوے، ثواب اس کا میت کو پہنچے گا۔

## عرصہ تک جب مالک کا پتہ نہ چلے تو لقطہ کی بیع جائز ہے

(سوال ۱۵) ایک شخص نے عرصہ ڈیڑھ سال کا ہوا ایک ٹرنک ریل گاڑی میں پڑا پایا اس کا کوئی وارث نہیں ملا اس میں بیس روپیہ کچھ کپڑے یا ایک دستی مشین سینے کی ملی، اب وہ مشین فروخت کرنا چاہتا ہے میں خرید کر سکتا ہوں یا نہیں۔

(الجواب) جب کہ اس قدر عرصہ تک مالک کا کچھ پتہ نہیں لگا تو اس کا بیچنا اور خریدنا درست ہے مگر اس فروخت کرنے والے کے لئے یہ حکم ہے کہ اگر وہ خود محتاج نہیں ہے تو اس قیمت کو اور اسی طرح باقی سامان اور نقد کو فقراء پر صدقہ کر دے اور اگر وہ خود محتاج ہے تو خود بھی اپنے صرف میں لا سکتا ہے اور پھر مالک کے ملنے کے بعد اس کو اختیار ہے خواہ اس صدقہ کو جائز رکھے یا اس کا معاوضہ لے لے۔(۲)

---

(۱) عرف الی ان علم ان صاحبها لا یطلبها او انها تفسد ان بقیت کانت امانة الخ فینتفع الرافع بها لو فقیرا والا تصدق علی فقیر الخ فان جاء مالکها بعد التصدق خیر بین اجازة فعله او تضمینه (الدر المختار علی هامش ردالمحتار کتاب اللقطه ج ۳ ص ٤٤١ ط.س. ج٤ ص۲۷۸) ظفیر.

(۲) عرف الی ان علم ان صاحبها لا یطلبها او انها تفسد ان بقیت کانت امانة الخ فینتفع الرافع بها لو فقیرا والا تصدق علی فقیر الخ فان جاء مالکها بعد التصدق خیر بین اجازة فعله او تضمینه (الدر المختار علی هامش ردالمحتار کتاب اللقطه ص ٤٤١ ج۳ ط.س. ج٤ ص۲۷۸) ظفیر

## بزرگ کے مزار سے کوئی چیز ملی تو اس کو کیا کرے

(سوال ۱۶) اگر کسی شخص کو مزار بزرگ پر سے کوئی چیز پاوے تو وہ اس پائی ہوئی شئی کو اپنے صرف میں لا سکتا ہے یا نہیں جب کہ اس کا مالک معلوم نہ ہو۔

(الجواب) پائی ہوئی شئی کے متعلق حکم شرعی یہ ہے کہ بعد تعریف اور اعلان ضروری کے کسی محتاج پر صدقہ کر دیا جاوے اور اگر خود محتاج ہو تو خود اپنے صرف میں لاوے، پھر اگر مالک مل جاوے تو اس کو اختیار ہے کہ وہ اس صدقہ کو جائز رکھے یا پانے والے سے اس کا معاوضہ لے لے۔(۱)

## سرقہ کی رقم ملی اس کا مصرف کیا ہے

(سوال ۱۷) زید کو کچھ نقد سرقہ کیا ہوا جو کہ قرینہ سے کافر کا معلوم ہوتا ہے شہر سے باہر ملا ہے، اور مالک معلوم نہیں اب اگر زید اس کا اظہار کرتا ہے تو اس کو اپنی عزت کا خوف ہے کہ اس کے اوپر کوئی دعویٰ کر دے، اب شرعاً کیا حکم ہے۔

(الجواب) خفیہ طور سے مالک کا پتہ لگاوے اگر معلوم ہو جاوے تو کسی ذریعہ سے اس کے پاس پہنچا دیوے اور اگر مالک معلوم نہ ہو تو فقراء پر صدقہ کر دے اور اگر اٹھانے والا خود محتاج ہے تو خود اپنے خرچ میں بھی لا سکتا ہے، والتفصیل(۲) فی کتب الفقہ۔

## غیر آباد جگہ میں رقم ملی تو وہ بھی لقطہ کے حکم میں ہے

(سوال ۱۸) زید کے پڑوس میں ایک ہندو رہتا تھا عرصہ آٹھ سال کا ہوا کہ سب مر گئے کوئی باقی نہیں ہے، مکان خالی بے مرمت ہو کر دیوار وغیرہ بھی گر گئی، زید کی بی بی کو وہاں سے ایک کوزہ میں ساٹھ روپیہ ملے، یہ اپنے خرچ میں لا سکتی ہے یا نہیں۔

(الجواب) اس کا حکم لقطہ کا ہے اور لقطہ کا حکم یہ ہے کہ اس جگہ اور دیگر مجامع میں اس کی تعریف کرے، یعنی ایک عرصہ تک، اور ظاہر الروایۃ میں ایک برس تک پکار کر دریافت کرے کہ کسی کی کوئی چیز کھوئی گئی ہو تو بتلاوے۔ عورت اگر خود یہ کام نہ کر سکے تو دوسروں کے ذریعہ سے کراوے، پھر اگر کوئی مالک نہ ملے تو فقراء پر صدقہ کر دے اور اگر خود محتاج ہے تو خرچ کرے پھر اگر مالک مل گیا تو وہ خواہ اس کے فعل کو جائز رکھے یا اس سے ضمان لے لے۔ در مختار میں ہے وعرف ای نادی علیها حیث وجدها وفی المجامع الی ان علم ان صاحبها لا یطلبها الخ فینتفع الرافع بها لو فقیرا والا تصدق علی فقیر الخ فان جاء مالکها بعد التصدق خیر بین اجازة فعله او تضمینه۔(۳)

---

(۱) عرف ای نادی علیها حیث وجدها او فی المجامع الی ان علم ان صاحبها لا یطلبها الخ فینتفع الرافع بها لو فقیرا والا تصدق علی فقیر الخ فان جاء مالکها بعد التصدق خیر بین اجازة فعله ولو بعد هلاکها او تضمینه (الدر المختار علی هامش ردالمحتار کتاب اللقطه ج ۳ ص ۴۴۱ ط.س. ج ۴ ص ۲۷۸) ظفیر

(۲) وترد العین لو قائمة وان باعها او وهبها لبقائها علی ملک مالکها (در مختار) قال ابو حنیفة لا یحل للسارق الا نتفاع بها بوجه من الوجوه (ردالمحتار باب السرقه ج ۲ ص ۲۹۱ ط.س. ج ۴ ص ۱۱۰) لقطہ کا حکم اور اس کا حوالہ بار بار گذر چکا۔ ظفیر

(۳) دیکھیے الدر المختار علی هامش ردالمحتار کتاب اللقطه ص ۴۴۱ ط.س. ج ۴ ص ۲۷۸) ظفیر

## لقطہ کو غنی استعمال نہیں کر سکتا

(سوال ۱۹) لقطہ کو غنی استعمال کر سکتا ہے یا نہیں؟

(الجواب) لقطہ کو غنی خود استعمال نہیں کر سکتا ہے۔(۱)

## اگر خود محتاج ہو تو لقطہ استعمال کر سکتا ہے

(سوال ۲۰) اگر کسی کو زمین پر پڑا ہوا کچھ نقد روپیہ یا اسباب مل جاوے تو اپنے خرچ میں لاوے یا محتاجوں کو صدقہ کردے۔

(الجواب) محتاجوں میں صدقہ کردے اور اگر خود محتاج ہو تو خود بھی صرف کر سکتا ہے۔(۲)

## پڑے ہوئے روپے پر لقطہ کا حکم جاری ہوگا

(سوال ۲۰) راستہ میں زید کو دس دس روپے کے دو نوٹ پڑے ہوئے ملے ان کو کیا کرے؟

(الجواب) اس روپے کو فقراء و مساکین پر صدقہ کردے، غرض یہ ہے کہ حکم لقطہ کا اس میں جاری ہوگا۔(۳)

تم الجزء الثانی عشر بعون اللّٰہ تعالیٰ وبتو فیقه علی ید العبد الضعیف محمد ظفیر الدین المفتاحی ویلیه الجزء الثالث عشر ان شاء اللّٰہ.

---

(۱) فینتفع الرافع بها لو فقیراً والا تصدق علی فقیر الخ (در مختار) قوله لو فقیرا قید به لان الغنی لا یحل له الا نتفاع بها الا بطریق القرض لکن باذن الا مام نهر قوله علی فقیر الخ قالوا ولا یجوز علی غنی ولا علی طفله الفقیر وعبده (ردالمحتار کتاب اللقطه ج ۳ ص ۴۴۲ و ج ۳ ص ۴۴۳ . ط.س. ج۴ ص۲۷۹) ظفیر.

(۲) فینتفع الرافع بها لو فقیراً والا تصدق علی فقیر. (الدر المختار علی هامش ردالمحتار کتاب اللقطه ج۳ ص ۴۴۲ و ج ۳ ص ۴۴۳ . ط.س. ج۴ ص۲۷۹) ظفیر.

(۳) فینتفع الرافع بها لو فقیرا والا تصدق علی فقیر الخ (الدر المختار علی هامش ردالمحتار کتاب اللقطه ج ۳ ص ۴۴۲ و ج ۳ ص ۴۴۳ . ط.س. ج۴ ص۲۷۹) ظفیر.